عرش و کرسی ہیں ترے ادنیٰ حجاب
ہیں ترے پروردہ مہر و ماہتاب

ہیں ترا اک نقش یہ دونوں جہاں
جان و دل میں ہے تری بخشش نہاں

وصف تیرا اور پھر میری زباں
جبکہ تُو ہے سب کی جانوں میں نہاں

اے امیرالمومنیں اے دستگیر
کیجئے عطّار کو روشن ضمیر

یا علیؑ ہے نقدِ جاں میرا کلام
گوہرِ معنیٰ پروئے ہیں تمام

یا علیؑ کردیجئے اب صاف صاف ق
سرِّ اسرارِ خدا کا انکشاف

تا شود روشن دل و جانم تمام — تا کہ اوصافِ تو بر خوانم تمام
اے ز اوصاف تو روشن جانِ من — پرتوِ نورِ تو شد ایمانِ من
یا امیر المومنیں خود گفتۂ — ویں معانی چو دُر را سفتۂ
جہد کن عطار خود را گوش دار — ایں معانی نہاں را ہوش دار
تو مگو پیش خراں اسرار را — زانکہ جز وہمی نداند کار را
کارِ حال ماست در عالم مدام — سلسلہ در سلسلہ میداں تمام
سلسلہ در سلسلہ می رو بحق — چوں نخواں دستی چہ دانی ایں سبق
من سبق را از علی آموختم — نہ ز جہال جلی آموختم
من سبق از کُلّ کل آموختم — خرقۂ ایمان از او بردوختم
من ز دنیا رخت خود بر بستہ ام — واز جہاں دوں بکلّی رستہ ام
من سبق را از آلہ آوردہ ام — مصطفےٰ را عذر خواہ آوردہ ام
من سبق از ذات او گویم مدام — چوں نمیدانی چہ گویم با تو خام
من سبق را از یقینم گفتہ ام — ایں یقیں خود ز خود ننہفتہ ام
من سبق گویم ز انفاسِ کلام — با تو و با کلِ عالم خاص و عام
من سبق از میم گویم یا ز لام — یا ز الہامِ عطائیؒ یا ز نام
من سبق گویم و لے تو ہوشدار — دُرِّ معنیّ مرا در گوشدار
منکہ با عطار خود ہم گفت راز — وانکہ با حق اوست دایم در نماز
چونکہ عطار ایں رموز از شہ شنید — گفت آمد نور حق از من پدید
اے ز تو روشن ہمہ روئے زمیں — ہست عطارت ز خرمن خوشہ چیں
منکہ ام تا دم زنم از گفت خود — من گرفتم در کلامم مدحت خود
منکہ ام یک بندۂ بیچارۂ — از مقامِ جان و تن آوارۂ
من کیم خود گردے از نعلین تو — از مقام افتادہ پیشِ عین تو
یا علی واصل کن ایں بے بہر را — تا شوم خورشید و گیرم دہر را

روشنیٔ جان و دل جس سے بڑھے
اللہ تیری مدح پوری ہو سکے

روغنیٔ جاں مری، تیری ثنا
پرتوِ نوری ترا، ایماں مرا

یا علیؑ ہے قول میرا خود عیاں
گوہرِ منظوم ہے تیرا بیاں

ہاں ذرا عطار بن جا رازدار
راز کی باتوں سے رہنا ہوشیار

راز کی باتیں گدھوں سے مت کہو
مبتلائے وہم ان کو رہنے دو

اس جہاں میں جس قدر میرے ہیں کام
سلسلہ سے سب وہ ہوتے ہیں تمام

سلسلہ سے تو بھی حق کے پاس جا
یہ سبق شاید نہیں تو نے پڑھا

مجھ کو حیدر نے دیا یہ درس دیں
جاہلوں سے میں نے کچھ سیکھا نہیں

کلِ کل سے یہ سبق میں نے لیا
خرقۂ ایماں اسی سے ہے بیا

بوریا باندھے ہوئے دنیا سے ہوں
میں نے بالکل چھوڑ دی دنیائے دوں

یہ سبق اللہ سے میں نے لیا
عذر خواہی میں ہیں میری مصطفٰےؐ

ذکر اس کا ہے سبق میرا مدام
کیا کہوں، تو بے خبر اور عقل خام

اس سبق پر ہے مجھے کامل یقیں
یہ یقیں بھی مجھ سے پوشیدہ نہیں

یہ سبق میرا ہے انفاسِ کلام
ہے مخاطب تو بھی اور ہر خاص و عام

یہ سبق ہے میم کا یا لام کا
ورنہ ہے الہام کا یا نام کا

میں پڑھاتا ہوں سبق، ہو باخبر
گوہرِ معنی ہیں، زیبِ گوش کر

اب کہوں گا راز کچھ عطار سے
جو کہ وابستہ ہے ذکرِ یار سے

رازشہ عطار نے سن کر کہا
"مجھ سے ہی ظاہر ہوا نورِ خدا"

تجھ سے ہی روشن ہے یہ روئے زمیں
اور ہے عطار تیرا خوشہ چیں

کچھ کہوں اپنی طرف سے کیا مجال
مفت کی بکواس مجھ سے ہے محال

میری ہستی کیا ہے اک بیکس غلام
جان و تن سے دور ہو جس کا مقام

کون ہوں میں، خاکپائے بوتراب
جیسے اک ذرہ ہو پیشِ آفتاب

مجھ کو واصل کیجئے اے بوتراب
دہر میں چمکوں مثالِ آفتاب

پس زباں بکشاد کاے عطارِ دیں / داد مست اسرار و درہائے یقیں
چونکہ عطار ایں شنید از سرِّ غیب / گفت عطارت ندارد ہیچ عیب
گر ہمی خواہی کہ یابی یار را / در دلِ خود می طلب اسرار را
راہِ دیں راہِ علی داں در یقیں / تا شود نورِ الٰہیت راہ بیں
در عجائب سرّہا دارم نہاں / لیک جوہر را بیا در بیاں
تا بگوید حال و احوالت تمام / وانگہی در وادیِ معنی خرام
گرچہ سرّہا من بہ مظہر گفتہ ام / ایں کتاب از گفت حیدر گفتہ ام
بعد ازیں خواہم سخن بسیار گفت / وایں کتب را گفتۂ کرّار گفت
ایں کتب را مظہرِ حق نام کرد / درمیانِ خلقِ عالم عام کرد
بعد ازیں الہام با عطار گفت / میتوانی یک کتب ز اسرار گفت
گفتمش گویم بحکمِ ذوالجلال / ہم بفرمانِ خدائے لایزال
یک شبی در بحرِ شاہِ اولیا / غوطہ خوردم جوہرے کرد او عطا
جوہرِ ذاتش نہادم نام او / من عجائب سرّہا دارم در او
ہر کہ خواند جوہرم سلطاں شود / رُوحِ مطلق گردد و انساں شود
ہر کہ خواند جوہرم چوں جاں شود / درمیانِ گنجہا پنہاں شود
ہر کہ خواند جوہرم ایماں برد / درمیانِ سالکاں عرفاں برد
ہر کہ خواند جوہرم گوہر شود / در طریقِ راہِ حق رہبر شود
ہر کہ او خود را نداند او شود / ہمچو منصور آں زماں حق گو شود
رو تو پیدا کن کتبہائے مرا / تا دراں بینی خدا را بی لقا
گر خدا خواہی کہ بینی در عیاں / جوہرِ ما را و مظہر را بخواں
تا بہ بینی تو خدائے خویش را / بازیابی سرّہائے خویش را
گر نہ بینی کورِ باطن بودۂ / ہمچو کوراں در جہاں فرسودۂ
اے برادر چشمِ دیدت برکشا / غیرِ حق تو خود نہ بینی ہیچ جا

تب ہوا ارشاد اسے عطار دیں
تجھ کو بخشے راز اور دُرِ یقیں

جب سُنا عطار نے یہ رازِ غیب
پھر کوئی باقی رہا اُس میں نہ عیب

یار سے ہو جائے گا تو، ہمکنار
گر بنایا اپنے دِل کو راز دار

راہِ دیں راہِ علی ہے بالیقیں
رہبری کرتا ہے نُورِ حق یہیں

گو! عجائب میں بھی ہیں رازِ نہاں
پھر بھی جوہر کا ذرا پڑھ لے بیاں

حال اُس کا پہلے سُن لے بیش و کم
وادیٔ معنیٰ میں پھر رکھنا قدم

راز ہیں مظہر میں میرے بےحساب
حکمِ حیدر سے لکھی ہے یہ کتاب

اور بھی لکھوں گا میں اپنا کلام
ذکرِ حیدر سے بھرا ہوگا تمام

مظہرِ حق اِن کتابوں کے ہیں نام
ہوں گی دُنیا بھر میں یہ مشہورِ عام

پھر ہُوا عطار کو غیبی خطاب
"راز کی بھی لکھ سکے گا اک کتاب؟"

عرض کی میں نے کہ حاضر ہے غلام
حکمِ خالق سے کروں گا میں یہ کام

شہ کے بحرِ معرفت میں ایک رات
غوطہ مارا تھا کہ جوہر آیا ہات

جوہرِ ذات اس کا رکھا میں نے نام
جمع ہیں راز عجیب اُس میں تمام

جو پڑھے جوہر مرا سلطاں بنے
روح مطلق ہو کے پھر انساں بنے

جو پڑھے جوہر وہ جاں ہو جائے گا
اور خزانوں میں نہاں ہو جائے گا

جس نے یہ جوہر پڑھا ایماں لیا
سالکوں میں صاحبِ عرفاں بنا

جس نے یہ جوہر پڑھا گوہر بنا
راہِ حق کا ہو گیا وہ رہنما

جو ہوا بیخود وہ خود وہ بن گیا
اور حق گو ہو گیا منصور سا

جا کے، تو میری کتابیں پڑھ ذرا
اُس میں حق تجھ کو نظر آجائے گا

دیکھنا چاہے جو حق کو سامنے
جوہر و مظہر ذرا پڑھ لے مرے

پھر تجھے حق بھی نظر آجائے گا
اور اپنے راز بھی پا جائے گا

کور باطن ہے نہیں دیکھا اگر
مثل اندھوں کے پھرے گا عمر بھر

دیکھ تو! چشمِ بصیرت سے ذرا
کچھ نہ آئے گا نظر حق کے سوا

من در این گفتارها حق گفته‌ام — واندران اسرار مطلق گفته‌ام
گنج عرفان و معانی بی‌شمار — اندرین آورده‌ام خود صد هزار
باز آیم بر سر این گنج خویش — زانکه بردم در عجائب رنج خویش
رنج من آن بد که سرگردان شدم — اندرین دریائی بی‌پایان شدم
حضرت شاهم بیامد جام داد — درمیان عاشقانم نام داد
نام من عطار گفت و گفت، گو — از من و از غیر من زنهار جو
زانکه عطاری تو در دکانِ من — هرچه جنیدت بده از خوانِ من
زانکه این خوان از خدا آمد بمن — واندر او پیدا و پنهان سرّ کن
هست دریا ذرهٔ از خوان من — قرص خورشید است یکتا نان من
حقتعالی گنج اسرارم بداد — در درونِ من معانی راکشاد
از من اسرار خدا شد آشکار — از حدیثم نیٔ بنالد زار زار
کرده با جان عالم معنی قرار — چار عنصر را بداده پود و تار
از نبی باشد ترا ایمان درست — واز علی باشد همه عرفان درست
ای تو از حق غافل و از کار خود — می نه دانی هیچ تو رفتار خود
گر بدانی اصل خود سلطان شوی — ورنه همچون دیو و چون شیطان شوی
ای تو دور افتاده از ماوائے خویش — جهد کن تا تو روی با جائے خویش
منزل و ماوات بجائے عاشقان — واین رموز صادقان و صالحان
سالکِ راهِ خدا آن کس بود — کاین جهان در پیش او چون خس بود
بعد ازاین او ترک سر گوید چو من — همچو منصورے بود بی خویشتن
هرکه بگذشت از سر او اسرار یافت — واین معانی در جهان عطار یافت
رو تو ترک غیر کن عطار شو — وانگهی از خواب خود بیدار شو
ای تو در دنیا گرفتارِ بدن — حیف باشد بر تو نام مرد و زن
نه زنی نه مرد در راهِ اِله — دیو ملعونت بردل برده زراه

ہے سراسر حق، مرا یہ سب کلام — بھر دیے ہیں راز ہی اس میں تمام
گنجِ عرفاں، اور معانی بیشمار — مَیں نے اس میں کر دیے ہیں آشکار
ذکر کرتا ہوں مَیں پھر اُس گنج کا — جو بڑا باعث تھا میرے رنج کا
رنج سے مطلب مری حیرانیاں — بحرِ بے پایاں میں سرگردانیاں
شہ نے آ کر جام پھر مجھ کو دیا — زمرۂ عشّاق میں شامل کیا
اور کہا، عطار! کر میری ثنا — بن ہمارا غیر سے رہ کر جُدا
تُو میری دوکان کا عطار ہے — جس کو جتنا چاہے دے مختار ہے
خوان یہ خالق نے بخشا ہے مجھے — ظاہر و باطن میں رازِ کن لیے
بحر اک قطرہ ہے میرے خوان کا — مہر اک ٹکڑا ہے میری نان کا
حق نے مجھ کو راز کے دفتر دیے — میرے سینے میں معانی بھر دیے
رازِ حق مَیں نے کیے ہیں آشکار — نے بھی میرے ذکر سے ہے بیقرار
عالمِ معنی کا ہے جاں میں نمود — چار عنصر کو بنایا تار و پود
مصطفےٰؐ سے ہے ترا ایماں درست — حیدرِ کرارؑ سے عرفاں درست
اے خدا سے اور خود سے بیخبر — اپنی حالت پر نہیں کرتا نظر
اصل سے واقف جو ہے سُلطان ہے — ہے جو ناواقف تو پھر شیطان ہے
دُور اپنی اصل سے ہے جا پڑا — لے جگہ پھر اپنی، کوشش کر ذرا
مسکنِ عشّاق ہے تیرا مقام — عارفوں کے رمز تیرے ہیں تمام
سالکِ راہِ خدا ہے وہ یہاں — جو خس و خاشاک سمجھے یہ جہاں
سر سے درگزرے وہ پھر میری مثال — اور ہو منصور جیسا اس کا حال
سر سے جو کھیلا ہوا اسرار داں — پا گیا عطار یہ رازِ نہاں
چھوڑ دے اغیار کو، عطار ہو — بیخبر! اس خواب سے بیدار ہو
تُو ہے دُنیا میں گرفتارِ بدن — ہے عبث یہ نام تیرا مرد و زن
راہِ حق میں مرد ہے، تو اور نہ زن — بن گیا شیطان تیرا راہ زن

دیو ملعون پیسر این معنی بود | راه رو باید که با تقوی بود
راهرو دانی که باشد در جهان | با تو گویم گر نه کوری ای فلان
راهرو در راه حق میدان نبی | بعد ازین میدان ولی را ای بنی
راه میخواهی بیا اندیشه کن | رو تو مهر شاه مردان پیشه کن
گر تو از جان در پی مهرش روی | از عذاب دوزخی ایمن شوی
گر تو مهرش را نداری در درون | بیشکی ملعونی و مردود دون
راه میخواهی اگر از راستی | از ولای مرتضی بر خاستی
دین چه باشد واصل اندر راه او | خود فرو رفتن بسر در چاه او
هر که چون دانه بیفتد بر زمین | خود برون آمد چونی اسرار بین
حال خود بشنو ز من ای مرد نیک | روغن ایمان مریزان تو بدیک
چون پدر این پند را تعلیم کرد | اوستادم هم مرا تعظیم کرد
گفت ای نور دو چشم صالحان | واز معارف نقد اسرار زمان
همچو تو فرزند در گیتی نزاد | دشمنانت را سر و تن گو مباد
ای تو مقصود پدر در سر دین | از تو روشن گشته ایمانم یقین
ای تو در طلب دلم روشن شده | در میان باغ جان گلشن شده
من امام خود ز خود بشناختم | واگهی دنیا و دین در باختم
دین و دنیایت نیاید هیچ کار | از من اینندم این سخن را گوشدار
گر نباشد آن امامت راهبر | از وجود خویش کی یابی خبر
رو تو در دین خدا ایمان بیار | تا شود سر نهانت آشکار
رو تو در دین محمد رست شو | همچو عطار از طریق چست شو
هر که دیدار ولی پیدا ندید | تو یقین میدان که او خود را ندید
چون پدر روزی باستادم سپرد | نزد او از راه تعلیم بهره برد
آن معلم بود عالم در جهان | همچو خورشیدی که باشد او عیان

پیر رہزن ہے یہ شیطاں بدشعار
چاہیے! رہرو رہے پرہیزگار

کچھ خبر ہے، کون رہرو ہے یہاں؟
ہیں جو آنکھیں دیکھ، سُن میرا بیاں

راہرو ہیں راہِ حق کے مصطفےٰ!
بعد ان کے ہیں علی مرتضےٰ!

تجھ کو چلنا ہو اگر یہ راستہ
شاہِ مرداں سے محبّت کر ذرا

حُبِّ حیدرؓ تیرے دل میں ہے اگر
نارِ دوزخ سے رہے گا بے خطر

اُلفتِ حیدرؓ اگر دِل میں نہیں
ہے کمینہ اور مردود و لعیں

راہ سیدھی چاہتا ہے تُو اگر
ہو ولائے مرتضےٰؓ سے بہرہ ور

دین کیا ہے وصل اس کی راہ میں
غرق ہو جانا اُسی کی چاہ میں

خاک پروانے کی صُورت جو گرا
مثل نے اسرار میں ہو کر اُٹھا

مجھ سے میرا حال سُن اے نیکخُو
کر نہ ضائع روغنِ ایماں تُو

باپ کی میرے نصیحت تھی یہی
اور یہی اُستاد کی تعلیم تھی؛

مجھ سے بولا، نورِ چشمِ صالحاں
معرفت میں ہے جہاں کا رازداں

تجھ سا دُنیا میں نہیں پیدا ہُوا
حال تیرے دُشمنوں کا ہو بُرا

رازِ دیں میں تُو ہے مقصودِ پدر
تجھ سے روشن ہے مرے ایماں کا گھر

تُو ہی میرے دل کا ہے روشن چراغ
تجھ سے ہے سرسبز میری جاں کا باغ

مَیں نے پہچانا ہے خود اپنا امام
دین و دُنیا سے نہیں اب مجھ کو کام

دین و دُنیا تجھ نہیں آئیں گے کام
یاد رکھ اس وقت کا بھی یہ کلام

تیرا رہبر گر نہ ہوتا وہ امام
اپنی ہستی سے بھی رہتا تشنہ کام

دینِ حق پر چل کے بن ایماندار
تاکہ سب رازِ نہاں ہوں آشکار

دینِ احمدؐ لے کے ہو جا رستگار
اور چلن عطار کا کر اختیار

ہو نہ حاصل جس کو دیدارِ ولی
اُس نے خود کو بھی نہیں دیکھا کبھی

پاس جب اُستاد کے بھیجا مجھے
باپ نے تعلیم پانے کے لیے

وہ معلم تھا جہاں میں باکمال
آفتابِ علم اُس کا لازوال

آں معلّم بود وارث در علوم ‌ حکمتِ لقماں نمودہ در نجوم
او تصوّف را نکو دانستہ بود ‌ در بالماس معانی سفتہ بود
در علوم جعفر او پی بردہ بود ‌ جامِ اسرارِ نہانی خوردہ بود
داشت او یک سلسلہ کانزا ذہب ‌ خاص اہل البیت گویند اے عجب
آں علوم از پیش جعفر داشت او ‌ واں ز انفاسِ پیمبر داشت او
چند وقت او در درونِ جانِ خویش ‌ با خدا گفتہ معانی زانِ خویش
گفت یا رب توشۂ راہم بدہ ‌ در طریقِ عشق خود جاہم بدہ
تاشوم بینا دگر یا دانگہت ‌ ہمچو گردے با غم از خاکِ رہت
اے شدہ ہمچوں قمر تاباں بعلم ‌ اے ربودہ گوئے معنی را بحلم
بود او از بود عرفاں آمدہ ‌ در جہاں خورشید تاباں آمدہ
لیک او از فخرِ دیں راضی نبود ‌ زانکہ او در راہِ حق قاضی نبود
چند نوبت نجم دیں کبرائی ما ‌ آمد اندر پیش آں کانِ صفا
لیک حدم نیست تا نامش برم ‌ از مئے سلطان خود جاشش برم
ہمچو منصور او ہزاراں جام خورد ‌ نہ چو آدم دانہ اندر دام خورد
او ز عرفاں خدا آگاہ بود ‌ ہم باو اسرارِ حق ہمراہ بود
سی ہزار اسرارِ حق دانستہ بود ‌ از وجودِ خویش کلّی رستہ بود
سی ہزار از گفتۂ شرعِ رسولؐ ‌ سی ہزار دیگر از راہِ عدول
جملہ ایں سرہا ز مکنوناتِ غیب ‌ از درون او در آمد جیب جیب
او ز خود بگذشتہ دلگشن شدہ ‌ در میانِ عاشقاں روشن شدہ
سی صد و شصت و دو عارف راندہ ‌ خدمتِ شایستہ کردہ سال و ماہ
گفت کاے فرزندِ فرزانہ سخن ‌ بشنو از من یادگار و گوش کن
با من از حق بود سرِّ بیشمار ‌ جملہ خواہم کرد بر تو من نثار
دانکہ شب بودم بخلوت از کرم ‌ ناگہاں شخصے در آمد از درم

تھے وراثت میں زمانے کے علوم
حکمتِ لقماں ہو یا علمِ نجوم

وہ تصوف سے بھی خوب آگاہ تھا
گوہرِ معنی پروتا تھا سدا

تھا علومِ جفر بھی حاصل کئے
جامِ اسرارِ نہانی تھا پیے

تھا الگ اس کا سنہرا سلسلہ
خاص اہلبیت سے تھا واسطہ

جعفر صادقؑ سے پائے تھے علوم
اور پیمبر کے نبھے تھے سب رسوم

ماجرائے قلب اس نے چند بار
اس طرح حق پر کیا تھا آشکار

اے خدا! مجھ کو عطا ہو زادِ راہ
اپنی راہِ عشق میں دے عزّ و جاہ

مجھ کو بینائی دے اور گویائی دے
تیری خاکِ راہ یہ ہستی بنے

ماہِ تاباں بن چکا تھا علم میں
سب سے افضل تھا وہ اپنے حِلم میں

اس کی ہستی عینِ عرفاں تھی جناب
تھا زمانے میں وہ روشن آفتاب

ہاں! وہ فخر الدین سے راضی نہ تھا
کیونکہ راہِ حق کا یہ قاضی نہ تھا

تھا وہ ایسا باصفا و باوقار
ملنے نجم الدین آئے چند بار

نام لوں اس کا، نہیں میری مجال
جامِ شاہی مَیں پیوں، یہ ہے محال

جامِ منصوری تھا لاکھوں پی چکا
دھوکا آدم کی طرح کھایا نہ تھا

تھا وہ عرفانِ خدا سے باخبر
ذات میں اسرارِ حق تھے جلوہ گر

تیس ہزار، اسرار سے آگاہ تھا
اپنی ہستی سے وہ بالکل تھا جدا

تیس ہزار اسرار قولِ مصطفیٰؐ
اور باقی اتنے ہی اس کے سوا

یہ تمام اسرار اس کے پاس تھے
غیب سے سینہ میں اس کے تھے بھرے

بیخودی سے وہ گلستاں بن گیا
عاشقوں میں نام روشن کر لیا

تین سو باسٹھ تھے ایسے اولیا
جن کی خدمت میں رہا تھا سالہا

مجھ سے فرمایا کہ تو ہے باشعور
یاد رکھنا سُن کے یہ باتیں ضرور

راز بخشے ہیں خدا نے بے شمار
میں وہ سب کر دوں گا اب تجھ پر نثار

ایک شب تھا کنجِ خلوت میں نہاں
کوئی دروازے سے آیا ناگہاں

چون نظر کردم رسول الله بود   بر همه دلها و جانها شاه بود
روی خود پیشش نهادم بر زمین   گفت سر بردار و سرِ حق ببین
من بحکم او چو سر برداشتم   در دل خود نور حق افراشتم
چون نظر کردم بروی مصطفیٰ   دیدم اندر پهلوی او مرتضیٰ
مصطفیٰ گفته بمن کای مرد دین   می شناسی شاه دین را از یقین
می شناسم گفتم ای ختم رسل   این جوان را زانکه هست او بحرِ کل
من باد ایمان خود وابسته ام   از عذاب حق تعالیٰ رسته ام
شاه را دانم من از روی یقین   بعد پیغمبر امام متقین
سرِ حق در ذات او من دیده ام   زاد همه عرفان حق بشنیده ام
من در او بینم همه آفاق را   من از او دانم مراین نُه طاق را
من از او رانم سخن در ذاتِ حق   من از او خوانم همه آیاتِ حق
من در او بینم همه نور الله   خود از او تابان بود خورشید و ماه
من از او دیدم همه دیدار حق   زین معانی برده اهلِ دین سبق
من از او دیدم ولایت را تمام   گفته اش ایزد ثنا اندر کلام
من در او دیدم کتبها پر ز علم   من در او دیدم همه دریای حلم
من در او دیدم تمام انبیا   زانکه او بوده ولی و رهنما
اوست دانا در علوم اوّلین   اوست بینا در کلامِ آخرین
من در او دیدم که او منصور بود   لاجرم اندر جهان مشهور بود
من در او دیدم که آدم بود او   بیگمان عیسی بن مریم بود او
هر که او را دید حق را دیده او   گل ز بستانِ معانی چیده او
بعد از آن گفته رسول هاشمی   کاین سخنها را ولی داند همی
این معانی را ز که آموختی   خرقهٔ توفیقِ ایمان دوختی
گفتمش زانکس که با من راز گفت   قصهٔ معراج با تو باز گفت

دیکھتا کیا ہوں رسول اللہ ہیں   ہم سبھوں کے جان و دل کے شاہ ہیں
گر پڑا قدموں میں، فرمایا، ذرا   سر اُٹھا کر دیکھ اسرارِ خدا
حکم ہوتے ہی اُٹھایا جوں ہی سر   دیکھا نورِ حق ہے دل میں جلوہ گر
پھر جو ڈالی روئے احمد پر نگاہ   دیکھتا کیا ہوں کہ پہلو میں ہیں شاہ
مجھ سے فرمایا کہ اے مردِ خدا   شاہِ دیں کو بھی ہے کیا پہچانتا؟
عرض کی مَیں نے کہ واقف ہوں ضرور   یہ جواں تو بحرِ کُل ہے اے حضور
لا کے ایماں اُس کی ذاتِ پاک پر   ہو گیا قہرِ خدا سے بے خطر
مَیں سمجھتا ہوں علی کو بالیقیں   بعد پیغمبر امام المتقیں
مَیں نے دیکھے اُس میں رازِ حق تمام   اور سُنا ہے اُس کا عرفانی کلام
مَیں نے دیکھی اُس میں ساری کائنات   عرش و کرسی ہفت افلاک و جہات
راہِ عرفاں میں سخن گو کر دیا   دل مرا آیاتِ حق سے بھر دیا
اُس میں انوارِ خدا ہیں جلوہ گر   اُس سے ہی روشن ہیں یہ شمس و قمر
اُس نے دکھلایا مجھے دیدارِ حق   دینداروں نے لیا جس سے سبق
کر دیا مجھ کو ولی اک آن میں   حق نے اُس کی مدح کی قرآن میں
مَیں نے دیکھی اُس میں اک دنیائے علم   مَیں نے دیکھے اُس میں سب دریائے حلم
مَیں نے دیکھے اس میں جملہ انبیا   وہ ازل سے ہے ولیؔ و رہنما
ہے علومِ اولیں سے باخبر   اور کلامِ آخریں پیشِ نظر
مَیں سمجھتا ہوں کہ وہ منصور ہے   اِس سبب سے دہر میں مشہور ہے
مَیں سمجھتا ہوں کہ آدم ہے وہی   اصل میں عیسیٰ بن مریم ہے وہی
جو اُسے دیکھے خدا کو دیکھ لے   گلشنِ معنی کی گُل چینی کرے
پھر نبی ہاشمی نے یہ کہا   ایسی باتیں ہے ولی ہی جانتا
علم یہ کس سے تجھے حاصل ہوا؟   خرقۂ ایماں یہ کیسے سی لیا؟
عرض کی مَیں نے یہ سب اُس سے سُنا   حال معراج آپ سے جس نے کہا

زانکه او باب است بر شهر علوم — عرش را کرده مشرف از قدوم
پس رسول هاشمی گفت این علوم — او ترا گفت است ز اسرار نجوم
تا بکی باشی خموش و دم بخود — گوئی معنی را ببر ز آدم بخود
چونکه خورشید نبی مطلع شود — بعد از آن نور ولی مطلع شود
گوئی معنی را کسی خواهد ربود — کو جمال خویش را خواهد نمود
مست گشته همچو بلبل دم زده — عالم جان را چو نی برهم زده
پیشت آید صادقی دل زندهٔ — همچو نور آسمان رخشندهٔ
جام اسرارش بده تا در کشد — زاد همه دریای معنی بر کشد
او بود عطار و خط افشان شود — نور معنی از دمش در جان شود
او بعالم سرها گوید بما — از درون او بر آید این ندا
همچو منصور از انا الحق دم زند — آتش اندر جملهٔ عالم زند
تو برو او را ز عرفان درس گو — نه چو واعظ تو سخن از ترس گو
رو تو آنچه دیدهٔ از سر جان — جمله را با او بنه اندر میان
رو تو او را از من و از شاه گو — سر اسرار خدا با چاه گو
ما باو دادیم اسرار خدا — تا بگوید از زبان ما بما
ما باو دادیم گویائی عشق — ما باو دادیم بینائی عشق
عشق ما در جان او سوزان شده — زاهد خودبین چه سرگردان شده
هر که او از سر ما آگاه نیست — همت ما خود باو همراه نیست
هر که ما را در یقین نشناخته — در جهان ایمان خود در باخته
هر که راه ما رود ره یابد او — از مکاید روی خود بر تابد او
هر که از ما دور شد بی نور شد — زانکه چون خفاش چشمش کور شد
چون شنیدم من ز استاد این سخن — آتشی در جانم افتاد از کهن
آتش شوق ولایت جوش کرد — جمله عالم سر بسر بیهوش کرد

ہے وہ اِک دروازۂ شہرِ علوم
افتخارِ عرش جس کے ہیں قدوم

مجھ سے حضرت یکسر یہ فرمانے لگے
اچھا! اس نے راز یہ ظاہر کیے

یہ بتا! کب تک رہے گا تو خموش
مار لے بازی دکھا جوش و خروش

مطلعِ اوّل ہے خورشیدِ نبی
مطلعِ ثانی بنا نورِ ولی

معنوی بازی وہی لے جائے گا
جو جمال اپنا یہاں دکھلائے گا

مست بلبل کی طرح ہو نغمہ زن
مثلِ نے برہم یو کر دے جان و تن

زندہ دل، صادق، اک آئے گا یہاں
ہوگا روشن جیسے نورِ آسماں

اس کو دے اسرار کا لبریز جام
معنوی دروازے کھولے گا تمام

عطر افشاں ہوگا وہ عطار ہے
اُس کے دم سے جان پُر انوار ہے

راز میرے وہ کہے گا برملا
قلب سے نکلے گی اُس کی ہر صدا

گائے گا منصور کی مانند راگ
ساری دنیا میں لگا دے گا وہ آگ

اُس کو جا کر درس دے عرفان کا
واعظوں کی طرح مت ڈرنا ذرا

رازِ جاں دیکھے ہیں تو نے جس قدر
سب کے سب وہ اُس سے کہہ دے بے خطر

حال میرا اور اپنے شاہ کا
چاہ سے کہہ دے سب اسرارِ خدا

ہم نے بھی بخشے ہیں رازِ حق اُسے
تاکہ مجھ سے میری ہی باتیں کرے

ہم نے گویائی دی اُس کو عشق کی
ہم نے بینائی دی اُس کو عشق کی

میرا سوزِ عشق اُس کی جان ہے
زاہدِ خود بیں عبث حیران ہے

میرے رازوں سے جو ناواقف رہا
اُس سے میرا بھی نہیں کچھ واسطا

مجھ پہ جو رکھتا نہیں کامل یقیں
اِس جہاں میں اُس کا ایماں بھی نہیں

میرا پیرو راہ پاتا ہے ضرور
اور فریب و مکر سے رہتا ہے دور

جو کہ مجھ سے دور ہے بے نور ہے
مثلِ خفاش آنکھ سے مجبور ہے

جب یہ سب باتیں سنیں اُستاد کی
جان و دل میں لگ گئی اک آگ سی

اور ہوا جوشِ دلا کا یہ اثر
ہوگیا دونوں جہاں سے بے خبر

ؤ گفت پیرِ رہ کہ او بےخود شدہ — در رہِ عرفانِ حق راشد شدہ
نقطۂ سرِّ قلم با لوح گوئی — بعد ازاں نقشِ صور از لوح شوئی
گفتمش چوں علم حق آمد دروں — غیرِ حق را از دلم کردم بروں
عشق با ہستی من شد رہنموں — جہد کن از ہستی خود رد بروں
من بکلی خویش را کردم تباہ — چوں بدیدم مظہرِ ذاتِ الٰہ
یک چلہ در پیش آں سلطاں بدم — در کمال سرِّ او حیراں شدم
انچہ گفت او گوش کردم من تمام — بر جمال شاہ او کردم سلام
انگہی از وے اجازت خواستم — جان خود از فیض او آراستم
جملگی ہستی خود کردم تباہ — تا رسیدم من بدرگاہِ الٰہ
ہر کہ او را دید جملہ حق بدید — بیشکی او در مقامِ حق رسید
ہر کہ او را حق بداند حق شود — بیشکی او خود حق مطلق شود
ہمچو منصور از انا الحق دم زند — جملہ عالم را ہم او برہم زند
کفر و ایماں را گذارد حق شناس — تا نگردی در رہِ دینِ ناسپاس
ہر کہ او از دینِ احمد روئی تافت — او بجاہ دیلِ شیطاں راہ یافت
رو ز احمد پرس سرِّ مرتضیٰ — حق بقرآں گفتہ با او ہل اتیٰ
تو چہ دانی سرِّ ایں دریائے دیں — او یداللہ است در عین الیقیں
حق تعالیٰ گفت در خمِ غدیر — یا رسول اللہ ز آیاتِ منیر
ایہا الناس ایں بود الہامِ او — زانکہ از حق آمدہ پیغامِ او
گفت کن تو باخلائق ایں ندا — ہستم ایں دم خود رسولے بر شما
ہر چہ حق گفتہ است من خود آں کنم — بر تو من اسرارِ حق ارسال کنم
جبرئیل آمد چنیں با من بگفت — من بگویم با شما رازِ نہفت

ؤ قافیہ میں تصرف کیا ہے۔ ۱۲

پیر بولا، ہوگیا بیخود فرید ‏ بن گیا اب راہِ عرفاں میں رشید

راز اب کہہ دے قلم کے لوح سے ‏ اور مٹا دے نقشِ ظاہر لوح کے

عرض کی میں نے کہ جب حق مل گیا ‏ غیرِ حق کو دل سے باہر کر دیا

عشق ہستی کا ہے میری رہنما ‏ اپنی ہستی سے ذرا باہر تو آ

اپنی ہستی کر دی بالکل ہی تباہ ‏ مظہرِ حق پر، پڑی جب سے نگاہ

ایک چلہ اس کی خدمت میں رہا ‏ باکمال ایسا کہ میں حیران تھا

جو کہا اُس نے، سُنا دل سے تمام ‏ پھر کیا اُس شاہ کو میں نے سلام

اُس سے پھر طالب اجازت کا ہُوا ‏ فیض سے اُس کے ہُوا آراستہ

کر دیا ہستی کو جب بالکل فنا ‏ تب کہیں حاصل ہُوا قربِ خدا

حق کو دیکھا جس نے کی اُس پر نظر ‏ وہ مقامِ حق پہ پہنچا بے خطر

معرفت سے اُس کی جو واصل ہُوا ‏ مرتبہ حق کا اُسے حاصل ہُوا

ہوگا وہ منصور ہی کا ہم زباں ‏ درہم و برہم کرے گا یہ جہاں

کفر و ایماں چھوڑ ہو جا حق شناس ‏ راہِ دیں میں ہو نہ چلئے ناسپاس

دینِ احمد سے پھرا جو، جان کے ‏ پھنس گیا پھندے میں وہ شیطان کے

پوچھ لے احمد سے رازِ مرتضیٰؑ ‏ حق نے بھیجا اس کے حق میں ہل اتیٰ[۵]

تجھ کو کیا معلوم رازِ جبرِ دیں ‏ وہ یداللہ ہے اسے کر لے یقیں

تھا غدیرِ خم میں یہ حکمِ خدا ‏ صاف و ظاہر "اے رسولِ کبریا"

بھائیو، سُن لو کہ یہ الہام ہے ‏ اور حق کے پاس کا پیغام ہے

حکم ہے مجھ کو منادی یہ کرو ‏ میں ہوں پیغمبر تمہارا لو سُنو

حکمِ حق کا اب عیاں کرتا ہوں میں ‏ رازِ حق کا اب بیاں کرتا ہوں میں

مجھ سے یہ جبریل نے آکر کہا ‏ ماجرا کہتا ہوں تم سے راز کا

---

۵ سورۂ ھل اتیٰ علی الانسان حین من الدھر

این چنین گفته است قهار جهاں
حیٌّ و قیّوم و خدائے غیب داں

مرتضیٰ والی عہد من بود
ہر کہ ایں سر را نداند زن بود

مرتضیٰ باب علوم مصطفیٰ است
مرتضیٰ کانِ کرم بحر صفاست

مرتضیٰ را بد حسن اسرار داں
مرتضیٰ را بد حسینِ اسرار خواں

مرتضیٰ را بود سلماں تکیہ گاہ
بوذر و قنبر غلامِ خاکِ راہ

مرتضیٰ را بود جبریلش غلام
زانکہ اُستادش بد از سرِّ کلام

تو نمیدانی امامِ خویش را
بگذر از باطل بگیر ایں کیش را

مرتضیٰ داماد و ابنِ عم رسول
مرتضیٰ اسرارِ حق دار و قبول

گر تو راہ او نگیری بے رہی
ہمچو مورے او فتادہ در چہی

رو تو راہِ راست اینک راستی
ہم بیابی انچہ از حق خواستی

رو تو راہ راست را از شاہ پرس
گوش کن اسرار او از چاہ پرس

تا بر آید نے بگوید قال او
در معانی جملۂ احوال او

نے ہمیگوید کہ اسرارم علیست
صاف ایماں کردہ در کارم علیست

تو چہ دانی چونکہ ایماں نیستت
خود ولائے شاہِ مرداں نیستت

ہر کہ او را رہنما شیطاں بود
بیشکی او خود ز مردوداں بود

رو تو ترکِ رزق و ایں امساک کن
غیر حق را از دل خود پاک کن

ترک نہ بہا کن و غوغا مکن
علمے را ایں چنیں رسوا مکن

خارجی و رافضی دیگر مباش
جوئے عَلَمِ معنوی دیگر مباش

مذہب بسیار باشد مختلف
ایں نکو نبود مگر پیش خرف

مذہب حق یک بود اے ہوشیار
ایں سخن نقل است از شیخ کبار

آلِ احمد جملہ یک دیں داشتند
در رہِ تحقیق تلقیں داشتند

رد چو ایشاں مخزنِ اسرار جو
مذہب حق را ز ہشت و چہار جو

ایں کتبہائے کہ بینی در جہاں
بے کلام حق ہمہ تصنیف داں

ہے یہی فرمانِ قہارِ جہاں
حیّ و قیوم و خدائے غیب داں

میرا نائب مرتضیٰ سا فرد ہے
اِس سے ناواقف جو ہے، نامرد ہے

بابِ علمِ مصطفےٰؐ ہے مرتضیٰؑ
ہے وہی کانِ سخا بحرِ صفا

شاہِ مرداں کے حسنؑ تھے رازداں
رازگو اُن کے حسینؑ ذی وقار

اور سلماں تھے علیؑ کی تکیہ گاہ
بوذر و قنبر غلامِ خاکِ راہ

تھے غلامِ مرتضیٰؑ جبریل بھی
اُس کو بھی تو راز کی تعلیم دی

تُو نے پہچانا نہیں اپنا امام
چھوڑ باطل رکھ اسی مذہب سے کام

ابنِ عم، دامادِ احمدؐ ہے علیؑ
راز دارِ رازِ خالق ہے وہی

اُس سے منہ موڑا تو پھر گمراہ ہے
آگے مورِ ناتواں کے چاہ ہے

راہِ سیدھی چل، یہی ہے راستی
حق سے جو چاہے گا، پائے گا وہی

راہِ سیدھی، شاہ سے تو پوچھ لے
راز اُس کے پاہ سے تو پوچھ لے

نے تجھے اُس کا سنائے گی کلام
حال در پردہ کہے گی وہ تمام

رازمیرا ہے علیؑ بولے گی نے
راہِ ایماں میں علیؑ درکار ہے

تو ہے ناداں، تجھ میں ایماں ہی نہیں
اور ولائے شاہِ مرداں ہی نہیں

رہنما جس شخص کا شیطان ہے
واقعی مردود و بے ایمان ہے

دُور کر یہ بخل و مکاری کا جال
غیرِ حق کو اپنے دل سے تو نکال

ترکِ مذہب کر مگر چرچا نہ کر
تُو زمانے بھر کو یوں رُسوا نہ کر

خارجی و رافضی سے کر حذر
علمِ باطن سیکھ اور کچھ بھی نہ کر

یُوں تو مذہب ہیں بہت اور مختلف
یہ نہیں اچھے مگر ہے پیش خوف

مذہبِ حق ایک ہے اے ہوشیار
ہے یہ ارشادِ بزرگانِ کبار

ایک ہی ہے دینِ آلِ مصطفےٰؐ
راستہ ان کا ہے یہ تحقیق کا

راز دار ایسے شریف النفس ڈھونڈھو
دینِ حق چودہ تنوں کے پاس ڈھونڈھ

یہ کتابیں ہیں جو دُنیا میں تمام
ہیں کلامِ حق سے خالی لاکلام

هیچ میدانی که تصنیفات چیست
واین همه شرح و دلائل بهر کیست

بهر آن کس کو رود در مدرسه
شرح گوید از علوم فلسفه

آن بزرگ مدرسه از زر بود
در میانِ عارفان او خر بود

او ستاند غله و زر بی شمار
من بحالِ او بگریم زار زار

زانکه مالِ وقف میدانی که چیست
جمله خونِ درهم درویش ونیست

هر که او مفتی شده فتوی نوشت
بهر یک دینار در صد جا نوشت

بدعت و بهتان همه میکرد راست
تا بگیرد یک درم کاین حق ماست

حق تعالی خلق او خواهد گرفت
بعد از آنی دلق او خواهد گرفت

من بگویم حالتِ قاضی تمام
زانکه رشوت گیرد او از خلق عام

او همی بیند که دارد نام و ننگ
در شود در نارِ دوزخ بی درنگ

رشوت بسیار و زرهائے یتیم
در نهانی گیرد او از روئے بیم

پس یتیم بیکسے پیدا کند
مال او در دفتر خود جا کند

قاضیے را یک ملازم بود فرد
ضبط کردے مال ایتام از نبرد

کرد پیدا او یتیمے بے سخن
قاضیش گفته که مالش ضبط کن

شش هزارے داشت نقره آن یتیم
گفت حق داده مرا خوانِ نعیم

پس گرفت آن زر بسوئے خانه کرد
واز یتیمِ بے پدر بیگانه کرد

بر گرفت او یک هزار از بهر خود
پنج دیگر را به قاضی کرد رد

بے تکلف بهرِ خود قاضی گرفت
واین حکایت را ز مردم می نهفت

گفت قاضی تو چه کردی وجه را
گفت کردم خرج او بے ماجرا

کرد قاضی یک هزارے قرض از او
گفت دیگر را نگه داری نکو

چون بر آمد چند روزے این سخن
گفت با قاضی که با ما رحم کن

وجه آن مسکین یتیمِ مستمند
برد دزد و او فتادش در کمند

جمله را دزدان بدزدیدند و رفت
جان ازین آتش بود در تاب و تفت

کیوں یہ تصنیفات ہیں۔ کچھ ہے پتہ؟
یہ دلیلیں اور تشریحیں ہیں کیا؟

ہیں یہ سب کچھ، بہرِ اہلِ مدرسہ
جن کی ہے گفتار شرحِ فلسفہ

ہے بندگی مدرسہ زر کا غلام
جس کو کہتے ہیں گدھا عارف تمام

مال و دولت لوٹتا ہے بے شمار
میں بھی اُس کے حال پر ہوں اشکبار

کچھ خبر ہے؟ وقف کا ہے مال کیا؟
ہے یہ خل اور پیپ سب محتاج کا

جب کوئی مفتی بنا، فتویٰ دیا
زر کی خاطر سو طریقوں سے لکھا

بدعت و بہتان کر ڈالا حلال
تاکہ مِل جائے اُسے تھوڑا سا مال

حق دبائے گا کبھی اُس کا گلا
چھین لے گا دلق بھی وہ کبریا

حال اک قاضی کا لکھتا ہوں یہاں
خلق سے رشوت جو لیتا تھا نہاں

گو سمجھتا تھا وہ خود کو نیک نام
جائے گا دوزخ میں لیکن لاکلام

رشوتیں بھی خوب اور مالِ یتیم
خوف سے لیتا تھا پوشیدہ، لئیم

جب مِلا کوئی یتیم خستہ حال
قرق کر کے رکھ لیا دفتر میں مال

ایک تھا قاضی کا نوکر با کمال
ضبط کرتا تھا یتیموں کا جو مال

اک یتیم بے زباں اُس کو مِلا
حکم، قاضی نے بھی ضبطی کا دیا

نقرئی سکّے تھے اُس کے چھ ہزار
ہے عطائے حق، وہ بولا بد شعار

مال لے کر اپنے گھر میں بھر دیا
بے پدر کو اُس نے بے زر کر دیا

اک ہزار اُس میں سے خود اُس نے لئے
اور باقی پانچ قاضی کو دیئے

بے تکلف رکھ لی قاضی نے رقم
کر دیا قصّہ چھپا کر کالعدم

پوچھا قاضی نے کہاں ہیں باقی دام
بولا، میں نے خرچ کر ڈالے تمام

قرض قاضی نے کئے اُس پر ہزار
اور کہا آئندہ رہنا ہوشیار

چند ہی دن گذرے تھے اس بات پر
آ کے قاضی سے کہا اب رحم کر

پاس میرے تھا جو وہ مالِ یتیم
لے گئے سب چور، حالت ہے سقیم

چور چوری کر کے وہ سب لے اُڑے
اب ہیں میری جان کے لالے پڑے

گفت رو چوں بر تو ایں دعوٰی کنند　　باتو ایں دعوائے بے معنے کنند

گوئی زر را دزد از من بردہ است　　خاطر من زایں سبب افسردہ است

من بحفظ آں بکردم جہد نیک　　جملہ را محکم نہادم زیر ریگ

من زرت را چوں امینے بودہ ام　　کے بداں من دست خود آلودہ ام

ہیچ بر تو می نیاید مرد باش　　وازغم واندوہ عالم فرد باش

چوں یتیم آں زر طلب کرد از امیں　　پیش قاضی رفت نالاں وغمیں

ماجرا گفتند با قاضی بہم　　کرد قاضی ناتواں را متہم

گفت قاضی با یتیم اے بوالعجیب　　ایں چنیں در شرع نا بود غریب

اوبکے مرد امین و عادل است　　سالہا در محکمہ دارد نشست

زاد خیانت کے روا باشد روا　　بر تو باشد زایں حکایت حد روا

دیگر آنکہ ہیچ می ناید بشرع　　بر امین تو براسئے اصل و فرع

چوں یتیم از قاضئ اعظم شنید　　ایں سخن را گفت از شرع ایں بعید

کارِ قاضی امین و کار مفتئ آں　　کار مُلّائی مدرّس را بماں

راہِ شرع ایں نیست کایشاں میروند　　ایں ہمہ دنبال شیطاں میروند

راہ۔ راہِ مصطفیٰ و آل اوست　　چون بدانستی برو کایں رہ نکوست

من بتو صدبار گفتم صد ہزار　　دست از دامانِ حیدر بر مدار

راہِ حیدر رو کہ اندر راہ او　　نورِ حق بد از دل آگاہ او

راہ۔ راہِ اوست دیگر راہ نیست　　گر روی جائے دگر جز چاہ نیست

خویش را مفگن تو اندر چاہ تن　　جہد کن تا تو بروں آئی چو من

ایں ہمہ درہا کہ ایں عطار سفت　　در دروں گوش او کرار گفت

گفت بشنو گیر در گوش ایں ہمہ　　تا شود روشن شب تو زیں ہمہ

زانکہ شب تاریک و ظلمانی بود　　در درونش آب حیوانی بود

من بسے شبہا بکنجے بودہ ام　　راہ عرفاں را بسے فرسودہ ام

ماجرا یہ سُن کے قاضی نے کہا
اب کرے دعوے جو کوئی مال کا

بولتا، چوری گیا وہ مال سب
ہے پریشانی کا میری یہ سبب

مَیں نے کی اس کی حفاظت خوب ہی
گاڑ رکھا تھا زمیں میں وہ سبھی

چونکہ تیرے مال کا تھا مَیں امیں
خود ہی مَیں خائن بنوں ممکن نہیں

تجھ پہ کوئی حرف آ سکتا نہیں
مرد بن یہ رنج و غم اچھا نہیں

لینے آیا مال جب بیکس یتیم
آئے قاضی پاس با حالِ سقیم

واقعہ دونوں نے قاضی سے کہا
مُتہم بیکس کو قاضی نے کیا

اور بولا اے یتیم بد نصیب
واقعہ کچھ بھی نہیں ہے یہ عجیب

ہے یہ عادل شخص اور ایماندار
محکمہ کا ہے پُرانا اہل کار

کب یہ الزامِ خیانت ہے بجا
تجھ کو ملنا چاہیئے اُلٹی سزا

شرع کی رُو سے بھی ہے یہ بےقصور
ہے خیانت سے امیں تیرا یہ دُور

سُن کے قاضی کا بیاں، بولا یتیم
ہے خلافِ شرع یہ کارِ لئیم

قاضی و مفتی کے دھندے دیکھ لو
کام جو مُلّا کے ہیں، رہنے ہی دو

یہ نہیں رکھتے شریعت کا چلن
ہیں یہ سب شیطاں کے پیچھے گامزن

راہ ہے راہِ نبی و اہلِ بیت
چل اسی پر، یاد رکھ یہ شاہ بیت

لاکھ دفعہ کہہ چکا ہوں میں یہی
ہاتھ سے چھوٹے نہ دامانِ علیؑ

چل علیؑ کی راہ اس راہ سے
نُورِ حق پائے گا تُو اُس شاہ سے

دُوسرا رستہ نہیں بس ہے یہ راہ
اور باقی ہر جگہ ہے خوفِ چاہ

چاہِ تن میں ڈال مت اپنے کو تُو
باہر آ، میری طرح، کر جستجو

منسلک جو دُر کئے عطار نے
زیبِ گوش اُس کے، کئے کرار نے

مجھ سے فرمایا کہ سُن لے، رازدار
تاکہ روشن ہوں تری شبہائے تار

پردۂ ظلمات بن جاتی ہے رات
اس میں ہوتا ہے نہاں آبِ حیات

کنج میں کاٹی ہیں راتیں بے شمار
راہِ عرفاں سے بھی گذرا بار بار

گنج جانست و جواہر معرفت ۔ کن از اینہا میکنم با تو صفت
اے تو مغرورِ جہان و مال خود ۔ رحم می ناید ترا بر حال خود
گر ہزاراں سال تو زحمت بری ۔ مال دنیا را ہمہ جمع آوری
عاقبت بگذاری و بیروں روی ۔ خود یقیں میداں کہ تو ملعوں شوی
ہست دُنیا پر ز آتش بہر کس ۔ تو فتادہ اندر او چوں خار و خس
اے گرفتارِ عیال و زن شدہ ۔ ہمچو حیواں در پی خوردن شدہ
با تو کردم بارہا ایں ماجرا ۔ تا بکے تو پروری ایں نفس را
رو تو از دُنیائے دوں بگذر چو من ۔ گر توانائی گذر زایں انجمن
اے تو در بازارِ دنیا بس خراب ۔ می نداری ہیچ در عقبے ثواب
بہرِ یک ناں بے سر و ساماں شدہ ۔ درمیانِ مردماں حیراں شدہ
گر تو صد اشتر پر از دیبا کنی ۔ و ایں جہاں را جملہ پر غوغا کنی
سقف و ایواں سازی و سلطاں شوی ۔ تاجدار ملک ہندستاں شوی
او چو اسکندر شوی با تاج و تخت ۔ یا فریدونی شوی با حظ و بخت
عاقبت راہِ فنا گیری بہ پیش ۔ منعدم بینی ہمہ اعضائے خویش
بعد ازاں در خاک پنہانت کنند ۔ پس عزیزاں ختم قرآنت کنند
ای چنیں ہا بیں و فکر خویش کن ۔ زاد راہت مظہرِ درویش کن
رو تو درویشی گزین و پاک باش ۔ درمیانِ عاشقاں چالاک باش
رو تو باحق باش و رازِ حق شنو ۔ تا بیابی سرِ عرفاں تو بنو
تو نیابی بے ولی راہِ خدا ۔ گر ہزاراں سال باشی رہنما
بے دلیلے، راہ گم گردد ترا ۔ خوش دلیلے ہست شاہِ اولیا
راہِ او راہِ محمدؐ دان و باش ۔ راہِ احمد داں رہِ یزداں و باش
ہمچو عطار اندر ایں رہ زن قدم ۔ گر ہمی خواہی کہ یابی سرِ جم
رو تو گردے باش اندر پائے او ۔ تا درے یابی تو از دریائے او

گنج ہے جاں اور جواہر معرفت
تُو ہے مغرورِ زمانہ مال پر
گر ہزاروں سال تکلیفیں سہے
ایک دن جائے گا سب کچھ چھوڑ کر
ساری دُنیا ہے کُرہ اک آگ کا
بال بچوں کی، ہے بس فکرِ دوام
تجھ کو سمجھایا ہے مَیں نے بارہا
ترکِ دنیا کر کے میری طرح بن
تُو ہے بازارِ جہاں میں بدتریں
ایک روٹی کے لئے حیراں ہے تُو
ہو جو ننّو اونٹوں پہ تیرا مال و زر
بن کے سلطاں قصر و ایواں بھی بنائے
یا سکندر بن کے پائے تاج و تخت
ایک دن ہو جائے گا قصّہ تمام
خاک میں پنہاں کریں گے سب عزیز
یہ سمجھ کر! اے خبر اپنی ذرا
لے فقیری، اور بن جا پاکباز
حق سے مِل کر رازِ حق تو سُن ذرا
بے ولی مِلتی نہیں راہِ خدا
راستہ بھُولے گا تو بے راہبر
ایک ہے راہِ نبی و مرتضیٰ
راہ چل عطّار کی مانند تُو
جا کے بن تُو خاکِ پائے بوتراب

مَیں بیاں کرتا ہوں اُس کی ہی صفت
رحم کچھ آیا نہ اپنے حال پر
جمع دُنیا بھر کی دولت بھی کرے
ہوگا مردود و لعیں اے خیرہ سر
جس میں تنکے کی طرح تُو ہے پڑا
جانور کی طرح کھانے سے ہے کام
نفسِ امّارہ کی خاطر تا کجا
ہے جو انساں چھوڑ دے یہ انجمن
زادِ راہِ آخرت کچھ بھی نہیں
دربدر بیکار سرگرداں ہے تو
ہر طرف تیرا ہی چرچا ہو اگر
بادشاہی ہند کی بھی ہاتھ آئے
ہو فریدوں کی طرح بیدار بخت
خاک میں مِل جائیں گے اعضا تمام
ختم، پھر قرآں کریں گے سب عزیز
اور زادِ راہ مظہر کو بنا
زمرۂ عشاق میں ہو سرفراز
عزت نے اسرارِ عرفاں پائے گا
گو رہے لاکھوں برس تو رہنما
کتنا اچھا ہے علیؑ سا چارہ گر
اور ہے راہِ نبی راہِ خدا
راز جم کی ہے جو تجھ کو جستجو
تا کہ اُس دنیا سے دُور ہوں دستیاب

گر بمعنیّم رسی انساں شوی   ورنہ میرو تاکہ چوں حیواں شوی
من بصنعت سحر دارم در سخن   من ہم از حق دارم ایں سرِّ کہن
من ز دریا ہا جواہر آرمت   واندر او سرہا بظاہر آرمت
اہلِ دل آگہ مشوند از رمز من   عارفاں کردند فہم ایں سخن
فہم من در جانِ عاشق نور شد   زیں سخن دانائی ما ستور شد
ہر کہ او مستور شد در راہِ عشق   ہست او از جان و دل آگاہ عشق
عشق سرگردان او در کل حال   حال او معشوق داند چوں زلال
ہر کہ او ہمرنگ یار خویش بود   از جہاں گوئے معانی را ربود
اے تو در راہِ خدا یکرنگ نہ   داز درون واز بروں جز زنگ نہ
زنگ دل را بر تراش و پاک شو   دانگہے در راہِ حق چوں خاک شو
ہر کہ چوں دانہ بیفتد سر کشد   خم معنی را بیکدم در کشد
سرفرازی حقِ درویشاں بود   آہ و سوز و درد ہم زایشاں بود
گر تو میخواہی کہ یابی دو لتے   دار ہی بے شبہ از ہر ذلتے
رو طریق و راہِ درویشاں بگیر   ہمچو ایشاں باش و با ایشاں بگیر
ہست شرحِ احمدی راہ درست   ہر کہ جز ایں راہ رفت او رنج جست
ہر کہ در الطاف سرمد باشد او   پیروِ شرعِ محمدؐ باشد او
گر تو یکدم ہمنشین جاں شوی   ہمچو ناصر سروِرِ ایماں شوی
ناصر خسرو بحق چوں راہ یافت   ہمچو منصور او نظر در شاہ یافت
تو یقیں میداں کہ شہ بیراہ نیست   گر روی راہِ دگر شہ راہ نیست
پیر مردے بود سالک ہمچو من   راہِ عرفاں رفتہ در ہر انجمن
سالہا با اہلِ دل ہمراز بود   در مقام جان و دل ممتاز بود
گفتمش اے سالکِ راہِ الٰہ   بارہا گفتی بمن از سرِّ شاہ
ہر چہ گوئی تو بمن من بشنوم   ہر چہ فرمائی تو من ہم بپیردم

بات یہ سمجھا تو پھر انسان ہے
ورنہ چل، جا، تُو بڑا حیوان ہے

اپنی فطرت سے ہوں میں جادو بیاں
حق نے بخشے ہیں مجھے رازِ نہاں

ہیں یہ دریائی گہر تیرے لئے
جس میں سب اسرار میں نے بھر دیئے

اہلِ دل آگاہ ہیں اس راز سے
باخبر عارف ہیں اس آواز سے

جانِ عاشق کے لئے یہ نُور ہے
فہمِ دانا سے مگر مستور ہے

شاہراہِ عشق میں جو کھو گیا
جان و دل سے وہ اُسی کا ہو گیا

عشق کی حیرانیاں ہوں جس قدر
ہوتی ہیں معشوق کے پیشِ نظر

جو ہُوا ہمرنگ اپنے یار کا
وہ زمانے بھر سے بازی لے گیا

راہِ حق میں تو نہیں ہے ایک رنگ
ہے ترے اِس ظاہر و باطن میں زنگ

زنگ دل کا دُور کر کے پاک ہو
پھر ذرا راہِ خدا میں خاک ہو

بن کے دانہ جو گرا ہوگا بلند
وہ خمِ معنی سے ہوگا بہرہ مند

سرفرازی ہے فقیروں ہی کا حق
درد و سوزش کے یہی ہیں مستحق

تجھ کو دولت کی اگر ہے آرزو
اور ہر ذلت سے بچنا چاہے تُو

رکھ فقیروں کی طرح اپنا چلن
ساتھ اُن کے رہ کے اُن جیسا ہی بن

ہے شریعت نام سیدھی راہ کا
اس سے جو بھٹکا، پریشاں ہی رہا

موردِ الطافِ داور ہے وہی
شرعِ احمدؐ کی کرے جو پیروی

ہم نشینِ جاں اگر، تو ہو گیا
مثلِ ناصر سرورِ ایماں بنا

پائی ناصر نے بھی حق کی راہ جب
مثلِ منصور اُس نے دیکھا شاہ جب

کر یقیں ٹیڑھی نہیں ہے راہِ شاہ
دوسرا رستہ نہیں ہے شاہ راہ

ایک مجھ جیسا تھا سالک پیرِ مرد
رہروئی راہِ عرفاں میں تھا فرد

اہلِ دل کا برسوں سے ہمراز تھا
جان و دل میں وہ بہت ممتاز تھا

مَیں نے اُس سالک سے اک دن یہ کہا
رازِ شہ تُو نے کہے ہیں بارہا

تُو جو کہتا ہے وہ سنتا ہوں تمام
چل رہا ہوں حکم پر بالالتزام

هر چه آید از زبانت دُر بود — گوشم از دُرِّ معانی پر بود
باز گو اے پیر سالک از عیاں — چه عجائبها دیدی آخر از جہاں
گفت گویم یک عجائب گوش کن — جام معنی را بیا خود نوش کن
بود در ایام من یک واقفے — نامدارے عابدے خوش عارفے
در کمالِ حکمت او آگاه بود — همچو منصور حسین او شاه بود
گفت با من یک حدیث از حال خود — از مقام سیر و از احوال خود
من بگویم انچه کردے او سخن — گوش حکمت دار یکبارے بمن
سالها افشائی راز و سر نکرد — هیچ از سرِّ خدا ظاهر نکرد
ناگہے سیرشش به بغداد اوفتاد — دید غوغائے میانِ بغداد
رفت تا بیند که چه غوغاست ایں — دید شخصے رو نہاده بر زمیں
گفت یارب آگہی از کار من — از بد و از نیک و از گفتار من
یا الہی داد من زیناں ستاں — جملگی هستند اینجا عاصیاں
یا الہی تو همیدانی که من — محرم همیدارم میانِ مرد و زن
یا الہی جمله را کن سرنگوں — زانکه هستند ایں همه از دیں بروں
یا الہی میبرم من از جہاں — داد من آخر از اینها تو ستاں
چوں از او بشنید شیخ او آں زماں — گفت اے جلاد تیغ خود براں
بود ایوانے در آں منزل بلند — مرد را آورده زاں ایواں فگند
بر زمیں افتاد و جاں با حق بداد — ایں چنیں ظلمے بشد بر نامراد
بعد از آں در آتشش انداختند — در میان آتشش بگداختند
شیخ ظاهر بیں که چوں اهریمن است — دشمن درویش و دیو رہزن است
پیش رفتم در میانِ جمع من — ایستادم نزد شاں چوں شمع من
گفتم ایں غوغا و ایں خونی که بود — ایں چنیں زجرے که کردند از چه بود
گفت شخصے کز کجائی اے جواں — کایں چنیں سر را ندانی تو عیاں

دُرفشانی میں جو تھے چھوٹے بڑے — میرے کانوں میں وہ موتی ہیں پڑے
پیر سالک اب ہے اتنا التماس — کچھ عجائب سے بھی کر دے روشناس
مجھ سے فرمایا کہ اک قصّہ، سُنو — یہ شرابِ معنوی بھی لو! پیو
ایک تھا ہم عصر میرا ہوشیار — عارف و عابد بھی تھا وہ نامدار
علم حکمت میں وہ رکھتا تھا کمال — ایک تھا منصور کا اور اُس کا حال
ایک اپنا واقعہ مجھ سے کہا — اُس کے دورانِ سفر کا حال تھا
میں اُسی کا قول کرتا ہوں بیاں — گوشِ دل سے تُم سنو یہ داستاں
مدّتوں سے اِس کو دل میں ہوں لئے — رازِ حق مطلق نہیں ظاہر کئے
جب ہوا بغداد میں اُس کا گذر — اک طرف دیکھا کہ ہے کچھ شور و شر
جا کے واں دیکھا نیا ہی ماجرا — منہ کے بھل کوئی زمیں پر ہے پڑا
کہہ رہا تھا، تُو ہے واقف، دادگر — میرے نیک و بد پہ تیری ہے نظر
میرے مالک تُو لے ان سے انتقام — ہیں یہاں جتنے بھی عاصی ہیں تمام
خوب تُو واقف ہے اے پروردگار — مرد و زن میں ہو رہا ہوں شرمسار
اِن کو تو نیچا دکھا، ربِّ انام — پھر گئے ہیں تیرے دیں سے یہ تمام
میں تو اِس دُنیا سے کرتا ہوں سفر — اِن سے میرا بدلہ لے تو دادگر
شیخ نے یہ سُن کے اُس ناشاد سے — "کام کر اپنا" کہا جلّاد سے
ایک اونچی سی عمارت تھی وہاں — اُس سے گروایا گیا وہ نیم جاں
ہوگیا وہ نیچے گرتے ہی شہید — ظلم بیکس پر ہوا کتنا شدید
آگ میں پھر ڈالا جسم پاش پاش — اور جلا کر خاک کردی اُس کی لاش
شیخ ظاہر میں نرا شیطان ہے — دُشمنِ درویش و بے ایمان ہے
میں بھی اُس مجمع میں آگے بڑھ گیا — شمع کی صورت کھڑا جلتا رہا
اُن سے پُوچھا کون تھا یہ شوم بخت — دی گئی اِس کو سزا جو اتنی سخت
ایک بولا کون ہو، گم ہے کہاں — راز جو اب تک نہیں تم پر عیاں

گفتمش مردے غریبم و ایں زماں
میرسم از وادی ہندوستاں

گفت پس بشنو زمن احوال او
من بگویم جملہ قیل وقال او

چند روزے جملگی ایں مرداں
برلبِ دجلہ نشستندے رواں

صحبتے نیکو و خلقے بے شمار
برلبِ دجلہ نشستہ برقطار

درمیانہ جمع درویشاں بدند
جملہ در اسرار حق پنہاں بدند

جمع دیگر عالمانِ باکمال
جملہ خواندہ علمہائے قیل وقال

جمع دیگر از عوام الناس ہم
ہمچو دودے برلبِ دریائے غم

ہریکے از قول خود گفتند حال
اوفتاد اندر میاں شاں قیل وقال

بس مسائل درمیاں شاں اوفتاد
ہریکے از پیش خود لب بکشاد

آں یکے گفتے سخن از کُتبِ لب
واں دگر گفتہ کہ نبود در کتب

آن یکے گفتہ کہ آدم اصل بود
و آں دگر گفتہ محمدؐ وصل بود

آن یکے گفتہ محمدؐ ز انبیاست
ختم ایں معنی بشاہ اولیاست

آن یکے گفتہ نبی را فضلہاست
بر ولایت ایں سخن میداں تو راست

آن دگر گفتہ غلط گفتی نہ راست
خود نہ آخر ایں حدیث مصطفاست

آن دگر گفتہ ولایت افضل است
زانکہ ایں قول از کلام مرسل است

آن یکے گفتہ ولایت ز آن کیست
آن دگر گفتہ کہ در شانِ علیست

حضرت شاہ ولایت نام اوست
در جہان جاں ہمہ پیغام اوست

شاہ دیں اسرار حق با من بگفت
وایں معانی راز ہیہ حق نہفت

شاہ من با جبرئیل ایں راز گفت
راہ معنے را بہ عرفاں باز گفت

شاہ من حق را بدید و حق بگفت
ہم بحق او گفت و ہم از حق شنفت

انبیا جانند شاہم جانِ جاں
گر تو با ہوشی بیا ایں را بداں

شاہ من اندر ولائیت سرور است
ہر کہ ایں را می نداند کافر است

شاہ من وارد ولایت زِ اِنَّمَا
رو بخواں در نصِ قرآں ھل اتیٰ

میں مسافر ہوں، کہا انجان سے — آرہا ہوں بھائی، ہندوستان سے
تب وہ بولا، لو سُناتا ہوں یہ حال — سب بیاں کرتا ہوں اس کی قیل وقال
کچھ دنوں پہلے یہاں کے خاص و عام — جمع دجلہ کے کنارے تھے تمام
صحبتیں دلچسپ، خلقت بے شمار — تھی قطاروں میں لبِ دجلہ بہار
تھے اسی مجمع میں کچھ درویش بھی — منہمک اسرارِ حق میں تھے سبھی
اک طرف تھے عالمانِ باکمال — کر رہے تھے اپنی علمی قیل وقال
تھے عوام الناس بھی اتنے وہاں — ہو لبِ دریائے غم جیسے دھواں
گفتگو میں محو تھے سب خاص و عام — منہمک تھے اپنی باتوں میں تمام
مختلف باتوں پہ بحثیں چھڑ گئیں — جتنے منہ تھے اتنی ہی باتیں بھی تھیں
ایک نے گر معرفت میں کچھ کہا — بے سند ہے قول، بولا دوسرا
کوئی یہ بولا کہ آدم اصل ہے — کوئی بولا مصطفیٰ بے فصل ہے
اور کہا یہ بھی محمدؐ ہیں نبیؐ — ہے، ولایت حصّۂ مولا علیؑ
تب وہ بولا ہے نبیؐ کو برتری — ہے ولایت سے نبوّت ہی بڑی
دُوسرا بولا، غلط تُو نے کہا — ہے خلاف اِس کے حدیثِ مصطفیٰ
ہے ولایت ہی کو حاصل برتری — کیونکہ ہے یہ قول و فرمانِ نبیؐ
جب یہ پُوچھا ہے ولایت کس کا حق — بول اُٹھا، مرتضیٰ ہے مستحق
کیونکہ ہے شاہِ ولایت اُس کا نام — ملکِ جاں میں ہے اُسی کا حکم عام
شاہ دیں نے رازِ حق مجھ سے کہے — اور نا اہلوں سے پوشیدہ رکھے
شہ نے دی جبریل کو اس کی خبر — راہ معنی کھول دی عرفان پر
حق کو دیکھا شاہ نے اور حق کہا — کچھ کہا بھی حق سے کچھ حق سے سُنا
انبیا ہیں جاں تو ہے شہ جانِ جاں — ہوشیاری سے سمجھ میرا بیاں
سرورِ ملکِ ولایت شاہ ہے — اُس سے ناواقف جو ہے گمراہ ہے
شاہ میرا ہے ولی اِنَّمَا — جا کے پڑھ قرآن میں تو ھل اتیٰ

تا بدانی این ولایت ز آن کیست / این ثنا از قولِ حق در شان کیست
حق ترا قفلے عجب بر جاں زدہ / راہ دینت بیشکے شیطاں زدہ
بس ترا مادر ترا خود پاک نیست / گر ترا مردود گویم باک نیست
من ہمیگویم امامِ حق علیست / در دو عالم بیشکی از خود ولیست
چونکہ بشنیدند از او جمع کبار / خود زوند او را بزاد بیہائی زار
دست بستند و گرفتندش بزور / پیش شیخ وقت بردندش بزور
تند شد آن شیخ و گفت اے مرد دیں / این سخن ہرگز نباشد از یقیں
این ولایت را کہ گفتی نیست آں / این ولایت را بگویم از عیاں
این ولائت حق پیغمبر بود / پیشِ اہل سنت آں باور بود
او خلیفہ بود کے بود آں ولی / این ولایت را نبی وارد حبلی
شیخ گفتہ میبرم او را نہ ہم / تا از این مشت روافض دارہم
شیخ در نزد خلیفہ شد رواں / در عقب رفتند جمعے مردماں
چونکہ درگاہِ خلیفہ او بدید / گفت حاجب را بگو شیخت رسید
چوں شنید او نام شیخ و شاد شد / پس بہ نزد شیخ خود آزاد شد
شیخ گفت اے حاکمِ امن و اماں / این چنیں دیدہ است شیخ اندر زماں
پس باو احوال را گفت او تمام / در بروں در ستادہ خاص و عام
پس خلیفہ گفت با شیخ کبار / من از این مردم بسے گشتم بزار
من ز اولادِ علی ہم گشتہ ام / تو نہ پنداری کہ من کم کشتہ ام
من بر دے جملگی در بستہ ام / تا از این فتنہ بکلّی رستہ ام
یک امیرے بود پیشِ او بنگ / بود اصل او ہمہ از خیل ترک
بود نام او اصیل حر وکیر / بود اصل او ز سمرقند اے فقیر
گفت رو او را بکش انگہ بود / پس از او چشمِ محبانش بدوز
این سخنہا ہر کہ میگوید بکش / گر ہزار اند آنہمہ در صد بکش

ہے ولایت کس کی؟ پھر ہوگی خبر
حق نے کس کی رح کی اس طرح پر

حق نے تیرا دل مقفل کر دیا
تیرا دیں شیطاں کے قبضہ میں گیا

پاک بستر بھی تری ماں کا نہیں
گر کہوں مردود، نازیبا نہیں

میں کہوں گا ہے امامِ حق علیؑ
دونوں عالم میں وہی ہے اک ولی

جب سُنا مجمع نے اُس کا یہ کلام
مارنے اُس کو لگے سب خاص و عام

ہاتھ باندھے اور جکڑ کر، ناشناس
کھینچتے لائے اُسے حاکم کے پاس

شیخ بولا غصہ میں اے نیک خو
ہے یقیں سے دُور تیری گفتگو

تو جو کہتا ہے "وہ ولایت وہ نہیں"
میں بتاتا ہوں تجھے یہ رازِ دیں

یہ ولایت ہے فقط حقِ نبیؐ
اہلِ سنت مانتے ہیں بس یہی

وہ ولی کب تھا، خلیفہ تھا ضرور
یہ ولایت ہے نبی ہی کے حضور

اور کہا، اس کو میں دیتا ہوں وہ مات
جس سے ہو اِن رافضیوں سے نجات

پھر وہاں سے وہ چلا پیشِ امیر
اور پیچھے پیچھے تھا جمِ غفیر

واں پہنچ کر اُس نے درباں سے کہا
بول جا کر، شیخ آیا ہے ترا

نام سُن کر شیخ کا وہ خوش ہوا
اور اُس کے پاس خود ہی آگیا

شیخ بولا، اے نگہبانِ جہاں
اک نئی آفت نظر آئی یہاں

کہہ دیا پھر اُس نے وہ قصہ تمام
اور باہر تھے کھڑے سب خاص و عام

شیخ سے تب یہ خلیفہ نے کہا
تھے بہت ایسے، جنہیں مروا دیا

قتل میں نے کی ہے اولادِ علیؑ
یہ نہ سمجھو میں نے کی ہے کچھ کمی

ہر طرح میں کر چکا ہوں سدِ باب
تب ہوا فتنہ سے چھٹکارا جناب

منہ چڑھا تھا اک خلیفہ کا امیر
اور نسلاً تھا جو اک ترکی خمیر

نام تھا اُس کا اصیل مرد گیر
تھا حقیقت میں سمرقندی شریر

اُس سے بولا قتل کر کے دے جلا
تاکہ اُس کے دوست عبرت لیں ذرا

جو بھی یہ باتیں کہے تو مار ڈال
ہوں ہزاروں بھی تو مت کر کچھ خیال

پس بگفت آں شیخ با میر ایں سخن — هست در کارت ثوابے جهد کن
گر گناهے باشدت آید ز من — وا مکن از گردنِ ایشاں رسن
چوں بدید آں مردِ عارف آنچناں — چوں بدید آں ناصرِ خسرو چساں
یا الٰهی من فقیرِ دلے کسم — باچنیں مشتے منافق چوں رسم
یا الٰهی دادِ مظلوماں بده — شیخ شیطاں را چنیں نصرت مده
زانکه در ظلمش جهاں گردد خراب — ایں دلِ بیرحم شاں گردد کباب
بعد ازاں گفته که از خونی دواں — زار نالیدم بخلاقِ جهاں
یک شبے بودم بکنجے دردمند — با دلِ مجروح و جانِ مستمند
یک ندا آمد بگوشم کاے حکیم — خیز در روز ایں مملکت بیروں سلیم
از خدا آمد عذابِ بیحساب — اولش رنج آمد و آخر عذاب
چوں صباح آمد بروں رفتم ز شهر — پس وبا افتاد در جاں شاں چو زهر
زد بلا آں تیر را بر شیخ دوں — بعد ازاں شد میر بیدیں سرنگوں
بعد ازاں آں شاه و آں لشکر تمام — جمله مردند و نماند از خاص و عام
ایں بلا بر جانِ اهلِ بغی بود — آنکه در خونِ محبش سعی بود
خود همه رفتند اندر قهرِ او — ایں چنیں ها باشد اندر زهر او
لشکرِ دنیا ندارد حرمتے — راهِ حق رو تا بیابی عزتے
عزتِ مردم بمال و جاه نیست — راهِ شه رو تو جز ایں ره راه نیست
گر تو سترِ شاه ناری بر زباں — هیچ عزت می نیابی در جهاں
؎ سَر رود گر سِر بگوئی فاش تو — گوش کن در یابِ معنیهاش تو
من سخن را راست گویم در جهاں — زانکه دارم از ولائی او نشاں
من نگویم هیچ در عرفاں دروغ — تو همی ریزی بشکمت همچو دوغ

؎ ذو معنیین ۱۲

شیخ نے بھی پھر کہا اُس سے، کہ اب ۔۔۔ گر ذرا کوشش کہ ہے کارِ ثواب
یہ اگر ہے جرم، مجھ پر ہے وبال ۔۔۔ گردنوں سے ان کے پھندا مت نکال
جب ہؤا، اُس مردِ عارف کا یہ حال ۔۔۔ ناصرِ خسرو کا جیسا بالکل حال
یا الٰہی مَیں تو ہوں بیکس فقیر ۔۔۔ کیا کروں، ہیں یہ منافق بھی شریر
دادِ مظلوموں کی دے اے دادگر ۔۔۔ شیخِ شیطاں کی مدد ہرگز نہ کر
اُس کے ظلموں سے یہ دنیا ہے خراب ۔۔۔ ہو دلِ بیرحم اُس کا بھی کباب
پھر مَیں اُن خونی درندوں کے لئے ۔۔۔ خوب ہی رویا خدا کے سامنے
ایک شب خلوت گزیں تھا دردمند ۔۔۔ دل بھی زخمی جان بھی پائے گزند
ناگہاں کانوں میں آئی یہ صدا ۔۔۔ تُو یہاں سے جان لے کر بھاگ جا
آنے والا ہے یہاں قہرِ خدا ۔۔۔ ہے عذابِ آخریں پہلے ہے وبا
جب سویرے شہر سے باہر چلا ۔۔۔ تھا ہر اک زہرِ وبا میں مبتلا
شیخ پر پہلے پڑا تیرِ بلا ۔۔۔ خاتمہ پھر میر بے دیں کا ہؤا
شاہ و لشکر اور رعایا بھی تمام ۔۔۔ ہو گئے نذرِ اجل سب خاص و عام
یہ بلا تھی باغیوں کے واسطے ۔۔۔ دوستوں کا خوں جو ناحق کرتے تھے
قہر میں اُس کے ہوئے سب مبتلا ۔۔۔ یُوں ہی اُن کی قسمتوں میں تھا لکھا
اِس جہاں میں عزت و حرمت نہیں ۔۔۔ راہِ حق پر چل کہ عزت ہے وہیں
مال و زر سے قدرِ انساں کی نہیں ۔۔۔ راہِ شہ سے بڑھ کے رستہ ہی نہیں
گر نہ ہو تیری زباں پر ذکرِ شاہ ۔۔۔ پھر جہاں میں کچھ نہ عزت ہے نہ جاہ
٭ خوفِ جاں سے چھوڑ مت کر راز فاش ۔۔۔ غور سے سُن اور کر معنی تلاش
بات مَیں کرتا ہوں سیدھی اور صاف ۔۔۔ ہے مجھے اِس کی دلا کا اعتراف
جھوٹ طوفاں میں نہیں ہے میرے پاس ۔۔۔ تیری باتوں میں ملی ہے یہ کھٹاس

٭ ذو معنیین ۱۲

خود مرا از شاعراں مشمار تو | بشنو از من معنی اسرار تو
من نگویم شعر و شاعر نیستم | در میانِ خلق ظاہر نیستم
ایں معانی را بخلوت گفتہ ام | دُر بالماسِ معانی سفتہ ام
من بہ ہیچ اشیا ندارم ایں کتب | زانکہ دارم در درونِ خود لبِ لُب
شاہ من داند کہ لبِ لُب کجاست | وایں چنیں اسرار معنی از کہ خاست
از زمانِ آدم آخر زماں | کس نبودہ ہچو من اسرار داں
خود کتبہائے ہمہ درپیش گیر | تا شود روشن بتو گفتار پیر
بعد از آنے جوہر و مظہر بخواں | تا شود ایں مشکلاتِ تو عیاں
ہیچ می دانی کہ حیدر حق درید | ہفتماہہ ایں ہدایت را کہ دید
آں یکے مظہر بد از سترِ آلہ | ہر کہ ایں دانست روشن شد چو ماہ
چوں ندانی مظہرش جاں نیستت | خود نداری دین و ایماں نیستت
حال شیخ و قاضیت کردم بیاں | گر نمیدانی برو جوہر بخواں
زایں جہاں نہ شیخ و قاضی شاد رفت | دین و دنیا شاں ہمہ برباد رفت
ایں نصیحتہا کہ کردم گوش کن | جام از مظہر بگیر و نوش کن
تا بیابی انچہ مقصودت بود | تا نیابی انچہ مطلوبت بود
ورنہ رو میباش تو با شیخ ناس | باش مردِ قاضی و قاضی شناس
باش مولانا و فتوائے مینویس | نکتہ وسواس و سودا مینویس
یا برو تو خود مدرس در علوم | تا کہ حاصل گرددت اوقاف روم
یا ہنرمندی تو اندر ایں جہاں | تا بیابی در میانِ خلق ناں
یا برو دیوانہ شو یا سیر شو | یا بری از خلق و عالمگیر شو
یا برو دہقاں شو تخمے بکار | تا بآخر آورد آں تخم بار
ہر چہ کاری خود ہماں را بدروی | بعد از آں در دین احمد بگروی
گر تو شیخ دہر باشی در بزرگ | در تو باشی در جہاں چون شاہ ترک

شاعروں میں تو نہ کر میرا شمار ‏— معنیٔ اسرار سن لے بار بار
شعر میں کہتا نہیں شاعر نہیں — میری ہستی خلق پر ظاہر نہیں
میری خلوت کا یہ سارا ہے کلام — گوہرِ معنی پروئے ہیں تمام
یہ کتابیں بھی نہیں مجھ کو عزیز — کیونکہ سینہ میں ہے میرے اصل چیز
کس جگہ ہے اصل واقف شاہ ہے — رازداں ہے کون، وہ آگاہ ہے
آدم آخر سے اب تک ہے یقیں — مجھ سے بڑھ کے رازداں کوئی نہیں
جا کے پڑھ لے سب کے تصنیفی نکات — تب کہیں سمجھے گا اس بوڑھے کی بات
جوہر و مظہر بھی پڑھنا بعد میں — تاکہ آساں ہوں تمہاری مشکلیں
ہے خبر! حیدر نے چیرا اژدہا — ہفتماہہ ہے کوئی ایسا بھلا
مظہرِ سرِّ خدا تھا وہ امیر — یہ جو سمجھا، ہوگیا بدر منیر
اس سے گر واقف نہیں جاں بھی نہیں — بلکہ تیرا دین و ایماں بھی نہیں
شیخ و قاضی کا بیاں میں کر چکا — ہے جو ناواقف تو جوہر پڑھ ذرا
شیخ و قاضی یاں سے سو کر ہی گئے — دین و دنیا دونوں کھو کر ہی گئے
یہ نصیحت بھی مری سن تو سہی — جام مظہر سے ذرا لے کے تو پی
تاکہ مقصد سے بھی ہو جائے دوچار — اور ہو مطلوب سے بھی ہمکنار
ورنہ جا کے شیخ کا بن ہم نشیں — صحبتِ قاضی سے بن قاضی کہیں
بن کے مولانا ذرا فتوے ہی دے — کر عیاں نکتے غلط تاویل سے
ورنہ پھر اُستاد بن کے درس دے — رُوم کے اوقاف حاصل ہوں تجھے
یا ہنرمندی میں ہو مشہورِ عام — تاکہ ہو کچھ روٹیوں کا انتظام
ورنہ جا دیوانہ بن یا بن امیر — خلق سے ہو دُور یا ہو خلق گیر
ورنہ پھر کھیتی ہی کر، بن کاشتکار — تاکہ لائے ایک دن وہ برگ و بار
تو جو بوئے گا وہ کاٹے گا ضرور — دینِ احمد میں کچھ آئے گا ضرور
بن اگر شیخ زماں و دیں پناہ — رُوم کا ہو جائے یا تو بادشاہ

عاقبت زایں عالمت بیروں کنند — سوئے آں عالم کہ دانذ چوں برند
ہست دریائے پُراز خوں موج موج — خود فتادہ خلق درو ے فوج فوج
ہست دریائے پُر از خوں موجزن — سالکاں بسیار در دے ہمچو من
من از آں دریا بکلی رستہ ام — ہمچو سلمان از نہیبش جستہ ام
پیشتر زانکہ مرا آنجا برند — وایں تن زارم بداں ماوی برند
من تن خود را باد انداختم — رُوح خود را من مجرد ساختم
در درونِ کاسہ سر سرنگوں — ہرچہ بد بد جملہ را کردم بروں
اینہمہ غوغا دریں رہ زآں اوست — زانکہ خود منزلگہ شیطانِ اوست
اے تو گشتہ یار شیطاں صبح و شام — وازبدی کردن برآوردی تو نام
خوب یاری خوب نامی خوب زیست — ہمچو شخص تو بعالم بود نیست
وائے برکار تو و بر حال تو — ہیچ نامد از تو در عالم نکو
گر تو میخواہی کہ باشی رستگار — دست از دامانِ حیدر وا مدار
رو تو در امر خدا تعظیم کن — خلق را شفقت وگر تعلیم کن
تا بیابی تو نجات از فعل بد — درد خود کن قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَد
تا شوی واقف ز اسرار کریم — بر طریقِ دینِ حیدر شو مقیم
غیر ازیں ہر دیں کہ داری محو کن — تا بیابی مغز عرفاں زیں سخن
ایں سخن نقل است از سلطانِ دیں — از امامِ متقیں ایمانِ دیں
آں امامے کو حقیقت یاب بود — درمیانِ بحرِ دیں گرداب بود
اسم او خواہی کہ دانی زاولیا — ہست نامِ او علی موسی الرضا
آں امامے کو طریقِ دیدِ حق — جملہ اہل اللہ را دادہ سبق
آں امامے کو بغیر از حق ندید — عالم انوار از او آمد پدید
گفت تو خواہی کہ ایمانت بود — انس و جن جملہ بفرمانت بود
تو ز دینِ مصطفیٰ جاہل مباش — واز طریقِ مرتضیٰ غافل مباش

چھوڑنا آخر پڑے گا یہ جہاں
کیا خبر؟ لے جائیں گے۔ کیسے وہاں

ہے یہ اک دریائے خونیں موجزن
جا پڑی ہے اس میں مخلوقِ زمن

موجزن اِس بحر میں ہے خوں کی دھار
اس میں بجھ جیسے ہیں سالک بیشمار

ناصر خسرو که اندر دره گرفت — رفت و منزل در سر کوهے گرفت
رو تو در کار خدا مردانه باش — واز وجود خویشتن بیگانه باش
تا ببینی مظهر سلطان عشق — وانمائی در جهاں برهان عشق
عشق چبود قبله سلطان دل — عشق چبود کعبه میدان دل
عشق چبود مقصد و مقصود تو — عشق باشد عابد و معبود تو
عشق باشد تاج جمله اولیا — عشق گفته با محمد انما
عشق گفته با محمد در شهود — در نهان و آشکارا هر چه بود
عشق گفته با محمد راز خود — هم از او دل شنیده خود آواز خود
عشق گفته آنچه پنهانی بود — عشق گفته آنچه سبحانی بود
عشق گفته رازه پنهانی بما — رو بگو عطار آں را بر ملا
عشق گفته رو بگو اسرار من — خود مترساں خویش را از دار من
عشق گفته شرع تعظیمت کنم — در طریق عشق تعظیمت کنم
عشق گوید جمله عالم منم — در میان جان و تن محرم منم

وہ جو کہتے ہیں، میں کرتا ہوں معاف
الغوث حیدر سے دل بہر ہے انصاف

حکم جب اُس کا ہوا میں نے کہا
قول پہ اغیار کے میں کب چلا

بات غیروں کی فقط بکواس ہے
قولِ شہ میں کیف کا احساس ہے

حال میں آ، ترکِ قیل و قال کر
شوقِ وصلِ پیرِ عرفاں ہے اگر

ذاتِ شہ کے ماسوا ہے کون پیر
دونوں عالم میں نہیں ویسا امیر

نورِ احمد سے ہوا تاباں وہ نور
ہے یہ پیر ہے قدرتِ حق کا ظہور

بھید اِن کے کون جانے بجز خدا ؟
یہ زمانے بھر پہ روشن ہو گیا

قتل سے مجھ کو ڈرایا ہے بہت
اور میرا دل دُکھایا ہے بہت

ظلم دنیا بھر کے سب میں نے سہے
جو ستم ڈھائے اُٹھانے ہی پڑے

ناصرِ خسرو جو سر آگاہ تھا
جو نہ تجھ سا مرتد و گمراہ تھا

اُس کو تکلیفیں جو پہنچیں بے شمار
چھوڑ آبادی بسایا کوہسار

مرد بن کر راہِ حق میں رکھ قدم
اپنی یہ ہستی بھلا دے ایک دم

تاکہ دیکھے مظہرِ سلطانِ عشق
ہو عیاں اِس دہر میں برہانِ عشق

عشق کیا ہے ؟ قبلۂ سلطانِ دل
عشق کیا ہے ؟ کعبۂ میدانِ دل

عشق تیرا مقصد و مقصود ہے
عشق تیرا عابد و معبود ہے

عشق ہے سرتاجِ جملہ اولیا
عشق ہی احمد سے بولا اِنّما

عشق ہی نے <u>مصطفےٰ</u> سے برملا
ظاہر و باطن میں سب کچھ کہدیا

بنگیا ہمرازِ احمد عشق ہی
اور خود اپنی حمد اُس سے سنی

عشق ہی نے رازِ پنہانی کہا
عشق ہی نے رازِ سبحانی کہا

جو کہا تھا عشق نے رازِ نہاں
تو بھی اے عطار وہ کر دے بیاں

عشق بولا، کہہ مرے اسرار تو
دل میں ہرگز رکھ نہ خوفِ دار تو

تجھ کو دوں گا شرع کی تعلیم بھی
اور راہِ عشق میں تعظیم بھی

عشق کہتا ہے کہ ہر عالم ہوں میں
جان و تن میں ایک ہی محرم ہوں میں

عشق گوید اولیا شاگرد من — خواندن درس معانی ورد من
عشق گوید فعل من نیک است نیک — واندر این دریا نهانم همچو ریگ
عشق گوید غافلی از یار من — گوش کن یک لحظه اسرار من
عشق گوید گر ز من غافل شدی — خود یقین میدان که بیحاصل شدی
عشق میگوید منم دریای راز — با تو حاضر بوده ام من در نماز
عشق گوید گر ببینی شاه را — همچو خورشیدی ببینی ماه را
عشق گوید راه او راه من است — همچو عطاری که آگاه من است
عشق گوید من لعالم آدم — از برای دید آدم آدمم
عشق گوید گه نهانم گه عیان — من بجسم تو درآیم همچو جان
عشق گوید گر تو میخواهی مرا — رو بپوشان جامهٔ شاهی مرا
عشق گوید که لسان غیب من — این کتب را گفته ام بی عیب من
عشق گوید که بسی اسرارها — من درین مظهر بگفتم بارها
عشق میگوید که این راز من است — بر سر دست شهان باز من است
عشق میگوید نبی بر من شتافت — زان بقرب حضرت او راه یافت
عشق میگوید ولی بر من گذشت — تیر مهر او ز جان و تن گذشت
عشق میگوید علی چون روح بود — خود بدریای معانی نوح بود
عشق میگوید علی با حق چه گفت — هرچه گفته بود او آخر شنفت
عشق میگوید که ای گم کرده راه — مطلب از شاه مردان تو پناه
عشق میگوید که ایمان نیستت — زانکه مهر شاه مردان نیستت
عشق میگوید که شاه اولیاست — با محمد نور او در انماست
عشق میگوید که علم اولین — پیش سلطان جهان باشد یقین
عشق میگوید که حق بیزار شد — از کسی کو با عوامان یار شد
عشق میگوید که جز یک یار نیست — جز یکی اندر جهان دیار نیست

ہیں مرے شاگرد سارے اولیا
درسِ معنی اک وظیفہ ہے مرا

مجھ میں ہیں بس نیکیاں ہی نیکیاں
مثلِ ریگ اِس بحر میں ہو نہیں نہاں

یار سے میرے ہے بالکل بے خبر
راز کی باتیں بھی سُن لے لحظہ بھر

تو اگر مجھ سے ذرا غافل ہوا
پھر کبھی حاصل نہو گا مُدّعا

عشق کہتا ہے کہ ہوں دریائے راز
ساتھ رہتا ہوں ترے وقتِ نماز

گر نظر آجائے شاہِ دستگیر
پائے گا اس ماہ کو مہرِ منیر

راہ جو اسکی ہے میری بھی وہی
مجھ سے واقف خوب ہے عطار بھی

میں یہاں آیا ہوں لے کر یہ خیال
دیکھ لوں دنیا میں آدم کا جمال

گاہ پوشیدہ ہوں میں گاہے عیاں
اور کبھی ہوں جسم میں مانندِ جاں

عشق کہتا ہے جو ہو میری طلب
جامۂ شاہی مجھے پہنا دے اب

عشق کہتا ہے لسان الغیب ہوں
اپنی تصنیفات میں بے عیب ہوں

عشق کہتا ہے کہ میں نے بیشمار
راز اِس مظہر میں لکھے بار بار

عشق کہتا ہے یہ میرا راز ہے
ہاتھ پر شاہوں کے جو شہباز ہے

پہلے حاصل عشقِ احمد سے کیا
پھر وہاں سے قربِ حق حاصل ہوا

ہو گیا مجھ سے ولی بھی ہمکنار
تیر الفت سے ہے جان و تن فگار

عشق کہتا ہے علی اک روح تھا
بحرِ معنی میں وہ گویا نوح تھا

بے خبر! حق سے علی نے کیا کہا
جو کہا تھا پھر وہی آخر سنا

عشق کہتا ہے کہ اے گم کردہ راہ
شاہِ مرداں سے طلب کر تو پناہ

عشق کہتا ہے کہ ایماں ہی نہیں
تجھ میں حُبِّ شاہ مرداں ہی نہیں

شاہ میرا ہے ولی اولیا
اِنَّمَا میں ہے شریکِ مصطفےٰ

عشق کہتا ہے کہ علمِ اوّلیں
پاس ہے شاہِ جہاں کے بالیقیں

عشق کہتا ہے کہ حق بیزار ہے
اُس سے جو بھی حامیوں کا یار ہے

عشق کہتا ہے فقط اک یار ہے
اس جہاں میں ایک ہی دیّار ہے

یار را یک دان نه یک را یار دان | تا شوی در ملک جان اسرار دان
گفتگو بگذار مذهب خود یکیست | گر ندانی یک ترا ایمان شکیست
تو براه شرع احمد رو چو من | تا شوی در ملک معنی بی سخن
من لسان الغیب دارم در جهان | زان لسان الغیب خواندم عیان
تو لسان الغیب را نشنیدهٔ | زان طریق جاهلان بگزیدهٔ
رو براه مظهر و مظهر بخوان | تا شوی در مظهر من راز دان
مظهر و جوهر از این دریا بود | گه نهان گشته گهی پیدا بود
ای نهان و آشکارا جمله تو | در عیان مرد دانا جمله تو

– [تمثیل در بیان آنکه استعداد و قابلیت ضائع نماند هر کجا باشد طالب آیت نماید هر کجا بیابد] –

بود اندر عصر من دانا دلی | حل نمودی هر کرا بد مشکلی
بود او واقف ز حال و کار من | کس چو او واقف نبود از انجمن
سالها با من مصاحب بود او | در درون راهی بحق جستجو داد
یک شبی نزد من آمد مست یار | گفت ای در ملک معنی هوشیار
هست در چشمم یکی نو سالکی | خورد سالی عاقلی به عالکی
ترک دنیا کرده و یارم شده | خود رفیق جان بیمارم شده
گفت ای خواجه جهان از بهر چیست | واندر این خانه نهان برگو کیست
گفتمش هست این عبادت خانهٔ | از برای دیدن جانانهٔ
من در این خانه یکی دارم نهان | خود یکی شد آشکارا در جهان
پس زبان بگشاد آن بینا بدل | کای تو بیرون آمده از آب و گل
سر این اسرار با من گو تمام | تا شوم آگه من از سر کلام
هر کرا اسرار معنی خویش نیست | در جهان او از گیاهی بیش نیست
صاحب اسرار عالم بیشکی | در همه ظاهر شده تا در یکی
۱ گر یکی بوده است رو آن یک کجاست | در ظهور او بود چند کراست

یار یکتا ہے، نہیں یکتا ہے یار — یہ سمجھ لے گا تو ہوگا رازدار
دیں بھی ہے واحد زیادہ بیس نہ بک — یہ نہیں سمجھا تو ہے ایماں میں شک
چل مری مانند راہِ مصطفیٰ — ملک معنیٰ پھر تجھے مل جائے گا
ہے لسان الغیب قبضہ میں مرے — سب لسانُ الغیب کہتے ہیں مجھے
تو لسان الغیب سے واقف نہیں — اس لیے ہے جاہلوں کا ہم نشیں
پڑھ کے مظہر، کر یہ رستہ اختیار — پھر مرے مظہر کا ہوگا رازدار
مظہر و جوہر ہیں اک دریا کی دھار — ہیں کبھی پنہاں کبھی ہیں آشکار
آشکارا اور پنہاں ہے تو ہی — مرد عاقل میں نمایاں ہے تو ہی

-[استعداد و قابلیت کا تمثیلی بیان جو کبھی ضائع نہیں ہوتی اور جہاں بھی ہو ہمیشہ طلب اپنی کرتی ہے]-

ایک صاحب دل مرا ہمعصر تھا — خلق کے حق میں وہ تھا مشکل کشا
میری حالت اور میرے کام کا — اُس سے بڑھکر کوئی بھی واقف نہ تھا
ہمنشیں برسوں سے میرا تھا وہی — رہنمائے راہِ حق تھا واقعی
ایک شب کہنے لگا وہ مستِ یار — "ملک معنیٰ میں ہے تو بھی ہوشیار"
ایک کمسن کا ہوا ہوں میں کفیل — ہے جو نوعمری میں پہ کیفِ عقل
ترکِ دنیا کی ہوا میرا رفیق — ہو گیا جانِ حزیں کا اب شفیق
مجھ سے پوچھا "کس لئے ہے یہ جہاں؟ — اور ہوا ہے کون پوشیدہ یہاں؟"
"یہ عبادت خانہ ہے" میں نے کہا — "دیدِ جاناں کے لئے ہے یہ بنا
میرے اس گھر میں ہے پنہاں ایک یار — اور زمانے بھر میں بھی ہے آشکار"
پھر کہا اُس اہلِ دل نے یہ کلام — "آب و گل سے ہے ترا باہر مقام"
بھید یہ کیا ہے مجھے آگاہ کر — راز سے ہو جاؤں میں بھی باخبر
خود جسے معلوم اپنا ہو نہ حال — ہیچ ہے دنیا میں تنکے کی مثال
ہو چلا ملک اِس جہاں سے راز کا — ایک کیا، ہر شے میں ہے جلوہ نما
ہے اگر وحدت، تو وحدت ہے کہاں — اور کثرت ہے، تو کیوں یہ کر بیاں"

گفتم آن یک مظهر کل آمده — بر رہ حق بر توکل آمده
بوده از خود واقف اسرار حق — گشته ظاهر از رخش انوار حق
چون شنید این نکته سر بر خاک زد — بعد از آن بر جامهٔ جان چاک زد
گفت رہ بنما کہ من چون دانمش — در درون جان چسان خوانمش
نام او بر گو و شان او بگو — از همه عالم نشان او بگو
گفتم این معنی رو از عطار پرس — از طریق حیدر کرار پرس
از من او چون نام حیدر را شنید — خویش را او از خرد بیگانه دید
چون بخود آمد پس از این اضطراب — کرد گریان او بسوئے من خطاب
کاے تو ہم استاد و ہم رہ دان من — از کلامت یافت لذت جان من
حیدر اندر سینہ ماوی کردہ است — در درون جان ما جا کردہ است
ہر چہ بینم ہر چہ دانم او بود — وان کہ این گوید مرا نیکو بود
گاہ گردد با من آن شہ ہمزبان — گاہ می بینم کہ ہر سو شد روان
گشت روشن جان مسکینم از او — ہیچ جا خالی نمی بینم از او
گفت اے از سر دین آگاہ تو — وی شدہ در ملک معنی شاہ تو
زاین سعادت دیدہ انور میشود — ہر کسے را کے میسر میشود
زاین سعادت شاد زی و شاد باش — وز ہمہ قید جہان آزاد باش
چون تو ورا از دو عالم دیدهٔ — فکر وصل و ذکر او بگزیدهٔ
باش در عالم جدا ز اہل حسد — در دو عالم پادشاہ وقت خود
در ہمہ عالم ظہور شاہ دان — خود ز دل دانا از آن آگاہ دان

-[تنبیہ حال گرفتاران دنیا و شیرین نمودن ایشان بطلب مولیٰ]-

اے تو در زندان دنیا چو سگ — میدوی تا آہوئے گیری بتگ
جست آہو و تو افتادی بچاہ — چارهٔ چہ را چہ خواہی کرد آہ
اے تو گم کردہ چو سگ آن راہ را — چشم بر آہو ندیدہ چاہ را

٭ خود انصر نا خود کردہ ۱۲

مظہر کل ہے وہ اک میں نے کہا   راہ حق میں ہے توکل پر سدا
نظرۂ ہے واقف اسرار حق   ہیں عیاں صورت سے بھی انوار حق
سر لگا دھننے جو یہ نکتہ سنا   جامۂ حباں پارہ پارہ کر دیا
پھر کہا کیسے میں پہچانوں اُسے   اپنے دل میں کس طرح لاؤں اُسے
نام اُس کا شان اُس کی تو بتا   صاف بتلا دے مجھے اس کا پتا
پوچھ لے عطار سے، میں نے کہا   ہر طریقہ حیدر کرار کا
نام حیدر اُس نے جب مجھ سے سنا   ایک عالم بیخودی کا چھا گیا
پھر ہوا کچھ کم جب اُس کا اضطراب   روتے روتے یوں کیا مجھ سے خطاب
ہے تو ہی استاد، تو ہی راہ داں   لذت جاں بن گیا تیرا بیاں
مسکن حیدر بنا سینہ مرا   اُس نے میری جان میں گھر کر لیا
بس گیا آنکھوں میں دل میں فکر میں   اب تو راحت ہے اُسی کے ذکر میں
مجھ سے ہوتا ہے کبھی وہ ہمکلام   دیکھتا ہوں ہر طرف محو خرام
اُس سے روشن ہو گئی یہ جان زار   ہر جگہ نظر دل میں ہے وہ آشکار
پھر کہا میں نے، خوشا اے رازدار   مالک معنی کا ہوا تو شہریار
روشنی چشم ہے دید حبیب   یہ سعادت کس کو ہوتی ہے نصیب
ہو مبارک یہ سعادت خوش رہو   قید و بند دہر سے آزاد ہو
جب دو عالم میں نظر اُس سے ملی   ذکر و فکر وصل کی بھی دھن لگی
حاسدوں سے پھر نہ رکھ کچھ رسم و راہ   دونوں عالم میں تو ہی ہے بادشاہ
ہے زمانے بھر میں دکا ہی ظہور   اس سے واقف ہے دل دانا ضرور

[گرفتاران دنیا کو نصیحت اور طلب مولیٰ کی رغبت]

قید ہستی میں ہے اک کتا سا تو   دور کر ٹکڑے ہیں، ہے آرزو
چل دیا آہو، کنوئیں میں تو گرا   اب کریگا کیا علاج اس چاہ کا
تو ہے کتے کی طرح گم کردہ راہ   آنکھ آہو پہ نظر آیا نہ چاہ

ترک صید آهوی دنیا بکن / خویشتن را همچو سگ رسوا مکن
تا نیفتی همچو سگ در چاه تن / نفس شومت را برون کن از بدن
هست ایں عالم مثال گلخنے / اندر او عارف بسان گلشنے
اے به گلخن میل کرده از خری / ره به گلزار معانی کے بری
جمله خلقاں را بداں چوں گلخنی / خورده از حمامی تن گردنی
دی تو در قید عیال و تن شده / بهر ناں وابستهٔ گلخن شده
رو تو ترک ایں همه کن همچو من / خود مشو محبوس اندر چاه تن
همچو مرداں از خودی آزاد شو / در طریق اہل معنی شاد شو
از برائے تو بسیارم مظهرے / وا ز دل دریا بر آرم گوهرے
مظهرم میداں تو گوهر گوش دار / تا بیابی در معنی بے شمار
از یقیں درها بگوشش خویش کن / وانگہے یاد من درویش کن
خود دعائے کن مرا اے مرد خاص / تاکه گردد روح من از غم خلاص
قدر مظهر را چه دانند ابلهاں / قیمت گوهر مجوی از گمرہاں
قیمت گوهر به پیش گوهریست / صاحب مظهر عجائب جوهریست

[رفتن سید کائنات بمنزل سلمان فارسی و نزول سورة هل اتی]

خواجه گوید سر مظهر گوش کن / جام از مظهر بگیر و نوش کن
بودم اندر پیش نجم الدین شبے / آنکه جز مرغاں نبودش هم لبے
بد کبیر داو ز حق آگاه بود / در طریق اہل معنی شاه بود
گفت روزے مصطفے از بهر سیر / از مدینه رفت بیرون بهر خیر
همرهش اصحاب خود بسیار بود / در قدومش واقف اسرار بود
بود شاه اولیا همراه او / بود واقف از دل آگاه او
پس محمد گفت با او رازها / داد در گوشش بسے آوازها
بعد از آں دیدند نیکو منزلے / گنبد عالی در آنجا از گلے

چھوٹ کے آہوئے دنیا کا شکار — ہو نہ کتے کی طرح تو شرمسار
چاہِ تن میں گر نہ جائے مثلِ سگ — نفسِ امّارہ کو خوف سے رکھ الگ
صورتِ گلخن ہے اس دنیا کا حال — اس میں ہر علم ہے گلشن کی مثال
بیوقوفی سے ہے گلخن کی طلب — گلشنِ معنیٰ کی لے گا راہ کب
مثلِ گلخن ہے یہ خلقت بھی تمام — رکھتی ہے تن پروری سے اپنی کام
بال بچوں ہی کا قیدی ہو گیا — بھاڑ میں روٹی کی خاطر جا پڑا
چھوڑ کے میری طرح یہ سب لگن — چاہِ تن کا خود بخود قیدی نہ بن
یہ خودی بھی چھوڑ دے مردانہ وار — راہِ اہلِ معنیٰ کر لے اختیار
میں بتاتا ہوں تجھے مظہر سا اگر — قلب دریا سے نکالا ہے یہ دُر
یہ سمجھ مظہر ہے دُرِّ شاہوار — گوہرِ معنیٰ ملیں گے بے شمار
کر عقیدت سے یہ گوہر زیبِ گوش — یاد رہ جائے فقیرِ دلق پوش
ہوں دعائے خیر کا امیدوار — دور غم ہو، روح پا جائے قرار
بے ہنر مظہر کی جانیں قدر کیا — ناسمجھ پرکھیں گے گوہر کیا بھلا
جانتا ہے جوہری گوہر کا حال — جوہریِ مظہر کا ہے اک بے مثال

-[سلمان فارسی کے مکان پر سرکارِ دو جہاں کی تشریف آوری اور نزولِ سورۂ ہل اتیٰ]-

خواجہ کہتے ہیں سنو مظہر کا راز — وہ ہے مظہر کا جامِ جہاں نواز
ایک شب پہنچا میں کبریٰ کے حضور — جس کا ہمدم تھا، نہ کوئی جز طیور
محترم تھا اور حق آگاہ تھا — اہلِ معنیٰ کا وہ بیشک شاہ تھا
مجھ سے فرمایا کہ اک دن مصطفےٰ — صبح کو نکلے مدینہ سے ذرا
تھے بہت اصحاب ہمراہِ جناب — واقفِ اسرار بھی تھے ہمرکاب
ساتھ حضرت کے تھے شاہِ اولیا — رازدارِ خاصِ محبوبِ خدا
راز کی باتیں نبی نے اُن سے کیں — چپکے چپکے دیر تک باتیں ہوئیں
ایک اچھی سی جگہ آئی نظر — جس میں تھا گنبد سلامی کا گھر

بود آنمنزل گہے بس باصفا گاه گاہے بود آنجا مرتضیٰ
جائی عزلت گاه سلماں بود آں منزلِ ارباب عرفاں بود آں
آمد آنجا مصطفےٰ آرام کرد پس مئی عرفاں بسے در جام کرد
نارسیده آں مئی معنی بکام جملگی کردند مستیہا تمام
از پر جبریل آواز او شنید گفت اینک جبرئیل از حق رسید
مصطفےٰ با مرتضےٰ چوں جاں شدند در دروں خانۂ سلماں شدند
پس نبی گفته کسے را بار نیست در بروں خانه خود اغیار نیست
گفت با سلماں که باب در تو باش زانکه سر حیدری گشت از تو فاش
چونکه سلماں آستان در گرفت جمله اسرار خدا در سر گرفت
جمله اصحاب نبی حیراں شدند غرقه در دریائے بے پایاں شدند
پس بگفتند ایں چه سر است از اله کاندر ایں خانه برفتند آں دو شاه
ما همه با مصطفےٰ محرم بدیم در همه معنی باو همدم بدیم
ایں چه سر بد که نبی ما را نگفت سر اسرار اله از ما نهفت
جمله گفتند ایں سخن با یکدگر خود بپرسیم از محمد ایں خبر
تا بگوید سر ایں معنی بما تا شویم آگه ز کشف انما
پس بروں آمد نبی با مرتضیٰ گفت آورد است سوره هل اتی
جمله یاراں پیش پیغمبر شدند واز علوم حیدری انور شدند
جمله گفتند اندر ایں گنبد چه بود با که بوده خود ترا گفت و شنود
ما همه اصحاب جانباز تو ایم و اندر ایں سر محرم راز تو ایم
ایں عرق بر روئے تو از بهر چیست وایں درود هل اتی از بهر کیست
مصطفےٰ گفته که اے یاران من جمله اصحاب و هوا داران من
چونکه جبریل آمد از حق سوئے من گفت از اسرار حیدر را و سخن
ایں همه الهام حق با شاه بود زانکه او خود نور عین الله بود

تھا بہت ہی صاف و پاکیزہ مکاں
یہ جگہ سلماں کی خلوت گاہ تھی
آکے ٹھیرے بس یہیں خیرالانام
حلق سے اُتری نہ تھی وہ مے ابھی
پھر صدا سنکر پر جبریل کی
ایک جاں تھے حیدر و خیرالامم
اور سب کو دیدیا یہ حکم خیر
پھر کہا، سلماں! بنو تم پاسباں
چونکہ سلماں تھے کھڑے در سے لگے
جملہ اصحاب نبی حیران تھے
کہتے تھے، ایسا ہے کیا رازِ خدا
ہم بھی آخر ہیں نبی کے رازدار
کون سا ایسا تھا یہ رازِ خدا
ذکر یہ کرتے تھے آپس میں وہ سب
وہ پیمبر اسکا بیاں کردیں گے صاف
آئے اتنے میں نبیؐ و مرتضیٰ
یار سب گرد پیمبر ہو گئے
کیا تھا گنبد میں لگے کہنے تمام
ہم بھی تو حضرت کے ہیں سب جاں نثار
کیوں پسینہ میں ہے چہرہ تر بہ تر
سُنکے حضرت نے کہا، اے دوستو
لائے تھے جبریل کچھ حق کا پیام
تھا علی کے ساتھ الہام خدا

گاہ گاہ آتے تھے حیدر بھی یہاں
منزل ارباب عرفاں تھی یہی
اور لگے چلنے مئے عرفاں کے جام
چھا گئی ہر ایک پر اک بیخودی
بولے حضرت، آگئے جبریل بھی
گھر میں سلماں کے چلے آئے بہم
گھر کے اندر اب نہ آئے کوئی غیر
مرتضیٰ کے راز تم پر ہیں عیاں
اِس لئے رازِ خدا سنتے رہے
فکر کے دریا میں تھے ڈوبے ہوئے
ہیں جو اِس گھر میں نبی و مرتضیٰ
ہر طرح ہیں ہمدم و دمساز و یار
ہم سے حضرت نے جو پوشیدہ کیا
خود نبی سے اِسکو ہم پوچھیں گے اب
ہوگیا ہم پر اِنّا کا انکشاف
اور کہا اُتری ہے مجھ پر ہل اتیٰ
علم حیدر سے منوّر ہو گئے
کس سے حضرت تھے وہاں محوِ کلام
محرم اسرار ہیں اور رازدار
ہل اتیٰ اُتری ہے کس کے نام پر
اے رفیقو، خیر خواہ ہو مخلصو؟
راز تھے حیدر کے بارے میں تمام
کیونکہ ہے وہ نورِ عین اللہ کا

حق باو میگفت و او از حق شنفت　　او همه اسرار حق مطلق شنفت

جملگی گفتند پس رهبر توی　　بعد پیغمبر بما بهتر توی

هر که کرد اقرار ایمان یافت او　　وانکه کرد انکار دوزخ تافت او

هر که منکر گشت او ملعون بود　　همچو گمراهان دیگر دون بود

هست عطار اینزمان آگاه او　　گشته دور از منکر گمراه او

گشته ام از رافضی بیزار هم　　زانکه او گشته به پستی متهم

من بدین احمد و اولاد او　　تو بدین دیگرے وارث داو

تو بدین دیگران گمره شوی　　همچو کوران در درون چه شوی

اے تو مردود خدا و خلق هم　　همچو کوران منکر شاه کرم

گشت شرع از دین حیدر آشکار　　خود برائے شرع میزد ذوالفقار

بارها در راه حق جان باخت او　　دلدل معنی بفرمان تاخت او

من بگویم شرح تیغش هوشدار　　در اسرار مرا در گوش دار

لافتیٰ الا علی در جان من　　ذوالفقار و سیف او ایمان من

قصهٔ آن عمرو آخر یاد کن　　خانهٔ دین را بآن آباد کن

می شنیدم این سخن از اهل علم　　عالمان کایشان بدند ارباب حلم

[قصهٔ جنگ خندق و کشته شدن عمرو عبدود بدست امیر کل امیر و شادمان شدن حضرت رسول و اصحاب بر آن فتح کبیر]

شد یقین کاندر زمان مصطفےٰ　　چند جنگ صعب شد اصحاب را

پیش از جنگ احد این جنگ بود　　که زمین از خون دشمن رنگ بود

جنگ خندق بود جنگ مشکلے　　درمیان شان بود مردے پردلے

عمرو عبدود و سردار همه　　پهلوانے پردلے یار همه

خود همین عمرو عرب بد پهلوان　　داد مردی او بداده در جهان

اندر آن عصر و زمان چون او نبود　　او بمردی تاج از مردان ربود

از سنان او دل خارا شگافت　　واز نهیبش مرگ جائی خود نیافت

تھی علی و حق کی باہم گفتگو — رازِ حق اُس نے سُنے سب ہو بہو
سب نے حیدر سے کہا رہبر ہے تو — مصطفےٰ کے بعد، بس بہتر ہے تو
جو کرے اقرار ایماں پائے گا — آگ میں منکر کو ڈالا جائے گا
اِس کا منکر ہے لعین بے قال و قیل — عاصیوں کی طرح وہ بھی ہے ذلیل
ابتو عطار اُس کا واقف کار ہے — منکرِ گمراہ سے بیزار ہے
رافضی سے بھی تو میں بیزار ہوں — وہ بھی ہے الزامِ پستی سے زبوں
دینِ اہلبیت پہ ہوں گا مرنِ — ہو مبارک تجھکو غیروں کا چلن
مر مٹیگا مذہبِ گمراہ میں — اندھوں جیسا، تو گریگا چاہ میں
لعنتی ہے تو، خدا و خلق کا — شرع سے اندھوں کی طرح تو پھر گیا
شرع ہے دینِ علی سے آشکار — شرع کی خاطر اُٹھائی ذوالفقار
راہِ حق میں کیں بہت جانبازیاں — حکم پر تھا دلدل معنی رواں
سُن لے اُسکی تیغ کا بھی مجھسے حال — ہیں دُرِ اسرار پہ رکھتا خیال
میری جاں ہے لَا فَتٰی اِلَّا عَلِی — اور ہے ایماں، ذُوالفِقَار حیدری
عمرو کا قصہ ذرا تو یاد کر — دین کا گھر اُس سے ہی آباد کر
سُن چکا ہوں میں یہ ذکر پا مدار — عالموں سے تھے جو بیحد باوقار

غزوۂ خندق میں جناب امیر کے ہاتھ سے عمرو کا مقتول ہونا اور اس فتح عظیم پر جناب رسالتمآب صلعم اور اصحاب کی مسرت

عہدِ نبوی میں صحابہ کے لئے — آپڑے تھے سخت بھی کچھ معرکے
یہ اُحد سے سخت تر تھی کارزار — تھی زمیں دشمن کے خوں سے پُر بہار
جنگِ خندق تھی بہت دشوار جنگ — تھا مقابل میں بہادر اک نہنگ
عمرِ عبدود سا اک سردار فوج — اک بہادر پہلوانِ سالار فوج
تھا یہ ایسا پہلوان ذی شرف — جس کی شہرت تھی عرب میں ہر طرف
اُس زمانے میں نہ تھا ویسا کوئی — تاجدارِ مردِ میداں تھا وہی
اُس کا نیزہ تھا دلِ خارا کے پار — موت اُس کے خوف سے تھی بے دیار

او بمردی در جهان مشهور بود   هر که جان سنجاست از وی دور بود
بود او را یک فرس چون برق شب   کرده بود از هیبتش خورشید تب
هر که او را بر چنان مرکب بدید   از نهیبش زهره اندر تن درید
بود او در ملک عالم کوه زور   او فگنده زور او در کوه شور
گفت با لشکر که من فردا پگاه   این مدینه را کنم چون خاک راه
آمدند از قهر و کف بر کف زدند   گرد بر گرد مدینه صف زدند
چون محمد دید لشکر بی عدد   گفت با خالق تو ما را کن مدد
مردم ما اندک و دشمن عظیم   تو برحمت کن مددمان ای کریم
ما بتو امید داریم ای اله   ما بتو آورده ایم آخر پناه
از نهیبش مردمان ترسان شدند   همچو برگ بید هم لرزان شدند
مصطفی فرمود کای یاران من   خود بخوانید این زمان قرآن من
تا خدا فتحی دهد ما را بر او   که کند این فتح را خود غیر او
مصطفی انا فتحنا را بخواند   جبرئیلش هم مدد ها می رساند
ناگهان در تاخت آن ملعون گبر   بر لب خندق خروشان همچو ببر
نعره ها زد تند و گفت ای مصطفی   زود بر خیز و بنزد من بیا
تا کنیم امروز با هم حرب و جنگ   تا کرا افتد همه دنیا بچنگ
خود مرا پروای خیبر و قلعه نیست   خود بپیشش من مدینه حقه ایست
کرده ام ویران هزاران قلعه پیش   زانکه دارم در بغل اصنام خویش
پس نبی فرمود با اصحاب خویش   کو شده مردود همچون باب خویش
هیچ کس را نیست تاب جنگ او   خویش را محفوظ دار از چنگ او
درد ما را حق همی درمان کند   کارها را عاقبت آسان کند
باز دیگر نعره زد بر اهل دین   با فلان گفته ترا دانم لعین
زانکه ترک لات و عزی کرده   ره بسوی دین احمد برده

تھا دلیری میں وہ مشہور جہاں
پاس تھا اُس کے وہ مرکب برق تاب
ایسے مرکب پر جب اُسکو دیکھتے
تھا زمانے میں وہ کوہ پر شکوہ
اپنے لشکر سے کہا ، ہوں تاک میں
جوش میں وہ فوج سب تیغیں کھینچ
دیکھکر احمد نے لشکر بے شمار
ہم ہیں تھوڑے اور بے حد ہے غنیم
تجھ سے ہی امید رکھتے ہیں اِلٰہ
ڈر رہے تھے لوگ اُسکے خوف سے
تب یہ فرمانے لگے خیر الانام
تاکہ حاصل ہو ہمیں فتح و ظفر
فتح کی سورت نبی نے خود پڑھی
ناگہاں جھپٹا وہ ملعون دلیر
اور ڈپٹ کر اُس نے حضرت سے کہا
آؤ آج آپسمیں ہم تم ہی لڑیں
خیبر و قلعہ کی نہیں پروا مجھے
فتح قلعے کر چکا ہوں میں ہزار
سُنکے یہ اصحاب سے بولے نبی
یاں مقابل کا نہیں اِس کے کوئی
اب خدا ہی درد کا درماں کرے
پھر وہ ڈپٹا اہل دیں پہ اور کہا
چھوڑ کر تو لات و عزیٰ سے خدا

اُس سے دوری ہی میں تھی جاں کو اماں
جسکی ہیبت سے تھا لرزاں آفتاب
پتے پھٹ جاتے تھے مارے خوف کے
گونج اٹھے اس کے بل سے دشت و کوہ
کل ملا دوں یہ مدینہ خاک میں
ہو گئی گردِ مدینہ صف بہ صف
کی دعا میری مدد کر ، کردگار
اپنی رحمت سے مدد کر اے کریم
تو ہی دیگا ہم سبھوں کو اب پناہ
بید کی مانند سب تھے کانپتے
سب کریں ورد زباں حق کا کلام
کون ہے اُس کے سوا اور داد گر؟
بہر خدمت آ گئے جبریل بھی
آیا خندق تک گرجتا مثل شیر
آؤ میرے سامنے تم مصطفےٰ
کس کے ہاتھ آتی ہے دنیا دیکھ لیں
یہ مدینہ کھیل ہے میرے لئے
ہیں بغل میں سب مرے پروردگار
باپ دادا سے ہے یہ تو لعنتی
اور حفاظت بھی ہے اِس سے لازمی
دم میں ساری مشکلیں آساں کرے
اے فلاں ، میں ہوں تجھے پہچانتا
دینِ احمد کا لمبا ہے راستہ

خیز رو ترک دین احمد ساز زانکه
تا که باشد لات و عزا یت خدای

پس فلاں چیده خود را ہیچ کرد
وانچناں ہیبت فلاں را ہیچ کرد

مصطفی را صحابه وحیراں شدند
ہر دو باری ہمه ناﻻں شدند

کای خداوندا توئی شاه ودار
از شر ما شر او را دور وار

پس دگر فریاد زد او برملا
گفت با پیغمبر حق ناسزا

بد علی پیش نبی حیراں شده
از نفس آں لعین لرزاں شده

گرچه کودک بود در کاخ سترگ
لیک آں شه بود در معنی بزرگ

گر بصورت بود آں کودک ولی
لیک بد نور بزرگی زو جلی

قصه سلمان و دشت ارژنه
بشنو و خود دشت بیں اندر زنه

آنکه اندر کعبه از مادر بزاد
آنکه بر بازو او کبوتر را نداد

خود نماو او بپائے برکتف رسول
کرد از کل جهانش حق قبول

پیش کوراں گرچه کودک می نمود
او بمعنی ملک دیں را میر بود

پس امیر مومناں گفت اے رسول
کرده احمد ہمچو معراجش قبول

ہست عمرو اندر جہان حبا ہلی
ظلم و کفر از صورت او منجلی

ده اجازت تا روم نزدیک او
وایں جہاں را تنگ گردانم براد

گفت پیغمبر اجازت کئے دہم
ہمدم دیں چوں توئی شمع دلم

من نخواہم جان خود رفتن زتن
اے شده اندر بدن چوں جان من

پس دگر زد نعرۂ سخت آں لعین
گفت از لاتم تو می ترسی یقین

من نه ترسم از تو و نه از خدات
آمدم پیش تو از قلعه برات

پیش لات و عزیم آی بے سخن
تا ببینی تو خدایم را چو من

خیز و بہر جنگ پیش من بیا
تا کند نصرت دہد ایندم خدا

ہر کرا نصرت بود حق زآن اوست
جمله آفاق در فرمان اوست

مرتضی جوشید بہ خود ہمچو شیر
سوئ آں غول رواں شد او دلیر

چھوڑ دے فوراً تو دینِ مصطفےٰ — لات و عُزّیٰ پھر بنیں تیرے خدا
سُن کے یہ ذلت سے شرمانے لگا — خوف و دہشت سے وہ تھرّانے لگا
سب پریشاں تھے، صحابا، مصطفےٰ — گڑ گڑا کر سب نے حق سے کی دعا
یا الٰہی ہے تُو ہی فریاد رس — دُور کر سر سے بلا اے داد رس
ناگہاں پھر اُس نے اک نعرہ کیا — اور نبیؐ کو بھی بُرا کہنے لگا
مصطفےٰ کے پاس حیراں تھے علیؓ — کانپ اُٹھے سُن کے یہ قولِ شقی
گو ابھی دُنیا میں تھے وہ خورد سال — پر حقیقت میں بزرگ و باکمال
گو کہ بچوں میں بظاہر تھا شمار — تھا مگر نورِ بزرگی آشکار
قصۂ سلمان و دشتِ ارژنہ — سُن لو اور دیکھو نہ اُن کا بچپنہ
جس کا، کعبہ ہو زچہ خانہ بنا — باز سے جس نے کبوتر ہو لیا
ہوں قدم جس کے نبیؐ کے دوش پر — ہو جو مقبولِ خدائے دادگر
پیش نابینا ہے وہ طفلِ صغیر — درحقیقت ملکِ دیں کا ہے امیر
عرض کی حیدر نے بڑھ کر اے رسول — جس کی تھی معراج احمد کو قبول
عمر دہے اب تک جہالت میں پڑا — اس کی صورت آئنہ ہے کفر کا
ہو اجازت تا کہ میں پہنچوں وہاں — اور اس پر تنگ کر دوں یہ جہاں
اذن کیسے دوں نبی نے تب کہا — راہِ دیں میں تو ہے شمعِ دل مِرا
جسم سے کیونکر جُدا ہو جاں سی شے — تُو بدن میں جان کی مانند ہے
اُس لعیں نے پھر کڑک کر یہ کہا — ہے یقینی خوف تجھ کو لات کا
مجھ کو تیرا ہے نہ تیرے رب کا ڈر — آگیا قلعہ سے یاں تک بےخطر
لات و عزّیٰ پاس اب چُپ چاپ آ — دیکھ لے میری طرح، میرے خدا
ورنہ لڑنے کے لئے میداں میں آ — دیکھیں کرتا ہے مدد کس کی خدا
ہو گا جو حق پر ظفر وہ پائے گا — اُس کے قبضہ میں جہاں آجائے گا
سُن کے، بپھرا جوش میں حیدر سا شیر — اور چلا ملعوں کی جانب وہ دلیر

نعرهٔ زد جست از خندق امیر　　آنکه بودے در دو عالم بینظیر
عمرو عبدود چو آں نعره شنید　　خویش را از جان خود بیگانه دید
عمر را آں نعره خود بردار کرد　　همچو الماسے که در جہاں کار کرد
گفت ایں کودک عجائب مظہریست　　پہلوانی مرا او در خوریست
زوجهٔ او دخترے چوں مہ کنم　　بر سرِ ایں لشکر او را شہ کنم
بلکه من خود تاج و تختِ خویش را　　میکشم در پیش او بے ماجرا
چوں شہ عالم به پیشِ او رسید　　عمرو آں شہ را بظاہر خورد دید
گفت کودک نام خود با من بگو　　کز عرب شخصے ندیدم مثل تو
کودک و چست و نکو روی و دلیر　　نعرهٔ تو تند باشد ہمچو شیر
پس امیرِ مومناں گفت اے دغا　　نام من باشد علی مرتضیٰ
عمرو چوں بشنید نام مرتضیٰ　　گفت دردا وا دریغا حسرتا
من بداں بودم که شاہی بخشمت　　دختر خود گر بخواہی بخشمت
لیک خویش مصطفائی چوں کنم　　دیدهٔ خود را ازیں پُر خوں کنم
پس امیرِ مومناں گفته باد　　ترک دین خود بگوئی و شو نکو
گر بدینِ مصطفیٰ بندی کمر　　بر دہد شاخ امید تو ثمر
آں لعیں گفته که اے کودک برو　　جان خود چندیں مکن پیشم گرو
دوستت دارم کنم رحمت از آں　　که تو ہستی چست و زیبا و جواں
می نریزم زاں سبب من خون تو　　کز تہوّر آمدی پیشم نکو
نعره بروے زد شہ اسرار داں　　گفت می راں نام حق را بر زباں
ورنه دنیا را ز تو خالی کنم　　بر سرت خاک مذلّت افگنم
گفت عمر دش انچه گفتی ایں زماں　　کس نگفته پیش من اندر جہاں
رو که آید از دہانت بوئے شیر　　ورنه میکردم ترا ایندم اسیر
صد ہزاراں رستم و کے بنده ام　　ہمچو ایشاں صد ہزار افگنده ام

نعرہ کرکے ہوگیا خندق کے پار — دونوں عالم کا وہ یکتا تاجدار
عمرو عبدود نے جب نعرہ سنا — موت اپنی دیکھ کر گھبرا گیا
عمرو پر نعرے کا ایسا تھا اثر — جس طرح ہیرا کرے ٹکڑے جگر
پھر کہا لڑکا تو ہے یہ باکمال — پہلواں ہے میرے قابل بےمثال
زوجیت میں دوں گا لڑکی رشکِ ماہ — فوج کا کر دوں گا اس کو بادشاہ
بلکہ ہم خود اپنے تاج و تخت سے — اِس کے حق میں دستکش ہو جائیں گے
سامنے پہنچے جو اُس کے شاہِ دیں — ہیں ابھی بچہ، یہ سمجھا وہ لعیں
بڑھ کے بولا، نام کیا ہے، نونہال — اِس عرب بھر میں نہیں تیری مثال
خوبرو کمسن ہے اور چست و دلیر — نعرہ ایسا جیسے گرجے کوئی شیر
سُن کے حضرت نے شفقت سے یہ کہا — نام ہے میرا علیؑ مرتضےٰ
مرتضیٰؑ کا نام جب اُس نے سُنا — حسرت و افسوس سے کہنے لگا
مَیں نے سوچا تھا، کر دوں گا بادشاہ — اپنی لڑکی سے ترا کر دوں گا بیاہ
ہے مگر دامادِ احمد، کیا کروں — میری آنکھوں میں اُتر آیا ہے خوں
اُس سے تب بولے امیرِ خوش سیر — چھوڑ اپنا دین، آجا راہ پر
دینِ احمد گر کرے گا اختیار — ہوگا نخلِ آرزو بھی میوہ دار
وہ لعیں بولا کہ لڑکے بھاگ جا — ہٹ مرے آگے سے جان اپنی بچا
دوستی سے کر رہا ہوں تجھ پہ رحم — ہے جوان چست و زیبا، زود فہم
خوں بہانے سے ترا، یوں رُک گیا — سامنا میرا دلیری سے کیا
ڈانٹ کر بولے یہ شاہِ رازداں — نامِ حق اپنی زباں پر کر رواں
ورنہ کر دوں گا یہ دنیا تجھ سے پاک — اور ہوگی تیرے سر ذلت کی خاک
عمرو بولا، جو کہا تُو نے ابھی — آج تک مجھ سے نہ بولا تھا کوئی
مُنہ سے بُو آتی ہے اب تک دودھ کی — بھاگ، ورنہ قید کر لوں گا ابھی
رستم و کئے سے ہزاروں ہیں غلام — لاکھ اُن جیسے کئے مَیں نے تمام

تو ہمی گوئی خدا گو شو، چو من   ایں مگو ہرگز نگویم ایں سخن
زود ترک ایں سخن گو اے پسر   ورنہ در بازی در اندم جان و سر
پس علی مرتضٰے گفت اے پلید   نیستی در عالم از ارباب دید
درمیانِ ما و تو تیغ است تیغ   شد ز ظلم تو مدینہ زیر میغ
آں لعیں شُد تند و گفت اے ناگزیر   سویت آمد تیغ خونریزم بگیر
چوں امیر آں تیغ را بر سر بدید   تند برجست و سپر بر سر کشید
پس سپر با خود تیغِ او درید   درگذشت از خود و بر فرقش رسید
چوں خدا بودے بہر جا یاورش   جبرئیل آمد نگہبانِ سرش
تیغ او بر فرق حضرت ایستاد   تیغ بشکست و دو پارہ او فتاد
گفت حیدر کاے پلید نابکار   ضرب خود راندی و کردی کارزار
من ہم از بہر تو تیغے در کشم   وز تو فریاد و دریغے در کشم
حملہ زد گفتہ بگیر ایں ذوالفقار   واں کہ ہستم من شہ دلدل سوار
چوں شنید او از امیر ایں یک سخن   گفت کاے کودک تو کار خود بکن
من فگندم بر سرت آں گونہ تیغ   کوہ را صد پارہ کردے بیدریغ
در سرت از تیغ تیزم چاک نیست   وز چناں شمشیر ہیچت باک نیست
حیدر از نامِ خدا فریاد زد   تیغ زد بر فرق آں ملعون رد
از سپر وز خود و از فرقش گذشت   شد دو نیمہ زود واز اسپش گذشت
خود دو نیمہ گشت و اسپش شد دو نیم   تیغ آں شہ بر زمیں آمد مقیم
تا بگاو ماہی او بے قیل شد   درمیاں حائل پرِ جبریل شد
پس ندا آمد با حمد از الہ   کایں سخن بشنو ز ماہی تا بماہ
لافتیٰ اِلّا علی را گوش دار   گوئی خود لَاسَیْفَ اِلّا ذُوالْفقار
مصطفیٰ گفت ایں حدیثِ باصفا   از سرِ تحقیق با سلطان ما
چوں نبی آں شاہ دیں را دید شاہ   مہر او را درمیانِ جاں نہاد

کہتا ہے تجھ سا جنوں حق گو کہیں
یہ نہ کہہ، ہرگز یہ ہو سکتا نہیں

چھوڑ دے یہ بات ورنہ اے پسر
رہ نہیں سکتے سلامت جان و سر

تب علی کہنے لگے اے نابکار
عقلمندوں میں نہیں تیرا شمار

اب تو ہوگا تیغ ہی سے فیصلہ
ظلم کی چھا دی مدینہ پر گھٹا

اُس لعیں نے غیظ میں بے روک ٹوک
ہاتھ چھوڑا اور کہا لے وار روک

دیکھتے ہی سر پہ تیغِ نابکار
شہ نے روکا ڈھال پر پھرتی سے وار

خود پر آئی سپر کو کاٹ کر
خود سے گذری تو پہنچی فرق پر

تھا محافظ اُس کا خود ربِ جلیل
کرتے تھے سر کی حفاظت جبرئیل

سر پہ پہنچی ہی تھی ہنگامِ ستیز
گر پڑی دو ٹکڑے ہو کر تیغِ تیز

تب کہا حیدر نے، ہاں اے نابکار
اب تو اپنا کر چکا، تو مجھ پہ وار

کھینچتا ہوں مَیں بھی اب تیغِ دودم
اور سنتا ہوں تری فریاد و غم

کر کے حملہ پھر کہا، لے، ذوالفقار
یاد رکھ مَیں ہوں شہ دلدل سوار

شہ کی باتیں سُن کے بولا بدسیر
چل بھی لڑکے، جو تجھے کرنا ہو کر

سر پہ تیرے وہ کیا تھا مَیں نے وار
ٹکڑے کر دیتا پہاڑوں کے ہزار

زخم تک سر میں نہ آیا اک ذرا
تیغ ایسی اور نہ کچھ بگڑا ترا

شہ نے پھر تکبیر کہہ کر ایک بار
سر پہ ملعوں کے، کیا بھرپور وار

خود سے، سر سے، سپر سے ہو کے پار
ہو گئے دو ٹکڑے مرکب اور سوار

خود ہوا دو اور ہوا دو راہوار
آ کے ٹھیری بس زمیں پر ذوالفقار

گائے اور مچھلی کی اڑتیں دھجیاں
تھا پرِ جبریل لیکن درمیاں

آئی احمد کو ندائے پاک ذات
یہ منادی سُن لے ساری کائنات

لَا فَتیٰ اِلَّا عَلِی ہے، ہوشیار
تم کہو، لَا سَیفَ اِلَّا ذُوالفَقَار

خود علی سے مصطفیٰ نے یہ کہا
مستند ہے یہ حدیثِ باصفا

جب نبی نے شہ کو دیکھا شادکام
جان و دل میں جوشِ الفت تھا تمام

روئے اورا پاک کرد از گردِ جنگ — گفت در دیں از تو دارم نام و ننگ

-[قال النبی ضربة علیٍ یوم الخندق افضل من عبادة امتی الی یوم القیامة]-

چوں عمر آں ضرب دید از مرتضیٰ — پیش او افتاد اندر دست و پا
گفت جان ما شدہ گلشن ز تو — شمع ایمان نیز ہم روشن ز تو
گر نبودے ضرب تیغت در جہاں — بیشکے بودے شریعت خود نہاں
جملۂ اصحاب ہم شاداں شدند — زآں خرابی جملہ آباداں شدند
باعلی گفتند کاے شاہ از نخست — فتح در دینِ نبی از تیغ تست
ضرب تیغش را چو دیدند آں بداں — منہزم رفتند تا مکہ دواں
گفت حیدر کاے شہ ہر دو سرا — می روم ایں قوم بد را از قفا
چوں اجازت یافت از احمد ولی — بود انوارِ ولایت زو جلی
برکشید آں شاہِ مرداں ذوالفقار — کرد ارض از خونِ اعدا لالہ زار
کشت بسیارے از آں بد سیرتاں — در مدینہ گشت نیلِ خوں رواں
لشکرِ اسلام قوت یافتند — جملگی مال و غنیمت یافتند
لیک حیدر میل دنیائے نکرد — مہر دنیا در دل او بود سرد
تا نگیرد مہر شہ بر دل قرار — روئی از دنیا بگرداں مردار
ہر کہ او دل از جہاں خود برگرفت — ہمچو شاہ باز دشمن سر گرفت
ہر کہ او آلودۂ دنیا بود — در دو عالم او یقیں رسوا بود
رو تو از خواب اہل بیدار شو — وانگہے در وادی کرار شو
تو ز خواب غفلتت بیدار باش — ہمچو جمع اولیا در کار باش
تا بیابی آنچہ بہبودت بود — واز معانی آنچہ مقصودت بود
ہست مقصودم دریں گفتن کسے — آنکہ پیر اولیا باشد بسے
تو چہ دانی اولیا را در یقیں — زآنکہ تو برگشتۂ از راہِ دیں
تو ہمیں نامے بگیری در زماں — اولیا را تو ببیں از چشم جاں

پاک کر کے چہرے سے گرد و غبار — کہتے تھے، تم سے ہے دیں کو افتخار

—[حدیث رسول صلعم کہ غزوہ خندق میں علیؑ کی ایک ضرب میری امت کی قیامت تک کی عبادت سے بہتر ہے]—

ضربِ حیدر دیکھ کر حضرت عمر — مرتضیٰ کے پاس آئے دوڑ کر
اور کہا تم سے ہوا دل باغ باغ — تم سے ہی روشن ہے ایماں کا چراغ
گر نہ چلتی آج تیری ذوالفقار — تھا یقیں، بنتا شریعت کا مزار
جتنے تھے اصحاب، سب تھے شاد شاد — نامرادی میں ہوئے تھے بامراد
سب یہ کہتے تھے، ازل سے اے علی — فتح، دیں میں ہے تمہارے نام کی
ضربِ حیدر دیکھ کر باطل پرست — بھاگے مکّہ کی طرف کھا کر شکست
عرض کی حیدر نے اے خیر الوریٰ — حکم ہو، پیچھا کروں اِس قوم کا
اذنِ احمد پا کے شاہِ نامدار — رُخ پہ انوارِ ولایت آشکار
کھینچ کر شہ نے دو دھاری ذوالفقار — کر دیا میدان خوں سے لالہ زار
اس قدر مارے گئے دشمن ذلیل — تھا مدینہ خوں سے گویا رودِ نیل
لشکرِ اسلام قوت پا گیا — ہاتھ سب مالِ غنیمت آ گیا
تھا نہ حیدر کو مگر دنیا کا درد — اُلفتِ دنیا سے دل ان کا تھا سرد
حبِ حیدر کی جو خواہش ہو تجھے — مرد بن کر منہ جہاں سے موڑ لے
ہو گی جس دل میں نہ اس دُنیا کی پیت — پائے گا شہ کی طرح دشمن پہ جیت
جس نے اِس دنیا سے کر لی دوستی — دو جہاں میں اُس کی رُسوائی ہوئی
چونک! یہ خوابِ تمنّا ہے بُرا — وادیٔ کرّار میں آ جا ذرا
خوابِ غفلت سے ذرا بیدار ہو — اولیا کی طرح، تو باکار ہو
تاکہ حاصل ہو تجھے کچھ فائدہ — مقصد و معنی ملیں باقاعدہ
ہے وہی مقصود اس گفتار کا — جس کی شخصیت ہے پیرِ اولیا
اولیا کو تو بھلا جانے گا کیا — شاہراہِ دیں سے ہے بھٹکا ہُوا
ہے عبث، گر نام ہی رٹتا رہے — اولیا کو دیکھ دل کی آنکھ سے

دُنیئے داری و عقبیٰ ہیچ نہ | صورتے داری و معنیٰ ہیچ نہ
رُو زسر بگذر کہ شاہ از سر گزشت | یافت عقبیٰ چوں ز دنیا بر گزشت
ہر چہ میگویم ببین و گوش کن | جام ہا از خمِ وحدت نوش کن
آنچناں مئے خور کہ از دل برد غم | نہ از آں مئے خور کہ گردی متہم
مئے چناں خور کہ اماماں خوردہ اند | چوں پیمبر رہ بمعنی بردہ اند
ہم شریعت را بحکمت رفتہ اند | راہ معنی را بعزت رفتہ اند
من بگفتم جملہ اسرارت تمام | لیک ایں مظہر نہاں باشد مدام

—[تمثیل آنکہ ہر کرا جوہر قابلیت معنی ہست پاک سخن را بہتر از جواہر قیمتی داند خود را بنا فرمانی از نظر پادشاہان معنی نیفگند]—

شاہ غازی نام محمود آنکہ داشت | بر جہاں حکمِ نکو نامی گذاشت
بود شاہ عادل و بس ہوشمند | ہیچ خلقے را نبودہ زد گزند
صیت عدلش در جہاں مشہور بود | زنگ ظلمت از دل او دُور بود
داشت سلطاں در جہاں یک جوہرے | گوہرے در بحرِ معنی مظہرے
بود اور ایک غلام رازداں | نام خود را خواند ایاز خاص داں
گفت سلطان خود ایاز خاص را | رو طلب کن جوہر وقاص را
جوہرے اندر خزینہ خاص بود | نام آں جوہر یقیں وقاص بود
رفت ایاز و در خزینہ گشت زود | یافت جوہر را کہ سلطاں مینمود
پس بداو دُرّے بزرگ و قیمتی | ہر کرا باشد ندارد محنتی
گفت سلطاں کن بہایش از قیاس | زانکہ ہستی در جہاں جوہر شناس
گفت ایاز خاص کاے سلطان جود | من بگویم خود بہایش ہر چہ بود
لیک سرّے اندر او موجود ہست | در دل آں سرّے از معبود ہست
گفت سلطانش کہ آں سرّ را بگو | تا شوم دانا بر آں معنی بگو
گفت ایازش گر کنی تصدیق تو | من بگویم تا کنی تحقیق تو
در درونش کرم بے پر کے بود | در دہاں او مگر برگے بود

پاس دُنیا ہے مگر عقبیٰ نہیں — صرف ظاہر ہے مگر معنیٰ نہیں
کھیل جا سر سے کہ شہ نے سر سے ہی — آخرت لے کر یہ دنیا چھوڑ دی
مَیں جو کہتا ہوں اُسے دل سے سُنو — جامِ وحدت خمِ معنی سے پیو
مَے پیو ایسی کہ غم دل سے ہو دُور — ہو نہ ایسی جس سے عائد ہو قصور
مَے پیو ایسی جو پیتے تھے امام — انبیا کی طرح تھا جن کا خرام
تھا شریعت میں بھی حکمت کا خیال — راہِ معنی میں چلے عزت کی چال
کر دیئے اسرار سب مَیں نے بیاں — پھر بھی مظہر ہو نہیں سکتا عیاں

[اس امر کا تمثیلی بیان کہ جس میں جوہرِ باطنی موجود ہوتا ہے وہ ہمیشہ اچھی باتوں کو جواہرات سے زیادہ قیمتی سمجھتا ہے]

شاہ غازی جس کا تھا محمود نام — نیکنامی سے جو ہے مشہور عام
تھا بڑا عادل بہت ہی عقلمند — اس سے خلقت کو نہیں پہنچی گزند
عدل سے دنیا میں وہ مشہور تھا — رنگِ ظلمت اُس کے دل سے دُور تھا
ایک تھا نایاب گوہر اُس کے پاس — جس کو باطن میں کرو مظہر قیاس
تھا جو اُس کا اک غلامِ رازدار — نام جس کا تھا ایازِ ہوشیار
ایک دن سلطاں نے اس سے یہ کہا — جا! ذرا وہ گوہرِ نایاب لا
تھا وہ شہ کے ہی خزانے میں رکھا — نام اُس کا جوہرِ وقّاص تھا
جلد لے آیا خزانہ سے ایاز — اور، رکھا پیشِ سلطاں بانیاز
تھا وہ دُر اتنا بڑا اور قیمتی — جس کو مِل جائے وہ ہو جائے غنی
شہ نے فرمایا کہ قیمت کر قیاس — کیونکہ تُو، خود بھی تو ہے جوہر شناس
تب ہوا گویا ایاز نیک نام — عرض کرتا ہے ابھی قیمت غلام
اس میں پوشیدہ ہے لیکن ایک راز — ہے جو اک رازِ خدائے بے نیاز
شہ نے پُوچھا راز وہ کیا ہے بتا! — میں بھی تو آگاہ ہو جاؤں ذرا
عرض کی، کہتا ہوں، پر ہوں ملتجی — کیجئے تصدیق میرے قول کی
اس میں بے پر ایک کیڑا ہے نہاں — منہ میں اک پتی دبائے بے زباں

رزقش از رزاق او برگے بود　　رزق گر ندہد ورا مرگے بود
چیست در آں کرم از معنی بگو　　گر نمیدانی مرد در کوئے او
جسم در آں کرم عقل و درس عشق　　کے توانم کرد ہرگز ترک عشق
عشق چبود معنی عرفان جاں　　ایں معانی در میان جاں بداں
چونکہ ایں سر از ایاز آں شہ شنید　　گفت میخواہم شود ایں سر پدید
نشکنم او را بدست خویش زود　　تا عیاں گردد کہ پنہانی چہ بود
خود درونِ گوہر است آں سرِ غیب　　من بروں آرم از آں چوں زجیب
گفت با میرے کہ بودے قدرتش　　بشکن ایں گوہر ببیں در قیمتش
نشکنم گفتہ کہ ہست از عقل دور　　تو خراجِ ملک را شکن بزور
کرد امر و گفت سلطاں کاے ایاز　　بشکن ایں جوہر کہ بینم سرِ راز
تا ببینم کرم و برگش را عیاں　　زانکہ بودہ سالہا ایں سرِ نہاں
چوں ایاز از امر سلطاں دُر شکست　　جملہ میراں را برفت از کار دست
کہ چرا بشکستی ایں دُر را علن　　گفت از امر شہ است اینت سخن
من ز گفتِ شہ شکستم دُرِ او　　گفتِ او دُر است و ایں دانم نکو
چوں شما از امرِ شہ لب بستہ اید　　دُرِ گفتِ شاہ را بشکستہ اید
خود شما صورت ہمی بینید و جسم　　زانکہ نشناسید معنی را ز اسم
من ز معنی گفتم ایں اسرار را　　تو بصورت خود مبیں گفتار را
جوہرِ معنی من گوید سخن　　رو تو اسرارِ خدا را گوش کن
جوہرِ معنی من معنی شگاف　　در شگاف آں معانی عشق یافت
چوں بروں آمد ز جوہر کرمکے　　شاہ گفت با ایازش نہ یکے
کایں زماں گردید بر من ایں عیاں　　کرمکے یک برگ دارد در دہاں
اے کہ مہر تست در جاں نورِ من　　اے تو گشتہ ناظر و منظورِ من
مہر تو در کام جانم ریختہ　　جاں بہ مہرت از ازل آمیختہ

رزق میں پتی تھی اُس کے نام پر　　موت آجاتی نہ ملتی یہ اگر
درحقیقت، کیا ہے کیڑے میں بتا؟　　ہے جو ناواقف تو پھر آگے نہ جا
ایک کیڑے میں بھی ہے یہ درکِ عشق　　پھر بھلا کیسے کروں میں ترکِ عشق؟
عشق کیا ہے ؟ واقفیت جان کی　　جان ہی میں یہ حقیقت ہے چھپی
شاہ بولا سُن کے یہ قولِ ایاز　　چاہتا ہوں جلد ظاہر ہو یہ راز
اس کو مَیں جلدی سے خود ہی توڑ دوں　　اور ہو جائے عیاں رازِ دردل
ہو گہر میں جو بھی کچھ پوشیدہ حال　　جیب سے باہر کروں زر کی مثال
پھر کہا اُس نے یہ اک سردار ہے　　دیکھ قیمت کو نہ اس کی، توڑ دے
بولا، کم عقلی ہے، مَیں توڑوں اگر　　یہ خراج ملک ہے ضائع نہ کر
پھر ہوا فرمانِ شاہی اے ایاز　　توڑ یہ گوہر کہ مَیں دیکھوں گا راز
دیکھ لوں کیڑا ابھی، پتا بھی عیاں　　کیونکہ ہے برسوں کا یہ رازِ نہاں
حکمِ شاہی سے جوں ہی ٹوٹا گہر　　ہو گئے برہم امیر اس بات پر
سب لگے کہنے، یہ کیوں توڑا ایاز　　"وہ شاہ کا فرمان تھا" بولا ایاز
درِ شہ توڑا ہے، حکمِ شاہ سے　　حکم شاہی ہے گہر، میرے لئے
حکمِ شہ پر بھی رہے تم چپ تمام　　شہ کا توڑا تم نے خود درِ کلام
جسمِ ظاہر پر تمہاری ہے نظر　　اسم کے معنی سے تم ہو بیخبر
راز باطن کہ رہا ہوں میں تمام　　ظاہری گفتار سے کچھ رکھ نہ کام
ہے بیانِ جوہرِ معنیٰ یہ سب　　گوشِ دل سے سن ذرا اسرارِ رب
میرے جوہر نے کیا معنی کو چاک　　اور بلا اس چاک سے پھر عشقِ پاک
فاش جب دُر سے ہوا کیڑے کا راز　　شہ نے زمی سے کہا تب اے ایاز
ہو گیا مجھ پر بھی یہ ظاہر ابھی　　منہ میں کیڑے کے ہے پتا واقعی
تیری اُلفت میری جاں کا نور ہے　　تُو ہی ناظر اور تُو ہی منظور ہے
ہے رگِ جاں میں تری الفت بھری　　اور ازل ہی سے ملی چاہت تری

جوہرِ ذاتت بود عالی بسے
پے نخواہد برد بر ذاتت کسے

چوں ایاز ایں لطفہا از شہ شنید
خویش را کمتر ز خاکِ راه دید

گفت شاہا بندهٔ خاص توام
در ہوا داریت رقاص توام

من تمام از خود برونم آمده
در رهِ عشقت زبونم آمده

در زبان و در بیان من توئی
آشکارا و نہان من توئی

جز خداوندِ جہاں در پیش و پس
غیر تو دیگر نبینم ہیچکس

چونکہ شہ بشنید ایں راز از ایاز
ز آتش غیرت در آمد در گداز

گفت ہستی تو بجائے جان من
با تو یک شخصیم در یک پیرہن

ایں سخن را عشق میگوید تمام
تا شوند آگاه زیں ہر خاص و عام

منکرانِ عشق کوران رہند
ہر کسے را کے چنیں مے می دہند

جوہر معنی بہ بینایاں دہند
ایں سعادت کے بہ رعنایاں دہند

جوہرِ معنی من عالم گرفت
تو نہ پنداری ہمیں آدم گرفت

جوہرِ معنیِ من حق ساختہ
دین و دنیا را بہ یک جو باختہ

جوہرِ معنیِ من شاداں شده
ہمچو نورے درمیانِ جاں شده

جوہرِ معنیِ من انساں شده
غرقہ در دریائے بے پایاں شده

جوہرِ معنیِ من واصل شده
جوہر ذاتم از و حاصل شده

جوہرِ معنیِ من عطار شد
ز آنکہ او با دینِ احمد یار شد

جوہرِ معنیِ من کرار شد
ز آنکہ او از دید حق دیندار شد

جوہرِ معنیِ من از احمد است
ز آنکہ او از رحمتِ حق سرمد است

جوہرِ معنیِ من شاه ولی است
ز آنکہ در عینِ محمدؐ چوں علی است

جوہرِ معنیِ من ایشاں بدند
ز آنکہ ایشاں معنی جاناں بدند

جوہرِ معنیِ من انساں شده
ہمچو حیدر رحمت رحماں شده

جوہرِ معنیِ من زو نور شد
جوہر ذاتم از او مشہور شد

جوہر ذاتی میں تیرے ہے کمال — دُوسرا پہنچے وہاں تک کیا مجال
سُن کے یہ الطافِ شاہانہ ایاز — دل میں سمجھا، خاک ہوں کس پر ہو ناز
عرض کی، شاہا! ہوں تیرا ہی غلام — خیر خواہی میں ہوں قرباں صبح و شام
اپنی ہی ہستی سے باہر ہو گیا — عشق میں تیرے میں ایسا کھو گیا
ہے زباں میں اور بیاں میں بھی تُو ہی — اور عیاں میں بھی نہاں میں بھی تُو ہی
ہٹ گئے پیچھے اس جہاں میں جز خُدا — کوئی آنکھوں میں نہیں تیرے سوا
سُن چکا جب شاہ یہ رازِ ایاز — آتشِ غیرت سے ہو کر دلگداز
بولا سُن اے جانِ من میری یہ بات — دونوں ہیں اب ایک جامہ ایک ذات
عشق کے منہ کی یہ باتیں ہیں تمام — باخبر ہو جائیں اس سے خاص و عام
عشق کے منکر ہیں اندھے اور خراب — ہر کسی کو کب یہ دیتے ہیں شراب
جوہر معنیٰ بلا بینا کو سب — یہ سعادت بوالہوس پاتے ہیں کب
جوہر معنیٰ کا عالم ہے شکار — آدمی ہی پر نہیں کچھ انحصار
حق نے جوہر کی مرے تخلیق کی — ایک جَو پر دین و دنیا بیچ دی
جوہر معنیٰ مرا ہے شادماں — نُور کی مانند ہے جاں میں نہاں
بن کے انساں جوہرِ معنیٰ مرا — بحرِ بے پایاں میں پنہاں ہو گیا
جوہرِ معنیٰ مرا واصل ہوا — جوہرِ ذاتی مجھے حاصل ہوا
جوہر معنیٰ مرا عطار ہے — دینِ احمد کا وہی غمخوار ہے
جوہر معنیٰ مرا کرّار ہے — اپنی حق بینی سے جو دیندار ہے
جوہر معنیٰ سے احمد ہے مراد — رحمتِ حق سے جو ہے سرمد نہاد
جوہر معنیٰ ہے شاہِ اولیا — نفسِ احمد میں ہے مثلِ مرتضیٰ
جوہر معنیٰ کی تفسیریں ہیں یہ — معنیٔ جاناں کی تعبیریں ہیں یہ
جوہر معنیٰ مرا انساں بنا — مثلِ حیدر رحمتِ یزداں بنا
اس سے ہی جوہر مرا پُر نور ہے — جوہرِ ذاتی مرا مشہود ہے

جوہر معنیٔ من از مظہر است　　در درونِ این صدف چون گوہر است
جوہر معنیٔ من اصلی بود　　زآنکہ اورا با علی وصلی بود
جوہر معنیٔ من معنی اوست　　این معانی را یقین میدار دوست
جوہر معنیٔ من از اصل بود　　زآنکہ با اوشاہِ مردان وصل بود
جوہر معنیٔ من دریا شدہ　　واندر آن دریا بسے غوغا شدہ
جوہر معنیٔ من اسرار شد　　ہمرہ منصور خود بردار شد
جوہر معنیٔ من آدم بداست　　زانکہ او در دین حق محرم بداست
جوہر معنیٔ من طوفان شدہ　　ہمچو نوح از کشتی عرفان شدہ
جوہر معنیٔ من داؤد بخت　　بودہ اورا در معانی تاج وتخت
جوہر معنیٔ من جان یافتہ　　چون سلیمان ملک وفرمان یافتہ
جوہر معنیٔ من سرِّ خلیل　　این معانی ظاہر از ذات جلیل
جوہر معنیٔ من تابان شدہ　　ہمچو اسمٰعیل جان قربان شدہ
جوہر معنیٔ من اسحٰق بود　　زآنکہ او در ملک معنی طاق بود
جوہرِ معنیٔ من خندان شدہ　　زآنکہ یعقوبم بسے گریان شدہ
جوہر معنیٔ من آگاہ بود　　زآنکہ او با یوسف اندر چاہ بود
جوہر معنیٔ من پاک آمدہ　　ہمچو ادریسے کہ چالاک آمدہ
جوہر معنیٔ من بر کوہ تافت　　موسیٰ اندر کوہ از آن انوار یافت
جوہر معنیٔ من انوارِ شوق　　ہمچو الیاس او گرفتہ جان ز ذوق
جوہر معنیٔ من مات آمدہ است　　ہمچو عیسےٰ جوہر ذات آمدہ است
جوہر معنیٔ من خضرِ نبی　　صاحبِ اسرار کشتی وصبی
جوہرِ معنیٔ من آمد پدید　　چون محمد مظہر انوار دید
جوہر معنیٔ من شد سرِّ صور　　چون علی شد واصل دریائے نور
جوہر معنیٔ من گفت از حسن　　زآنکہ اورا در جہان نہان دارد وطن

مدعا جوہر سے ہے مظہر مرا
اِس صدف میں ہے یہی گوہر مرا

جوہر معنی حقیقی ہے مرا
شاہِ مرداں سے ہے اُس کا سلسلہ

جوہرِ معنی کے معنی ہیں وہی
اِس یقینی بات کو سمجھو کھری

اصل سے ہے جوہرِ معنی مرا
وصل اُس کا مرتضیٰ سے ہو چکا

جوہرِ معنیٰ مرا اک بحر ہے
جس کی طوفاں خیز ہر اک لہر ہے

جوہر معنیٰ ہے رازِ پُر اثر
ساتھ یہ منصور کے تھا دار پر

جوہرِ معنیٰ مرا آدم بھی ہے
کیونکہ دینِ حق کا وہ محرم بھی ہے

جوہر معنیٰ مرا طوفاں بنا
کشتیٔ عرفاں سے اُترا نوح سا

بختِ داؤدی بنا جوہر مرا
تھا ذریعہ اُس کے تخت و تاج کا

ہو کے زندہ جوہر معنیٰ مرا
تھا سلیماں کی طرح فرمانروا

جوہرِ معنیٰ ہی تھا رازِ خلیل
یہ بیاں کرتی ہے خود ذاتِ جلیل

ہو کے روشن جوہرِ معنیٰ مرا
مثلِ اسمٰعیل قرباں ہو گیا

جوہرِ معنیٰ مرا اسحٰق تھا
جو کہ ملکِ معنوی میں طاق تھا

ہنس رہا تھا جوہرِ معنیٰ مرا
دیکھ کر یعقوب کو روتا ہوا

تھا حقیقت سے وہ بالکل باخبر
چاہ میں یوسف کا تھا وہ چارہ گر

جوہر معنیٰ مرا ہے پاک شئے
باخبر ادریس کی مانند ہے

طور پر چمکا یہی جوہر مرا
اس سے ہی موسیٰ نے کی کسبِ ضیا

لے لئے الیاس کی صورت بذوق
جان میں جوہر نے سب انوار شوق

فرد ہو کر جوہرِ معنیٰ مرا
مثلِ عیسےٰ جوہرِ ذاتی بنا

خضر کی مانند یہ جوہر مرا
کمسنی سے صاحبِ اسرار تھا

جوہر معنیٰ مرا ظاہر ہوا
جب ملے احمد کو انوارِ خدا

بن گیا ہیرا یہ جوہر رازِ صور
جب ہوا شہ واصلِ دریائے نور

پھر ہوا جوہر حسن سے ہمکلام
کیونکہ جان و دل میں تھا اُس کا مقام

جوہرِ معنیٔ من باقر بود — آنکہ بحرِ علم وکانِ سِر بود
جوہر معنیٔ من خود صادق است — آنکہ در علمِ طریقت حاذق است
جوہرِ معنیٔ من کاظم بود — در معانی حازم و جازم بود
جوہر معنیٔ من باشد رضاؑ — آں شہے کز وے رضا باشد رضا
جوہرِ معنیٔ من بے شک تقی است — مظہرِ عرفان و شاہِ دیں نقی است
جوہر معنیٔ من واں عسکر است — زانکہ ایں جوہر زکانِ دیگر است
جوہرِ معنیٔ من بے عیب داں — مہدیٔ ہادی من در غیب داں
جوہر معنیٔ من گویا شدہ — قنبر و سلمان و بوذر واشدہ
جوہر معنیٔ من بوذر شدہ — در یقیں چوں مالکِ اشتر شدہ
جوہرِ معنیٔ من مقداد داں — خویش را در ملکِ عرفاں شاد داں
جوہرِ معنیٔ من عطار بود — زانکہ او با اہلِ عرفاں یار بود
ختم ایں سر کن تو اے عطار ما — تا شوی در ملکِ معنی یار ما
جانِ تو در راہِ حق بیماں شدہ — در حقیقت مظہرِ سبحاں شدہ
ہر کہ بر گفتم نہد انگشت رو — شیر معنیم بجانش پنجہ رو

نقل نمودن معجزہ امام رضا و بیان آنکہ نسب و نسبت ظاہری با مخالفت بود گرفتاریست و نسبت باطن با ارباب ہدایت با موافقت رہائی و رستگاری

بود در بغداد نیکو منقبلے — سیدے و پاکیزہ خلقے پر دلے
بود نام او ابوالقاسم تمام — سید و ہم صالح و ہم نیک نام
کرد عزم کوفہ او با کارواں — تا کہ حاصل گرددش مقصود جاں
بود در رہ بیشۂ بس ہولناک — صد ہزاراں تن درو رفتہ بخاک
ناگہے از کارواں پیشی گرفت — راہ درویشی و دلریشی گرفت
یک حمارے داشت میرِ باوقار — میشدے گہ بر حمار خود سوار
چوں بشد یکپارہ آں درویش راہ — دید یک شیرے ستادہ پیش راہ

جوہرِ معنی مرا باقرؑ بنا
جو کہ بحرِ علم دیں راز تھا

جوہرِ معنیٰ مرا صادقؑ بنا
علم و عرفاں میں جو حاذق تھا بڑا

جوہرِ معنیٰ مرا کاظمؑ بنا
جس کا عزم و جزم معنیٰ ہے کھلا

ہے رضاؑ بھی جوہرِ معنیٰ مرا
جس کی مرضی ہے رضائے کبریا

بن گیا پھر جوہرِ معنی تقیؑ
پھر بنا یہ، مظہرِ عرفاں نقیؑ

جوہرِ معنیٰ بنا پھر عسکریؑ
کان اس جوہر کی ہے بالکل نئی

جوہرِ معنیٰ مرا بے عیب ہے
مہدیٔ ہادیؑ سا رازِ غیب ہے

جوہرِ معنی مرا گویا ہوا
قنبر و سلمان و بوذر بن گیا

جوہرِ معنی مرا بوذر بنا
پھر یقینی مالکِ اشتر بنا

بن گیا جوہر مرا مقداد بھی
ملکِ عرفاں میں سدا رہ شاد ہی

جوہرِ معنیٰ مرا عطار ہے
اہلِ عرفاں کا وہ بیشک یار ہے

ختم کر دے راز یہ عطار تو
ملکِ معنیٰ میں مرا بن یار تو

راہِ حق میں وقف تیری جان ہے
درحقیقت مظہرِ سبحان ہے

جو کوئی میرا بیاں جھٹلائے گا
خیرِ معنیٰ کا طمانچہ کھائے گا

{ نقل کرامت امام رضاؑ اور اس امر کا بیان کہ ظاہری نسب اور نسبت جو مخالفت اور مجردی کے ساتھ ہو گرفتاری ہے اور ارباب ہدایت سے موافقت کے ساتھ باطنی تعلقات ذریعہ نجات و رستگاری ہیں }

ایک تھا بغداد میں مردِ ثیق
سیّد و پاکیزہ دل بے حد خلیق

اُس کو کہتے تھے ابو القاسم تمام
تھا وہ سید پاکباز اور نیک نام

قافلہ کے ساتھ کوفہ کو چلا
تاکہ پائے اپنے دل کا مدعا

راہ میں پڑتا تھا جنگل خوفناک
ہو چکے تھے جس میں بہتیرے ہلاک

اتفاقاً قافلے سے چھوٹ کر
بیکس و بے چارہ کرتا تھا سفر

ساتھ میں تھا میر صاحب کے حمار
جس پہ گاہے گاہے ہوتے تھے سوار

یہ بچارے تھے چلے تھوڑی ہی دیر
دیکھتے کیا ہیں، کھڑا آگے ہے شیر

پیلتن پُر زور و مردم خوار و تند | گشتہ از ہولش ہزاراں فہم کند
حملہ کرد آں شیر و پیش او دوید | از چناں ہیبت خر سید رمید
جست سید بر زمیں گفت اے الٰہ | جملہ مسکینانِ عالم را پناہ
از چنیں محنت جدائی دہ مرا | وز بلائے بد رہائی دہ مرا
زیں سخن چوں فارغ و آزاد گشت | ناگہاں اندر ضمیر او گذشت
آنکہ روزے عارفے با او بگفت | شیر را باشد حیا در چشم جفت
ہر کہ چشم خود بہ چشمِ شیر بست | شیر را با او نباشد ہیچ دست
ہر کہ بر چشمش بدو زد چشم گرم | ہیچ کس را می نرنجاند ز شرم
چشم سید چوں بچشم شیر دوخت | سر بزیر افگند شیرہ برفروخت
سر بہ پیش افگند آں شیر از حیا | چشم بر روے بود سید زادہ را
پس غلام سید از پئے در رسید | خواجۂ خود را بہ پیش شیر دید
نعرۂ زد گفت اے مخدوم من | میکشد ایں شیرت آخر بے سخن
رو بسوئے کارواں فریاد کرد | شیر بر جست و گرفت او را بدرد
شیر بر درید از یک دیگرش | پارہ پارہ کرد از پا تا سرش
پس فدائی جان سید شد غلام | این معانی ہست در جامع تمام
چون خلاصی یافت از شیر آں ہماں | رفت سوئے کوفہ آں سید رواں
چوں بکوفہ کرد آں سید مقام | جمع گردیدند خویشانش تمام
گشتہ بودند آگہ آں مردم تمام | از حدیث شیر و قتل آں غلام
زیں الم گفتند ما بیدل شدیم | چوں کبوتر در غمت بسمل شدیم
شکرہا کردیم اکنوں ایں زماں | کز بلائے شیر ماندی در اماں
درمیاں شاں بود پیرے خویش او | مرہمے بہرِ درونِ ریش او
بود نام نیک او سید علیؒ | عمِّ یحییٰ بود آں نقد ولی
گفت قولِ مصطفےؐ نشنیدہ اید | ایں چنیں حالت مگر کم دیدہ اید

پیلتن، شہزور، مردم خوار شیر
شیر حملے کے لئے آگے بڑھا
کود کر سید پکارا اے خدا
اس مصیبت سے مرے خالق بچا!
اس دعا سے جیسے ہی فارغ ہوا
یہ کسی عارف نے اُس سے تھا کہا
جس کسی کی شیر سے آنکھیں ملیں
جس کی نظریں شیر سے ہو جائیں چار
شیر سے سید کی نظریں جب ملیں
شرم سے اُس نے جھکایا اپنا سر
آگیا سید کا خادم پشت سے
بدحواسی سے وہ چیخا، اے حضور
پھر پلٹ کر، کارواں کو دی صدا
شیر نے چیرا، چبایا، خوں پیا
بن گیا سید کا فدیہ وہ غلام
پا کے سید شیر کے شر سے اماں
پہنچا کوفہ میں جو وہ عالی مقام
ہوگیا معلوم سب کو واقعہ
کہہ رہے تھے: رنج سے ہم ہیں نڈھال
شکر کرتے ہیں مگر اب ہم سبھی
اُن عزیزوں میں تھا اک مردِ ضعیف
نام نامی اُس کا تھا سید علی
بولا وہ، ہے اک حدیثِ محترم

جس کے ڈر سے ہوش کھو بیٹھیں دلیر
ڈر کے سید کا گدھا تو چل دیا
سب غریبوں کا ہے تو ہی آسرا
ٹال دے اب میرے سر سے یہ بلا
اتفاقاً اُس کے دل میں آگیا
شیر کی آنکھوں میں ہوتی ہے حیا
شیر اُس کو پھر ستا سکتا نہیں
اُس پہ حملے میں اُسے ہوتا ہے عار
یوں تو بپھرا لیکن آنکھیں جھک گئیں
تھیں مگر سید کی آنکھیں شیر پر
دیکھا، آقا سامنے ہے شیر کے
شیر ہے، یہ مار ڈالے گا ضرور
شیر جھپٹا، اور ٹکڑے کر دیا
سر سے پا تک ٹکڑے ٹکڑے کر دیا
اور یہ قصہ ہوگیا مشہور عام
ہوگیا پھر جانبِ کوفہ رواں
سن کے آپہنچے اعزہ بھی تمام
تھا غلام اور شیر کا جو حادثہ
غم سے بسمل ہیں کبوتر کی مثال
شیر کی سر سے مصیبت ٹل گئی
مرہم زخمِ جگر تھا، وہ شریف
تھا چچا یحییٰ کا وہ نقشہ ولی
شاید ایسا واقعہ دیکھا ہے کم

هر که باشد بیشک از نسلِ بتولؑ — کے کنند زخم سباع او را الملول
زآنکه بر آلِ نبی اسے دیں پرست — هیچ درنده نخواهد یافت دست
چوں بیاں کرد آں بزرگِ دیں سخن — پیش ما گفتند ایں را نقل کن
گفت از جدم شنیدم ایں سخن — کو شنیده بود از جدِّ کہن

- [قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ لُحُومَ بَنِيْ فَاطِمَةَ مُحَرَّمَةٌ عَلَى السِّبَاعِ] -

کاندر ایامِ خلیفه بوده است — یک زنے با حشمت و دنیا پرست
نام در ایام زینب داشتہ — خویش را آلِ نبی پنداشتہ
خلق عالم حرمتش میداشتند — کہ ورا عالی نسب پنداشتند
چوں امام ہشتمیں بشنید آں — گفت آریدش بنزدِ من رواں
تاکہ گردد نسبتش با ما درست — ایں چنیں خاصے زباغ ما نرست
زینب آمد آنگہے پیشِ امام — کرد او بر روئے شاهِ دیں سلام
بود چوں حاضر خلیفه آن زماں — گفت پیشم ایں معانی کن بیاں
تاکہ باشد نام باب و مام تو — تا شود معلوم اسم و نام تو
گفت ہستم من فلاں بنتِ فلاں — خود دروغش گشت در ساعت عیاں
چوں علی موسی الرضا تحقیق کرد — کذبِ زینب را رواں بشگفت ورد
گفت او را نیست با ما نسبتے — واندریں رہ می ندارد دولتے
پس خلیفه گفت یا خیر الورىٰ — نسبتش روشن بود در پیشِ ما
بعد ازاں گفت آں امامِ متقیں — کاے خلیفه حق ببیں او را ببیں
پیشِ من خود ہست ثابت اہل او — ہم بماند بعد او ہم نسلِ او
من حدیثے دارم از جدم رسول — گویمت گر میکنی او را قبول
گفت برگو اے امامِ مقتدا — تا چہ گفتہ آں رسولِ باصفا
گفت فرموده است جدِ بابِ من — بشنوید از من ہمه اصحابِ من
آنکه باشد او ز نسلِ فاطمہؑ — باشدش در خیر و خوبی خاتمہ

ہے جو نسلِ فاطمہ سے ارجمند — اُس کو زخمی کیا کریں گے یہ درند

آلِ احمدؐ پر کبھی اے دیندار — پا نہیں سکتے درندے اقتدار

جب سُنائی اُس ولی نے یہ خبر — مجھ سے خواہش کی کہ اِس کو نقل کر

میرے دادا نے یہ مجھ سے خود کہا — اور اُس نے اپنے دادا سے سُنا

— [حدیثِ رسول صلعم کہ اولادِ فاطمہؑ کا گوشت درندوں پر حرام ہے] —

اک خلیفہ کے زمانے کی ہے بات — ایک عورت تھی بہت ہی واہیات

نام سے زینب کے وہ مشہور تھی — اور کہتی تھی کہ ہوں آلِ نبیؐ

اُس کی عزت کرتی تھی مخلوق سب — جانتے تھے سب اُسے عالی نسب

جب امام ہشتمیں نے یہ سُنا — آپ نے فرمایا، بلواؤ ذرا

ہو قرابت کا ہمیں بھی اعتبار — میرے گلشن میں نہیں ایسا ہے خار

آگئی زینب بھی پھر پیشِ امام — اور حضرت کو، کیا اُس نے سلام

اتفاقاً تھا خلیفہ بھی وہاں — پوچھنے وہ بھی لگا یہ داستاں

ہاں بتا، کیا نام ہے ماں باپ کا — تاکہ ہو معلوم تیرا سلسلہ

بولی وہ - میں ہوں فلاں بنتِ فلاں — جھوٹ اُس کا ہو گیا فوراً عیاں

پھر لگے تحقیق کرنے خود امام — جھوٹ زینب کا ہوا ثابت تمام

بولے شہ مجھ سے کوئی رشتہ نہیں — اُس کا اِس دولت میں کچھ حصہ نہیں

پھر خلیفہ نے کہا اے ذی حسب — مجھ پہ ظاہر ہو گیا اِس کا نسب

تب خلیفہ سے وہ بولا راہبر — دیکھ مت اُس کو رہے حق پر نظر

اصلیت مجھ پر بھی اس کی کھل گئی — ہوں گے اس کی نسل کے پھر اور بھی

ہے ہمارے پاس اک قولِ رسولؐ — تجھ سے بھی کہہ دوں اگر کرلے قبول

آپ فرمائیں، خلیفہ نے کہا — کیا ہے قولِ حضرتِ خیرالوریٰ؟

میرے جد کا قول ہے بولے، امام — یہ مرے اصحاب بھی سُن لیں تمام

جو کوئی بھی ہوگا نسلِ فاطمہؑ — خیر ہی پر ہوگا اُس کا خاتمہ

هر که در اصل از نبی دارد مقام بر درنده گوشتش آمد حرام
آلِ پیغمبر بقول آں امام باشد ایمن از سباع و از هوام
پس خلیفه گفت ایندم میرویم تا حدیثِ مصطفیٰ را بگرویم
اندر ایں باخانۂ پر شیر هست پیش شیراں میکنیم ایندم نشست
آں امام دیں ابا خلق آں زماں شد بسوئے خانۂ شیراں رواں
گفت کذابه که تو خود پیش رو زانکه هستی پیشوا و پیش رو
رفت شاہ دیں پیش آں شیراں رسید گفت امروز است ما را روز عید
چونکه بوئے آدمی بشنید شیر جمله برجستند از جاشاں دلیر
چونکه چشم شیر چشم شاه دید گفت چشم ایں زماں الله دید
بود او نورِ خدا و مصطفیٰ خلق عالم بر ولائے او گوا
همچو گربه پیشِ شه غلطاں شدند خلقِ بغداد اندر آں حیراں شدند
پیش شیراں رفت شاه دلنواز درمیاں شاں کرد دو رکعت نماز
شیرے آمد با دو چشم آبناک روئے خود مالید نزد شه بخاک
ناله‌ها میکرد و خوش حال گفت گفت نبود راز من از تو نهفت
پیرم و دنداں ندارم ایں زماں طعمه ام را میخورند ایں دیگراں
امر فرما که مرا ایندم جدا طعمه بخشند ایں گروهِ باوفا
با خلیفه گفت سید حال را مردماں کردند فرمانش روا
زینبِ ملعونه را در پیش خواند او ز بیم زخم شیراں دور ماند
چوں بدیدند آں چنانش مردماں پیش شیرانش کشیدند آں زماں
زن چو اندر چنگ شیراں اوفتاد پیش شیراں دور از جاں اوفتاد
پاره اش کردند و بیجاں ساختند پس بخاکش زود یکساں ساختند
خوش زهم کندند شیرانِ بلا زینبِ ملعونهٔ کذابه را
بعد از آں شیراں همه پیشِ امام روئے مالیدند بر ره از احترام

نسلِ احمد میں ملا جس کو مقام — گوشت اُس کا ہے درندوں پر حرام
آلِ پیغمبر بقولِ آں امام — بےخطر اِن موذیوں سے ہے تمام
تب خلیفہ نے کہا، اچھا ابھی — آزمائیں چل کے فرمانِ نبیؐ
پاس ہی موجود ہے شیروں کا گھر — اب وہیں گھس گئے ہیں کے بھر بھر
ساتھ اُن لوگوں کے خود بھی تھے امام — آئے شیروں کی طرف سب خاص و عام
عرض کی زینب نے پہلے آپ جائیں — رہنما و پیشوا ہی پہلے آئیں
چل دیا شیروں کے آگے رہنما — شیر سمجھے عید کا دِن آگیا
پاتے ہی بو آدمی کی سب وہ شیر — اپنی اپنی جگہ سے جھپٹے دلیر
شہ سے نظریں جب ہوئیں شیر دنگی چار — دیکھ کر بولے "مرے پروردگار"
تھا وہ نورِ مصطفےٰ، نورِ الٰہ — ہے ولا پر اُس کی یہ خلقت گواہ
شہ کے آگے بلیوں کی طرح سے — لوٹتے تھے اور سب حیران تھے
آ کے شیروں میں وہ ٹھیرا دلنواز — اور دو رکعت پڑھی ان میں نماز
ایک شیر آگے بڑھا باچشمِ تر — شہ کے آگے رکھ دیا منہ خاک پر
رو کے پھر کہنے لگا اے شاہِ دیں — حال میرا شہ سے پوشیدہ نہیں
گر گئے سب دانت، بوڑھا ہو گیا — دوسرے کھا جاتے ہیں میری غذا
حکم دے دیں آپ ان کو آج سے — دیں الگ خوراک میری یہ مجھے
حال یہ شہ نے خلیفہ سے کہا — حکمِ شاہی پر عمل ہونے لگا
اب ملا زینب کو بھی حکمِ حضور — خوف سے شیروں کے تھی وہ دور دور
لوگ اُس کا دیکھ کر خوف و ہراس — کھینچتے لائے اُسے شیروں کے پاس
جب وہ اُن شیروں کے پنجے میں پھنسی — ہو کے بیجاں اُن کے آگے گر پڑی
تکا بوٹی کر کے، کر ڈالا ہلاک — دیکھتے ہی دیکھتے قصہ تھا پاک
شیر ٹکڑے کر رہے تھے شوق سے — زینبِ ملعونہ و کذّابہ کے
شیر وہ، پھر شاہ کے پاس آگئے — خاکِ پا پہ اپنے منہ مَلنے لگے

بازبانِ حال میگفتند ما گربه ها باشیم از شیرِ خدا
نقد شیرِ حق و شاهِ ذوالفقار تو زما بجز سستی ها در گذار
مدح جد و مادر و بابِ شما کرده نقش الله بر ارض و سما
شد شمارا ای همه فرخندگان جن و انس از کمترین بندگان
ای که دائم لاف ایمان میزنی با ولای او دم از جان میزنی
در اطاعت روز و شب بیدار باش با ولائی حیدر کرار باش
حبِ ایشان را بجانِ خویش دار تا بیابی علمِ معنے بے شمار
رو تو مدح شاه را میکن نهان تا شوی از جملهٔ انسانیان
گر تو جنبش را خریدار آمدی از همه خوابی تو بیدار آمدی
رو تو مهرش دار با ایشان نشین تا شوی ایمن ز شیران عرین
رو تو جنبش ورز چون سلمان فارس تا نیابی بیم از شیران فارس
رو تو مهرش جوی و با او یار باش وز همه خلق جهان بیزار باش
خلق چون دور از ره ایشان روند جملگی پے برپے غولان روند
هر که بر حبِ رضا داد او رضا جنّت و فردوس را گشت او سزا
در درونِ سینه ای یارِ عزیز غیر حبِ او ندارم هیچ چیز
ای زنادانی همه خود بین شده راهِ حق گم کرده و بیدین شده
حبِ ایشان نورِ حق باشد ترا نورِ حق را در دلِ خود ده تو جا
تا خلاصی یابی از شیران بغض ورنه باشی تیره و حیران بغض
بغض حیدر دین و ایمانت برد سوئی قعر دوزخ آسانت برد
بغض در عالم ترا ویران کند همچو رو به طعمهٔ شیران کند
هر کرا بغض علیؑ در جان بود هرگزش کے بهره از ایمان بود
خلق عالم جمله گمراه آمدند زانکه بغضش را هوا خواه آمدند
تو تولّا دار با جنبش درست کن تبرّا تو ز بغضش از نخست

کہہ رہے تھے سب زبانِ حال سے ‌ ‌ ‌ ہم ہیں بلی شیرِ حق کے سامنے
ابنِ شیرِ حق و شاہِ دو جہاں ‌ ‌ ‌ درگذر کر دیجئے گستاخیاں
تیرے ہی ماں باپ کے اوصاف سب ‌ ‌ ‌ کر چکا ارض و سما پر نقش رب
ہیں تمہارے ہی، مرے عالی مقام ‌ ‌ ‌ سب یہ جن و انس بھی ادنیٰ غلام
نازِ ایماں پر جو یہ کرتا ہے تو ‌ ‌ ‌ اُس کی الفت کا بھی دم بھرتا ہے تو
رات دن اُس کی اطاعت میں گذار ‌ ‌ ‌ کر دلائے شاہِ مرداں اختیار
اپنے دل میں اُس کی اُلفت کو ذرا ‌ ‌ ‌ علم معنیٰ بھی تجھے مل جائے گا
وصفِ شہ کر، ہو نہ لیکن آشکار ‌ ‌ ‌ تاکہ انسانوں میں ہو تیرا شمار
اُس کی الفت گر کرے گا اختیار ‌ ‌ ‌ خواب سے ہو جائے گا، تو ہوشیار
اُن سے اُلفت رکھ کے اُن کا ساتھ دے ‌ ‌ ‌ تاکہ تُو، خونخوار شیروں سے بچے
کر محبت اُس سے سلماں کی مثال ‌ ‌ ‌ تاکہ شیروں سے نہ پہنچے کچھ ملال
اُس کی اُلفت ہی کو اپنا کر شعار ‌ ‌ ‌ اور دُنیا بھر سے ہو بیگانہ وار
خلق اُن کا سا نہیں رکھتی چلن ‌ ‌ ‌ ہے یہ شیطانوں کے پیچھے گامزن
جو محبت سے رضا کو پا گیا ‌ ‌ ‌ جنت الفردوس میں وہ آگیا
میرے سینہ میں نہیں ہے اے عزیز ‌ ‌ ‌ اُس کی اُلفت کے سوا کوئی بھی چیز
اپنی نادانی سے خودبیں ہو گیا ‌ ‌ ‌ راہِ حق چھوڑی تو بے دیں ہو گیا
اُس کی اُلفت نورِ حق ہے لاکلام ‌ ‌ ‌ نُورِ حق کا تُو بنا دل میں مقام
بغض کے قیدِ دل سے پائیگا نجات ‌ ‌ ‌ ورنہ پھر ہو جائے گی دو بھر حیات
بغضِ حیدر سے یہ ایماں جائے گا ‌ ‌ ‌ قعرِ دوزخ میں تجھے پہنچائے گا
بغض سے ہو گی بُری دنیا میں گت ‌ ‌ ‌ ہو گا شیروں کی غذا روبہ صفت!
جس کے دل میں بغضِ حیدر ہو بھرا ‌ ‌ ‌ اس میں ایماں ہو نہیں سکتا ذرا
اِس جہاں کے لوگ گمراہوں میں ہیں ‌ ‌ ‌ بغض حیدر کے ہوا خواہوں میں ہیں
مت تولائی علیؑ کا ، تو مگر ‌ ‌ ‌ کر تبرا پہلے اُس کے بغض پر

هر کہ خود را دشمن آں یار دید — چشم نابینائی او را چار دید
چار دیدن عکس شیطانی بود — دیدن حق راہ رحمانی بود
ہر کہ او غیر از یکے در کار دید — ہر کجا دید او ہمہ اغیار دید
گر تو نقل از مصطفیٰ داری بیا — غیر یک مذہب کجا باشد روا
مصطفیٰ گفتہ کہ راہ راست رو — از دوئی بگذر بیکتائی گرد
ہست ذاتِ حق تعالیٰ خود یکے — دو ندانم من خدا را بیشکے
زود باشد تا تو اے روباہ نام — خود بجنگ شیر افتی چوں غلام
زود باشد تا تو چوں زینب شوی — چوں نداری رشتۂ ایماں قوی
زینب کذابہ ہم دیں باشدت — یا رضا آں شاہِ دیں کیں باشدت
نقش کینہ از درونِ خود تراش — ورنہ ہستی تو بمعنے بُت تراش
گر ندارد قلب تو پاکی ز آز — بیشک آرندت بدوزخ در گداز
قلب خود را از کدورت پاک ساز — تا ترا گردد نمازے ہر نماز
ہر کہ حبِ مصطفیٰ دارد بدل — پیش ذات حق نباشد او خجل
مہر احمد آنکہ بر دل زد سجل — حُب فرزندانش ہم دارد بدل
ہیچ راضی نیست خود گر او از او — واں کہ باشد مصطفیٰ بیزار از او
در رہِ دینِ نبی مردانہ باش — وز ہمہ یارانِ بد بیگانہ باش
تو بر ارباب معنی را ببیں — دور باش از معنی محمل نشیں
رو تو با درویش دیں صحبت بدار — تا نہندت لوح عرفاں بر کنار
رو تو علم معنی از قرآں بگیر — زانکہ باشد علم قرآں دستگیر
رو تو از معنی ایں مشتے حمار — دور باش و معنی قرآں بیار
رو تو دوری کن ازیں مشتے پلید — شد کلام حق از ایشاں ناپدید
بیں کلیدِ حیلہ شاں اندر بغل — بر حذر می باش ازیں مشتے دغل
راہِ شرعِ مصطفیٰ ویراں کنند — کفر را گیرند و نام ایماں کنند

اس کا دشمن ہو گیا جو بد شعار   دیکھتا ہے ایک بھی اندھا وہ چار
چار بینی ہے اثر شیطان کا   ہے خدا کی راہ، حق بینی سدا
چھوڑ کر جو ایک کو دیکھے اگر   ہر جگہ ہوگی نظر اغیار پر
کیا نہیں ہے یاد، قولِ مصطفےٰ   ٹھیک ہے کب ایک مذہب کے سوا
ہے نبی کا قول، سیدھی راہ چل   ہے کے وحدت اِس دوئی سے تو نکل
ہے خدا کی ذات بھی تو، ایک ہی   ذات میں اُس کی نہیں مطلق دوئی
حیلہ جو اب ہے ذرا عجلت سے کام   تو بھی شیر دل میں پھنسے مثلِ غلام
یا ہو زینب کا سا تیرا حال بھی   رشتۂ ایماں نہیں تیرا قوی
زینب کذابہ کا ہے، ہم خیال   ہے رضا سے دل میں کینے کا وبال
نقشِ کینہ دور کر ہے دل خراش   ورنہ سخنا تو بھی ہوگا بت تراش
گر نہ ہوگی حرص تیرے دِل سے دور   پھر جہنم میں بھی جلنا ہے ضرور
پاک کر دل کو، کدورت سے ذرا   تا کہ حاصل ہو نمازوں میں مزا
الفت احمد ہو جس دل میں بسی   حق سے شرمندہ نہ ہوگا وہ کبھی
اُلفتِ احمد اُسی دل میں ہے ٹھیک   جس میں آلِ مصطفےٰ بھی ہو شریک
اس سے راضی کس طرح کرار ہوں   مصطفےٰ ام جس شخص سے بیزار ہوں
راہِ احمد ہی پہ چل مردانہ وار   اور بُرے لوگوں سے رہ بیگانہ وار
ہو جو اہلِ دل انھیں کے پاس با   دُور اِن ظاہر پرستوں سے ذرا
صحبتیں رکھ مذہبی درویش سے   لوحِ خوفاں تا کہ حاصل ہو تجھے
علمِ معنی سیکھ لے قرآن سے   علمِ قرآں کام آئے گا ترے
اِن گدھوں کی سب یہ باتیں چھوڑ کر   معنیٔ قرآں پہ رکھ اپنی نظر
دُور رہنا اِن پلیدوں سے ذرا   محو کر دیتے ہیں یہ ذکرِ خدا
پاس ہی رکھتے ہیں کنجی مکر کی   ایسے مکاروں سے رہنا دُور ہی
دینِ احمد کرتے ہیں ویراں تمام   کفر کو ایمان کا دیتے ہیں نام

شرع میگوید فرماید چنیں   رائی خود را شرع پندارند و دیں
رو تو کار خود بہ یزداں راست کن   راہ خود در طعنہ مرداں راست کن
رو تو با حق راست گوئی و راست باش   دور باش از خود پسند و خود تراش
رو تو از قاضی بد دوری گزیں   زانکہ میگیرد بہ رشوت از تو دیں
گویدت با من اگر داری تو کار   دین ملا گیر و دین خود گذار
گر تو ایں رہ از رضائی حق زی   شرع در ظاہر شود بر تو قوی
شرع باطن مصطفےٰؐ دارد نہ تو   شرع ظاہر را بگرداں تا بگو
راہ باطل بہرِ دنیائی روی   نیست اسلام تو در معنی قوی
ہست دنیائے پلید و راہزن   حبِ دنیائیت سازد کم ز زن
مفتی آوردہ کتابِ حیلہ را   پر ز رشوت کرد قاضی کیسہ را
خود درس زحمتِ شبہا کنند   روزہا ہم علت شبہا کنند
تا رسد وجہش ز وقفے پُر مدام   ہست اندر مذہب ما ایں حرام
خود نہ آخر ایں حدیثِ مصطفےٰ است   طالب دنیا چو سگ باشد رواست
اے برادر حیلۂ شرعی میار   دست از ایں جیفۂ دنیا بدار
ورنہ از قولِ رسولِ ہاشمی   دورِ گردی از طریقِ مردمی

- [قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلدُّنْيَا جِيفَةٌ وَطَالِبُهَا كِلَابٌ] -

جیفۂ دنیا چو مردار آمدہ   طالب آں کلب کردار آمدہ
بر تو اے ناداں شدہ مردہ حرام   چند گردی گرد مردارے مدام
تخم نیکی کار و نیکی کن درو   تا بری از جملہ دینداراں گرو
گر بترسی تو ز قہرِ ذوالجلال   ہست شیر مادرت بر تو حلال
من ز دُنیائے ندارم یک پشیز   میل ہم از وے ندارم ہیچ چیز
ہرچہ حق گوید ز معنی بشنوم   فارغ و آزاد در کویش روم
تحفۂ دنیا کہ او بس لادہ است   مقتدائی ما طلاقش دادہ است

شرع یوں کہتی ہے بکتے ہیں لعیں — اپنی ذاتی رائے کو سمجھے ہیں دیں
رکھ خدا ہی سے تو اپنا واسطہ — ٹھیک نیکوں کی طرح کر راستہ
حق سے سیدھا واسطہ ہو، بول سچ — خود پسندوں اور خود رایوں سے بچ
حاکمِ بد سے بھی رہنا دُور دُور — رشوتوں سے لے گا تیرا دیں غرور
وہ کہے گا مجھ سے لینا ہو جو کام — لے یہ مذہب، دیں کو اپنے کر سلام"
حق کی خاطر تو، جو یہ رستہ چلا — شرع کے قابو میں پھر آجائے گا
شرعِ باطن تو، نبی کے پاس ہے — شرعِ ظاہر کو تو رکھے کر کے طے
تو ہے دُنیا کے لیے باطل پرست — در حقیقت ہے ترا اسلام پست
راہزنِ دنیا ہے بالکل ہی پلید — کم ہے عورت سے بھی اس کا ہر مرید
مکر حیلے خوب قاضی کرتا ہے — لے کے رشوت اپنی جیبیں بھرتا ہے
مولوی کی ہیں جو شب بیداریاں — رات دن کرتا ہے جو ہشیاریاں
تاکہ پائے وقف سے حصّہ مدام — ہے جو مذہب میں بھرے بالکل حرام
خود حدیثِ مصطفیٰؐ اِس پہ ہے دال — طالبِ دنیا ہے کتّے کی مثال
بھائی! احمد شرع کا بیکار ہے — چھوڑ اِس دنیا کو یہ مردار ہے
ورنہ پھر تو، بھی بقولِ مصطفیٰؐ — آدمیّت سے الگ ہو جائے گا

—[حدیث رسول صلعم کہ دنیا مردار ہے اور اس کے طلبگار کتّے ہیں]—

کہتے ہیں مردار اِس دنیا کو خاص — اِس کے طالب میں ہیں کتّے کے خواص
تجھ پہ اے نادان مردہ ہے حرام — کیونکہ اِس مردار کا سودا ہے خام
تخمِ نیکی بو کے لے نیکی کا پھل — دینداروں میں ہو تیرا بھی محل
ہے اگر خوفِ خدائے ذوالجلال — شیرِ مادر ہوگا پھر تجھ پہ حلال
مالِ دنیا سے نہیں کوڑی بھی پاس — میں نہیں رکھتا ہوں اس سے کوئی آس
حق کا سُنتا ہوں کلامِ معنوی — اور بےفکری سے ہوں اُس کی گلی
ہے یہ دنیا ایک قحبہ بدمذاق — میرے رہبر نے اسے دی ہے طلاق

هر کہ ترک میل دنیائی بداد — دیدۂ معنیٰ بہ بینائی کشاد
گر تو چوں ما ترک دنیائی کنی — مرد گردی ترک رسوائی کنی
من ز مظہر گویم ایں اسرار را — رو تو مظہر خوان و داں عطار را
ہست در وے بس عجائب بیشمار — جوہر از دریائے مظہر خوش برآر
زانکہ ہر مصراع او یک گوہر است — پس ز معنیہائے قرآں جوہر است
من ز بہرت رہ ز جوہر ساختم — واندر آں جوہر بہ مظہر تاختم
تا رسیدم در ولایتہائے عشق — آمد اندر گوش من ہیہائے عشق
ہی ہی عشق من از حیدر بود — زانکہ او در علم احمدؐ در بود
ایں معانی ختم شد بر شاہ من — زانکہ او باشد چو روحم در بدن

{ بیان خاتم بخشیدن حضرت امیر مومنان علیہ السلام بسائل در بین نماز }

حاصلے نیکو خصائے مقبلے — در طریقِ اہلِ حق صاحب دلے
گفت روزے مصطفیؐ با مرتضیٰؑ — در عبارت بود از بہرِ خدا
پیشِ حق احرام بستہ محو بود — گاہ اندر سکر و گہ در صحو بود
در نماز استادہ مستغرق شدہ — گشتہ فانی واصلِ مطلق شدہ
ناگہاں یک سائلے فریاد کرد — از عذاب بینوائی داد کرد
گفت از بہرِ کریم لایزال — تو کرم کن با من درویش حال
زانکہ دارم فقر بیحد در جہاں — تو مرا از فقر و محتاجی رہاں
ہیچکس از خوان تو نومید نیست — غیر را از فضل تو امید نیست
من بتو امید دارم یا امیر — ایں فقیرِ بینوا را دستگیر
پیش بعضے بود سائل جبرئیل — ایں سخن را گرچہ کم دیدم دلیل
بود حیدر در رکوع از بہرِ حق — ناگہاں زو سائلے پیشش نطق
دست جود افشاند تا گہ مرتضیٰ — داد سائل را ز انگشت او عطا
در رکوع او کرد خود ایں سروری — داد در راہِ خدا انگشتری

جس نے اِس دُنیا سے آنکھیں پھیر لیں — اُس کے دل کی آنکھیں روشن ہو گئیں
تو جو میری طرح دُنیا چھوڑ دے — مرد بن جائے فضیحت سے بچے
ہے یہ سب مظہر کے رازوں کا بیاں — پڑھ کے مظہر بن ذرا عطار داں
بیشمار اِس میں عجائب ہیں بھرے — گوہر اِس دریائے مظہر کے تو لے
اِس کا ہر مصرعہ ہے دُرِّ شاہوار — جس کے معنوں سے ہے قرآن آشکار
مَیں نے جوہر سے بنایا راستہ — اور اِس رستہ سے مظہر تک گیا
عشق کی اقلیم میں اتنا بڑھا — عشق کی آتی تھی کانوں میں صدا
عشقِ حیدر میں ہے میری آہ آہ — علمِ احمدؐ کا ہے دروازہ وہ شاہ
ختم اپنے شہ پہ کرتا ہوں بیاں — ہے جو میرے جسم میں مانندِ جاں

—[امیر المومنینؑ کا بحالتِ نماز سائل کو انگشتری بخشنا]—

نیک خصلت صاحبِ دل اک ولی — سالکِ راہِ خدا تھا واقعی
ایک دن کہنے لگا، شاہِ حجاز — تھے علیؑ کے ساتھ مشغولِ نماز
پیشِ حق احرام باندھے محو؎ تھے — سُکر کے تھے حال گویا صحو کے
تھی نماز ایسی نہ کوئی فصل تھا — تھے فنا فی اللہ حق سے وصل تھا
دی کسی سائل نے اتنے میں صدا — تنگدستی کا گلہ کرنے لگا
کہہ رہا تھا، بہرِ خلاقِ کریم — کچھ مدد کیجیے، کہ حالت ہے سقیم
تنگدستی سے ہے اب حالت بُری — دُور کر دیجیے یہ میری مفلسی
جود سے ہے تیرے ہر اک با امید — غیر ہی تجھ سے رہے گا نا امید
لَو لگا رکھی ہے تجھ سے ہی، امیر! — اے فقیرِ بینوا کے دستگیر
تھا بقولِ بعض، سائل جبرئیل — ہے مگر یہ ایک قولِ بے دلیل
تھے رکوعِ حق میں شاہِ اولیا — دی جو سائل نے وہاں آ کر صدا
مرتضیٰؑ کے ہاتھ کو جنبش ہوئی — اور سائل کو ملی انگشتری
یہ سخاوت تھی رکوع کے وقت کی — راہِ مولا میں انگوٹھی بخش دی

؎ محو۔ اصطلاح تصوف میں ایک کیفیت کا نام ہے جو مستی کے بعد طاری ہوتی ہے ۱۲ شاہد

سائل آں تحفہ گرفت و زود رفت   در زیاں آمد و لے با سود رفت
چوں بدستِ سائل افتاد آں نگیں   گفت من دارم سلیمانی ببیں
چوں پیمبر گشت فارغ از نماز   گفت با حیدر کہ ہستی اہلِ راز
ایں کرم خود در جہاں ناید زکس   خود تو باشی خلق را فریاد رس
اندر ایں گفتار بود آں رہنما   جبرئیلؑ آورد از حق انّما

—[اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رَاکِعُوْنَ]—

گفت پیغمبرؐ بیاراں ایں سخن   پیکِ رب العالمین آمد بمن
حیدرِ کرار ایں تحفہ بداد   بر ہمہ خلقِ جہاں فضلش بداد
گشت داخل از یقیں زوج بتول   در ولایت با خداوند و رسول
حاکم و میر و ولیِ خلق شد   در ولا با مصطفےٰ ہم دلق شد
ہر کہ باشد مصطفےٰ او را ولی   پس ولیِؑ او بود بیشک علیؑ
مصطفےٰ چوں ہست ہادیٔ خدا   شد علیؑ ہادیِ شرع مصطفےٰ
غیرِ حق خود نیست با حیدرؑ کسے   او نمودہ راہِ حق با ہر کسے

—[قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کُنْتُ مَعَ الْاَنْبِیَاءِ سِرًّا وَّمَعِیْ جَھْرًا]—

چوں ولایت کرد در عالم ظہور   دید او را موسیٰؑ اندر کوہِ طور
بودہ مخفی با تمامِ انبیا   گشتہ ظاہر با من آں شیرِ خدا
کن بحیدر رشتۂ ایماں درست   بابِ شہرِ علمِ حق او شد نخست
کردہ ام ختمِ نبوت در جہاں   شد براو ختمِ ولایت ایں بداں

—[بیان واقعہ غدیر و نصب امیر مومناں علیہ السلام بخلافت و امامت]—

یک روایت خوب از من گوش کن   جام از ساقیِؑ کوثر نوش کن
نقل دارم از ثقاتِ باصفا   آنکہ روزے حضرتِ خیر الوریٰ
چونکہ او برگشت از حجّ الوداع   در غدیرِ خم مکاں کرد آں مطاع
جبرئیل از حضرتِ عزت رسید   نزل از حضرت بہ پیش او کشید

پا کے یہ تحفہ ، وہ سائل چل دیا — مفلس آیا تھا، غنی ہو کر گیا
یہ نگینہ پا کے سائل نے کہا — دیکھنا! میں بھی سلیماں ہو گیا
کر چکے جب ختم پیغمبر نماز — مُڑ کے حیدر سے کہا، ہو اہلِ راز
ہے سخی تم سا، نہ تم سا دادرس — ہو تمہیں مخلوق کے فریادرس
تھا انہیں باتوں میں یاں وُہ رہنما — لے کے پہنچے حق سے جبریل انما

[فرمان خدا "بیشک تمہارا ولی اللہ اس کا رسول اور ایسے ایماندار ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں اور بحالت رکوع زکوٰۃ دیتے ہیں"]

تب صحابہ سے ہوئے گویا نبیؐ — پیکِ حق آیا تھا میرے پاس ابھی
تھا یہ تحفہ حیدرِ کرار کا — خلق میں وہ سب سے برتر ہو گیا
اِس ولایت میں علیؑ کی ذات بھی — ہے خدا و مصطفےؐ کے ساتھ ہی
ہو گیا سردار و حاکم اور ولی — ہے ولایت میں بھی ہمراہِ نبیؐ
ہیں ولی جس کے محمد مصطفےؐ — بالیقیں اُس کے ولی ہیں مرتضےؑ
ہادیِ حق ہیں محمد مصطفےؐ — ہادیِ دینِ نبی ہیں مرتضےؑ
حق ہمیشہ ہے علیؑ کے ساتھ ساتھ — رہنمائی خلق کی ہے اُس کے ہاتھ

[حدیث رسول صلعم "اے علیؑ تم تمام نبیوں کے ساتھ پوشیدہ رہے مگر میرے ساتھ ظاہر ہو"]

جب ولایت دہر میں ظاہر ہوئی — طور پر موسیٰ نے اُس کی دید کی
ہر نبی کے ساتھ جو مخفی رہا — مجھ کو ظاہر ہیں وہ شیرِ حق ملا
رشتۂ ایماں علیؑ سے ٹھیک کر — شہرِ علمِ حق کا پہلا ہے وہ در
مجھ پہ دُنیا میں نبوت ختم ہے — اور حیدر پر ولایت ختم ہے

[واقعہ غدیر اور اعلان خلافت و امامت جناب امیر]

ایک قصہ خوب ہے سُن لیں تمام — آ کے پی لیں ساقیٔ کوثر سے جام
معتبر لوگوں سے مَیں نے ہے سُنا — ایک دن حضرت محمد مصطفےؐ
حجِ آخر کر کے جب واپس ہوئے — کی غدیرِ خم میں منزل آپ نے
جبرئیل آئے خدا کے پاس سے — اور جو پیغام تھے پہنچا دیے

پیش ادا از پیش حق آورد پیک — آیهٔ یا ایها بلغ الیک
گفت ای اصحاب دارم رازها — رازها را گویم ایندم برملا
هرچه میکردم نهان زاهل وعید — من بگویم چونکه فرمان در رسید

[قال جل وعلا یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک وان لم تفعل فما بلغت رسالته] -

پس نبی فرمود منبر ساختند — از جهاز اشتر افسر ساختند
رفت بر منبر رسول از پردلی — بود همراهش در آن منبر علیؑ
گفت با اصحاب پیغمبر تمام — این کلام خوش ادا و با نظام
باشما ای مردمان باوفا — نیستم اولیٰ تر از نفس شما

[قال النبی یا ایها الناس الست اولیٰ بکم من نفسکم قالوا بلیٰ قال من کنت مولاه فهذا علی مولاه] -

جمله گفتند از طریق بهتری — تو بما از نفس ما اولیٰ تری
گفت هرکس را منم مولای او — پس علی مولای او باشد نکو
حیدر از فرمان رب کائنات — شد ولی بر مومنین و مومنات
هرکه او در دین من باشد درست — مهر حیدر در دلش باشد نخست
هرکرا باشم امیر و پیشوا — بعد من باشد امیرش رهنما
چون مرا دانی نبی از عاقلی — پس بدانی ابن عمم را ولی
چون خطاب آن شه بشیخ وشاداب کرد — روی خود بر جانب اصحاب کرد
چونکه بشناسید حیدر را مقام — نعمت حق بر شما آمد تمام
آورید ایمان بشاه اولیا — حق شود راضی ز اسلام شما
چون شما را مهر او در دل شود — آن زمان دین شما کامل شود

[قال اللہ تبارک تعالیٰ الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا] -

من بگویم انچه مقصود خداست — در نهان و آشکارا عین ماست
من بگویم با تو راز سرپوش — گر همیخواهی که دانی باده نوش
هرکرا من یار حیدر یار اوست — دشمن او سرنگون بردار اوست

حق سے لایا تھا یہی وہ نیک پیک ۔۔۔ اے نبی! پہنچادو مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ
تب صحابا سے یہ حضرت نے کہا ۔۔۔ راز کی باتیں ہیں کچھ سُن لو ذرا
ڈر سے بدعہدوں کے ابتک تھیں نہاں ۔۔۔ حکمِ حق سے کر رہا ہوں اب عیاں

— [حکمِ خدا "اے رسول جو تم پر اُتارا گیا ہے اُسے پہنچادو۔ اگر ایسا نہیں کروگے تو تبلیغِ رسالت میں کوتاہی سمجھی جائےگی"] —

ایک تخت اونچا کجاووں کا بنا ۔۔۔ اُس پہ منبر حسبِ حکمِ احمد سے لگا
زیبِ منبر شوق سے حضرت ہوئے ۔۔۔ مرتضیٰ بھی آپ کے ہمراہ تھے
اپنے سب اصحاب سے کر کے خطاب ۔۔۔ خوش بیانی سے کیا یوں فتح باب
اے گروہِ باوفا و خوش صفات ۔۔۔ تم سے کیا بہتر نہیں ہے میری ذات؟

— [حدیث رسول صلعم "لوگو! کیا میں تم سب سے بہتر نہیں ہوں" سب نے جواب دیا "ہاں" تب فرمایا "جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے"] —

سُن کے تعظیماً دیا سب نے جواب ۔۔۔ "ہم سے افضل ہیں یقینی آنجناب"
تب کہا جس کا ہوں میں مولا و میر ۔۔۔ ہیں علیؑ بھی اُس کے مولا اور امیر
حسب فرمانِ خدا حیدر کی ذات ۔۔۔ ہے ولیِ مومنین و مومنات
ٹھیک میرے دین میں ہوگا وہی ۔۔۔ اُلفتِ حیدر ہو جس دل میں بھری
مَیں ہوں جس کا بھی امیر و پیشوا ۔۔۔ میرے بعد اُس کے علیؑ ہیں رہنما
جب سمجھتے ہو مجھے اپنا نبی ۔۔۔ سمجھو ابنِ عم کو بھی میرے ولی
تھے مخاطب آپ کے اب تک عوام ۔۔۔ اب صحابا سے کیا شہ نے کلام
چونکہ تم سمجھے علیؑ کا اب مقام ۔۔۔ نعمتِ حق بھی ہوئی تم پر تمام
لاؤ ایماں شاہ پر ہے سود مند ۔۔۔ حق کرے گا دین تم سب کا پسند
دِل میں جب اُلفت رہے گی شاہ کی ۔۔۔ ہوگا تب کامل تمہارا دین بھی

— [ارشاد باری "آج میں نے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمتیں بھی تمام کر دیں۔ اب تمہارے دین اسلام کو میں پسند کرتا ہوں"] —

مَیں جو کہتا ہوں ہے مقصودِ خدا ۔۔۔ مدعائے ظاہر و باطن مرا
راز پنہاں کر رہا ہوں بے نقاب ۔۔۔ ہو جو شوقِ آگہی پی یہ شراب
دوست میرا ہے علیؑ کا دوستدار ۔۔۔ اُس کا دشمن ہے ذلیل و شرمسار

هر کرا او شاه شد از من بود — دست او میداں کہ دست من بود
هر کرا او دوست من خود دوستش — دشمنش را از غضب تو پوست کش

-[قال علیہ السلام اللّٰهم وال من والاه و عاد من عاداه وانصر من نصره واخذل من خذله والعن علی من ظلمه]-

چون پیمبر کرد این معنی ادا — دست خود بر داشت از بهر دعا
گفت الهی دوستش را دوست گیر — دشمنانش را بزن بر سینہ تیر
یا الهی دشمنش را خوار کن — منزلش در دوزخ اندر نار کن
هر کہ او را یار باشد یار باش — هر کہ یارش نیست زو بیزار باش
هر کہ بگذارش تو هم بگذاریش — هر کہ بردارد تو هم برداریش
در ولایت چون علیؑ را برگماشت — دست او بگرفت و پیش خود بداشت
چون دو سر بودند اندر یک بدن — هر دو بنمودند از یک پیرهن
لحمک لحمی بیاں کرد از نخست — دمک دمی عیاں کرد او درست
گفت یا اصحاب من مقبل شوید — در مبارکباد او یک دل شوید
جملگی خوشحال گشتند آں زماں — در مبارکباد بگشاده زباں
پس عمر برخاست گفته یا علیؑ — بر سر خلقاں تو گردیدی ولی
هم بقول این شه آخر زماں — گشتی آخر تو امیر مومناں

-[بخٍ بخٍ لک یا ابا الحسن لقد اصبحت مولای و مولا کل مومن و مومنة]-

من ولائی تو بجاں کردم قبول — زانکہ هستی این زماں نور رسول
چون عمر راند این معانی بر زباں — من ندارم از تو این معنی نهاں
گفت بادت این مبارک بوالحسن — کہ شدی مولائی جملہ مرد و زن
چون عمر بوبکر هم اقرار کرد — رو سیہ شد هر کہ او انکار کرد
باطن ایمان ما را روح از اوست — باطن انساں همہ مفتوح از اوست
ریخت پیغمبر بگوشش جملہ در — از محبت جملگی گشتند پر
هر کہ او اقرار کرد ایماں ببرد — هر کہ کرد انکار او خود جاں نبرد

ہے وہ میرا، شاہ جس کا ہو علیؑ — ہے علیؑ کا ہاتھ میرا ہاتھ ہی
دوست میرا، دوستِ شاہِ زمن — اُس کے دشمن قابلِ گردن زدن

—[پھر فرمایا اے اللہ جو علیؑ کو دوست رکھے اُسے تو بھی دوست رکھ جو اُسے دشمن رکھے تو بھی دشمن سمجھ اور جو اسکی مدد کرے اُسکی تو مدد کر بدخواہ کو رسوا اور ظلم کرنیوالے پر لعنت کر]—

ختم جب حضرت یہ خطبہ کر چکے — ہاتھ اُٹھا کر یوں دُعا کرنے لگے
دوست رکھ مالک! تو اس کے دوست کو — دشمنوں کا اِس کے سینہ چاک ہو
یاالٰہی! اس کے دشمن ہوں ذلیل — کر ٹھکانا اُن کا دوزخ میں جلیل
دوستوں کا اِس کے تو غمخوار ہو — دُشمنوں سے اس کے تُو بیزار ہو
جو اِسے چھوڑے اُسے تُو چھوڑ دے — اور اس کے ساتھیوں کا ساتھ دے
کر چکے حیدرؑ کو جب اپنا ولی — پھر بٹھایا اُن کو اپنے پاس ہی
سر تھے دو اور جسم گویا ایک ہو — اس طرح تھے، ایک جامہ میں وہ دو
لحمک بھی تو پہلا تھا بیاں — ہوگیا اب دَمُّک دمّی عیاں
پھر کہا اصحاب سے تم لوگ سب — مرتضیٰؑ کو دو مبارکباد اب
سب ہی خوش تھے جس قدر بھی تھے وہاں — دے رہے تھے سب مبارکبادیاں
بڑھ کے تب بولے عمرؓ بھی اے علیؑ — ہوگئے مخلوق کے تم اب ولی
بربنائے قول ختم المرسلیں — ہوگئے آخر امیر المومنیں

--[قول حضرت عمرؓ اے ابوالحسن مبارک ہو! بیشک تم ہمارے اور تمام مومنین و مومنات کے مولا ہوگئے]—

ہے ولا تیری مجھے دل سے قبول — تیری ہستی بھی تو ہے نُورِ رسولؐ
قول جو حضرت عمرؓ کا تھا وہاں — مَیں نہیں کرتا اُسے تجھ سے نہاں
کہہ رہے تھے ”ہو مبارک بوالحسن — ہوگئے اب تم امیرِ مرد و زن
تھے مقر بوبکرؓ بھی مثلِ عمرؓ — رد سیہ ہے اِس کا منکر بدگہر
رُوحِ باطن ہے مرے ایمان کا — بلکہ اُس کی ہے ضمیر انسان کا
گوہر افشانی سے حضرت کی تمام — تھے محبت میں بھرے سب خاص و عام
جو مقر تھا مِل گیا ایمان سے — ہاتھ دھو بیٹھا تھا منکر جان سے

تو بغفلت عمرِ خود ضائع مکن مشنو از منکر در این معنی سخن
زانکه انکار از خدا دورت کند وز طریقِ مصطفیٰ کورت کند
با ولی اقرار نمودن که چه بر طریقِ کافراں بودن که چه

[قَالَ النَّبِیُّ "اَنَا مَدِیْنَةُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُهَا"]

گر نه گشتی راست بین و راست جو پے نبردی خود براہِ راست تو
در دلِ دانا ز معنی گنج شد در دلِ ناداں معانی رنج شد
گنجہا از گنج او آوردہ ام واندر آں یک جوہرے پروردہ ام
من کلید آں ز مظہر ساختم بابِ آں از مہرِ حیدر ساختم
ہست شہرستان علمِ مصطفیٰ تو بہ مظہر کن در آخر التجا
گر نمیدانی تو شہر و باب را باب حیدر دان و شہرش مصطفیٰ
مصطفیٰ و آل او یک مظہر اند حیدر و اولاد از یک گوہر اند
حب ایشاں دار دایم در ضمیر تا شوی روشن تر از مہرِ منیر
حب ایشاں دار و راہ شرع رو تا کنی در مزرع ایماں درو
حب ایشاں دار و از غم شاد رو جان و ایماں را بجاناں کن گرو
جان جاناں آنکہ او را مصطفیٰ خود شفیع آوردہ است اندر دعا
جانِ جاناں آنکہ در دل نور از اوست دیدہ و جانِ نبی سر در از اوست
جان جاناں آنکہ با او ہل اتیٰ است در بر او خلعتے از انما ست
جان جاناں آنکہ جبریلِ امیں سالہا بودہ است با او ہمنشیں
جان جاناں آنکہ چوں روح است او در حقیقت کشتی نوح است او
جان جاناں آنکہ در دل دیں از اوست صبرِ و آرام دل مسکیں از اوست
جان جاناں آنکہ نامِ او علیست ہم بظاہر ہم بباطن او ولیست
جان جاناں آنکہ او را قدرت است ہم ید اللہ است و عینِ رحمت است
جان جاناں آنکہ علم من از اوست بلکہ خود عطار در معنی ہم اوست

عمر کو غفلت میں تُو ضائع نہ کر — دھیان مت دے منکروں کی بات پر
حق سے کر دے گا تجھے انکار دُور — راہِ احمد سے ہٹا دے گا ضرور
ہے ولی سے کس لئے انکار یہ — کافروں کی سی ہے کیوں رفتار یہ

-[حدیث رسول صلعم "میں شہر علم ہوں اور علیؑ اس کے دروازہ ہیں]-

گر نہ ہو گا راست گو اور راست بیں — تجھ کو راہِ راست مل سکتی نہیں
عقلمندوں کے لئے معنیٰ ہیں گنج — بیوقوفوں کے لئے اسباب رنج
اُس کے مخزن سے خزانے بھر لئے — یہ اُسی کا ہیں ہوں اک جوہر لئے
اُس کی کنجی ہے یہ مظہر بے خبر — حُبِّ حیدرؓ کو بنایا اُس کا در
جس کے شہرِ علم ہیں خود مصطفےٰؐ — جا کے مظہر ہی سے کر، تو، التجا
ہے جو ناواقف تو ہو جا باخبر — مصطفےٰؐ ہیں شہر اور حیدر ہیں در
مصطفےٰؐ و آلِ اطہر ایک ہے — حیدرؓ و اولادِ حیدرؓ ایک ہے
اُن کی اُلفت اپنے دل میں رکھ سدا — مہر سے بڑھ جائے گی تیری ضیا
اُن کی اُلفت لے کے راہِ دیں پہ چل — کشتِ ایماں سے جبھی پائے گا پھل
اُن کی اُلفت لے کے غم سے چھوٹ جا — جان وایماں نذرِ جاناں کر ذرا
جانِ جاناں وہ، کہ خود بھی مصطفےٰؐ — کرتے تھے جس کے وسیلہ سے دُعا
جانِ جاناں وہ، کہ ہے جو دِل کا نُور — چشم و جانِ مصطفےٰؐ کہ ہے سرور
جانِ جاناں حل اتیٰ رکھتا ہے پاس — اِنّما کا بھی وہ پہنے ہے لباس
جانِ جاناں وہ کہ جبریلِ امیں — مدتوں جس کے رہے تھے ہمنشیں
جانِ جاناں وہ کہ ہے جو مثلِ رُوح — درحقیقت ہے وہی کشتیٔ نوح
جانِ جاناں سے مِلا ایمانِ قلب — اُس سے دِل صبر و سکوں کرتا ہے جلب
نام ہے اُس جانِ جاناں کا علیؑ — ظاہر و باطن میں ہے جو اک ولی
جانِ جاناں صاحبِ قدرت بھی ہے — وہ یداللہ بھی ہے اور رحمت بھی ہے
علم سب میرا یہ، علمِ یار ہے — بلکہ باطن میں وہی عطار ہے

جانِ جاناں مرتضیٰ باشد مرا   چوں بدانستی براه او در آ
جانِ جاناں کرده در جانم وطن   آید ایندم بوئی منصوری زمن
بُود منصور آنکه سترا فاش کرد   نقش بود او خویش را نقاش کرد
نقش ایں مظہر ندیده ہیچ کس   دم نگہدار و مزن با کس نفس
من چو جان خویش پنہاں دارمش   درمیانِ جاں چو جاناں دارمش
زانکه مقصودم ز معنی اندر اوست   ہست دریائی که ایں گوہر دراوست
منکه عطارم ز شک برخاستم   نخل معنی از یقیں آراستم
اصل معنی را بگفتستم عیاں   لیک از ارباب معنی شد نہاں
ہست ایں عالم پُر از غوغا و شور   ہر کسے دینے گرفته خود بزور
واندر آں دیں میکنند خلقی خراب   حاصلِ اندیشش بود آخر عذاب
ہر که در دنیائی دوں آلوده شد   او بکفگیر بلا پالوده شد
ہر که او اسرار سبحانی شنفت   در حقیقت راهِ انسانی گرفت
ہر که او با اہلِ معنی یار شد   عارف تحقیق چوں عطار شد
ہر که اسرارِ دلی خواہد شنید   دل ز غیر او ہمی باید برید
آں یکے خانه است جائی دو مکن   تیره دل از نقش غیر او مکن
ہر که او را دل بعهد جابند شد   پیش او اسرار من کے پند شد
ہر که او را دیدهٔ احول بود   در دو عالم کار او مہمل بود
ہر کرا با مصطفیٰ ایماں بود   حب شاہش درمیانِ جاں بود
ہر کرا باشد محمدؐ پیشوا   او علی را داند آخر رہنما
ہر کرا باشد کمال دانشی   زتہا انانشش بود خود پرستشی
ہر کرا گشته سعادت یار او   شہسوار دیں بود سردار او
ہر کرا گر دو سعادت رہنموں   منزل او ہست نیشاپور و توں
ہر کرا باشد سعادت ہمنشیں   خند بسوئے مشہد سلطانِ دیں

مرتضیٰ ہی جانِ جاناں ہے مرا
ہے جو واقف، پھر اُسی رستہ پہ آ

دل کی بستی جانِ جاناں سے بسی
آ رہی ہے مجھ میں بُو منصور کی

مظہرِ اسرار تھا منصور بھی
نقش بن کر ہو گیا نقاش ہی

نقش اِس مظہر کا سب پہ ہے نہاں
چپ ہی رہ، مت کھول تُو اپنی زباں

میں چھپاتا ہوں اسے جاں کی طرح
جان میں رکھتا ہوں جاناں کی طرح

اس میں ہی پنہاں ہے مقصودِ نظر
ہے اِسی دنیا میں یہ میرا گھر

شک نہیں عطار کو اک ذرّہ بھر
نخلِ معنیٰ ہے یقیں سے پُر ثمر

کر دیا میں نے حقیقت کو عیاں
ہے مگر ظاہر پرستوں سے نہاں

ہر طرف دُنیا میں ہے شور و شغب
اپنے جھوٹے دین پر نازاں ہیں سب

عاقبت اپنی یہ کرتے ہیں خراب
ہے نتیجہ ایسے مذہب کا عذاب

جس کی وابستہ ہے دُنیا سے حیات
پھر بلاؤں سے نہیں اُس کو نجات

رازِ سبحانی سے جو آگاہ ہے
بس وہی انسانیت کی راہ ہے

اہلِ باطن سے ہے جس کی دوستی
بن گیا عطار سا کامل ولی

سُننا چاہے جو کوئی رازِ ولی
دل کو وہ غیرِ دل سے رکھے پاک ہی

اک مکاں میں دو مکیں داخل نہ کر
غیر سے، تاریک دل کا گھر نہ کر

سو جگہ جس کا ہو دل اٹکا ہوا
فائدہ دیں گے اُسے یہ راز کیا

ہو جو بھٹکا اور رنج دیکھے تمام
دو جہاں میں اُس کے سب مہمل ہیں کام

مصطفیٰؐ پر جو بھی ایماں لائے گا
دل میں اُلفت شاہ کی بھی پائے گا

جس کسی کے ہوں محمدؐ پیشوا
وہ سمجھ لے گا علیؑ کو رہنما

جس میں زائد ہے سمجھ کا مادّہ
بار بھی اُس پر ہے پرسش کا سوا

نیک بختی جس کا دے دیتی ہے ساتھ
شاہدیں اُس کا پکڑ لیتے ہیں ہاتھ

رہنمائی جس کی خوش بختی کرے
تون و نیشاپور اُس کا گھر بنے

جس کو مل جاتا ہے قسمت سے شرف
وہ چلا آتا ہے مشہد کی طرف

اصلم از تون است و نیشاپور جائی   باشدم در مشہد سلطاں سرائی
گشتہ ام از خادمانِ درگہش   بلکہ گردے ہستم از خاکِ رہش
فخرہا دارد ملک از خادمیش   حورِ جنت یافت راہ محرمیش
در رہ کعبہ کنی بر خود حرج   یک طوافش بہتر از ہفتاد حج

[قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ مَنْ زَارَ وَلَدِیْ بِطُوْسٍ فَکَاَنَّمَا زَارَ بَیْتَ اللّٰہِ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً]

ایں سخن باشد بقولِ مصطفےٰ   طوفِ او ہفتاد حج دارد بہا
ہمچو عطارم کمیں ہندوئی او   مرغِ روحم زائرے در کوئی او
فخرِ من این است کز شہر توام   خادمِ سرگشتہ از بہرِ توام
فخر انساں خود بملک و جاہ نیست   غیر را در پردۂ دل راہ نیست
ہست ایں پردہ میانِ ما و خلق   ورنہ دارم ملکِ معنی زیرِ دلق
اے ترا روئے بہر انساں شدہ   عالمے در روئی تو حیراں شدہ
یا امیر المومنیں ایں بندہ است   از گنہ گاری شدہ شرمندہ است
یا امیر المومنیں عطار سوخت   درمیانِ آتشِ اسرار سوخت
یا امیر المومنیں دستم بگیر   چوں تو باشی دستگیرم یا امیر
بیکسم اے پادشاہِ انس و جاں   دستگیری کن ز پا افتادگاں
گرچہ دورم بر تو دارم التجا   حاجتِ عطارِ مسکیں کن روا
دستگیرِ خلقِ عالم شاہِ ماست   داغِ مہرش بر دلِ آگاہ ماست
دستگیرِ ہر کہ شد انساں شد او   رست از جسم و تمامی جاں شد او
مظہرِ جوہر ز دوناں دور دار   روحِ عطار از تو تا یابد قرار
مظہرِ جوہر ز کانِ ما بود   اندر ایں دنیا نشانِ ما بود
اہلِ دل دانند معنیہائے او   در سرِ مرداں بود سودائے او
اہلِ دل با حق تعالےٰ راز گفت   خود شنید آں رمز و با او باز گفت
اہلِ دل خود ظاہرش را نیک دید   از گلِ بستانِ ظاہر نیک چید

تونؔ و نیشاپور ہیں اصلی مقام | مشہدِ سلطان ہے جائے قیام
مَیں تو اُس کا خادمِ درگاہ ہوں | بلکہ سچ پوچھو تو، خاکِ راہ ہوں
اُس کی خدمت پر فرشتوں کو ہے ناز | اُس سے حوروں کو مِلا ہے امتیاز
حج کی تکلیفوں سے رکھ خود کو معاف | بڑھ کے ستّر حج سے ہے اُس کا طواف

—[حدیث رسول صلعم "جس نے طوس میں میرے لڑکے کی زیارت کی اس نے گویا ستر مرتبہ بیت اللہ کی زیارت کی"]—

قولِ احمد سے ہوا یہ انکشاف | مثلِ ستّر حج کے ہے اُس کا طواف
اُس کا یہ عطار ہے ادنیٰ غلام | مرغِ جاں ہے زائرِ کوئے امام
ہموطن تیرا ہوں اِس پر ناز ہے | تیرا خادم ہوں یہی اعزاز ہے
فخر کے قابل نہیں یہ ملک و جاہ | پردۂ دل میں نہیں غیرِ دل کو راہ
خلق میں اور مجھ میں پردہ ہے یہی | ورنہ گدڑی میں ہے ملکِ معنوی
ہے، ہر اک انسان کا تو ہی امام | تک رہے ہیں تجھ کو حیرت سے تمام
اے امیر المومنیں یہ خاکسار | ہے گنہگاری پہ اپنی شرمسار
جل گیا عطار امیر المومنیں | آتشِ اسرار کا ہے ہمنشیں
ہاتھ میرا تھام لے میرے امیر | کون ہے تیرے سوا اب دستگیر
بادشاہِ انس و جاں! مَیں ہوں نڈھال | ہے مدد کا وقت، گرتوں کو سنبھال
دُور ہوں، پھر بھی ہے تجھ سے التجا | کر ذرا عطار کی حاجت روا
دستگیرِ خلق ہے میرا وہ شاہ | داغ کی صورت ہے دل میں اُس کی چاہ
اُس نے کی جس کی مدد انساں بنا | جسم سے چھوٹا مجسم جاں بنا
مظہر و جوہر کمینوں کو نہ دے | روح کو عطار کی راحت ملے
مظہر و جوہر ہیں میرے ہی بیاں | ہیں یہ اِس دُنیا میں میرے ہی نشاں
اِن کے معنوں سے ہیں واقف اہلِ دل | ان کے سودائی ہیں عارف مستقل
اہلِ دل حق سے کہا کرتے ہیں راز | اور کرتے ہیں اُسی سے ساز باز
اہلِ دل ظاہر میں بھی ہیں خوش نظر | پھول وہ چنتے ہیں، جو ہوں خوب تر

اے شدہ در ملکِ معنی پائیدار ۔۔۔ رایتِ معنی ہمیا بر پائے دار
ہست احمق دور از معنی دل ۔۔۔ ہمچو حیواں در فتادہ او بگل
اہلِ دل دارند جامِ معرفت ۔۔۔ تو کجا یابی مقامِ معرفت
اہلِ دل دارند سرِّ یارِ من ۔۔۔ آنکہ در جان است بود و تارِ من
اہلِ دل داند حقیقت را تمام ۔۔۔ تو چہ میدانی کہ ہستی از عوام
اہلِ دل گویند راز دل بدل ۔۔۔ چون ندانستی شوی پیشم خجل
گر ہمی خواہی کہ اہلِ دل شوی ۔۔۔ ہمچو عطار اندر ایں منزل شوی
کن مقام و منزلِ سلماں طلب ۔۔۔ تا بیابی سرِّ معنی بے سبب
ہر کہ او را حالِ سلمانی بود ۔۔۔ بر سرِ او تاجِ سلطانی بود
ہمچو سلماں چوں اباذر راہ یافت ۔۔۔ معنی عرفانِ دل از شاہ یافت

[تربیت نمودن بطلب ہدایت و بیان آنکہ مراد از کلمہ التعظیم لامر اللہ فرمان بران امر ولایت امیر است و تعظیم نمودن آں شفقت نمودن بر خلق بر تعلیم آں]

اے پسر گویم ترا آثارِ خیر ۔۔۔ تا بیابی بہرہٗ در کارِ خیر
چند چیزے کن بمعنی اختیار ۔۔۔ تا دہندت جامِ معنی صد ہزار
اولاً ترس از خدا باید ترا ۔۔۔ تا سعادتہا سزا باشد ترا
دومین بر خلقِ عالم رحم کن ۔۔۔ زانکہ پیغمبر بما گفت ایں سخن
امرِ حق را تو بسے تعظیم کن ۔۔۔ خلق را کن شفقت و تعلیم کن

[قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَلتَّعْظِیْمُ لِاَمْرِ اللّٰہِ وَالشَّفْقَۃُ عَلٰی خَلْقِ اللّٰہِ]

امرِ حق چبود مطیعِ شہ شدن ۔۔۔ با مطیعانِ دلی ہمرہ شدن
از اولوالامر ار کنی فرماں قبول ۔۔۔ ہم کنی از حق اطاعت ہم رسول
بعد ازاں از جاں طلب کن راہ را ۔۔۔ واندراں رہ میطلب تو شاہ را
تاکہ ایمانت شود محکم از او ۔۔۔ مہرِ او میدار در جانت نکو
جانِ خود آمیز با مہرش نکو ۔۔۔ تا در آید در میانِ جانت او

ملکِ معنیٰ میں ہے تو بھی ارجمند — معنوی جھنڈا ذرا کر دے بلند
معنیٔ دل سے ہے احمق بے خبر — ہے وہ دلدل کا پھنسا اک جانور
اہلِ دل رکھتے ہیں جامِ معرفت — پائے تو، کیسے مقامِ معرفت
اہلِ دل اُس یار کے ہیں رازدار — جس سے قائم ہے مری یہ جانِ زار
اہلِ دل پر سب حقیقت ہے عیاں — تو عوامی اس کو سمجھے گا کہاں
اہلِ دل کہتے ہیں دل سے رازِ دل — جہل کے باعث ہے تو مجھ سے خجل
اہلِ دل بننے کی خواہش ہو اگر — اور نظر ہو منزلِ عطار پر
کر مقام و منزلِ سلماں طلب — رازِ معنی بھی ملیں گے سب کے سب
حالِ سلماں سے جو ہوگا بہرہ ور — تاجِ شاہی ہوگا اُس کے زیبِ سر
جب ابوذر بن گئے سلمان سے — معنیٔ عرفانِ دل شہ سے ملے

[ترغیب حصول ہدایت اور بیان تعظیم امر اللہ جس سے ولایت جناب امیر مراد ہے اسی میں شفقت و تعلیمِ خلق بھی داخل ہے]

نیکیوں کا ذکر کرتا ہوں پسر — تو بھی کارِ خیر سے ہو بہرہ ور
چند چیزیں گر کرے گا اختیار — پائے گا جامِ حقیقت سو ہزار
سب سے پہلے تو خدا کا خوف کر — تاکہ حاصل ہو سعادت کا ثمر
دوسرے مخلوق پر ہو مہرباں — ہے یہی حکمِ رسولِ دوجہاں
امرِ حق پر سر جھکا تعظیم سے — خلق پر ہو مہرباں تعلیم دے

[فرمانِ رسولؐ امرِ حق کی تعظیم کرنا چاہئے اور مخلوقِ خدا سے مہربانی کا برتاؤ]

امرِ حق کیا ہے اطاعت شاہ کی — اور اُس کے پیرووں کی دوستی
کر اطاعت صاحبانِ امر کی — ہے نبیؐ اور حق کی طاعت بھی یہی
پھر دل و جاں سے بنا اک راہ تو — کر اسی رستہ میں شہ کی جستجو
رکھ محبت اُس کی دل میں خوب ہی — جس سے ہو ایمان تیرا بھی قوی
اُس کی اُلفت میں فنا ہو اِس قدر — تیری جاں میں ہو وہی وہ جلوہ گر

دیگرے آں کز میانِ خلق رو ‌ ‌ ‌ گوشہ گیرد درونِ دلق رو
چوں بیابی سترِ ما سر پوش باش ‌ ‌ ‌ درمیانِ عاشقاں می نوش باش
رو چو عطار و قناعت پیشہ کن ‌ ‌ ‌ درمیانِ مظہرم اندیشہ کن
زادِ راہست ہرچہ باشد غیر ازیں ‌ ‌ ‌ دشمناں باشند و دارند کیں
اے برادر اہلِ دنیا را ببیں ‌ ‌ ‌ زانکہ ایشانند گمراہانِ دیں
تو بہر درویشِ عارف باش یار ‌ ‌ ‌ گاہ گاہے جوہرم را پیش آر
چوں بہ بینی جوہرِ ذاتم چناں ‌ ‌ ‌ اندر آئی درمیانِ سالکاں
دُر ز بحرِ دل در آرم بیشمار ‌ ‌ ‌ گر تو ہیچو ئیش رو جوہر بیار
ہر درے زیں گوشوارِ عالمی است ‌ ‌ ‌ ہر کہ ایں را گوش دارد آدمی است
فکر و ذکرِ خویش را صافی بساز ‌ ‌ ‌ جہد فرما آنچہ اندر نماز
از طعامِ بد بہ پرہیز اے پسر ‌ ‌ ‌ ہیچو دو کم باش خونریز اے پسر
نفس را از روزہ اندر بند دار ‌ ‌ ‌ مرد را از لقمۂ نور سند دار
روزۂ مہیدار چوں مردان مرد ‌ ‌ ‌ نفسِ خود را از ہمہ مہیدار فرد
نی ہمیں از اکل او را باز دار ‌ ‌ ‌ بلکہ نگذارش بفکرِ ہیچکار
ذکرِ حق باشد تمامی کارِ او ‌ ‌ ‌ ورنہ از خوردن نباشد عارِ او
درمیانِ اہلِ معنی کن حضور ‌ ‌ ‌ زانکہ ایشانند چوں دریائے نور
گر تو اہلِ فضل را نشناختی ‌ ‌ ‌ دین و دنیا را بیک جو باختی
رو معانی داں شو و اسرار خواں ‌ ‌ ‌ تا شوی در ملکِ معنی جانِ جاں
نقطۂ بابِ ولایت را طلب ‌ ‌ ‌ دانکہ از وے ہدایت را طلب
گر نباشتی بعالم راہبر ‌ ‌ ‌ کی فرستادے رسولِ باخبر
انبیا را اولیا باشد وصی ‌ ‌ ‌ اولیا را اصفیا باشد صفی
اولیا و انبیا لطفِ حق اند ‌ ‌ ‌ درحقیقت جملہ حقِ مطلق اند
انبیا را خود دلی باید مبیں ‌ ‌ ‌ تا بگوید علمِ معنی را یقیں

خلق کے جنجال سے خود کو نکال
گوشۂ تنہائی لے گدڑی سنبھال

راز جب مل جائیں، ہو جا رازدار
عاشقوں میں رل کے بن جا بادہ خوار

بن قناعت پیشہ تو عطار سا
میرے مظہر پر توجہ دے ذرا

ہے بجز اس کے اگر کچھ زادِ راہ
تاک میں اس کے ہیں دشمن روسیاہ

بھائی دُنیا دار پر مت کر نظر
ہیں یہ سب گمراہ، دیں سے بیخبر

عارف و درویش سے رکھ رسم و راہ
ہو کبھی جوہر پہ میرے بھی نگاہ

جب مرا جوہر نظر آ جائے گا
سالکوں میں تو جگہ پا جائے گا

بحرِ دل کے اس میں موتی ہیں بھرے
ہے اگر خواہش تو یہ جوہر سے لے

گوشوارے ہیں زمانے کے یہ دُر
آدمی بن جائے، جو پائے یہ گُر

کر لے فکر و ذکر اپنا صاف پاک
پھر نمازوں میں بڑھا دے انہماک

ہو غذا تیری سدا اکلِ حلال
کر نہ خونریزی درندوں کی مثال

رکھ کے روزے نفس کو قابو میں کر
اور جو بھوکے ہوں اُن کا پیٹ بھر

ہوں ترے روزے یہ مردوں کی مثال
فرد بن کر، خود میں پیدا کر کمال

یہ نہیں مطلب کہ کھانا چھوڑ دے
بلکہ اُس سے دل لگانا چھوڑ دے

تا کہ بے کھٹکے ہو ذکرِ بے نیاز
ورنہ کھانے سے نہیں کچھ احتراز

اہلِ معنیٰ سے رہے صحبت ضرور
کیونکہ ہیں یہ ہستیاں دریائے نُور

رہ گیا غافل جو اہلِ فضل سے
دین و دنیا ہاتھ سے دونوں گئے

رکھ نظر معنیٰ پہ ہو جا رازداں
ملکِ معنیٰ میں بنے گا جانِ جاں

نقطۂ بابِ ولایت کر طلب
اور اسی سے تو ہدایت کر طلب

گر نہ تھی مقصود سب کی رہبری
آئے کیوں دنیا میں پھر اتنے نبی

انبیا کے اولیا ہیں جانشیں
اولیا کے اصفیا ہیں جانشیں

اولیا اور انبیا ہیں لطفِ رب
درحقیقت حقِّ مطلق ہیں یہ سب

ہے دلی، لازم نبیوں کے لئے
علمِ معنیٰ جو بیاں کرتا رہے

گر تو بے ایشاں روی رہ اے پسر　　از حقیقت خود کجا یابی خبر
گر نیابی تو ولی را در جہاں　　روز مظہر جوئی تا گوید عیاں
ہر چہ ایشاں گفتہ اند آنرا شنو　　ہر چہ کردند اے پسر با آں گرد
تا رسی بر انچہ مقصودت بود　　خود بیابی انچہ مطلوبت بود
بہرہ کی یابی ولے زیں کار تو　　زانکہ میجوئی بسی اسرار تو
ہر کہ آزارِ کسے دارد بدل　　پیش مرداں باشد او دائم خجل
جانت از مہرِ علی آباد کن　　خاطرت از بارِ غم آزاد کن

[سوال نمودن شیخ نجم الدین کبریٰ سبب مخالفت معاویہ ابن ابی سفیان وبیان نمودن آنرا]

خواجۂ کبریٰ بما ہمخانہ بود　　وز طریقِ ناقصاں بیگانہ بود
علم معنی از وجودش ہمچو نور　　شعلہ میزد ہمچو نور کوہِ طور
یک شبے در پیش من آں بحرِ راز　　از حکایاتِ شہاں میگفت باز
از احادیثِ نبی و از علوم　　وز حکایات شہ ہرمز بوم
گفتگوی بود خوشش مارا بہم　　از مقامات صحابا بیش و کم
گفتمش از حربِ صفیں گو سخن　　یا ز حربِ نہرواں ہم یاد کن
چون امیر المومنین آن قتلِ عام　　کرد و گفتا خود منم نص کلام
چوں کلام اللہ را بر چوب دید　　کرد با اصحابِ خود گفت و شنید
کہ شمارا خود طبیبِ حاذقم　　آں کلامِ صامت و من ناطقم
صد ہزاراں تن ز تیغش بیجاں شدہ　　ذو الفقارِ شاہ خونریزاں شدہ
ایں چنیں قتلے ندانم بہرِ چیست　　پورِ بوسفیاں بگو بر دین کیست
گفت او با من کہ گویم سرِ ایں　　گوشِ خود را سوی من دار اے امیں
چونکہ فاروق از جہل بیروں شتافت　　حکم در ایام ذو النورین یافت
گفت با او چوں تو ہستی خویش بیں　　دائما خواہی کہ باشی پیش بیں
بے تو ملکِ شام ویراں میشود　　بر طریقِ قومِ ہاماں میشود

تو بغیر ان کے چلے گر راہ پر
کس طرح ہو گی حقیقت کی خبر

گر نہ دُنیا میں ولی ڈھونڈے ملے
پُوچھ مظہر سے بتا دے گا تجھے

سُن ذرا جو کچھ اُنھوں نے ہے کہا
کر وہی جو کچھ اُنھوں نے ہے کِیا

اپنے مقصد تک پہنچ جائے گا تُو
جو ترا مطلوب ہے پائے گا تُو

تجھ کو اس سے فائدہ پہنچے گا کیا
راز جوئی کی نہ ہو جب انتہا

خلق کا آزار جس کا ہو شعار
عارفوں میں وہ رہے گا شرمسار

الفتِ حیدر سے جاں آباد کر
بارِ غم سے اپنا دِل آزاد کر

[امیر معاویہ بن ابی سفیان کی مخالفت کے متعلق شیخ نجم الدین کبریٰ سے سوال اور اس کا بیان]

خواجہ کبریٰ تھے مرے گھر میں مقیم
نقص سے تھا پاک وہ مردِ حکیم

اس کے دم سے عِلمِ باطن میں تھا نُور
شعلہ زن تھا جیسے نورِ کوہِ طُور

ایک شب وہ رازدارِ باکمال
بادشاہوں کے بیاں کرتا تھا حال

تھا حدیث و عِلم پر جاری کلام
اور شاہوں کے بھی قصّے تھے تمام

گفتگو دلچسپ تھی با غور و فکر
تھا صحابا کے مدارج کا بھی ذِکر

مَیں نے پوچھا "ہاں وہ کیا ہے داستاں"
جنگِ صفیں تھی کہ جنگِ نہرواں

جب کہ حیدر نے کیا تھا قتلِ عام
اور کہا تھا میں ہوں خود نصّ کلام

دیکھ کر نیزوں پہ قرآں کو بلند
کہہ رہے تھے سب سے شہ ازراہِ پند

مَیں تمھارا ہوں طبیبِ رازداں
مَیں ہوں ناطق ہے یہ قرآں بےزباں

سیکڑوں بے سر ہوئے بےجاں ہزار
خوں فشانی کر رہی تھی ذوالفقار

کیوں یہ قتلِ عام تھا کچھ ہے خبر؟
پورِ بوسفیاں تھا کس کے دین پر؟

باخبر بولا، بتاتا ہوں یہ راز
غور سے سننا مگر عرض نیاز

جبکہ فاروق اس جہاں سے اُٹھ گئے
اور خلیفہ حضرتِ عثماں ہوئے

اس سے وہ بولے کہ "تُو ہے خویش ہیں
اس لیے لازم ہے بننا پیش بیں

بے ترے ویران ہو گا مُلکِ شام
قوم ہاماں کی طرح ہو گا تمام

بایدت رفتن بشام و عدل کرد / مال دنیا را سراسر بذل کرد
پس بدستِ خویش منشورش نوشت / کرد لازم حکمِ او بر خوب و زشت
او گرفت آں حکم و شد تا حدِ شام / زیرِ حکمِ آورد مردم را تمام
گاه گاہے از ضرورت ظلم کرد / بر ہمہ اربابِ دولت ظلم کرد
چوں شنید او بارہا آں ظلم و داد / او تغافل کرد و داد کس نداد
عاقبت از ظلم و جورِ آں پلید / گشت ذوالنورین کشتہ روزِ عید
مردماں کردند سعیِ قتلِ او / ہیچکس حاضر نشد در غسلِ او
پورِ صدیق آمده با او بجنگ / بر سرِ او بدرہا میریخت سنگ
پورِ مالک ہم بایشاں یار شد / زانکہ از کردارِ او بیزار شد
ایں خبر چوں پورِ بوسفیاں شنید / گفت واویلا خلیفہ شد شہید
زیں خبر صبح نشاطش شام شد / ظلم پیشہ کرد و بے آرام شد
پس تفحص کرد کایں غوغا کہ کرد / با خلیفہ ایں چنیں سودا کہ کرد
مردماں گفتند کز دفع گزند / جملہ از قہرش ز اطراف آمدند
واں ہمہ در پیشِ حیدر رفتہ اند / بر رہِ سلمان و بوذر رفتہ اند
جملہ را با او شده بیعت درست / گوئیا ایں نخل از آں باغ رست
چوں ہمہ در بیعتِ شاه آمدند / از ہمہ راہے بیک راه آمدند
او ورا از شام و روم عزل کرد / ہرچہ بود از مال جملہ بذل کرد
مملکت را حکم با عباس داد / بر ہمہ اقرانِ خود فضلش نہاد
بہرِ ملکِ شام منشور او گرفت / حکمِ ہر نزدیک و ہر دور او گرفت
پورِ سفیاں لشکرے را عرض کرد / بہرِ لشکر بس یراقے فرض کرد
کرد شخصے را سوئے حیدر رواں / گفت رو ایں نامہ را باد رساں
گفت دارم خونِ عثماں را طلب / تاکہ کرده قتلِ او را بی سبب
قاتلاں ہستند پیشت ایں زماں / جانبِ من زود شاں بفرست ہاں

شام میں جا کر ذرا انصاف کر — مالِ دنیا خرچ کر مخلوق پر
پھر اُسے فرمان بھی لکھ کر دیا — جملہ نیک و بد پہ حاکم کر دیا
لے کے وہ فرمان پہنچا ملکِ شام — حکم کے بندے بنے سب خاص و عام
ظلم کا خوگر ہوا وہ بیش و کم — ذی اثر سارے بنے مشقِ ستم
بارہا اُس نے سُنا یہ ظلم و جور — پر، تغافل سے کیا اس پر نہ غور
آخر اس کے ظلم کا یہ پھل مِلا — عید کے دن خونِ عثماں کا بہا
قتل کی کوشش میں تھے سب پیش پیش — پر، جنازے پر نہ بیگانے نہ خویش
تھے شریک ان میں پسرِ صدیق کے — مارتے تھے سر پہ پتھر دُور سے
ابنِ مالک بھی انھیں میں جا ملے — یہ بھی اس کے فعل سے بیزار تھے
اس خبر کو سُن کے بولا بو یزید — کر دیا، ہے ہے خلیفہ کو شہید
بن گئی صبحِ نشاط اب شامِ غم — اُڑ گئی راحت، بڑھا ظلم و ستم
جب یہ پُوچھا حادثہ کیسے ہُوا — ارتکاب اس جرم کا کِس نے کِیا
لوگ بولے، ہے بظاہر یہ سبب — جب نہ پائی داد چڑھ دوڑے وہ سب
پھر علی کے پاس وہ سب آ گئے — بوذر و سلماں کے رستہ پر چلے
شاہ کی بیعت میں سب داخل ہوئے — نخل یہ پیدا ہوا اس باغ سے
مِل گیا بیعت سے ان کو یہ ثمر — منتشر تھے، آ گئے اک راہ پر
شام سے معزول اس کو، کر دیا — اور محتاجوں کو، مال و زر دِیا
کر دیا عباس کو پھر میرِ شام — اپنے ہمعصروں میں پایا احترام
شام کا پروانہ اس کو مِل گیا — دُور اور نزدیک پر حاکم ہُوا
ابنِ سفیاں نے کِیا عسکر درست — کِیل کانٹے سے کِیا لشکر درست
پھر علی کے پاس بھیجا نامہ بر — اور کہا یہ خط مرا لے جا اُدھر
کر رہا ہوں خونِ عثماں میں طلب — قتل یہ کس نے کِیا ہے بے سبب
اس کے قاتل ہیں ابھی تک تیرے پاس — بھیج دے فوراً انھیں تو میرے پاس

تا از ایشاں من کنم تحقیق آں / ورنہ ریزد خونِ خلقے در جہاں
پس ہمی گفتند از ہر مرد و زن / جملگی با پورِ سفیاں ایں سخن
کہ علی صد بار با ایشاں بگفت / باہمہ در آشکارا و نہفت
کہ باو دم کم زنید از ہر کجی / گشتہ ذوالنورین بامن ملتجی
گر باو دیگر عداوت میکنید / خویشتن را زود گردن میزنید
ترک کردند آں جماعت چند روز / چونکہ بیروں رفت شاہِ دلفروز
کارِ خود کردند و شہ حاضر نبود / ایں چنیں قتلے بکس ظاہر نبود
شاہ ہم اندر جواب نامہ گفت / کائ شدہ با مکر و با ہر حیلہ جفت
گر تو اندر قتل او داری سخن / ساز دارالعدل و تحقیقے بکن
زود حاضر شو بپرس از حال او / وز عناد غلق و قیل و قال او
قتل او را تا سبب ظاہر شود / ہر کہ باشد قاتلش حاضر شود
چوں بر او ثابت شود آں حال دکار / او قصاص آں بیابد در کنار
از امیر المومنیں چوں ایں شنفت / پور بوسفیاں جواب خوش بگفت
گفت من خود حاکمم بر اہلِ شام / متفق باشند بامن خاص و عام
گفت آں دم چوں علم را برفراشت / حاکم اندر شہر کوُ خواہم گزاشت
حکم نشنید از امیر مومناں / او فتاد اندر خطا یک چند آں
کرد در دیں چوں خلاف آں ہیچیا / گشت واقع لاجرم آں حربہا
ایں سخن را چوں بیاں کرد ایں چنیں / گفتم اے کبریٰ چہ میگوئی در ایں
گفت از من بشنو اے طالب عیاں / ایں حکایت را کہ من سازم بیاں
من زلبِ خود شنیدم ایں سخن / کو بمن گفت ایں معانی فہم کن
شافعی ہم گفتہ زیں معنی تمام / وایں سخن خاص است در عالم نہ عام

-[عقد اخوّت مصطفیٰؐ با مرتضیٰؑ]-

گفت روزے مصطفیٰؐ اصحاب را / عقد می فرمود باہم در اخا

تاکہ میں تحقیق خود اس کی کروں
ورنہ پھر ہوگا یقینی کشت وخوں

مرد و زن جتنے تھے بولے وہ تمام
ابنِ سفیاں سے کیا سب نے کلام

ان کو خود حیدرؑ نے بھی سمجھایا تھا
ظاہر و باطن میں سب سے تھا کہا

اُس سے کج خلقی نہ تم کرنا ذرا
مجھ سے یہ عثماں نے کی ہے التجا

تم اگر اُس سے کروگے دُشمنی
اس میں جائے گی تمہاری جان بھی

کچھ دنوں تک لوگ وہ سب چپ رہے
ایک دن حیدرؑ کہیں باہر گئے

شہ کی غیبت میں وہ کر گُزرے تمام
بیخبر تھے قتل سے بالکل عوام

شہ نے بھی لکھا اُسے پھر یہ جواب
مکر و حیلہ سے کیا تُو نے خطاب

قتل میں تجھ کو ہے کچھ بھی شک اگر
پھر کھُلے اجلاس میں تحقیق کر

جلد آکر پُوچھ لے سب واقعات
دشمنی خلق کی یہ واردات

تاکہ ظاہر ہو سبب اس قتل کا
ہوگا جو قاتل بُلایا جائے گا

قتل کا الزام اگر ثابت ہُوا
پائے گا قاتل ضرور اس کی سزا

سُن کے حیدرؑ کا جواب آگہی
ابنِ بُوسفیاں نے بات اچھی کہی

ہیں مرے محکوم خود یہ اہلِ شام
ہمنوا میرے ہیں سارے خاص وعام

جنگ کرنے کے لیے اُٹھوں گا جب
شہر میں حاکم کوئی چھوڑوں گا کب

حکم حیدرؑ سے وہ بالکل پھر گیا
اور خطاؤں میں سراسر گھر گیا

اُس لعیں نے دیں میں ڈالا اختلاف
اس سبب سے تھیں ضروری یہ مصاف

مجھ سے جب کبریٰ نے یہ قصہ کہا
مَیں نے پُوچھا، ہے تمہاری رائے کیا

تب کہا، اچھا عیاں کرتا ہوں مَیں
یہ حکایت بھی بیاں کرتا ہوں مَیں

باپ سے مَیں نے سُنا تھا یہ کلام
اُس نے ہی باتیں کہی تھیں یہ تمام

شافعی کا بھی ہے، ایسا ہی کلام
بات بالکل خاص ہے، سمجھو نہ عام

[مصطفےٰؐ و مرتضےٰؑ کا بھائی چارہ]

نقل ہے اِک دن محمدؐ مصطفےٰؐ
بھائی چارہ کرتے تھے اصحاب کا

گفت او بایکدگر یاری کنید ... خود بہم عہدِ وفاداری کنید
چوں شوم من یارتاں حق یار شد ... از بدیہائے شما بیزار شد
گفت اے صدیق ہستی یار من ... در معانی بودہ یار غار من
گفت با فاروق کاے جست آمدہ ... در طریق شرع من رست آمدہ
ہر کرا بایک دِگر بیعت بداد ... پس برادر کردشان و عہد داد
پس بہ ذوالنوّرین گفت اے بوالحیا ... کاتب وحی منی پیشم بیا
پس بہ ابن عوف او را عقد داد ... جملہ را بایک دگر دادے و داد
دو بدو بایک دگر شاں عقد داد ... می شدند از صحبتِ ہم جملہ شاد
جملۂ اصحاب کردندے خروش ... بود اندر گوشۂ حیدرؔ خموش
گفت با او مصطفےٰ گو حال گو ... خود چنیں ساکت چرائی اے نکو
گفت مارا یا نبی المرسلیں ... تا بکے تنہا گزاری ایں چنیں
جملگی گشتند باہم ہم نشیں ... من شدہ در گوشۂ تنہا چنیں
گفت اے نورِ ولایت در نہاں ... جبرئیل آمد بگفتا کن چناں
بعد از آں گفت اے تو محبوب اکمؔ ... بند خود عقد اخوّت را بشاہ
زانکہ حق ایں عقد را در عرش بست ... اے سرِ ہر سروَرے پیش تو پست
جملۂ کرّوبیاں حاضر بدند ... ماہ و خورشید اندر آں ناظر بدند
حوریاں خود جملہ جان افشاں شدند ... در رخ ایں ہر دو شہ حیراں شدند
پس نبی دست علیؑ را چوں گرفت ... صیغۂ عقدِ اخوّت را بگفت
بعد ازاں گفتہ کہ شو فارغ زغم ... ما چو موساؑ و چوں ہاروں بہم

[قَالَ اَنْتَ اَخِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَ اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی]

پس مبارک گفت احمد شاہ را ... کرد آں خورشید روشن ماہ را
ہر دو ہمچو ماہ و خور تاباں شدند ... ہمچو انجم دیگراں پنہاں شدند
از جبینہا گرد رفتند آں ہمہ ... پس مبارکباد گفتند آں ہمہ

سب صحابا سے یہ حضرت نے کہا
بن کے بھائی تم کرو عہدِ وفا

میری یاری سے خدا بھی یار ہے
اور بُری باتوں سے وہ بیزار ہے

تب کہا صدیق سے اے غمگسار
در حقیقت تم ہو میرے یارِ غار

اور اے فاروق! ہو تم ہوشیار
ہو شریعت میں بھی میری ہونہار

دونوں کو آپس کی بیعت میں دِیا
بھائی بنوایا، ہُوا عہدِ وفا

پھر ہُوا ارشاد ذوالنورین سے
آؤ آگے، تم ہو کاتب وحی کے

ان کو ابنِ عوف کا بھائی کیا
یوں ہی سب کا بھائی چارہ کردیا

کرکے دو دو سب کو ہم رشتہ کیا
اِس اُخوّت سے ہر اک مسرور تھا

شاد تھے اصحاب پاکر یہ شرف
تھے علیؑ خاموش بیٹھے اک طرف

اب کیا حضرت نے حیدرؑ سے سوال
اس قدر خاموش کیوں ہو خوشخصال

شاہ بولے، اے نبیّ المرسلیں
چھوڑ دیں گے کیا مجھے تنہا یونہیں

سب تو اپنے دوستوں کے ساتھ ہیں
گوشۂ تنہائی میں بیٹھا ہوں میں

بولے حضرت شہ سے جو کچھ یہ ہُوا
لائے تھے جبریل یہ حُکمِ خدا

حُکم ہے خالق کا یہ محبوب کو
تم علیؑ سے بھائی چارہ خود کرو

عرش پر خود حق نے باندھا ہے یہ بند
تیرے آگے پست ہے ہر اک بلند

تھے فرشتے سب کے سب حاضر وہاں
مہر و مہ بھی دیکھتے تھے یہ سماں

جاں نچھاور کرتی تھیں حُوریں تمام
تکتی تھیں حیرت سے دونوں کو مدام

تھام کر احمدؐ نے دستِ مرتضےٰ
صیغۂ عقدِ اُخوّت خود پڑھا

اور کہا اب چھوڑ دو رنج و ملال
ہے یہاں ہارون و موسےٰ کی مثال

[حدیثِ رسولؐ "اے علیؑ! دنیا و آخرت میں تم میرے بھائی ہو اور مجھ میں اور تم میں وہی تعلق ہے جو ہارونؑ و موسیٰؑ میں تھا]

شہ کو احمدؐ نے مبارک باد دی
چاند نے سُورج سے پائی روشنی

چمکے جب یہ دونوں سُورج اور چاند
جو ستارے تھے ہوئے بالکل ہی ماند

پاک کرکے گردِ پیشانی تمام
سب مبارکباد دیتے تھے عوام

زیں ولایت مرتضیٰ چوں بر فروخت — جان اصحاب نبی از رشک سوخت
ہر کہ او با شاہِ مرداں عقد بست — زد بدامان نبی بے شبہ دست
رو تو عقدے بند با ایشاں درست — دامنِ آل نبی را گیر چست
عقد می باید کہ با دینت بود — در جہاں نے ظلم و نے کینت بود
پور بوسفیاں اگر کرد او خلاف — تیغ ظلم او کرد بیروں از غلاف
گر خلافے کرد با شیرِ خدا — بود خود آں با خدا و مصطفیٰ
ہر کہ او ضدِّ علی مرتضیٰ است — بیشک او ضدّ خدا و مصطفیٰ است
ہر کہ آمد ضدِّ حق او کافر است — ضدِّ حیدر دشمنِ پیغمبر است
رو تو از اہلِ خدا آگاہ شو — پس بدینِ مصطفیٰ ہمراہ شو

-- [تشویق نمودن مستعدان بولایت حضرت شاہ مردان] --

چوں بدینِ مصطفیٰ ہمرہ شوی — از طریقِ مرتضیٰ آگہ شوی
ہر چہ گفتار کلام است و حدیث — گوش کن مشنو سخن از ہر خبیث
رو تو بیعت کن باولادِ رسول ص — تا کند اللہ ایمانت قبول
ہر چہ فرمایند میکن تو بجاں — تو بجاں کن انچہ گویندت عیاں
خود درائی رای ایشاں راہ نیست — گر روی رہ غیر آں جز چاہ نیست
چاہ چبود چاہ خسراں چاہ ویل — گفتمت حرفے بہ بینش چوں سہیل
آں سہیلے کز یمن بر ہر کہ تافت — از شعاعش بوئی دید و رنگ یافت
بوئی و رنگ از حبِّ آلِ مصطفیٰ است — ہر کہ دید او سرخ روئے دو سرا است
اے برادر خط بقلّابی بکش — پیش قلّاباں فگن ایں غل و غش
ہست قلّابی خلافِ دیں ہمہ — چیست چندیں رسم و ایں آئیں ہمہ
رسم و آئیں را گزار و راست باش — باش یک روی و مکن ایں راز فاش
راست قولِ مصطفیٰ و مرتضیٰ است — غیر ایں ہر کس کہ گرد او برخطاست
راہِ احمدؐ راہ حق داں بیگزاف — راہ دوزخ داں رہ اہلِ خلاف

جب ولایت پر علی فائز ہوئے
رشک سے اصحاب احمد جل بجھے

جو کرے گا شہ سے عہدِ دوستی
ہے اُسی کے ہاتھ دامانِ نبیؐ

تو بھی ان سے کہہ لے اب عہدِ وفا
تھام لے دامانِ آلِ مصطفےٰؐ

عہد ایسا ہو جو دیں کے ساتھ ہو
ظلم و کینہ ہو نہ بالکل نام کو

ابن بوسفیاں نے، کر کے اختلاف
ظلم کی تلوار کر دی بے غلاف

جب کیا شیرِ خدا سے انحراف
ہے خدا و مصطفےٰ سے انحراف

جو بھی ہوگا مرتضےٰ سے منحرف
ہے خدا و مصطفےٰ سے منحرف

ہے مخالف حق کا، کافر لاکلام
دشمنِ شہ، دشمنِ خیر الانامؐ

پہلے ہو آگاہ اہل اللہ سے
پھر نبی کے دیں میں آ اس راہ سے

[ترغیب ولایت شاہ مرداں]

دینِ احمد جب رہے گا تیرے ساتھ
راستہ حیدرؑ کا تب آئے گا ہاتھ

سُن ذرا گفتارِ قرآن و حدیث
چھوڑ دے اقوالِ مردود و خبیث

بیعتِ اولادِ پیغمبر ہی کر
ہو جو ایماں رب کا منظورِ نظر

اُن کے ہر فرمان کی تکمیل کر
جان و دل سے حکم کی تعمیل کر

ہے نہیں اس کے سوا کوئی بھی راہ
ہر مخالف راہ میں ہے خوفِ چاہ

چاہ کیا، چاہِ بلا اور چاہ ویل
ہیں نمایاں کر چکا، مثلِ سہیل

یہ یمن سے جس پہ ضو افشاں ہوا
رنگ و بو اُس کی چمک سے پا گیا

حُبِّ آلِ مصطفےٰ ہے رنگ و بُو
دو جہاں میں اس سے ہوگا سرخرو

ہر فریب و مکر پر تو کھینچ خط
مکر مکاروں کو زیبا ہے فقط

ہیں خلافِ دین سب مکاریاں
رسم و آئیں سے ہیں یہ بیماریاں

چھوڑ سچائی سے بدرسمی کے ڈھنگ
اور خاموشی سے ہو جا ایک رنگ

ٹھیک ہے قولِ نبی و مرتضےٰ
وہ نہ سنبھلا جو خلاف اُن کے گیا

راہِ احمد، راہِ حق ہے صاف صاف
راہ دوزخ ہے، رہِ اہلِ خلاف

خط کلام است و حدیث است و ورع — نیست حاصل دیگراں را جز جزع
ہیچ میدانی کہ در عالم چہ شد — ایں ہمہ بدعت بعالم از کہ شد
از کسے کو راہِ حق پوشید و رفت — آستانِ دوزخ او بوسید و رفت
رو تو بے حکمِ خدا کارے مکن — خویش را در بند چو مردارے مکن
ہر کہ از دینِ نبی بیزار شد — او نجس گردید و چوں مردار شد
ہر کہ او در راہِ دیں تقصیر کرد — خویشتن را در جوانی پیر کرد
ہر کہ او آمد بہمراہِ ما — جائی او باشد بہشتِ باصفا
ہر کہ با او یار شد او یار دید — کور شد آں کو سوئی اغیار دید
ہر چہ در عالم بظاہر حاضر است — تو یقیں میداں کہ فانی آخر است
تو بظاہر نیک باش و نیک رو — تا بباطن تو شوی معنی شنو
غیر ایشاں نیست ہادی اے عزیز — گر تو بینی ناکسی و بی تمیز
تو کنارہ گیر از شہر بداں — رو بصحرا آرد خود را دار ہاں
ہست صحرا وادی لبس باحضور — دیدۂ اغیار از آنجا ماندہ دُور
ہست صحرا جائے امن و باصفا — ہر کہ آمد رفت از اہلِ وفا
ہست صحرا آنکہ گل روید از او — اہلِ معنی نکتہ ہا گوید از او
غیر را آنجا نباشد ہیچ راہ — خار نبود درمیان آں گیاہ
چوں بروں آئی تو از شہر بدن — اندر آں صحرا روی بی خویشتن
بوئی حبِ مرتضیٰ مستت کند — در بہشتِ عدن پا بستت کند
خانۂ و شہر بدن ویراں کنی — ہمچو گل جا درمیانِ جاں کنی
رد مکن با اہلِ حق جنگ و نزاع — گر کنی حشر تو باشد با سباع
حیف باشد خود کہ شیطاں در جہاں — خود تو وسواسی شوی با این و آں
رو تو از وسواس شیطاں دور باش — تا بہ بینی با نبی در یک قباش
گر بصورت در دو مظہر جلوہ کرد — مظہر ما در دو عالم ہست فرد

اتقا ہے، راہِ قرآن و حبیب / حصۂ اغیار ہیں پھوٹے نصیب
ہوگیا دنیا میں کیا، کچھ ہے خبر / کس نے پھیلائی یہ بدعت اور شر؟
راہِ حق کو جس نے پوشیدہ کیا / آستاں بوسِ جہنم ہو گیا
بے خدا کے حکم تو کچھ بھی نہ کر / دیکھ! مَردے ضد میں فرعونی نہ کر
جو نبی کے دین سے بیزار ہے / بس وُہی ناپاک اور مُردار ہے
جس نے مذہب میں ذرا بھی کی خطا / وہ جوانی میں ہی بوڑھا ہو گیا
میری ہمراہی میں جو کوئی ہُوا / ہو گئی اُس کی بہشتِ باصفا
وہ اُسی کا ہے جو رکھے اُس سے رسم / غیر کو جو دیکھے ہے وہ کور چشم
یہ جو موجوداتِ عالم ہے تمام / ایک دن ہو گی یقینی سب تمام
ظاہری چال اور چلن تو ٹھیک رکھ / تا کہ باطن میں ہو معنی کی پرکھ
ہیں نہیں ان کے سوا رہبر، عزیزا / کی جو غیروں پر نظر ہے بدتمیز
تُو، بُروں کی بستیوں سے بھاگ جا / اور آزادی سے جا صحرا بسا
ہے یہ صحرا ایک وادیِ حضورؐ / دیدۂ اغیار سے رہتی ہے دُور
ہے یہ صحرا جائے امن و باصفا / اس میں جو پہنچا ہوا وہ باوفا
ہے یہ صحرا مرغزار و گلستاں / اس میں حل کرتے ہیں نکتے، نکتہ داں
دخل غیروں کا نہیں بالکل وہاں / اس کے سبزے میں بھلا کانٹے کہاں؟
شہرِ تن سے تُو جو باہر آئے گا / خود کو اس صحرا میں بیخود پائے گا
بُوئے حُبِّ مرتضیٰ کر دے گی مست / اور بہشتِ عدن میں ہو گی نشست
ہاں ذرا ویران شہرِ جسم کر / بُوئے گُل کی طرح چھا جا جان پر
اہلِ حق سے جنگ کرنا ہے بُرا / حشر پھر ہوگا درندوں میں ترا
حیف ہے، شیطان کے ہوتے ہوئے / خود ہی تُو کرتا ہے سارے وسوسے
دُور کر وسواس شیطانی تمام / پھر نبی کے ساتھ ہی دیکھے امام
گو، بظاہر دو جگہ ہے جلوہ گر / دو جہاں میں فرد ہے مظہر مگر

هست بینا آں کہ راہِ حق رود
کور گردد آں کہ او بر دق رود

رو بجنّت کار کن با شاہِ حق
زآنکہ اعمیٰ را نباشد راہِ حق

ساختی یک خانہ راہفتاد در
سر بسر از دینِ احمد بے خبر

باب یک دانم بگفتِ مصطفےٰ
تا بہ بینی جنّت و فردوس را

زانکہ جنّت خواستی با حق گرد
رو تو فتاح علیم از حق شنو

زانکہ حق دانا ز سرّ خلق شد
در درون جبّہ و ہر دلق شد

من درون جبّہ دیدم شاہ را
از درون یابم بسویش راہ را

گر بدین و مذہبش تو نگروی
در حقیقت مرتد و ملعون شوی

مذہب غیر از دلت بیروں دواں
در دلت نہرے ز ایماں کن رواں

مذہب شہ را بدان و راہ جو
تا کہ باشد علم شرع تو نکو

من براہِ اہلِ ملّت رفتہ ام
بر ہمہ اطوار سنّت رفتہ ام

سنّت پیغمبر و ملّت یکیست
راہ حیدر را دریں خود کے شکی است

ہست مہرِ شاہ مرداں بر دلم
قرنہا این بد سرشتہ در گلم

تا کہ گفت آں شاہ من با من سخن
عیب من در ایں سخنہا تو مکن

انچہ او گفتہ است من خود آں کنم
غیر دینش را ہمہ ویراں کنم

تو ز دینِ او بکن یک خانۂ
و اندر آں جا جائی دہ جانانۂ

مایۂ تو گنجِ حُبِّ او بود
در دو عالم مایۂ نیکو بود

گنج و مایہ حبِّ او باشد ترا
چوں نداری گنج گردی بینوا

خانۂ تو خانۂ شیطاں بود
پیش تو دیو لعیں رحماں بود

جا مدہ در خانہ بغض و کینہ را
تیرہ از ظلمت مساز آئینہ را

ہر کہ بر دینِ شہ مرداں برفت
از جہاں میداں کہ با ایماں برفت

خانۂ دل را ز غیرت پاک کن
وانگہی تو جان دشمن چاک کن

جان دشمن چاک کردم زیں سخن
زانکہ دشمن را کنم از بیخ و بن

ہے وہ بینا راہِ حق پر جو چلے
ہے وہ نابینا جو اٹکل پر رہے

عقل سے لے کام، کر شہ کا یقیں
راہِ حق اندھے کو مِل سکتی نہیں

ایک گھر کے واسطے ستر ہیں در؟
دینِ احمد سے ہے بالکل بے خبر

ہے بقول مصطفےٰ بس ایک در
جس سے تُو جنّت میں پہنچے بے خطر

حق سے مِل جا، ہے اگر شوقِ نعیم
جا کے سُن لے حق سے فتاحِ علیم

حق کو رازِ خلق سے ہے آگہی
زیرِ دلق اور زیرِ جبّہ ہے وُہی

مَیں نے خود جُبّہ میں دیکھا شاہ کو
پا گیا مَیں اُس کی سیدھی راہ کو

دین ومذہب پر اگر اس کے نہیں
در حقیقت تو ہے مرتد اور لعیں

دل سے باہر کر دے دینِ دیگراں
نہرِ ایماں اپنے دِل میں کر رواں

راہِ شہ کی کر ہمیشہ جستجو
تا کہ علمِ شرع سے واقف ہو تُو

اہلِ ملّت ہی کا دم بھرتا ہوں مَیں
راہِ سنّت پر قدم دھرتا ہوں مَیں

سنّتِ دینِ نبی ہے ایک ہی
راہِ حیدر بھی یقینی ہے یہی

شاہِ مرداں کی محبّت دل میں ہے
مدّتوں سے میرے آب وگِل میں ہے

میرے شہ نے مجھ سے یہ باتیں کہیں
عیب دینا مجھ کو کچھ اچھا نہیں

اس کے حکموں پر عمل میری ہے راہ
جادۂ اغیار کرتا ہوں تباہ

اس کے مذہب کا بنا تو ایک گھر
اس میں کر دلبر کو اپنے جلوہ گر

اُس کی اُلفت ہے فقط توشہ ترا
دو جہاں میں نیک سرمایہ ترا

اُس کی اُلفت ہی خزانہ ہے ترا
گر نہیں یہ گنج پھر ہے بینوا

دل ترا شیطان کا گھر بن گیا
ہے ترے نزدیک شیطاں پارسا

بغض وکینہ کو نہ دے دل میں جگہ
کر نہ آئینے کو ظلمت سے سیہ

جو بھی دینِ شاہِ مرداں پر چلا
بس وہی دُنیا سے با ایماں گیا

پاک کر غیروں سے پہلے دل کا گھر
دشمنوں کی جان کو پھر چاک کر

ہے بلائے جان دشمن یہ سخن
کاٹتا ہوں دُشمنوں کی بیخ وبُن

من سخن از دانشِ او گفته ام   وز عطائش درِّ معنی سفته ام
ورنه از عطّار کی آید سخن   این معانی را بدان و فهم کن
در درون خود آتشِ شوقش بود   درمیانِ جان من ذوقش بود
اے تو غافل از درون واز برون   خود در افتادی دراین چه سرنگون

[تنبیه اربلب غفلت وبیانِ احوال ودریافت خود ونصیحت نمودن غافلان]

ورنه من راهت ز معنی ساختم   سحر ایمان را دراو پرداختم
راه روشن ساختم از نورِ او   چون ندیدم تو شدی مهجور او
جان من نور ولائی او گرفت   وز دو عالم خود صدائی او گرفت
خاک نیشابور از او گلزار شد   هرکه بد در خواب از او بیدار شد
من در او کشتم ز بهرت گل بسے   عاقبت گل را بچیدم بے خسے
ناکسان را کی رسد زان غنچه بو   زانکه من چیدم گل از بستان او
هاتف غیبم همی آواز داد   یک گلے از غیب در دستم نهاد
گفت این معنی که با تو همره است   یک گلے از بوستان الله است
بلبل آن بوستانت ساختند   بعد از آن مست جهانت ساختند
این معانی را که تو خواهی نوشت   هست وردِ جمله حوران بهشت
هیچ عاقل برملا این را نگفت   جمله دارند این معانی را نهفت
من بخود این را نگفتم در جهان   هرچه گفته است او بگویم من عیان
من نشانِ بے نشانان یافتم   در دلِ خود گنج پنهان یافتم
سالها در این سخن حیران بدم   واندران دریائی بی پایان بدم
بوئے گلزارت دماغ من گرفت   عالمی نور چراغ من گرفت
رو ببر نور از چراغم روشنی   تا نباشی تو چو خفاشِ دنی
روشن و خندان شو از روشن دمی   لحظهٔ بر ریشِ دل کن مرهمی
گوش کن اسرار حق را همچو من   تا رهائی یابی از شیطان من

اُس کی دانش سے بھرا ہے یہ کلام — ہے یہ سلکِ دُر اُسی کا فیضِ عام
ورنہ ہو عطار کا ایسا کلام — ہے سراسر غور کرنے کا مقام
مشتعل سینہ میں نارِ شوق ہے — جان و دل میں بھی اسی کا ذوق ہے
ظاہر و باطن سے تُو غافل ہُوا — خود ہی مُنہ کے بھل کنوئیں میں جا پڑا

[غافلوں کو تنبیہ، اپنی حالت کا بیان اور بے خبروں کو نصیحت]

ورنہ تجھ پر راہِ معنی ہے کھُلی — کر چکا ہوں صبحِ ایماں سے جلی
راہ روشن کی ہے اس کے نُور سے — اب تری قسمت، نہ پاؤں داں تجھے
میرے دل میں اُس کا ہے نُورِ ولا — دونوں عالم میں اُسی کی ہے صدا
اس سے نیشاپور گلشن بن گیا — ہو گیا بیدار ہر سویا ہُوا
گُل کھِلائے تجھے وہاں تیرے لیے — پھر گُلِ بے خار وہ چُن بھی لیے
بُوئے گُل نا اہل کو آئے گی کیا — باغ کے سب پھُول تو مَیں چُن چکا
ہاتفِ غیبی نے پھر مجھ سے کہا — ایک غیبی پھُول بھی مجھکو دِیا
تجکو یہ معنی ہوئے ہیں جو حصول — ہے خدا کے باغ کا یہ ایک پھُول
تجکو اس بستاں کا بُلبُل کر دیا — مستیِٔ عالم سے تجکو بھر دِیا
یہ معانی تُو جو لکھے گا یہاں — خلد میں حوروں کے ہیں وردِ زباں
کوئی اب تک برملا بولا نہ تھا — سب نے ان باتوں کو پنہاں ہی رکھا
خود بخود کرتا نہیں ہوں مَیں عیاں — کر رہا ہوں حکم سے اس کے بیاں
بے نشانوں کا نشاں مَیں پا گیا — دل میں اک گنجِ نہاں مَیں پا گیا
مدّتوں سے اس میں، مَیں حیران تھا — بحرِ بے پایاں میں سرگردان تھا
بس گیا ہے بوئے گلشن سے دماغ — مجھ سے عالم نے لیا نُورِ چراغ
تُو بھی میری شمع سے لے روشنی — ہو نہ جانا مثلِ خفاشِ دنی
خوش ہو اس روشن دلی سے اب ذرا — زخمِ دل پر بھی ذرا مرہم لگا
رازِ حق میری طرح سُن لے ذرا — جسمِ شیطانی سے پھر ہو گا رِہا

تن ترا ویران دنیائی کند　　جاں ترا روشن زبینائی کند
اندر ایں دنیا چو تن پرور شوی　　از چنیں تن عاقبت بی سر شوی
از تن بے سر چہ آید غیر ہیچ　　ہیچ چہ بود ہیچ میدانی تو ہیچ
ہیچ باشد ہیمۂ دوزخ یقیں　　سہل باشد گر تو باشد ایں چنیں
اے برادر خویش را صافی بساز　　تا شود درہائی رحمت بر تو باز
چوں شدی در راہ حق حق را ببیں　　ایں سخن نقل است از سلطانِ دیں

— [بیان سر لو کشف نمودن علی علیہ السلام و عین بطور آن بودن] —

آں امیرے کو بود در راہِ حق　　بردہ از کلّ خلایق او سبق
خواندہ او علم لدُنی را تمام　　بودہ او در علم معنی بانظام
گفت چوں حق را بدیدم در یقیں　　گشت کشف من ہمہ اسرار دیں
چونکہ علمت یافت حق را در عیاں　　داں کہ حق باتست در معنی نہاں
گر ببینید انچہ من ہم دیدہ ام　　یکسر مو بیش و نہ کم دیدہ ام
سرّ غیبی بر دلم گشتہ عیاں　　گرچہ ہست از دیدۂ ہر کس نہاں
از نہان و آشکارا حاضرم　　بر زمین و آسمانہا ناظرم
چوں بدیدم حق نہ بینم ہیچ غیر　　غیر را در ایں معانی نیست سیر
من بباطن دیدہ ام حق را یقیں　　دیدہ بکشا و بمن حق را ببیں
من بعین عین خود حق بیں شدم　　زآں باہل بغی اندر کیں شدم
ہر کہ از فرمانِ من سر تافتہ　　او وجود خویش بی سر یافتہ
ہر کہ با حق راست رفت ایمان برد　　ورنہ از شمشیر من کی جان برد
دادہ حق بر من بقدرت ذوالفقار　　تا کشم از جان بیدیناں دمار
من بغیر از حق نہ بینم ہیچ چیز　　زآنکہ او بخشیدہ مارا ایں تمیز
ہرچہ حق گفتہ است من آں کردہ ام　　غیر حق را جملۂ ویراں کردہ ام
اے برادر راہ حق چوں شاہ رو　　زآنکہ او در راہِ حق بدپیش رو

جسم یہ ویران کر دے گا تجھے ۔۔۔ جان سے، بینائی کے لے گا مزے
گر یونہی دُنیا میں تن پرور رہا ۔۔۔ ایک دن تیرا گلا کٹ جائے گا
پھر تن بے سر ترا بیکار ہے ۔۔۔ اور بیکاری بُرا آزار ہے!
ہے بدی، ایندھن جہنم کے لئے ۔۔۔ بیوقوفی ہے، جو تو ایسا بنے
اے برادر! خود کو پہلے پاک کر ۔۔۔ تا کہ رحمت کے ہوں تجھ پر باز در
راہِ حق میں آ کے، رکھ حق پر نظر ۔۔۔ شاہِ دیں کا قول ہے یہ، بیخبر!

[حضرت علی کا لو کشف بیان کرنا اور مطابق حقیقت ہونا]

راہِ حق میں تھا جو بر تر وہ امیر ۔۔۔ تھا جو سب خلقت سے بہتر وہ امیر
تھا جسے علم لدنی میں کمال ۔۔۔ علم معنی میں جو تھا اک بیمثال
قول اُس کا ہے کہ حق پر ہے یقیں ۔ ق ۔ منکشف مجھ پر ہیں سب اسرار دیں
علم سے، تجھ کو جو حق آ جائے ہاتھ ۔۔۔ پھر تو، حق ہو گا سدا باطن میں ساتھ
میں نے جو دیکھا، وہ تو دیکھے نہیں ۔۔۔ بال بھر بھی بیش و کم دیکھا نہیں!
راز غیبی دل پہ روشن ہو گئے ۔۔۔ گرچہ پوشیدہ ہے وہ ہر آنکھ سے
ہوں نہاں اور آشکارا جلوہ گر ۔۔۔ ہیں زمین و آسماں پیش نظر
کچھ نہیں میں دیکھتا حق کے سوا ۔۔۔ غیر ان باتوں کو جانے کیا بھلا
مجھ کو حق باطن میں آتا ہے نظر ۔۔۔ حق کو مجھ میں دیکھ آنکھیں کھول کر
دیکھتا ہوں چشم حق بیں سے میں حق ۔۔۔ باغیوں سے ہے مجھے بے حد قلق
منہ جو موڑے گا مرے فرمان سے ۔۔۔ ہاتھ دھو بیٹھے گا اپنی جان سے
حق سے جو سیدھا چلا، ایماں ملا ۔۔۔ ورنہ میری تیغ اور اُس کا گلا
حق نے قدرت سے مجھے دی ذوالفقار ۔۔۔ تا کہ بیدینوں کی جانوں پر ہوں وار
غیر حق ہرگز نہ دیکھوں کوئی چیز ۔۔۔ اُس نے بخشی ہے مجھے اس کی تمیز
جو کہا حق نے وہی میں نے کیا ۔۔۔ غیر حق کو دور میں نے کر دیا
راہ حق پر چل ذرا شہ کی مثال ۔۔۔ پیشرو اس کا وہی ہے باکمال

رہ چو از دین محمدؐ را بگیر　　تا شود روز پسینت دستگیر

-[ترغیب نمودن طالباں براہ حق و بیان مستی و شور کردن و ظہور ولایت علی را در ہر شان باز نمودن و شرح حالی خود برآں افزودن]-

شو مطیع مصطفیٰ و مرتضیٰ　　زاں کہ حق گفتہ بقرآں شاں ثنا

تو ثنائے شہ بجاں پیوند ساز　　تا شود پیوند تو با اہل راز

جملہ عالم فتنہ و غوغائی اوست　　در ہمہ جا منزل و ماوائی اوست

در ظہوریے کردہ در جانم بہ ہر　　لاجرم اسرار می‌زنم نہر نہر

می‌زنم اسرارم نگر منصور وار　　ہر زماں نوعے دگر گیرد قرار

گاہ عاشق گاہ معشوق است آں　　گہ بارض و گہ بعیوق؎ است آں

گاہ سلطاں، گاہ رحماں، گاہ نور　　گاہ رفتہ در درون نار و شور

گاہ ایماں، گاہ احساں گاہ لطف　　میرسد نزو بر دل آگاہ لطف

گاہ روح و گہ رواں و گاہ جان　　گاہ گشتہ در درون جاں نہاں

گاہ عیسیٰ گاہ موسیٰ گاہ طور　　گاہ کردہ در درختے از ظہور

گاہ طوفاں، گاہ باراں گاہ نم　　گاہ اندر جوش معنی ہمچو یم

گاہ جام و گاہ بادہ گاہ خم　　گاہ در جائی رسول او گشتہ لم

گاہ گویا، گاہ بینا، در ہمہ　　گاہ بودہ چوں شباں اندر رمہ

گاہ زرع و گاہ ورع و گاہ شرع　　گاہ اصل اندر یقین و گاہ فرع

گاہ جید و گاہ دید و گاہ عید　　گاہ پیرو کردہ عالم را مرید

گاہ سلطاں گاہ شاہ و گاہ میر　　گاہ او شاہ دو عالم را وزیر

گاہ زبان و گاہ جان و گہ رواں　　گاہ در ملک معانی شہ نشاں

گاہ سال و گاہ ماہ و گاہ روز　　گاہ ہست از نور اعیاں دلفروز

گاہ نطق و گاہ خلد و گاہ حور　　گاہ کردہ در دل انساں ظہور

گاہ راز و گاہ ناز اندر عیاں　　گاہ حیدر گاہ شیرے در جہاں

گاہ گل گاہے مل است و گاہ خار　　گاہ منصور آمدہ است و گاہ دار

؎ عیوق ایک ستارے کا نام جو کرۂ ارض سے بہت دور ہے۔ مراد بلندی ۱۲

مصطفےٰ کے دیں پہ چل مثلِ امیر — حشر میں ہوگا وُہ تیرا دستگیر

[راہِ حق کی رہنمائی، بیانِ مستی، ہر زمانے میں ظہورِ ولایت اور کچھ اپنا بھی تذکرہ] ۔

ہو مطیعِ مصطفےٰ و مرتضےٰ — حق نے کی ہے اُن کی قرآں میں ثنا

مدحِ شہ کی جاں سے پیوستہ رہے — تاکہ اہلِ دل سے وابستہ رہے

شور ہے اُس کا زمانے میں تمام — ہر جگہ ہے اُس کا قبضہ اور مقام

جب مری جاں میں بھی اُس کا ہے ظہور — راز کے دریا بہاؤں گا ضرور

کچھ مرے منصور جیسے راز ہیں — ہر گھڑی اب تو نئے انداز ہیں

ہے کبھی عاشق، کبھی جانِ جہاں — گہ زمیں پر ہے، گہے بر آسماں

گاہ سلطاں، گاہ رحماں، گاہ نور — آب و آتش کو، کیا گاہے عبور

ہے کبھی ایماں، کبھی لطف و کرم — دُور کر دیتا ہے دل کا رنج و غم

ہے کبھی جاں، اور کبھی روحِ رواں — جان میں ہوتا ہے گاہے وہ نہاں

گاہ عیسےٰ، گاہ ہے موسےٰ، گاہ طور — گاہ کرتا ہے شجر سے وُہ ظہور

گاہ طوفاں، گاہ باراں، گاہ نم — جوشِ معنی میں کبھی ہے مثلِ یم

گاہ جام و گاہ بادہ، گاہ خُم — ہے رسالت کی جگہ پر گاہ گُم

سب میں گویا اور بینا ہے وہی — اور گلّے کا نگہباں ہے کبھی

گاہ زرع و گاہ ورع و گاہ شرع — ہے کبھی اصلِ یقیں اور گاہ فرع

گہ ذریعہ و گاہ دید و گاہ عید — پیر بن کر گہ کیا عالم مرید

گاہ سلطاں، گاہ شاہ و گاہ پیر — ہے کبھی شاہِ دو عالم کا وزیر

گاہ کان و گاہ جان و گہ رواں — ملکِ معنی کا کبھی شاہی نشاں

بن گیا گاہے وہ سال و ماہ و روز — نورِ اعیاں[۱] ہے کبھی ہے دل فروز

گاہ نطق و گاہ خلد و گاہ حور — ہے کبھی انسان کے دل میں ظہور

رازِ پنہاں ہے کبھی نازِ عیاں — ہے کبھی حیدر کبھی شیرِ زماں

گاہ گل ہے گاہ مل ہے گاہ خار — گاہ وُہ منصور ہے اور گاہ دار

۱؎ اعیاں ۔ بزرگ و برتر ۱۲

گاه ذوق و گاه شوق و گاه روح
گاه بوده اهل معنی را فتوح

گاه آدم گاه نوح و گاه دم
گاه بر لوح محمد چون قلم

گاه عصمت گاه رحمت گاه نام
گاه آمد همسر احمد بجام

گاه تاک و گاه باغ و گاه می
گاه رفته بر سر مستان که هی

گاه اول گاه آخر گاه نور
گاه در کل جهان کرده ظهور

گاه با من گاه بی من گاه من
گاه در ملک معانی جان و تن

اینکه من گفتم همه گفت وی است
این همه گفتار از گفت نی است

من زنی این رازها بشنیده ام
بلکه در عین این معانی دیده ام

گفتگویم نه همه هر جائی است
این همه افغان من از نائی است

برده چون نائی ز چشم من رمد
آن دمم بیرون که بر من میدمد

همچو حیدر بگذر از دنیای دون
ق تا نیاویزند از دارت نگون

حیدر از دنیا یکی درهم نداشت
〃 تخم دین جز در زمین دل نکاشت

بود از را مصطفی خوش همدمی
〃 فاطمه او را بمعنی محرمی

بوده سبطینش ز محبوبان حق
〃 کس نبرده در جهان زایشان سبق

این منم از درس ایشان برده بهر
〃 خشک لب منشین تو در نزدیک نهر

نهر خود پر آب کن از بحر من
یا برون آ یک زمان از شهر تن

هر که با من باشد او همچون من است
در درون او ز معنی روزن است

شهر من شهر امیر است ای امیر
تو نداری خود ز شهر من خبیر

شهر من تون است و نیشاپور هم
در زمین طوس گشته محترم

خاک این وادی به از کل جهان
این معانی را نمیدارم نهان

همچو مکه طوس باشد جان ملک
چون رضا گشته در آن سلطان ملک

ملک من دارد دو نقد مرتضی
آن یکی محروق و آن دیگر رضا

ملک ما را بر همه جا فخر هاست
ز آنکه سلطان خراسان فخر ماست

گاہ ذوق و گاہ شوق و گاہ روح — اہلِ معنی کے لئے گل ہے فتوح
گاہ آدم گاہ نوح و گاہ دم — نوح احمد پر کبھی مثلِ قلم
عصمت و رحمت ایک سے دو نام ہیں — ساتھ احمد کے کبھی ہے جام میں
گاہ تاک و گاہ باغ و گاہ مے — اور کبھی مستوں کے سر میں کیف ہے
گاہ اوّل، گاہ آخر، گاہ نور — گاہ دُنیا بھر میں اُس کا ہے ظہور
گاہ مجھ میں، گہ جدا، گہ میں وہی — جسم و جانِ ملکِ معنی ہے کبھی
میں جو کہتا ہوں، اُسی کا قول ہے — در حقیقت ہے یہی گفتار نے
نے سے ہی میں نے سنے ہیں سب یہ راز — بلکہ خود بھی نے کہے ہیں راز و نیاز
بے سبب میرا نہیں ہے یہ بیاں — ہے مری آواز یہ، نے کی فغاں
ہو گیا آنکھوں سے میری درد دور — نے نے پھونکا جو لہی مجھ پہ اپنا صور
چھوڑ حیدر کی طرح دنیا کے دل تو — ہو نہ جائے دار پر تو سر نگوں
پاس حیدر کے نہ تھا کچھ مالِ زر — تھا زمینِ دل میں تخمِ دیں مگر
جس کا ہمدم، مصطفےٰ سا خوش اساس — جس کی محرم، فاطمہ معنی شناس
جس کے لڑکے خود ہوں محبوبِ خدا — جن سے درجہ میں نہیں کوئی بڑا
درس اُن کا ہو گیا مجھ کو نصیب — خشک لب مدت بیٹھ دریا کے قریب
نہر اپنی بھر، تو میرے بحر سے — ہاں! ذرا باہر ہو تن کے شہر سے
ساتھ جو میرے ہوا مجھ سا بنا — اُس کے دل میں روزنِ معنی کھلا
شہر میرا بھی ہے اک شہر امیر — تو نہیں واقف ہے اس سے اے خبیر
شہر میرے تون و نیشا پور ہیں — جو زمین طوس میں مشہور ہیں
ساری دنیا سے ہے بہتر اُسکی خاک — کچھ نہیں ایسا مجھے کہنے میں باک
طوس بھی اب ایک نکتہ ہو گیا — کیونکہ ہے اُس ملک کا سلطان رضا
ملک میں ہیں دو علی کے نونہال — ایک محرم تقی، اک رضائے خوش خصال
مفتخر ہے ملک میرا دہر میں — فخر ہے شاہِ خراساں پر ہمیں

چون محمد میر نیشاپور شد   از قدومش آن زمین پر نور شد
از جفا چون گشت محروقش لقب   سوخت جان بیدلان از تاب و تب
من از آن خاکم که خاکم نور باد   دائما این ملک ما معمور باد!
زیده سلطان را زیارت کن بتون   گر تو خود هستی بمعنے رهنمون!
سرخ کوهک گشت چون از زنده اش   گشته سلطانان عالم بنده اش
اصل من از تون معمور آمده   مولدم شهر نشابور آمده
هست نام من محمد اے سعید   شد فرید الدین لقب از اهل دید
من زباب علم عطار آمدم   لاجرم گویای اسرار آمدم
من شدم عطار و عطار آن من   من بدم اسرار و اسرار آن من
من بحکمت گفتم این اسرار را   تا شوی یا روشناسی یار را
یار احمد دان و حیدر را بهم   یار ایشانند از حق محترم
یار صورت گرچه هست این باوفا   یار معنی بود با او مصطفے
مصطفے در مرتضے خود بیش کی   بوده اندر صورت و معنی یکی
آل احمد خود همه جان من اند   خود یکی اندار بصورت ده تن اند
در بدایت معنی ایشان یکی است   کور آن کو را درین معنی شکی است
منکه گویم مدح ایشان در سخن   بر کنم بنیاد خصم از بیخ و بن
خود منافق را نباشد دین درست   زانکه میزانی بود بغض نخست
از منافق اے برادر بدر باش   تا نگردی از رفاقت مبتلاش
دان منافق را تو در دین روسیاه   چون خر لنگ او فتد آخر بچاه
دان منافق را تو زنبوران زرد   سالکان را ریش زخم نیش کرد
اے منافق هست کردار تو ننگ   همچو حجاج آمدی در دین تو لنگ
خود منافق نیش دارد در بغل   تا زند بر رهروان عیشش آن دغل
نیش او زهر است و گفت من دوا   تو روان برخیز و نزد من بیا

اور محمدؐ میرے نیشاپور ہے — اُس کے قدموں سے زمیں پُر نور ہے
ظلم سے، مجروح ہے اُس کا لقب — ظالموں کا بڑھ گیا رنج و تعب
خاک میری نور سے بستی رہے — اور سدا آباد یہ بستی رہے
کر زیارت توس میں تو زید کی — مبارک معنی اگر ہے واقعی
اُس سے کوہ سرخ کا ہے احترام — اُس کے سب شاہان عالم ہیں غلام
توس سے میرا ہے اصلی سلسلہ — اور نیشاپور مولد ہے مرا
ہے محمد نام، پر اہل طلب — مجھ کو کہتے ہیں فرید الدین سب
فیض باب علم سے عطار ہوں — میں یقینی صاحب اسرار ہوں
میری عطاری ہے، میں عطار ہوں — مجھ سے ہیں اسرار، میں اسرار ہوں
راز حکمت کر دیئے میں نے بیاں — یار بن کر، تو بنے گا، یار داں
مصطفٰے و مرتضٰے کو یار جان — حق نے بخشی ہے انہیں کو عز و شان
گو بظاہر یار ہے یہ باوفا — یار باطن ہے مگر خود مصطفٰے
درحقیقت مصطفٰے و مرتضٰے — ایک ہیں، ظاہر ہو گیا، باطن ہو گیا
میری جاں کی طرح ہیں آل نبی — گو بظاہر دس مگر ہیں ایک ہی
ہے ہدایت میں بھی ان کی ایک راہ — وہ تو اندھا ہے جسے ہو اشتباہ
مدح میں اُن کی ہے میرا یہ کلام — کاٹتا ہوں دشمنوں کی جڑ مدام
اور منافق کا نہیں کچھ دین ٹھیک — کیونکہ ہے بغض و حسد میں شریک
دور ہی بھاگ منافق سے ذرا — اس کا ساتھی بن کے خود کو مت پھنسا
دین میں ہے یہ منافق روسیاہ — چاہ میں لنگڑا گدھا ہوگا تباہ
ہیں منافق مثل زنبوران زرد — سالکوں کو نیش سے جنکے ہے درد
اے منافق! ہے ترا کردار ننگ — دین میں ہے۔ حجاج کی مانند لنگ
ہے منافق کی بغل میں ایک نیش — مارتا ہے راہرو کو کھا کے طیش
نیش وہ سم ہے۔ سخن میرا دوا — اُٹھ کھڑا ہو، اور میرے پاس آ

تا ببینی شهد زنبوران عشق ! بر دلت ریزد ز جان باران عشق
دین مادر اصل و صلی داشته وصل آمد هر که اصلی داشته
آدم صورت بنا شد آدمی کی شوند این مردم بد آدمی
هر که در صورت بماند بد بود معنی آمد نیک و صورت رد بود
چون گل آدم باسرار او سرشت در نفخت فیه من روحی گذشت
پس بحکم حق ملائک سجده اش جمله کردند و بداد این مژده اش
که ترا چون حق ز گل پرداخته بر همه عالم خلیفه ساخته
حق بآدم گفت از گندم حذر تا نیفتی از بهشت ما بدر
رو کن از گندم حذر با حق نشین تا شوی واصل تو در حق الیقین
رو تو چون حیدر مخور گندم بدهر تا نبینی در درونت نیش زهر
چون ز گندم دور کردی نفس را با حیا و علم باشی آشنا!
یعنی از فرمان مکن تو انحراف تا نگردی مبتلا اندر خلاف
چون خلافی از تو ناگه سر زند خط عصیان بر جبین تو کشد
همچو شیطان کو ز امر انکار کرد گشت ملعون چون که استکبار کرد
سر نه پیچی هرگز از فرمان دمی تا شوی در ملک معنی محرمی
هست فرمان الهی آنکه تو تابع احمد شوی و آل او
هر کرا علم و حیا همره بود از یقین او تابع آن شه بود
بعد از آن آید حیا نزدیک عقل تا بگیرد از علوم عقل و نقل
علم از آدم دان که حق داده بوی من نگویم از کجا بوده است وی
چون ز عزت خلعت آدم بداد تاج اسرارش روان بر سر نهاد
گفت ای جبریل این سه تحفه را بر به نزد آدم خاکی ما
گو بی کاین سه تحفه از حق آمده از برای دید مطلق آمده
تا بتو باشند خود یار و ندیم هم ترا باشند در معنی مقیم

پائیگا تو، شہدِ زنبوران عشق
دل پہ ہوگی، جان سے، باران عشق

دین میرا، اصل ہیں، اک وصل ہے
وصل یہ اُس کا ہے جو بااصل ہے

شکل سے، انسان، کچھ انساں نہیں
ہیں جو بدطینت، وہ ہیں انساں نہیں

وُہ بُرا ہے جو کہ ظاہر میں بھلا
باطن اچھا، اور ظاہر سے بُرا

جب گِلِ اسرار سے آدم بنا
اور نفخت فیہ من روحی ہوا

تب فرشتوں نے اُسے سجدہ کیا
اور حکم رب سے یہ مژدہ دیا

تجھ کو حق نے خاک سے پیدا کیا
سارے عالم کا خلیفہ کر دیا

حکم حق آدم کو تھا گیہوں نہ کھا
ورنہ جنت سے نکالا جائے گا

کر حذر گیہوں سے ہو جا حق نشیں
تجھ کو مل جائے گا پھر حق الیقیں

تو بھی حیدر کی طرح گیہوں نہ کھا
صاف ہوگا زہر سے باطن ترا

نفس کو گیہوں سے جب رکھیگا دور
پھر حیا و علم پائے گا ضرور

یعنی حکموں سے نہ کر، تو انحراف
اور مصیبت میں نہ ڈالے اختلاف

ہوگیا سرزد اگر کچھ بھی غلط
معصیت کا ہوگا پیشانی پہ خط

دیکھ! شیطاں بھی تو، نافرماں بنا
وُہ تکبر ہی سے ملعوں ہوگیا

کر نہ حکموں سے کبھی، تو سرکشی
تو بھی ہوگا رازدار باطنی!

تو ہو پیرو، حسب فرمان خدا
مصطفےٰ کا اور اُس کی آل کا

جس کسی کے پاس ہے علم و حیا
وہ یقینی شاہ کا پیرو ہوا

پھر حیا آتی ہے خود نزدیک عقل
تاکہ حاصل ہوں علوم عقل و نقل

علم آدم کو خدا نے سب دیا
یہ نہیں کہتا، کہاں اور کب دیا

جامۂ عزت جو آدم کو ملا
تاج پہنایا اُسے اسرار کا

پھر کہا جبریل سے تحفے یہ لو
اور میرے آدم خاکی کو دو

دے کے تینوں تحفے یہ کہنا پیام
زید مطلق کے لئے ہیں یہ تمام

یہ رہیں گے تیرے ہمدم اور ندیم
ملک معنی میں ترے ہونگے سہیم

تو بایشاں باش و با ایشاں نشیں   تا کہ حاصل گردوت اسرار دیں
پس نظر کرد آدم معنی در آں   دید نور عالم معنی در آں

-[تمثیل در فرستادن عقل و حیا و علم از حضرت عزت بحضرت آدم علیہ السلام]-

گفت آدم با ملائک در ملا   کاین سہ جوہر را کہ آمد از خدا
عقل خواہم تا جدا از من شود   علم خواہم در دلم محکم شود
حق حیا را جا بچشم خویش کرد   او نظر در حرمت او بیش کرد
منزلے کردند خود ہر یک قبول   شرح این معنی ہمی داند رسول
گفت ہر کس علم دارد جاں بود   خود حیا یک شعبہ از ایماں بود
ہر کہ او با عقل باشد متقی است   این شقاوت بیشکی از احمقی است
ہر کرا با عقل ہمراہی بود   دیدنش از ماہ تا ماہی بود
ہر کرا علم از معانی بودہ است   عالم و اسرار دانی بودہ است
ہر کرا عقل و حیا ہمراہ اوست   آدم معنیّ دل ہمراہ اوست
ہر کہ دارد عقل و دیں ہمراہ اوست   خود مقام فضل منزلگاہ اوست
عقل با علم و حیا چون جمع شد   سینہ ہا روشن از او چون شمع شد
ہر کہ دارد عقل این دو پی روند   پس حیا و علم بادی بگروند
رو تو از بے عقل و ناداں کن کنار   تا چو حیواں می نباشی در قطار
خود حیا عقل معانی را بود   علم و عقلت از حیا ظاہر شود
عقل با علم و حیا ہم خانہ شد   ہم مئ و میخانہ و جانانہ شد
از مئ و میخانہ عشق آمد بروں   گشت او در ملک معنی رہنموں
گفت با جاں کہ بیا تا بر پریم   خرقۂ تن را سراسر بر دریم
خیز تا باہم می معنی خوریم   پس بسوی ملک معنی رہ بریم
دل ز باطل پاک کن آنگہ دروں   تا نیفتد از ندت از خانہ بروں
ظاہر و باطن بمعنی پاکساز   بعد از آں اندر مساجد کن نماز

رہ اُنہیں کے ساتھ بن کے ہمنشیں — تاکہ حاصل ہوں تجھے اسرارِ دیں

اُن کو آدم نے جو دیکھا، باشعور — عالمِ معنی کا پایا اُن میں نور

-[بارگاہ رب العزت سے حضرت آدم کو عقل و حیاو علم عطا ہونیکی تمثیل]-

تب فرشتوں سے یہ آدم نے کہا — ق — تین جوہر، ہیں جو یہ حق کی عطا

چاہتا ہوں، عقل تو ہو تاجدار — علم کی دل میں جگہ ہو پائیدار

حق نے آنکھوں میں حیا کا گھر کیا — اِس کی عزت کو دوبالا کر دیا

اپنی اپنی کی جگہ سب نے قبول — اِس حقیقت سے ہیں واقف خود رسُول

قول اُن کا ہے، کہ عالم جان ہے — اور حیا اک شعبۂ ایمان ہے

ہے جو عاقل بس وہی ہے متقی — ہے خلاف اِس کے سراسر ابلہی

عقل سے جو شخص بھی ہے بہرہ ور — ماہ سے ماہی تک اُس کی ہے نظر

علمِ معنی ہو گیا جس پر عیاں — بن گیا وُہ عالِم و اسرار داں

پاس ہے جس شخص کے عقل و حیا — آدمِ معنی دل کو پا گیا!

عقل و دیں جس شخص کے ہونگے ندیم — وہ مقامِ فضل پر ہوگا مقیم

عقل جب علم و حیا کے ساتھ ہے — پھر دلِ روشن بھی اُسکے ہاتھ ہے

عقل سے جو شخص ہوگا رو شناس — خود حیا و علم ہونگے اُسکے پاس

رہ الگ بے عقل سے، نادان سے — ہو نہ جائے زمرۂ حیوان سے

خود حیا میں عقل کو معناً ہے دخل — اِس حیا سے ہونگے ظاہر علم و عقل

عقل جب علم و حیا سے آملی — مے بھی ہے، میخانہ بھی، جانانہ بھی

عشق میخانے سے پھر ظاہر ہوُا — ق — رہنمائے ملکِ معنی بن گیا

جان سے اُس نے کہا، آؤ، اُڑیں — ″ — اِس لباسِ جسم کو اب پھاڑ دیں

چل کے ہم تم بادۂ معنی پیئیں! — ملکِ معنی کی وہاں سے راہ لیں

پاک دل باطل سے کر، پھر گھر میں جا — ورنہ، تو باہر نکالا جائے گا!

ظاہر و باطن میں بن لے پاکباز — مسجدوں میں جا کے پھر پڑھنا نماز

گر نماز پاک خواهی پاک شو
ورنه اندر بند جسمت خاک شو

گلشن جاں را بعشقش پاک دار
تا بروید گل بمعنی صد هزار

شوق ما از حالت مستاں بود
جان ما از شوق او نالاں بود

ای همه مشغول صورت آمده
جملگی محض کدورت آمده

در نظر غیر خدا را پست کن
دفتر معنی ما را دست کن

تو بخوان و گوش کن اسرار من
تا بیابی کلبهٔ عطار من

کلبهٔ عطار جائے عاشقانست
واندر او ظاهر سر درعارفانست

اهل صورت نیست اندر منزلم
گفتهٔ ایشاں بنا شد حاصلم

من از این صورت برون رفتم تمام
صورت و معنی او دارم مقام

من کتاب صورت خود شسته ام
چشم صورت بین خود را بسته ام

علم حال من همه عالم گرفت
بلکه تا هر رشتهٔ آدم گرفت

علم من در عرش حوراں خوانده اند
نی گرفتاران دوراں خوانده اند

علم صورت معنیت ویراں کند
صد هزارت رخنه در ایماں کند

علم معنی در دل خود جای کن
علم صورت را بزیر پائی کن

علم معنی عشق را دارد عیاں
علم صورت عقل را دارد زیاں

علم معنی عالم جانها گرفت
علم صورت در زمیں مادی گرفت

علم معنی خود حیا در چشم داشت
علم صورت تخم جهل و عجب کاشت

علم معنی کرد جاں را آشکار
تا دهد او را ابا از شهر یار

علم معنی آمد و شیطاں گریخت
در درون من همه ایماں بریخت

علم معنی آمد و عالم گرفت
در حقیقت کشور آدم گرفت

علم معنی آمد و جانیم داد
مهر سلطاں در درون من نهاد

علم معنی آمد و گفتار شد
پیش احمد آمد و کردار شد

علم معنی سر فراز دین ماست
در دو عالم آیهٔ تلقین ماست

تو نماز پاک سے پہلے ہو پاک
قید و بند جسم میں ورنہ ہے خاک

پاک اُسکے عشق سے رکھ باغ جاں
تاکہ ہوں لاکھوں گُلِ معنیٰ عیاں

ہو رہا ہوں مست اُس کے شوق میں
جان ہے بےچین اُسی کے ذوق میں

مائل صورت ہیں سب ظاہر پرست
سب کے سب خالص کدورت میں ہیں مست

سب کو نظروں سے گرا حق کے سوا
ہاتھ میں لے دفتر معنی مرا

پڑھ لے، سُن لے، تو مرے اسرار کو
تاکہ پائے کلمۂ عطار کو

عاشقوں کا گھر ہے میرا ہی مقام
عارفوں کا ہے سرور اُسمیں تمام

کوئی ظاہر بیں نہیں گھر میں مرے
اُن کی باتوں میں ملے گا کیا مجھے

میں تو اِس ظاہر سے بالکل ہوں جدا
ظاہر و باطن پہ اُس کے ہوں فدا

میں نے دھو ڈالی، کتاب ظاہری
بند ہے اب چشم ظاہر بیں مری

میرے علم حال میں عالم ہیں سب
بلکہ تار و رشتۂ آدم ہیں سب

علم یہ، پڑھتی ہیں، حوریں عرش پر
ہے نہ صرف انسان ہی اک بہرہ ور

ہو گا باطن، علم ظاہر سے خراب
رخنے ایماں میں پڑیں گے بے حساب

علم باطن کو جگہ، تو دل میں دے
علم ظاہر کو مسل دے پیر سے

علم باطن، عشق کرتا ہے عیاں
عقل کو ہے علم ظاہر سے زیاں

علم معنی کی حکومت، ملک جاں
علم ظاہر کی حکومت، یہ جہاں

علم معنی میں ہے، اک عفت سی شے
علم ظاہر تخم عُجب و جہل ہے

علم معنی سے ہوئی جاں آشکار
تاکہ ہو وہ باز شاہی کا شکار

علم معنی آیا اور شیطاں چلا
بھر گیا ایمان سے سینہ مرا

علم معنی ہی نے سب عالم لیا
اور سارا کشور آدم لیا

علم معنی ہی نے زندہ کر دیا
شاہ کی اُلفت سے سینہ بھر دیا

علم معنی ہی کبھی گفتار ہے
اور نبی کے پاس یہ کردار ہے

علم معنی سرفراز دین ہے
دو جہاں میں آیۂ تلقین ہے

علم معنی بادل من راز گفت ‌ ‌ ‌ قصهٔ آدم بیکدم باز گفت
علم معنی عشق را در بر گرفت ‌ ‌ ‌ رفت و کیش ساقی کوثر گرفت
علم معنی آمد و احمد شنید ‌ ‌ ‌ گفت با حیدر نبی در عین دید!
علم معنی آمد و شرعش گرفت ‌ ‌ ‌ بعد از آں از اصل و از فرعش گرفت
علم معنی با محمد راز گفت ‌ ‌ ‌ بعد از آں با شاہ مرداں باز گفت
علم معنی کرد در عالم ظہور ‌ ‌ ‌ بعد از آں او برد موسیٰ را بطور
علم معنی بود اسرار خدا ‌ ‌ ‌ علم معنی بود انوار ہدیٰ!
علم معنی مصطفیٰ را شرع داد ‌ ‌ ‌ بعد از آں با مفتی ما فرع داد
علم معنی با علی ہمراہ بود ‌ ‌ ‌ خود نبی اللہ از آں آگاہ بود
علم معنی را رسول اللہ دید ‌ ‌ ‌ او علی را اندر آں ہمراہ دید
علم معنی را کہ ایں عطار گفت ‌ ‌ ‌ جملگی از گفتۂ کرار گفت
علم معنی خود کلام اللہ خواند ‌ ‌ ‌ بر زباں ذکر ولی اللہ خواند
علم معنی گشت در بازار عشق ‌ ‌ ‌ یافت او سررشتۂ اسرار عشق
علم معنی را بدل عطار یافت ‌ ‌ ‌ زاں معانی گوہر اسرار یافت
علم معنی خانۂ دلہا گرفت ‌ ‌ ‌ واندر آنجا منزل و ماویٰ گرفت
علم معنی گوش کردہ جبرئیل ‌ ‌ ‌ ہست گفتار نبی اللہ دلیل
علم معنی قاف تا قاف آمدہ ‌ ‌ ‌ زاں ہمہ معنی می صاف آمدہ
علم معنی در درونم زد علم ‌ ‌ ‌ زاں سبب بر ہم زنم لوح و قلم
علم معنی بود اسرار نہفت ‌ ‌ ‌ شاہ مردانش درون چاہ گفت
علم معنی نی شد و آواز کرد ‌ ‌ ‌ اہل معنی را بخود ہمراز کرد
علم معنی گفتگو دارد بسے ‌ ‌ ‌ خود نخواندہ مثل این مظہر کسے
علم معنی مہدیم دارد بغیب ‌ ‌ ‌ زانکہ آں شہ سرہا دارد بجیب
علم معنی داشت حیدر در یقین ‌ ‌ ‌ زانکہ او بد مظہر اسرار دیں

راز دل سے علم معنی نے کہا
علم معنی عشق کو دل سے لگا
علم معنی آیا، احمد نے سنا
علم معنی نے شریعت کو لیا
علم معنی نے کیے احمد سے راز
علم معنی کر گئے عالم میں ظہور
علم معنی کیا ہے اسرار خدا
علم معنی سے ملی احمد کو شرع
علم معنی تھا علی کے ساتھ ہی
جب نظر احمد نے کی اس علم پر
ہاں، مراد اس علم سے عطار کی
علم معنی جب بنا قرآن خواں
علم یہ گھوم آیا ہے بازار عشق
علم معنی مل گیا عطار کو
علم معنی کا دلوں میں ہے مقام
علم معنی سن چکے ہیں جبرئیل
علم معنی قاف سے تا قاف ہے
دل میں گاڑا علم معنی نے علم
علم معنی ایک پنہاں راز تھا
بنکے سنے ہے علم معنی کی پکار
علم معنی کے بیاں کی حد نہیں
غیب سے مہدی نے پایا ہے یہ علم
علم معنی تھا علی کے پاس بھی

قصۂ آدم بھی سب دہرا دیا
پھر نہ ساقی کوثر ہو گیا
اور بعینہ مرتضیٰ سے کہہ دیا
اور اصل و فرع پر قبضہ کیا
شاہ مرداں سے کیا پھر ساز باز
لیگیا موسیٰ کو بھی بالائے طور
علم معنی کیا ہے، انوار ہدیٰ
اور اسی نے دی مرے مفتی کو فرع
اس سے واقف تھے رسول اللہ بھی
ساتھ ہی دیکھا علی کو جلوہ گر
گفتگو ہے حیدر کرار کی
تب کیا ذکر دلی ورد زباں
پا گیا ہے رشتۂ اسرار عشق
جس سے پایا، گوہر اسرار کو
وہ اسی منزل میں کرتا ہے قیام
ہے، حدیث مصطفیٰ اس کی دلیل
علم معنی ہی شراب صاف ہے
ہوں گے درہم برہم اب لوح و قلم
چاہ میں حیدر نے ظاہر کر دیا
اہل معنی کو بنایا راز دار
بڑھ کے مظہر سے نہیں گویا کہیں
راز دار دہر ہے وہ شاہ حلیم
مظہر اسرار دیں تھا اک وہی

علم معنی داں ز باب اولیا　　ز آنکه او بوده است نفس مصطفیٰ
علم معنی داں که معنی روح تست　　شهسوار او کشف خود نوح تست
علم معنی داں ز جعفر در جهاں　　ز آنکه با او بوده علم حق عیاں
علم معنی دان و صادق را شناس　　پس ز علم او نه در دین اساس
علم معنی دان و خاک راه باش　　تو محب و دوستدار شاه باش
هر که دارد حب او ایمان برد　　ورنه ایمانش همه شیطان برد
رو تو جنبش در درون دل بکار　　تا درخت نور بینی بے شمار
رو تو جنبش دار و صیقل زن دلت　　تا زوید خار غفلت از گلت
راه او را جو اگر مرتد نهٔ　　همچو مفتی زماں تو رد نهٔ
از منافق دور باش او را ببیں　　گر همی خواهی که باشی پاک دیں
رو تو شهبازی بمعنی پر بر آر　　ورنه باشی در دو عالم خوار و زار
اے پسر تو روح را شهباز کن　　نه مثال خرمگس پرواز کن

-[در بیان روح و جسم نقصان نفس و گرفتاری روح با دورهائی یافتن ببرکت متابعت شاه اولیا]-

روح تو شهباز علوی آمده است　　او شهنشاه سماوی آمده است
خرمگس نفس است و بس دنیاپرست　　او کند دائم به مردارے نشست
تو بروح خویشتن بنگر که چیست　　بعد از آں در معنیش بنگر که کیست
دشمن بسیار دارد روح تو　　لیک از او دائم بود مفتوح تو
نفس دشمن کور ساز و روح شاد　　تا روی در عالم معنی چو باد
دشمن روحت همی بخل است و آز　　ز آں کنی از کاهلی دائم نماز
دائما نفس تو باشد همچو سگ　　آهوان حرص را گیرد بتگ
نفس تو چوں غافلت سازد ز حق　　دائما باشی تو اندر داق و دق
بهر مال و گنج داری رنج و درد　　خیز و افشان دامن خود را ز گرد
گرد شیطاں یک گنه تو صد کنی　　هر چه گوید او تو آں را رد کنی

علم معنی کا ہے مصدر، مرتضیٰ
کیونکہ وہ تھا نفس پاک مصطفیٰ

علم معنی سے ہے مطلب تیری شرح
شہسوار لوکشف جس کا ہے نوح

علم معنی پہنچا جعفر سے یہاں
کیونکہ علم حق ہوا اُس سے عیاں

علم معنی سیکھ، ہو صادق شناس
رکھ اُسی سے دین کی قائم اساس

علم معنی سیکھ، خاک راہ بن
ہر طرح سے، دوستدار شاہ بن

جس نے الفت اس سے کی ایماں ملا
ورنہ ایماں اُس کا شیطاں لے گیا

اُس کی اُلفت اپنے دل میں بو ضرور
اِس سے نکلیں گے بہت اشجار نور

اُس کی اُلفت رکھ کے دل کو صاف کر
خار پیدا ہوں نہ تیری خاک پر

گر نہیں مرتد، تو اُس کی راہ چل
بن نہ مغتی کی طرح، تو پُر دغل

تو منافق کو نہ دیکھ، اُس سے ہو دُور
پاک دیں ہو جائیگا تیرا ضرور

معنوی یہ قول شہباز جلیل
ورنہ ہوگا دونوں عالم میں ذلیل

روح کو اپنی ذرا شہباز کر
خرمگس کی طرح مت پرواز کر

بیان روح وجسم خسارۂ نفس گرفتاری روح اور شاہ اولیا کی برکت سے اُسکی رہائی

دیکھ! ہے شہباز علوی تیری روح
ہے شہنشاہِ سماوی تیری روح

نفس تیرا ہے مگس، دنیا پرست
جسم مردہ ہے سدا جس کی نشست

دیکھ اپنی روح کو، ہے چیز کیا؟
اور کیا باطن میں اُسکے ہے چھپا؟

گو، ہیں دشمن روح کے بے انتہا
ہوگی تیری فتح، اُس سے ہی سدا

روح خوش ہو، نفس اندھا ہو ترا
عالم معنی میں پھر ہوگا ہُوا

روح کے تیری ہیں دشمن بخل و آز
اِس سبب سے کاہلی کی ہے نماز

نفس کُتّے کی طرح تیرا سدا
حرص کے آہو کے پیچھے ہے لگا

حق سے غافل نفس رکھتا ہے سدا
مشکلوں ہی میں رہیگا تو گھرا

مال و زر کے واسطے یہ رنج و درد
اُٹھ کھڑا ہو، جھاڑ دے دامن سے گرد

تھا گنہ شیطان کا اک، تیرے ہیں صد
سب خدا کے حکم، تو کرتا ہے رد

سہ ایک خاص قسم کی مکھی جو اکثر کتوں پر بیٹھتی ہے جسے کُکھی بھی کہتے ہیں ۱۲

دیگر آنکه علم باطل ورد تست — صد چو شیطان هر طرف شاگرد تست
سینه ات از حیله و شر پر بود — در خیالت آنکه آن پر در بود
رو صدف پر دُرِّ معنی کن چو من — تا شوی فارغ ز شر اهرمن
دیگرت وسواس و نخوت در سراست — این چنین شیوه ترا کی درخوراست
دیده تو باشد جدا اندر جهان — ز آنکه منصب داری و خرج گران
گر بدعوت گرد بر گردت گرفت — وردِ باطل کردی و دردت گرفت
هست جسمت حقهٔ پر ریم و خون — وقت خوردن میشوی تو سرنگون
هست اجسامت پر از اخلاط و درد — اندر این آلودگی خفتی و مرد
گرچه حیوان تو بخوردن راضیی — من ز تو بیزارم ار خود قاضیی
جسم خود را پاک گردان همچو روح — خویش را انداز در کشتی نوح
جسم را چون غیر از خود دور کن — بعد از آنش خانه را پر نور کن
غیر بیرون کن که حق آید درون — گشت نفست در سوی الله رهنمون
در درون خانه دارم راز حق — برده ام از جملهٔ خلقان سبق
من سبق از مرتضی دارم بگوش — یک دارد آن سبق صد پرده پوش
هست از آن یک پرده پیش جبرئیل — در درون پرده اسرار خلیل
آسمان شد پردهٔ انوار او — این زمین یک گردے از اسرار او
غیر او خود نیست با عطار هیچ — تو بیا بر نام من این نامه پیچ
غیر او در دل ندارم مهر کس — مصطفیٰ باشد گواهم این نفس
هست عطار این زمان بس مستمند — سینه مجروح و فقیر و دردمند
خوان انعام تو باشد درخورم — سر سودای تو باشد در سرم
خواهم از فضلت خدا یا رحمتے — کن بلطف خویش بر ما رحمتے
اے خداوندا بحقِ انبیا — حق قرب و حق قدر اولیا
کاین سخن را کن ز نامحرم نهان — ز آنکه می بینم در آن حق را عیان

علم باطل ہی سے تجھ کو ہے شغف
ہیں ترے شیطاں سے پھیلے ہر طرف

مکر و شر سینہ میں تیرے ہیں بھرے
تو سمجھتا ہے کہ موتی ہیں کھرے

دُرِّ معنی سے صدف کو تو بھی بھر
شرِّ شیطانی سے ہو گا بے خطر

سر میں تیرے ہیں غرور اور وسوسے
کب تجھے زیبا ہیں یہ شیوے ترے

اس جہاں میں ہے ترا منظر جدا
خرچ منصب سے زیادہ ہے ترا

تہ بہ تہ تجھ پر جمی جو گرد ہے
علم باطل سے یہ تیرا درد ہے

جسم میں تیرے بھرا ہے ریم و خوں!
کھاتے ہی ہو گی تری حالت زبوں

جسم ہے اخلاط اور کیچڑ بھرا
گندگی میں ایسی جو سویا، مرا

بن سکے حیواں؛ تو اگر کھائے یہ شے
قابل نفرت ہے، گر قاضی بھی ہے

روح کی مانند تن بھی پاک کر
نوح کی کشتی میں پھر ہو جلوہ گر

تن ہے گویا غیر اس کو دور کر
خانۂ تاریک پھر پُر نور کر

حق ملے گا غیر کو باہر تو کر
نفس ہے یہ ماسویٰ کی راہ پر

مجھ کو گھر بیٹھے ملا رازِ خدا
میں تو، دنیا بھر سے بازی لے گیا

مرتضیٰ سے یہ سبق میں نے لیا
سو حجابوں میں، مگر یہ ہے چھپا

اک حجاب اس کا ہے پیشِ جبرئیل
جس کے اندر ہیں نہاں رازِ خلیل

چرخ اُس کے نور کا ہے پرنده
ہے زمیں اسرار کا اس کے غبار

کچھ نہیں عطار پاس اُس کے سوا
بند کر نامہ یہ میرے نام کا

دل میں، جز اُس کے نہیں فرزند کی چاہ
ہیں محمد مصطفےٰ میرے گواہ

ہے ترا عطار بے حد مستمند
دل شکستہ ہے فقیر دردمند

مستحق ہوں میں ترے انعام کا
میرے سر میں ہے فقط سودا ترا

فضل پر تیرے خدایا ہے نظر
مجھ پہ اپنے لطف سے تو رحم کر

اے خداوندا! بحق انبیا
قدر و قرب اولیا کا واسطہ

رکھ نہاں نامحرموں سے یہ کلام
کیونکہ اس میں حق، تو ظاہر ہے تمام

حق عیان دان پیش حق بینان عشق   هست ظاهر نزد محبوبان عشق
حق عیان دان پیش جمعے اهل درد   خیز و راه غیر حق را در نورد
حق عیان دان در وجود اهل دل   تو مباش از فعل نفس خود خجل
فعل نفس تو ترا تیره کند   بر جمیع فعلها خیره کند
کیش ترسائی به است از دین تو   زانکه از نفس است کفر آئین تو
کرده هفتاد فرقه دینت را   از نبی شرمے بدار اے بے حیا
ره طریق آل احمد دار دست   راه ایشان تو یقین دان راه اوست
راه را دان از نبی نه از ولی   تو بایں ره رو گریز از کاهلی
کاهلی از جاهلی باشد ترا   جاهلی کفر جلی باشد ترا
من ترا راهے نمایم راه راست   وانگهے گویم که راه حق کجاست
من ترا در راه حق رهبر کنم   آگهت از دین پیغمبر کنم
من ترا در راه حق خندان کنم   خارجی را همچو سگ گریان کنم
من ترا راهے نمایم همچو نور   تا کنی در عالم معنی ظهور
من ترا راهے نمایم از رسول   تو هم از عطار کن این ره قبول
من ترا راهے نمایم در علوم   بعد من هم عارفے گوید بروم
من ترا راهے نمایم از الست   گر نباشد اعتقادات تو پست
من ترا راهے نمایم از ولی   سر بنه در راه او گر مقبلی
من ترا راهے نمایم همچو روز   اولش عشقست و آخر درد و سوز
من ترا راهے نمایم از علیم   تو بر آن ره رو بجنات النعیم
این چنیں ره سالکاں سر کرده اند   پے از آن در ملک معنی برده اند
این چنیں ره را نبی الله دید   این حقیقت را همه از حق شنید
مصطفے ره را بفرزندان نمود   راه ایشان گیر و حق را کن سجود
راه ایشان گیر تا حق بیں شوی   ورنه اندر گور بے تفتیش شوی

حق عیاں ہے، پیش حق بنیان عشق — حق ہے ظاہر پیش محبوبان عشق
درد والوں پر عیاں ہے، حق کا حال — اٹھ گئے، راہ غیر حق، تو کاٹ ڈال
اہل دل کے پاس حق ہے آشکار — ہو نہ فعل نفس پر تو شرمسار
تجھ کو فعل نفس کر دے گا۔ تباہ — اپنے بد فعلوں سے ہوگا روسیاہ
تیرے مذہب سے، یہودی دین بھلا — نفس نے تجھ کو تو، کافر کر دیا
دین کو ستر فرقوں میں ٹکڑے کیا — شرم کر کچھ تو نبی سے بے حیا!
سیکھ لے تو آل احمد کا چلن — ایک ہی رستے پہ ہیں سب گامزن
راہ ہے، راہ نبی و مرتضیٰ — چھوڑ دے یہ کاہلی رستے پر آ
ہے جہالت سے یہ تیری کاہلی — کفر ہے بالکل یہ تیری جاہلی
واسطہ سیدھا بتاتا ہوں تجھے — راہ حق پھر میں دکھاتا ہوں تجھے
راہ حق کا تجھ کو رہبر کرتا ہوں — واقفِ دینِ پیمبر کرتا ہوں
حق کے رستے میں ہنساتا ہوں تجھے — خارجی ہو تو رلاتا ہوں اُسے
راہ دکھلاتا ہوں میں مانندِ نور — عالم معنی کا جس سے ہو ظہور
میں بتاتا ہوں تجھے، راہ رسول — رہبری عطار کی کر لے قبول
رہبری کرتا ہوں میں اُس علم کی — عارف، رومی کہے گا جو کبھی
میں دکھاتا ہوں تجھے راہ الست — گر عقائد میں نہیں تو اپنے پست
میں دکھاتا ہوں سب تجھے راہِ ولی — ہے جو مقبل سر جھکا اُس کی گلی
راہ بتلاتا ہوں روشن مثل روز — جس کا عشق آغاز ہے، انجام سوز
میں دکھاتا ہوں تجھے راہ علیم — جس سے مل جائیں گی جنات النعیم
جتنے سالک تھے چلے اس راہ سے — ملک معنی میں گئے اس راستے
خود اسی رستے گئے خیر الانام ق — حق سے سن لی تھی حقیقت یہ تمام
اپنے بیٹوں کو بھی بتلائی یہ راہ ٥ — چل اسی پر، اقتدا کر شکر الٰہ
تو بھی حق میں ہوگا، چل یہ راہ خیر — ورنہ ہوگا قبر میں، تلقین بغیر

راه ایشان گیر و دینت ترک کن   از محبان باش و کینت ترک کن
راه ایشان گیر تا ایمن شوی   در ره معنی همه باطن شوی
راه ایشان گیر و در جنت در آی   ز آنکه جنت باشد ایشان را سرای
راه ایشان گیر و با سلمان نشین   ز آنکه سلمان بوده اندر عین دین
گر روی این ره بمنزلها رسی   ور نه کی در معنی دلها رسی
گر روی این ره مسلمان گویمت   فیض یاب از نور ایمان گویمت
گر روی این راه تو نامی شوی   ور نه چون شیطان به بدنامی شوی
گر روی این ره بحق واصل شوی   ور نه چون دیوار شوره و گل شوی
گر روی این ره دلت روشن شود   بعد از آن چشم تو هم گلشن شود
گر روی این ره محبت بایدت   وز دل عطار همت بایدت
گر روی ره دامن آن شاه گیر   بعد از آن دست یکی همراه گیر
گر روی این ره ز سر باید گذشت   از مراد خویش به باید گذشت
گر روی این ره باسرارے رسی   خود به کنج خانهٔ یارے رسی
گر روی این ره تو فرد فرد شو   در میان اهل معنی مرد شو
گر روی این ره تو ما را یاد کن   روح ما را از دعائے شاد کن
گر روی این راه با عطار باش   بحر لطف و مظهر انوار باش
رو تو این راه ز علی داران امام   تا که گردد دین و اسلامت تمام

(قصهٔ شیخ شفیق بلخی و هارون الرشید و بیان نمودن ربقهٔ امام موسی کاظم علیه السلام و منصور حلاج و تمثیل آنکه آشنا بیگانه را راه آشنائی می نماید و بیگانه آشنا نمی شود)

بود شیخی عابد و بس پارسا   بود او مشهور از اهل صفا
داده او را معرفت یزدان پاک   غیر حق را رفته بود از جان پاک
نام او را با تو گویم اے رفیق   خوانده اندش اولیای حق شفیق
بود او در عصر هارون الرشید   شرع احمد را نهان از خلق دید

پھوڑ اپنا دین، اُن کی راہ لے   بن کے اُن کا دوست، کینہ چھوڑ دے
راہ اُن کی چل، رہے گا بے خبر   عالم معنیٰ بنے گا سر بسر
راہ اُن کی چل کے، تو جنت میں جا   ہے یہ جنت، اُن کی ہی دولت سرا
ہمنشیں سلماں کا بن رستے پر آ   کیونکہ اصلی دین میں سلمان تھا
مل گئی منزل جو یہ رستہ چلا   ورنہ پھر معنیٰ دل کیا پائیگا
گر چلا یہ رہ مسلماں ہو گیا   فیض یاب نور ایماں ہو گیا
گر چلا اِس راہ پر نامی ہوا   ورنہ بد نامی میں تو شیطاں بنا
مل گیا حق سے جو یہ رستہ چلا   ورنہ ہے دیوار شور و گل نرا
گر چلا یہ راہ، روشن دل بنا   اور پھر گلشن نظر، ہو جائیگا
راہ چلنا ہے تو لے، اُلفت بھی ساتھ   رکھ دل عطار کی ہمت بھی ساتھ
راہ چل، توشہ کا دامن تھام لے   ساتھ اُس کو لے، جو تجھکو کام دے
چاہیئے اِس رہ میں سر کے بل چلے   اپنی ساری خواہشوں کو چھوڑ دے
جائیگا اِس راہ سے اسرار تک   اور جا پہنچے گا گنج یار تک
راہ چلنا ہے، تو پہلے فرد بن   اہل معنیٰ میں ذرا، تو مرد بن
راہ چلنا ہے تو، مجھ کو یاد کر   روح کو میری دعا سے شاد کر
رہ یہ چلنا ہے تو پھر، عطار بن   بحر لطف و مظہر انوار بن
راہ یہ چل، اور سمجھ شہ کو امام   تا کہ ہوں اسلام و دیں دونوں تمام

[شقیق بلخی اور ہارون الرشید کا قصہ، نیز امام موسیٰ کاظم اور منصور حلاج کی گرفت کا بیان اور اسکی تمثیل کہ آشنا بیگانے کی رہنمائی کرتا ہے پھر بھی وہ آشنا نہیں ہوتا]

ایک تھا مشہور شیخ با صفا   تھا بہت عابد بڑا ہی پارسا
اس قدر تھا معرفت میں انہماک   ماسویٰ سے کر دیا تھا دل کو پاک
نام اس کا میں بتاتا ہوں رفیق!   اولیا سب اُس کو کہتے تھے شقیق
وہ ولی ہم عصر تھا ہارون کا   جب یہاں سب سے تھی شرعِ مصطفیٰ

رفت روزے نزد ہارون در خلا   تا بگوید سِرِّ اسرارِ خدا
در خلاف و آشکارا و نہان   انچہ دیده بود خود گوید عیان
چون بدید اورا خلیفہ عذر خواست   گفت ہستی در زمانہ مرد راست
زاہدے مثلت ندانم در جہان   نیست زہد تو بہ پیش من نہان
شیخ با او گفت زاہد نیستم   من بزہد خویش عابد نیستم
زاہد است آن کو قناعت باشدش   زہد ہم از دید طاعت باشدش
من تبرک دید دنیا کرده ام   آخرت را جستہ پیدا کرده ام
زاہد دنیا توئی اے ملک بین   ز آنکہ داری ملک دنیا در نگین
خود باین دنیا قناعت کردهٔ   آبروئی آخرت را بردهٔ
من بہر جائے قناعت میکنم   وصل او خواہم کہ طاعت میکنم
چونکہ ہارون این سخن بشنید از او   آه سردے خویش بر آورد از گلو
گفت پس اے شیخ پندے ده مرا   تا شوم دل سرد از این محنت سرا
شیخ گفتہ حق ترا باخویش خواند   بعد از آن بر جائے صدیقان نشاند
تا بیاری صدق بر گفتار حق   از کلام مصطفےٰ خوانی ورق
ہر چہ حق فرموده باشد آن کنی   غیر حق را در جہان ویران کنی
دیگر آنکہ عدل کن تو در جہان   گر تو داری از علوم دین نشان
ورنہ عمر خویش ضائع مے کنی   خویش را از خلد مانع مے کنی
دیگر آنکہ جائے حیدر جائے تست   مسند عزت بزیر پائے تست
بود علم و فضل در ذات علی   خود حیا و جود ظاہر زان دلی
او دل از شرع نبی پر نور کرد   در شجاعت کفر را مقہور کرد
حق تعالیٰ ذو الفقارش چون بداد   بیم او در جان بیدینان فتاد
شرع احمد را رواج از تیغ داد   پیش تیغ او خوارج سر نہاد
تو مخالف را چو آن شہ منع کن   اصل ایشان را بکن از بیخ و بن

تخلیہ میں ایک دن ہاروں کے پاس ق — راز حق سے کرنے آیا روشناس
ظاہر و باطن میں جو کچھ ہو خلاف ۔ — جو بھی دیکھا تھا وہ کہہ دے صاف صاف
دیکھ کر اُس کو خلیفہ نے کہا — تو ہے سچا آدمی اِس دور کا
اِس جہاں میں، تو ہے زاہد بے مثال — زہد کا تیرے ہے روشن مجھ پہ حال
شیخ بولا، اُس سے، میں زاہد نہیں — اَور اپنے زہد کا عابد نہیں
ہو قناعت جس میں زاہد ہے وہی — اُس کی طاعت ہو تو، ہے یہ زہد بھی
ترکِ دنیا کر کے اب آیا ہوں میں — آخرت کو ڈھونڈ کر لایا ہوں میں
زاہدِ دنیا ہے تو اے ملک بیں — ملک دنیا بھر کے ہیں زیر نگیں
تو، تو، اِس دُنیا پہ قانع ہو چکا — آخرت کی آبرو، تو کھو چکا
میں ہوں ہر حالت میں اک قانع فقیر — وصل کی خواہش میں ہوں فرماں پذیر
جب سُنا ہارون نے یہ اُس کا کلام — بھر کے آہِ سرد بولا تشنہ کام
کچھ نصیحت کر مجھے اے پیر مرد — تا کہ اِس دنیا سے دل میرا ہو سرد
شیخ بولا، فضل حق تجھ پر ہے عام — تجھ کو صدیقوں کا بخشا ہے مقام
تا کہ ہو گفتار حق پر اعتقاد — اور حدیثِ مصطفےٰ پر اعتماد
حق کے سب حکموں کے آگے سر ہو خم — اَور ناحق کو مٹا دے یک قلم
دوسرے یہ کہ جہاں میں عدل کر — ہے جو علم دین سے، تو باخبر!
ورنہ ہو گی عمر یہ ضائع تری — اُور جنت سے رہے گا دُور ہی
تو نے پایا ہے مقام مرتضیٰ — مسندِ عزت ہے تیرے زیر پا!
مرتضیٰ مخزن تھا علم و فضل کا — اس سے ہی روشن ہوئے جود و حیا
قلب جس کا شرع سے تھا تابناک — کفر پہ جس کی شجاعت کی تھی دھاک
حق نے بخشی تھی اُسی کو ذوالفقار — خوف سے حالت تھی بے دینوں کی زار
شرع کو تلوار سے رائج کیا — اُس کے آگے سر خوارج کا جھکا
دُور کر، تو بھی مخالف مثل شاہ — بیخ و بن سے اصل اُن کی کر تباہ

داد مظلومان ز ظالم واستان — غیر را محرم مکن در این و آن
ورنه باشی حاکمی غافل بدهر — عاقبت ظلمت بگیرد شهر شهر
حق تعالی سرنگون اندازدت — خود چه میدانی که چون اندازدت
تو طریق عدل را بنیاد کن — عالمی از عدل خود آباد کن
رو به پیش موسیِ کاظم بعلم — زانکه او باشد بمعنی کان علم
رو به پیشِ موسیِ کاظم بحرف — جان خود را در ره او ساز صرف
رو به پیش موسیِ کاظم که او — هست نقد احمد و حیدر نکو
رو به پیش موسیِ کاظم ببین — در جمالش نور از حق الیقین
رو به موسیِ کاظم عذر خواه — زانکه تو منصور را کردی تباه
تو به پیش کاظم از منصور پرس — حالت مستان حق از طور پرس
رو تو از آل نبی همت طلب — زانکه ایشانند در دنیا سبب
رو تو کفر خویش از خود دور کن — در محبت جان خود پر نور کن
تو بدرویشان تکبر کفر دان — زانکه ایشانند شاه و شه نشان
تو کناره گیر از راه بدان ! — ریز در آتش علوم جاهلان
پند های من بمعنی گوش کن — لب ز ذکر غیر حق خاموش کن
چونکه هارون این سخنها را شنید — نعره زد گفت با خود کلی رشید
در جهان این تخم را کی کاشتی — حیف اوقاتیکه ضائع داشتی
حیف رفتی از جهان نادیده سیر — حکم هاراندی نکردی هیچ خیر
حیف کردی کشتی این منصور را — گوش کردی حرف اهل زور را
از چنین حالت بسی بیدل شداد — از سرشک دیده اندر گل شداد
بعد از آن نزدیک کاظم شد بشب — گفت از من هرچه میخواهی طلب
من در این مدت ز تو غافل بدم — بلکه خود در علم دین جاهل بدم
من ترا دانم خلیفه از یقین — زانکه هستی نقد خیر المرسلین

ظالم و مظلوم میں بن داد گر / دین و آں سے غیر کو محروم نہ کر
ورنہ ہوگا حاکم غافل کا نام / ظلم ہوگا پھر ترا مشہور عام
کر دیا تجھ کو خدا نے سرنگوں / کچھ خبر ہے تجھ کو، یوں ڈالا ہے کیوں
ہاں! طریق عدل کی بنیاد ڈال / عدل سے، دنیا بسا دے بے مثال
جا، ادب سے موسیٰ کاظم کے پاس / ہے وہ کان علم بھی اور حق شناس
خدمت کاظم میں جا، امیدوار / اُس کی خاطر جان بھی کر دے نثار
خدمت موسیٰ کاظم ہی میں جا / ہے وہی نقد علیؑ و مصطفےٰ
خدمت کاظم میں جا کر دیکھ لے / جلوۂ حق الیقیں خود آنکھ سے
خدمت کاظم میں جا، ہو عذر خواہ / کر دیا منصور کو تو نے تباہ
واقعے کاظم سے، سُن منصور کے / حالت مشتاق حق سُن، طور سے
تو مدد آل نبی سے کر طلب / کیونکہ دنیا کے وہی سب ہیں سبب
جاکے اپنا کفر پہلے دور کر / جان و دل الفت سے پھر معمور کر
تو، غرور اصلا نہ درویشوں سے کر / کیونکہ وہ خود شاہ ہیں اور شاہ گر
ہو بروں کی راہ سے دامن کشاں / نذر آتش کر علوم جاہلاں!
یہ نصیحت سُن مری دل سے ذرا / ذکر ناحق میں نہ ہرگز لب ہلا
جب سُنے ہاروں نے یہ پند فرید / ہائے کر کے دل میں بولا اے رشید
تخم بویا تھا کبھی ایسا، بھلا؟ / حیف، اپنا وقت ضائع کر دیا
حیف، دنیا سے چلا، نادیدہ سیر / حکم چلتا ہے ترا، اور کی نہ خیر
دار پر منصور کو لٹکا دیا / حیف، جھوٹوں کا کہا تو نے سُنا
ہو گیا بد دل بہت اور بیقرار / اشک آنکھوں سے رواں، تھا شرمسار
پہنچا کاظم پاس پھر وہ ایک شب / اور کہا، جو چاہیئے کیجے طلب
میں ابھی تک آپ سے غافل رہا / بلکہ علم دین سے جاہل رہا!
ہے یقیں مجھ کو خلیفہ ہو تمہیں / کیونکہ تم ہو نقد خیر المرسلیں

من ترا دانم امام هر انام / زانکه داری شربت کوثر بجام
من ترا دانم بمعنی پیشوا / زانکه هستی در هدایت مقتدا
مردمان جمله بقصد تو بدند / دشمن منصور بهر تو شدند
زانکه منصور از محبان تو بود / بود او را پیش درگاهت سجود
پنج سال است اینکه غیبت میکند / کشتن منصور بدعت میکند
پیش من گویند هر شب تا سحر / پیش کاظم می نهد حلاج سر
دیگر آنکه چون برون آید به پیش / سر نهد بر آستان صد بار بیش
روی و موی خود بمالد بر زمین / سجده باید کرد حق را این چنین
من بایشان گفتم این خود باک نیست / این خلاف شرع دانا دراک نیست
من شنیدم یک سخن از باب خویش / گفته ام صد بار از اصحاب خویش
گفت در ایام صادق روز عید / شیخ بسطامی به پیش او دوید
چند جا بر آستانش سر نهاد / این حکایت از پدر دارم بیاد
من چه گویم خود بحلاج این زمان / زانکه این کردند مردان در جهان
بود این معنی میان ما و خلق / بعد از آن میزد انا الحق زیر دلق
رافضی آنکو ز دین بیگانه است | گشته از دین با بدی همخانه است
هر که در دین نبی ناکس بود | رافضی دانش یقین هر کس بود

ماسوا اس کے نہیں عالم میں در ہے وہ اندھا ہو جو راہِ غیر پر
ہے رضائے اولیا یہ راستی ہے رہِ اہلِ صفا یہ راستی
پائی اس رستہ سے ہی نے خود صفا فائز تلقین مرتے دم ہوا
پائی ہے تلقینِ محبوبِ خدا اس کا شاہد ہے فقط انساں مرا
ہے وہ انساں صاحب فیض و حضور جانتا ہے حالت نزدیک و دور
میں عیاں کرتا ہوں معنیٔ کلام دے رہا ہوں تجھ کو میں کتنے پیام
راہِ حق، راہِ نبی کے ماسوا اور نہیں کچھ بھی ہے، میرے پاس آ
بیحیائی ہے جو تو ناپاک ہے کجروی میں ایک ہی چالاک ہے
ظالموں کی دیکھ تو، حالت ذرا ناحق اس دنیا میں کیا کیا ہے کیا
مصطفےٰ کی راہ سے سب ہٹ گئے بلکہ خود انکی جگہ پر ڈٹ گئے
چل رہے ہیں سب کے سب راہِ بدی کافری مذہب ہے پیشہ ملحدی
ہے وہ ملحد جو برے رستے چلے حق کو چھوڑے اور اپنی راہ لے
پیرویٔ امرِ حق ہے راستی یہ نہیں سیکھی تو ہے وہ کجروی
جو کجی ہی میں رہے گا برقرار جائیگا دوزخ میں سیدھا نابکار
ہیں نجس دونوں ہی، ملحد، خارجی اُلحد ہے ایسا ہی بالکل ناصبی
دور جو حیدر سے ہو ہے خارجی راہِ احمد سے ہے دوری ملحدی
ناصبی پہنچاتا ہے دیں کو گزند اپنی مرضی سے وہ کرتا ہے پسند
چھوڑ کر حکم خدا و مصطفےٰ جس کو جی چاہا بنایا رہنما
دیدیا اُس کو مقامِ مصطفےٰ جو اقیلونی سنائے برملا
قوم یہ تینوں ہی ملعون ہو گئیں کیا بتاؤں کس طرح یوں ہو گئیں
ہے بروں کی راہ پر جو گامزن رافضی کا بھی ہے ایسا ہی چلن
رافضی وہ ہے جو بھٹکے دین سے دین سے پھر کر بدی کا ساتھ دے
جو نبی کے دین سے ہو اجنبی کوئی بھی ہو، ہے یقینی رافضی

مرد آن داں کو بدین آن نہانست — نور اسلام از جبین او عیانست!
مرد آن را داں کہ از دین بر نگشت — راہ حیدر رفت و از سر در گذشت
سر فدائی راہ حیدر کرد او — در پئی سلمان و قنبر کرد او
ہر کہ با سلمان رود سلمان بود — منزلش در خلد جاویداں بود
ہر کہ با ناداں رود از احمقی است — پیرو او نیز چون ناداں شقی است
ہر کہ اندر کفر رہ دارد مدام — میکند در دوزخ سوزاں مقام
ہر کہ از حق دور از من دور شد — از طریق راہ حق مہجور شد
ہر کہ او را دین و دنیا باصفا است — این کتبہائی من او را پیشوا است
آنکہ با من یکجہت نبود کجاست — او مگر بیروں ز دین مصطفیٰ است
دین احمد دین پاکان خدا است — پیر حاجاتم در این معنی گواست
رو دو چیز از من بجاں کن تو قبول — تا کہ گردد شادماں از تو رسول
اولاً از ہستی خود در گذر — دانگہے از گفت مرداں چیں ثمر
تا شود زاں پاک و خالص روح تو — پس بکشتی اندر آید نوح تو
چون کنی تو ترک نفس و رائی خود — در درون خلد بینی جائی خود
چون تو گفت مرد رہ را بشنوی — زاں سخنہا دین تو گردد قوی
لیک ہر کس اندر این رہ مرد نیست — بلکہ از نامرد در رہ گرد نیست
مرد داں آن کو بدین حیدر است — صافی و پاکیزہ ہمچوں گوہر است
ہست نامرد آنکہ غیر او کند — در طریق دیگراں او رو کند!
غیر این دو غیر دانم در جہاں — تا بکی تو غیر آری بر زباں
زین دو یک چیزت یقیں حاصل شود — از ہزاراں کس یکے قابل شود
اے برادر صد ہزار افسوس و حیف — گر تو در عالم زنی خود لاف سیف
سیف گوئی و ندانی سیف را — با تو گویم صد ہزاراں حیف را
سیف را میداں تو شاہ ذوالفقار — خارجی ماند ان برآرد از جاں دمار

مرد وہ ہے جس میں ایمان ہو نہاں
ہو جبیں سے نور اسلامی عیاں

مرد وہ ہے جس کا مذہب ہو اٹل
راہِ حیدر پہ چلے جو سر کے بھل

راہِ حیدر میں کرے جو سر فدا
قنبر و سلماں کا ہو جو ہمنوا

ساتھ سلماں کا جو دے سلماں بنے
خلد میں اپنا ٹھکانا وہ کرے

ساتھ ناداں کا ہے دنیا احمقی
اُس کا پیرو بھی ہے نادان و شقی

کفر میں جس کی گذرتی ہو مدام
نارِ دوزخ میں کرے گا وہ قیام

ہے جو حق سے دور مجھسے دور ہے
راہِ حق چلنے سے وہ معذور ہے

جس کے ہونگے دین و دنیا باصفا
اُس کی ہوں گی یہ کتابیں رہنما

ایک دل مجھ سے نہیں ہے جو کوئی
مصطفٰے کے دیں سے باہر ہے وہی

دینِ احمد، دیں ہے اہل اللہ کا
اِس کا شاہد ہے مرا مشکلکشا

دل سے وہ باتیں مری کرلے قبول
شادماں تجھ سے رہیں گے پھر رسول

اپنی ہستی چھوڑ دے پہلے ذرا
قولِ مرداں سے اُٹھا پھر فائدہ

تاکہ تو خالص بنے اور پاک روح
اور آجائے تری کشتی میں نوح

جب نہ لے گا نفس خود رائی سے کام
دیکھ لے گا خلد میں اپنا مقام

گر سُنے گا قولِ مردانِ خدا
دین بھی محکم ترا ہو جائے گا

ہے نہیں اِس راہ کا ہر ایک مرد
اِس میں نامردوں کی پائیگا نہ گرد

دینِ حیدر میں جو ہے وہ مرد ہے
صاف و پاکیزہ گہر ہے فرد ہے

ہے وہی نامرد جو چھوڑے اُسے
اور غیروں کے طریقے پر چلے

غیر ہیں دنیا میں سب، یہ دو ہیں خیر
تو کہے جائیگا کب تک غیر غیر

حاصل اِن دونوں سے پھر ہوگا یقیں
اہل اک ہوتا ہے لاکھوں میں کہیں

قابلِ افسوس ہوگا یہ چلن
تو اگر ہو سیف زن اور لاف زن

سیف سے واقف نہیں کہتا ہے سیف
صد ہزار افسوس تجھ پر اور حیف

سیف سے مطلب ہے شاہ ذوالفقار
لے اُسی سے خارجی کی جانِ زار

گر تو مردی بر میان بر بند سیف   خارجی را کش که نبود، هیچ حیف
خارجی خارج شده از اہلِ دین   با محبان شہ او آمد بکین
فعل کس دارد بکس چون باز گشت   کین او آخر بسویش باز گشت
مرتضیٰ، دیدی چہ کرد اندر جہان   کرد او خلق خدا را راز دان
ہر کہ راند او ہالک آمد پیش ما   ہر کہ خواند او سالک آمد پیش ما
حکم حکم او و فرمان آن اوست   ہل اتیٰ و انّما در شان اوست
مصطفیٰ گفتہ کہ راہش راہ من   ق مرتضیٰ شد در معانی شاہ من
ہست فرزندان او فرزند من   " جملہ را با جان بود پیوند من
گر نباشد در دل پاکت شکے   آل احمد آل حیدر دان یکے
ہر کہ در معنیِ این مظہر رود   بر تمام سروران سرور شود
ہر کہ در معنیِ بما ہمخانہ شد   در میان مردمان دیوانہ شد
ہست این دیوانگی در پیش ما   می نہد او مرہمے بر ریش ما
سالہا بر خاک سودم روی خویش   تا شبے خوانی مرا تو سوی خویش
سالہا در انتظارم اے حبیب   تا دہد یک شربت آبم طبیب
خود طبیب من علیِ مرتضیٰ است   زانکہ او را شربت کوثر عطاست
ختم کن عطار گفت تو بیار   ق نے علوم فقر گو با شیخ خوار
تا ترا منکر نگردد در جہان   " این معانی را بہِ او بر مخوان
تا نگردد واقف از اسرار تو   " خود نباشد دیگرش در کار تو
یک سر مو نیست ناشرعم بہ پیش   کور بادا چشم اغیارم بہ نیش
نیش من مدح امیر مومنان   کان دمادم بر دل و جانش دوان
مدح او باشد چو تیغ بے غلاف   میزنم بر سینۂ اہلِ خلاف
بار الہا خود ہمیدانی کہ من   غیر راہ تو نہ رفتم در علن
گوشہ گیرم ز خلقان جہان   تا شود حاصل مرا مقصود جان

مرد ہے تو، سیف کر زیبِ کمر خارجی کو مار بےخوف و خطر
ہو چکا ہے دین سے خارج یہ بد شہ کے متوالوں سے رکھتا ہے حسد
خود پر آجاتا ہے، اپنا ہی کیا اُس کا کینہ بھی اُسی پر آگیا
دیکھ! دنیا میں علی نے کیا کیا رازداں خلقِ خدا کو کر دیا
جس کو دھتکارا، سمجھ لو، مر گیا جس کو یاد اُس نے کیا سالک بنا
حکم اور فرمان اُس کی شان ہے ہَلْ اَتٰی دَائِمًا کی جان ہے
ق قولِ احمد ہے، "جو میری راہ ہے شاہِ مجتبیٰ مرتضیٰ کی راہ ہے
اُس کے سب بچے مرے فرزند ہیں،، میری جان و دل کے سب پیوند ہیں"
ہے جو شک سے پاک دل کر یہ قبول ابنِ حیدر کو سمجھ آلِ رسول!
جو بھی اِس مظہر کا تابعدار ہے جملہ سرداروں کا وہ سردار ہے
جو مرا باطن میں، ہے معنی نہ بنا خلق کے نزدیک دیوانہ بنا
ہے مجھے بھی اب یہی دیوانگی زخم پر مرہم لگے گا وہی
مدتوں کی، جبہ سائی خاک پہ ایک ہی شب کے لئے، تو یاد کر
منتظر برسوں سے ہوں میں اے حبیب ایک اِدھر بھی جام اے میرے طبیب
ہے علیِ مرتضیٰ میرا طبیب! ماءِ کوثر ہے میرا وہ حبیب
ق ختم کر عطار یہ، کچھ اور بول شیخ جی پہ فقر کے مت راز کھول
وہ ترا منکر نہ ہو جائے کہیں ، اُس سے یہ باتیں کبھی کہنا نہیں
راز سے واقف نہ ہو جائے ترے اور نہ تیرے کام میں کچھ خلل دے
میں نہیں رکھتا ہوں بیدینوں سے رسم نیش سے اغیار ہوں سب کو زخم
نیش میرا، مدحِ مولانا علی جس سے ہے غیروں کے دم میں بیکلی
مدح بھی اُس کی ہے، تیغِ بے غلاف توڑتا ہوں سینۂ اہلِ خلاف
خوب تو واقف ہے مجھ سے اے خدا راہ سے تیری نہیں باہر چلا،
ایک گوشے میں پڑا ہوں خلق سے تاکہ ہو مقصودِ جاں حاصل مجھے

یا الهی دور گردانم ز خلق — تا روم با اولیا در زیر دلق
من ز معنی گنج دارم صد هزار — میکنم در روح درویشان نثار
من همه علم جهان را خوانده ام — در معارف بس سخنها رانده ام
من دگر از گفتگو وا مانده ام — دست از گفت و شنید افشانده ام
چون و گرمی بایدم رفتن بخواب — میدهم حرفے برون از اضطراب
خاک من روزیکه میگردد خراب — بر سر خاکم بخوانند این کتاب
زاهد و مفتی که راه ما نجست — در درون شان نور ایمان نبود سمت
حال ما با حال ایشان جمع نیست — زاهد ما را بمعنی سمع نیست
زاهد و شیخ زمان دیوانه اند — ز آنکه خود با خارجی همخانه اند
هر که شد همخانه با او خو گرفت — همنشین گر دید و بوئی او گرفت
گل اگر با گل شود گل بو شود — ور بسرگین باشد او بد خو شود
رو تو از آلودگیها دست شو — تا شوی صافی چو باده در سبو
میکشم من باده صافی در جهان — تا شوم منصور وار از خود نهان
میخورم باده ولے از دست دوست — ز آنکه ذوق مستیم از دست اوست
میخورم باده ز جام با صفا — و آن صفا باشد ز شاه اولیا
میخورم باده ز دست میر خود — تو خوری ز قوم دست پیر خود
هر که راهے میرود بے راهبر — دارد آن راهش ورے اندر سقر
(و بمعنی) راه پاکان   الله — تا دهندت جام شاهی را بگاه
رو تو راه شهسوار لو کشف — تا شوی واقف ز کار لو کشف
من شدم ز آن شه یقین از اهل دید — ز آنکه در گوشم ندائی او رسید
خود ندائی او همه عالم گرفت — هر که بشنید این ندا ماتم گرفت
رو خرد بگذار در عشق او بورز — مست گردد عشق او نیکو بورز
چوب رزمی از کسے آورده است — کو بخود پیچیده مستی کرده است

خلق سے رکھ دور ہی اے کبریا / ساتھ اک گدڑی ہو اور ہوں اولیا
پاس ہے گنجِ معانی بے شمار / جس کو درویشوں پہ کرتا ہوں نثار
پڑھ چکا ہوں علم دنیاوی تمام / کر چکا ہوں معرفت کے بھی کلام
اُب تو اِن باتوں سے عاجز آگیا / کہنے اور سُننے سے جی گھبرا گیا
چونکہ اب مرنا بھی لازم ہے مرا / اِسلئے جلدی سے یہ سن لے فدا
خاک جس دن میری ہو جائے خراب / آکے تربت پر یہ پڑھ دینا کتاب
زاہد و مفتی بھی جو مجھ سے ہیں دُور / اُن کے دل میں ہے کہاں ایماں کا نور
حال اُن کا ہے جدُا، میرا جدا / سُن نہیں سکتے وہ باطن کی صدا
شیخ و زاہد دونوں ہی دیوانے ہیں / خارجی کی شمع کے پروانے ہیں
جس کی صحبت ہے اُسی کی تو بھی ہے / ہم نشیں جیسا ہے ویسی بو بھی ہے
گُل سے مٹی میں بھی ہے بوئے گلاب / مل کے گوبر سے ہوئی مٹی خراب
گندگی سے ہاتھ دھولے، ہے خراب / یوں نکھر جیسے ہو شیشہ میں شراب
بادۂ صافی میں پیتا ہوں یہاں / صورتِ منصور ہو جاؤں نہاں
بادہ پیتا ہوں، مگر جب یاد دے / مست ہوتا ہوں اُسی کے ہاتھ سے
میکشی کرتا ہوں جام صاف سے / اور صفا شاہِ ولایت سے ملے
پیر کے ہاتھوں سے میں پیتا ہوں جام / پیر کے ہاتھوں سے تو ہے تلخ کام
راستہ چلتا ہے جو بے راہبر / اُس میں، دوزخ کا بھی آگ ہوتا ہے ڈر
راہِ خاصانِ خدا پر چل ذرا / جام شاہی بھی تجھے مل جائیگا
شہسوارِ دوگشت کی راہ چل / تاکہ رازِ دوگشت ہو جائیں حل
میں اُسی شہ سے بنا صاحب نظر / کان میں ہے وہ صدائے پُرگہر
ہے زمانے بھر میں اُسکی ہی صدا / جس نے یہ سن لی، کیا ماتم بپا
لے کے اُس کا عشق، کر دے عقل پست / عشق بھی ایسا، کہ پھر ہو جائے مست
حد شرعی ہے اُسی کے واسطے / جو کہ بدنفسی سے بدمستی کرے

کارگاه او چه دانی ای پسر صد هزاران دور دارد چون قمر
او بدوره صد هزاران سیر کرد بعد از آن عطار را در دیده کرد
گفت صاحب دردیابی در یقین این زمان معنی کل در ما ببین

[حکایت در تمثیل حال نادانان که بخود گمان دانائی برند و از حقیقت حال دانایان بیخبراند و طریقه دانایان را از نادان شمرند این است]

یک حکیمی بود دانا در جهان بر ضمیر او شده حکمت عیان
سیر کرده جملهٔ آفاق را او شمرده نقش این نه طاق را
چون بسوی کعبهٔ جان شد روان تا ببیند ساکنان دل را عیان
ناگهی با عامی همراه شد از طریق حال او آگاه شد
گفت ای یار عزیز هوشمند در کجا بین ملک باشی پای بند
گفت در ملک عراقم منزل است در زمینش پای من اندر گل است
پس بدو گفته حکیم روزگار گشته ام از ماندگی من بیقرار
من شوم بر تو سوار و تو بمن تا شویم این راه را آسوده تن
گفت آخر نیست عقلِ تو قوی یا مگر در راه تو ابله شوی
من چو نتوانم تهی رفتن براه چون ترا بردارم ای بی عقل شاه
چون برفتندی دو منزل بیش و کم بر لب کشته رسیدندی بهم
کشت زاری بود خرم چون ارم خود حکیمش گفت بر مانم زغم
من نمیدانم که این را خورده اند یا تمامی غلّه اش را برده اند
گفت ای در علم از کار آگهان تو مگو زنهار گفت ابلهان
کشت زار اول چنین دان در جهان نارسیده زرعش این معنی بدان
تو نمیدانی که کشت و زرع چیست چون شوی آگه که اصل و فرع چیست
پس تحمل کرد از گفتش حکیم سر به پیش افگند چون مرد سلیم
بعد از آن دیدند جمعی را براه میدویدندی سوئے گورستان شاه

جانتا کیا ہے، تو اُس کی کارگاہ　　اُس میں لاکھوں گردشیں ہیں شغل گاہ
اُس نے اک گردش میں سیریں کیں ہزار　　دیر میں عطار کو لایا وہ یار
درد والا کہ رہا ہے یہ بیاں　　دیکھ! مجھ میں بھی کُل ہیں عیاں

ایسے ناداں جو خود کو دانا سمجھتے ہیں مگر عقلمندوں کی حالت سے بیخبر ہوتے ہیں اور انکی باتوں کو بیوقوفی کی حرکتیں خیال کرتے ہیں یہ حکایت اسی کی تمثیل ہے۔

ایک دانا نے جہاں مردِ فہیم　　تھی عیاں حکمت وہ ایسا تھا حکیم
سب کا سب تھا یہ جہاں پیشِ نظر　　تھا نقوشِ آسماں سے باخبر
کعبۂ دل کا کیا قصدِ طواف　　تاکہ سالک بھی نظر آجائے صاف
ناگہاں جاہل ہوا اک ہم سفر　　ہو گیا آگاہ اُس سے دیدہ ور
اُس سے پوچھا اے رفیقِ باتمیز　　کس جگہ کے رہنے والے ہو عزیز
سن کے بولا ہے وطن میرا عراق　　ہے اُسی خطے کا پیروں میں وثاق
تب ہوا گویا حکیمِ روزگار　ق　　میں تھکن سے ہوں بہت ہی بیقرار
تو مجھے یا، میں تجھے لوں پشت پر　　تاکہ آسانی سے کاٹیں رہگذر
سُن کے بولا، کیا نہیں ہے عقل پاس　　چلتے چلتے ہو گیا کیا بدحواس
خالی چلنے ہی سے ہوں میں دردمند　　پھر تجھے کیسے اُٹھاؤں عقلمند
بیش و کم دو منزلیں ہونگے چلے　　ناگہاں پہنچے قریب اک کھیت کے
کھیت سرسبزی میں تھا باغِ نعیم　　کچھ وہاں سستا کے پھر بولا حکیم
کیا خبر کس نے چرا ہے یہ مقام　　یا اُٹھا کر لے گئے غلہ تمام
سُن کے وہ بولا کہ عالِم، باخبر　　بیوقوفوں کی سی، تو باتیں نہ کر
کھیت یونہی ہوتے ہیں پہچان لے　　فصل ہے کچی ابھی یہ جان لے
کاشتکاری کیا ہے، تو ہے بےبصر　　اِس کے سر اور پیر سے ہے بےخبر
ہو گیا جب اُس کی باتوں پہ حکیم　　سر جھکا کر رہ گیا مردِ سلیم
راہ میں کچھ لوگ پھر دیکھے وہاں　　تھے جو گورستانِ شاہی کو رواں

نوکر سلطان ز عالم رفته بود　　در ته تابوت او خوش خفته بود!
این جماعت همره تابوت او　　جمله میرفتند خوشش تکبیر گو!
گفت با او آن حکیم راه بین　　یا رب او زنده است یا مرده درین
ز آنکه تو بی عقل باشی پیش ما　　این چنین بی عقل نبود خویش ما
هیچ کس را دیدی آخر در جهان　　که رود در گور او را زنده جان
من بتو دیگر نخواهم گفت، هیچ!　　ز آنکه هستی ابله و نادان و هیچ!
خود بهم بودند تا شهر عراق　　لب فرو بستند و رفتند از وفاق!
چون رسید آن پیر خود با جای خویش　　عذرها گفتش حکیم سینه ریش
پیر را چون بود در گنج حضور　　دخترے در ملک خوبی همچو حور
آفتاب از روی او حیران شده　　ماه و زهره از رخش تابان شده
از نکوئی همچو مه می تافت او　　وز فراست موی می بشگافت او
با پدر گفته کجا بودی بگو　　تا شوم واقف ز اسرارت نکو
حال راه و محنت شبهای تار　　گوی با من تا بگریم زار زار
گفت زحمتها کشیدم در جهان　　لیک از همراه بودم من بجان
ابلهے در ره بمن همراه شد　　جانم از همراهیش در چاه شد
خود مرا از وی نداشتها رسید　　وز سوال او ملا متها رسید
گفت یکره که مرا بردار تو　　یا سوارم شو که گردد ره نکو
یک زمانے نردبان راه شو　　و اندر این ره با دل آگاه شو
بعد از آن در منزلے نیکو رسید　　کشت زار سبز و خرم را بدید
گفت یا رب زرع این را خورده اند　　یا مگر محصول این را برده اند
بعد از آن تابوتے آمد پیش راه　　مجمعے در گرد آن با درد و آه
گفت این مرده است یا زنده بگو　　من شدم از گفت او آشفته خو

مر گیا تھا اِک ملازم شاہ کا
تھا وُہی تابوت میں لپٹا ہوا

ساتھ اس تابوت کے تھے خاص و عام
کلمہ پڑھتے جا رہے تھے یہ تمام

اُس سے پھر بولا حکیم دیدہ ور
اِس میں زندہ ہے کہ مردہ کیا خبر

سُن کے یہ کہنے لگا ناداں ندیم
تجھ سے ڈر لگتا ہے مجھکو اے حکیم

تو ہے میری رائے میں احمق ذرا
ایسے احمق سے مرا کیسا واسطہ

تو نے دنیا میں کہیں دیکھا ہے کیا
دفن کر دیں قبر میں زندہ بھلا

اب نہیں بولونگا میں تجھ سے کبھی
ہے نرا نادان و احمق اور غبی

آئے باہم اِس طرح دونوں عراق
چپ تھے دونوں، گو بظاہر تھا وفاق

لی جب اس بڈھے نے اپنے گھر کی راہ
تب حکیم اُس سے ہوا کچھ عذر خواہ

گھر میں اُس بڈھے کے تھا اک گنج نور
یعنی اک لڑکی بھی تھی مانند حور

تھا رخِ روشن سے حیراں آفتاب
ماہ و زہرہ میں تھی اُس سے آب و تاب

ماہ کی مانند تھی نیکی میں صاف
عقلمندی میں بلا کی موشگاف

باپ سے پوچھا کہ ابا! تھے کہاں
مجھ سے بھی کہیے سفر کی داستاں

حالِ راہ و زحمتِ شبہائے تار
مجھ سے کہئے، میں بھی ہونگی اشکبار

بولا، تکلیفیں تو پہنچیں بار ہا
اپنے ساتھی سے مگر میں تنگ تھا

ایک احمق ہو گیا تھا ہم سفر
ہو گیا جس سے سفر مثلِ سقر

خوب شرمندہ ہوا اُس کے سبب
اُس کی باتیں بیوقوفی کی تھیں سب

پہلے بولا، بھائی! مجھ کو لاد لے
یا میں لادونگا، جو یہ رستہ کٹے

راستے کی سیڑھیاں بن جا اگر
کوئی صاحبدل ہو تیرا ہم سفر

پھر ہوا اک ایسی منزل پہ گذر
لہلہاتے کھیت تھے پیشِ نظر

مجھ سے بولا، کوئی اس کو چر گیا
یا کوئی غلہ اُٹھا کر لے گیا

راستہ میں اک جنازہ پھر ملا
ساتھ تھے کچھ لوگ، با آہ و بکا

پوچھا، زندہ ہے کہ مردہ یہ بتا
مجھ کو اِن باتوں پہ غصہ آگیا

دخترش گفت ای پدر آن مرد راه — پس محقق بوده در ملک اله
از حکیم علم سرها بوده است — بر علوم غیب دانا بوده است
بوده او بنده در معنی دل — بوده او آئینه این آب و گل
بوده او همراه روح و جان و دل — او نبوده پیش انسان منفعل
دارد این معنی به پیش من جواب — بشنو از من گر همیخواهی صواب
آنکه گفته تو بیا بر من نشین — یا مرا بر دوش گیر ای راه بین
پیش من یعنی بگو اسرار غیب — تا شود صافی ضمیر من ز عیب
یا شنوان من حدیثی ای رفیق — تا دمی کم گردد آزار طریق
نطق در ره زد بان ره بود — ره که دارد گفتگو کوته بود
دیگر آن که گفته است این کشت زار — خورده اند و برده اند این ده قرار
یعنی اندر کشت زار این جهان — هر که تخمی کشت بردارد نهان
هست دنیا مزرع عقبی بدان — تخم نیکی کارد و بر بردار هان!
در جهان هر کس که تخمی کاشته — کشته است این تخم و بر برداشته
تخم نیکی در زمین دل بکار — تا شود در ملک معنی نو بهار
و آنکه در ره دید میت در نعشت — زنده یا مرده است در تابوت گفت
یعنی او را هست فرزندی عیان — زنده از فرزند ماند در جهان
یا که اندر خیر دید انجام نیک — او بعالم زنده ماند از نام نیک
یا بعلم معرفت گشت آشنا — زنده دل خواهد شدن پیش خدا
زنده دار از نام نیکو زندگیست — نام نیکو مرد را فرخندگیست
ور ندارد هیچ از اینها مرده است — ور بود مرده چو یخ افسرده است
مرده آنهایند که ایشان غافلند — در شناسائی خالق جاهلند
گفت دختر با پدر کاز ابلهی — از سوال او نبودت آگهی
مرده آن را دان که دینش نیز نیست — زندگی خود در دل عطار ماست

لڑکی بولی اے پدر وہ باخدا
راہِ خالق کا محقق تھا بڑا

تھا علومِ باطنی میں وہ حکیم
اور علومِ غیب میں مردِ علیم

معنیِ دل کا تھا وہ صاحب نظر
تھا وہ آئینہ جہاں کا، باہنر

پاس رکھتا تھا وہ روح و جانِ دل
پھر وہ کیوں ہوتا کسی سے منفعل

اُس کی باتوں کا میں رکھتی ہوں جواب
مجھ سے سُن لو، ہے جو شوقِ اکتساب

وہ جو بولا تھا کہ مجھ پر ہو سوار
یا مجھے کندھے پہ لے اے ہوشیار

یعنی کچھ مجھ کو بتا اسرارِ غیب
تا کہ دل سے دور سب ہو جائیں عیب

ورنہ بھائی پھر ہمیں سے کچھ سنو
تا کہ آزارِ سفر کچھ کم تو ہو

زد بان راہ ہوتا ہے کلام
بات کرتے راہ ہوتی ہے تمام

قول اُس کا دوسرا تھا کھیت کا
جس کو کوئی لے گیا، یا چر گیا

یعنی یہ دنیا بھی ہے اک کشت زار
جو یہاں بوئیگا لے جائے گا بار

مزرعِ عقبیٰ ہے دنیا بے خلل
تخمِ نیکی کا ملے گا نیک پھل

جس نے اِس دنیا میں کچھ بھی بو دیا
بیج اُس کا رہ گیا، پھل لے گیا

تخمِ نیکی دل میں بو، اے کاشتکار
ملکِ معنی میں وہ ہو گا پُر بہار

اور جنازہ راہ میں دیکھا جو تھا
جس کو زندہ اور مردہ تھا کہا

یعنی کیا اِس کا کوئی دلبند ہے
زندگی کا ماحصل فرزند ہے

یا بھلائی سے ہوا انجام نیک
رہ گیا عالم میں زندہ نام نیک

یا تھا علمِ معرفت سے آشنا
زندہ دل اللہ کے آگے ہوا

زندگیِ دو جہاں ہے نام نیک
مرد کا راحت رساں ہے نام نیک

اور جو یہ کچھ بھی نہیں مردہ ہے وہ
برف کی مانند افسردہ ہے وہ

ہیں وہ مردہ ہوں جو غفلت میں پڑے
جستجوئے حق سے غافل ہوں نرے

باپ سے بولی یہ پھر وہ خوش خصال
جہل سے سمجھے نہ آپ اُس سوال

ہے وہ مردہ جس کے دیں میں ہو کجی
اور دلِ عطار میں ہے زندگی

هر که او احمق بود ابلق بود در جهان زین بهتر از احمق بود
ای پسر دانائی آمد زندگی احمقان را کے بود فرخندگی
عقل هر کس را بود بر ره رود جهل هر کس را بود گمره شود
عقل را در ره چراغ خویش کن جهل را مطلق بکن از بیخ د بن
عقل هادی گردد ت در راه راست جهل هر کس را فگند او بر نخاست
ای ز جهل افتاده اندر بیرهی همچو کوران مبتلا اندر چهی !
تا ابد در جهل ماندی سرنگون چند گویم با تو ای ملعون دون.
بغض آل مصطفےٰ از دل ببر ورنه افتادی تو در قعر سقر
حیف باشد گر تو بے ایمان شوی همچو شیطان راندهٔ رحمان شوی
حیف باشد گر بگردی از ولی رو بدین مصطفےٰ گر مقبلی
هر که از شیطان رہ آزاد شد کفر و ظلم او همه برباد شد
رو تو جانت را جلائے ده بعلم تا ترا همره شود صد بحر حلم
رو تو علم عال را حالی ببین تا که گردد روشنت اسرار دین
رو تو با دانائی دین بیعت ببند تا نیفتی همچو جاهل در کمند
من کلام حق بحق دانسته ام نی چو اهل جهل من خود رسته ام
من بقرآن نور احمد یافتم وز کلامش فیض سرمد یافتم
ای ز قرآن گشته گویا مرتضی دی خدا را بوده جویا مرتضےٰ
اولیا را در جهان سردار اوست انبیا را همره گفتار اوست
خارجی گر منع فرماید مرا رافضی گوید مرا او را برملا
این ز گفت شافعی شد حاصلم حب او رفض است هست آن در دلم
رفض نبود حب او ای خارجی گمره آن کو نیست بر او ملتجی
او ولی آمد بگفت کردگار انما بر خوان و بر وی شک میار
هر که شک دارد بود ملعون دین باشد او دایم بشیطان همنشین

جو حماقت سے دو رنگا ہو گیا — اُس سے بڑھ کر کون احمق ہے بھلا

عقلمندی ہے حقیقی زندگی — بیوقوفوں میں نہیں کچھ بھی خوشی

ہے جو عاقل اُس کی سیدھی راہ ہے — جو پڑا ہے جہل میں گمراہ ہے

عقل کو اپنی بنا لے شمعِ راہ — جہل کو بنیاد سے کر دے تباہ

عقل ہی ہے راہِ حق کی رہنما — وہ نہ اُٹھا جو جہالت سے گرا

ہے جہالت سے ضلالت میں پھنسا — بن کے اندھا، تو کنوئیں میں گر پڑا

جہل سے ہوگا سدا، تو سرنگوں — اے لعیں کبتک میں سمجھاتا رہوں

بغضِ آلِ مصطفےٰ کر دل سے دور — ورنہ دوزخ ہے وبالِ جاں ضرور

حیف ہے تجھ پر جو بے ایماں بنے — راندۂ درگاہِ حق ہاں شیطاں بنے

حیف ہے، اگر ہو ولی سے، تو جدا — مصطفےٰ کے دیں میں آ، مردِ خدا

راہِ شیطانی سے جو بھی دور ہے — اُس کا ظلم و کفر سب کافور ہے

علم سے، تو اپنی جاں کو دے جِلا — ساتھ پھر ہوگا بحارِ حلم کا

جا کے علمِ حال پر اب کر نظر — دین کے رازوں سے ہوگا باخبر

عالمانِ دین کی بیعت میں آ — جال میں جاہل سا خود کو مت پھنسا

قولِ حق، حق سے کیا ہے دلنشیں — جاہلوں کی طرح میں خود رو نہیں

نورِ احمد مجھ کو قرآں سے ملا — فیضِ سرمد اُس کی باتوں نے دیا

مرتضےٰ گویا ہوا قرآن سے — جو تلاشِ حق میں تھا ایقان سے

ہے وہی دُنیا میں شاہِ اولیا — گفتگو میں ہے شریکِ انبیا

خارجی بولے اگر اس کے خلاف ق — رافضی کہہ دے گا اس سے صاف صاف

ہے بقولِ شافعی یہ بات طے 〃 — اس کی الفت دل میں ہے گو رفض ہے

اُس کی اُلفت رفض کب ہے اے خارجیا — بلکہ اُس کو چھوڑنا ہے گمرہی

اُس کو خالق نے بنایا ہے ولی — اِنما پڑھ شک نہ کر اس میں کبھی

اِس میں جس نے شک کیا ملعون ہوا — ہو گیا وہ ہمنشیں شیطان کا

هر که شک دارد خدا بیزار او همت مردان نباشد یار او
هر که مهرش را درون جان نشاند روح احمد بر سرش ایمان فشاند
ای پسر گر حب شاه ایمان تست رحمت حق همنشین جان تست
من بگفتم راست را در گوش یار کر شده گوش مقلد گوش دار
من بگفتم چشم بینش برگشا تا شوی بینا بنور رهنما
دیدهٔ اعمی ندارد تاب نور خود ندارد همچو خفاش او حضور
نور او نوری که عالم را گرفت چون رسید او خاک آدم را گرفت
گشت گویا آدمی کان نور دید خویش را در نور او مسرور دید
رو تو همدم باش با اهل وفا تا بیابد خلوت جانت صفا
رو تو از خلق جهان یکسو گریز بعد از آن در کلبهٔ عطار خیز
خود ملائک خاک نعلین ترا میکشند اندر بصر چون توتیا
ای برادر سر حق را گوش دار حب او را در دل پر جوش دار
ای برادر کن نهان حبش ز خلق تا نبرندت بخنجر جمله حلق
هیچ دیدی کو باولاد نبی ! خود چه کردند آن لعینان غبی
آنچه با اولاد حیدر کرده اند روح احمد را بخود بد کرده اند
هر که با اولاد ایشان ظلم کرد خویش را در دوزخ انگند او بدرد
خود علاج این کند مهدی دین هیچ کس را نیست قدرت اندرین
از جمیع انبیای هر زمان شد نبوت ختم بر احمد بدان
بعد از آن ختم ولایت بر علیست نور رحمت از کلام او جلیست
بعد حیدر ختم بر مهدی بود آنکه در دین هدی هادی بود
این کتاب من زبان مهدی است مومنان را رهنما و هادی است
این کتاب من چو نائب آمده است مظهر کل عجائب آمده است
این کتاب من درخت جوهر است اندر او نور ولایت مضمر است

جو کرے شک ہے وہ مردودِ خدا — ہمتِ مرداں نہیں اُس میں ذرا
جان ہے اُس کا جو شیدائی ہُوا — روحِ احمد سے اُسے ایماں ملا
شہ کی اُلفت پر اگر ایمان ہے — رحمتِ حق ہم نشین جان ہے
تھا جو سچ میں نے وہ ظاہر کر دیا — کان بہرے ہوں مقلد کے سدا
کہہ چکا ہوں، دیکھ دِل کی آنکھ سے — تاکہ نورِ رہنما بھی دیکھ لے
کور چشموں کو کہاں ہے تابِ نور — ہیں وہ چمگادڑ سے بالکل اس سے دور
ہر جگہ دنیا میں ہے اُس کا ہی نور — خاکِ آدم میں اُسی کا ہے ظہور
آدمی گویا ہُوا اُس نور سے — اور فرحت پا گیا اس نور سے
ہمنشیں اہلِ وفا کا بن ذرا — صاف خلوت خانۂ دل ہو ترا
چھوڑ کر مخلوق کو تو بھاگ جا — کلبۂ عطار میں پھر آ، ذرا
خاک جوتوں کی ترے بے ریب و شک — توتیائے چشم سمجھیں گے ملک
رازِ حق پر کان دھر بھائی ذرا — رکھ دِلِ پر جوش میں اُلفت سدا
اُس کی اُلفت رکھ نہاں مخلوق سے — تاکہ تیرا حلق خنجر سے بچے
آلِ پیغمبر کا دیکھا ماجرا؟ — کیا سلوک ان سے کمینوں نے کیا؟
کر کے اولادِ علی سے اختلاف — کر لیا روحِ پیمبر کو خلاف
جس نے ظلم اولاد پر اُن کی کیا — آتشِ دوزخ میں خود ہی جا گرا
اُس کا چارہ گر ہے اک مہدیِ دیں — اور کسی میں اِتنی طاقت ہی نہیں
جو نبوت سب نبیوں میں تھی عام — وہ محمد پر ہوئی آکر تمام
اور ولایت مرتضیٰ پر ہے تمام — نورِ رحمت بن گیا جن کا کلام
اس کا پھر مہدی پہ ہو گا اختتام — ہادیِ دینِ ہدیٰ ہے جو امام
مہدیِ دیں کی زباں ہے یہ کتاب — رہنمائے مومناں ہے یہ کتاب
درحقیقت مثل نائب ہے کتاب — مظہرِ کلِ عجائب ہے کتاب
نخل ہے جوہر کا میری یہ کتاب — اس میں ہے نورِ ولایت باحجاب

انچه بوده اندر او پیدا شده — عاشقاں را فتنه و غوغا شده

انچه بود اندر حقیقت سر به پوش — اندرون جبه ام آمد بگوش

عشق او سر بر زده از جان من — عشق او گشته همه ایمان من

گر تو مردی راه عشقش را گزین — تا شوی فرخنده در دنیا و دین

چونکه در عشق آمدی صاحبدلی — در حقیقت همچو مرداں مقبلی

چونکه در عشق آمدی نطق آن تست — خود ملائک کمترین دربان تست

چونکه در عشق آمدی مردانه باش — واز طریق گمرهاں بیگانه باش

چونکه در عشق آمدی چون والهاں — در شریعت باش و کن معنی نهاں

چونکه در عشق آمدی حق آن تست — رحمت حق، همنشین جان تست

چونکه در عشق آمدی جانِ منی — در مقام فقر هم شانِ منی

چونکه در عشق آمدی پر جوش شو — با حریفانِ خدا مینوش شو

چون شدی در عشق صافی آمدی — بر طریق بشر حافی آمدی

هرکه او در عشق مردِ کار شد — در دو عالم دیده و دیدار شد

هرکه او در عشقِ جاناں راه یافت — خادمی از درگهِ آن شاه یافت

هرکه او دنیا و دین نیکو بود — همتِ شاهِ نجف با او بود

هرکه را بخت و سعادت همره است — خضر از معنی بجانش آگه است

هرکه را ایمانِ او محکم بود — او بدینِ اولیا محرم بود

هرکه او با آلِ احمد همره است — از فسادِ دین و مذهب آگه است

هرکه گفت مصطفے را گوش کرد — جام عرفانِ علی را نوش کرد

هرکه او را بخت همراهی کند — در ولای او همه شاهی کند

هرکه بر خوانِ ولای او نشست — بیشک او را خود بهشت اندر خور است

هرکه او از دل شده مولای او — سر نهم صد بار زیرِ پای او

هرکه از بد دشمنانش یار شد — همچو حجاجِ لعین سردار شد

اس میں ہے سرمایۂ ہستی عیاں — فتنۂ عشاق ہے اِس میں نہاں
راز جو کچھ تھے حقیقت کے چھپے — اپنے جُبّہ ہی میں، میں نے سُن لیے
جان و دل میں عشق اُس کا ہے بھرا — اب تو یہ ایمان میرا بن گیا
مرد ہے تو، اُس کی راہ عشق لے — تا کہ، تو دونوں جہاں میں خوش رہے
عشق میں تو اہلِ دل بن جائیگا — ہوگا مردوں کی طرح، تو با خدا
عشق ہے تو، نطق بھی ہوگا غلام — ہونگے درباں پھر ملائک بھی تمام
جب ہوا عاشق تو بن مردانہ وار — دور گمراہوں سے رہ بیگانہ وار
عشق میں شیدائیوں کی طرح سے — رہ شریعت پر، چھپا باطن رہے
عشق میں حق بھی تجھے مل جائیگا — رحمت حق اپنے دل میں پائیگا
عشق میں، تو میری جاں بن جائیگا — فقر میں میرا سا رتبہ پائے گا۔
جب ہوا عاشق تو پھر، پرجوش بن — حق کے متوالوں سے مل، مینوش بن
عشق میں ہو جائیگا جب باصفا — بشر حافی کیطرح ہو جائے گا
ہو گیا جو عشق میں کچھ کام کا — دو جہاں پیش نظر اُس کے ہوا
جس کو راہِ عشق جاناں مل گئی — شہ کا وہ خادم ہے، دربانی ملی
دین و دنیا میں ہوا اُس کا بھلا — جس نے پائی ہمت مشکلکشا
ہے مقدر اور سعادت جسکے پاس — خضر معنےٰ ہے اُسی سے رہ شناس
دین و ایماں جس کا ہوگا استوار — اولیا کے دیں کا ہوگا راز دار
جو نبی کی آل کے ہمراہ ہے — وہ فساد دیں سے بھی آگاہ ہے
جس نے حکم مصطفےٰ دل سے سُنا — جام عرفانِ علی بھی پی لیا
جس کسی کے بخت نے کی یاوری — شاہ کی اُلفت میں شاہی ملگئی
خوانِ الفت پر جگہ جس کو ملی — پھر یقینی بن گیا وہ جنتی
دل سے اُس کا جو کوئی خادم بنا — سر میں رکھونگا اُسی کے زیر پا
اور جو اُس کے دشمنوں کا یار ہے — وہ لعیں حجاج سا خونخوار ہے

[در نصیحت و موعظت و تنبیه فرماید و خطاب قائم الولایت نمودن]

ای برادر در شریعت راه رو   نیک بین و نیک دان و نیک شو
ای برادر تو نشانِ نیک خواں   تا بیابی از معانی تو نشاں
من نشانِ بی نشانی داشتم   پس بامرِ او علم بر داشتم
هر که خود بی امرِ او کاری کند   خویشتن را مرده بر داری کند
من بحکم او کنم اسرار فاش   گفت او تخم معانی را بپاش
تا شود سبز و ببار آید از او   میوهٔ حبِ علی در جاں نکو
من ندانم مدح او را خود تمام   حق تعالیٰ گفت وصفش در کلام
همچو منصورش هزاراں باده نوش   همچو طیفورش هزاراں خرقه پوش
ای جهانی همچو عطارت اسیر   جمله خلقاں را تو باشی دستگیر
یا امیر المومنین لطف آنِ تست   خلقِ عالم جمله در فرمانِ تست
یا علی این خاکداں ظلمت گرفت   لیک قهاریت را حکمت گرفت
قهر آنِ تو و رحمت آنِ تست   جملهٔ انس و ملک حیران تست
هر چه خواهی آن کنی حاکم توی   بر همه معلوم ها عالم توی
من ندارم طاقتِ ظلمِ سگاں   نیست گردان جمله را ازین جهان
آتشِ ظلم بداں سوزد دلم   بوی آن آتش برآید از قلم
دفع این آتش نگر مهدی کند   خلق را خوش از نکو عهدی کند
دفع این آتش بآب رحمت است   هر کرا بینم خراب از زحمت است
یا مگر این سوز سوزِ اولیاست   یا مگر این دشت دشتِ کربلاست
یا مگر این قوم بر حق نیستند   ز آنکه خونِ اہل معنی ایستند
یا مگر این قوم گمراه آمدند   قعر دوزخ را هوا خواه آمدند
هر که از سرِّ خدا انکار داشت   مستمندانِ خدا را خوار داشت
گر هزاران گنج دارد در سیاه   هست جایش دوزخ و رویش سیاه

— [وعظ و نصیحت و تنبیہ اور خطاب بہ قائمُ الولایت] —

میرے بھائی! رکھ شریعت کا چلن
نیک ہو فہم و نظر اور نیک بن

اچھی اچھی ساری باتیں سیکھ لے
تاکہ مل جائیں معانی بھی تجھے

ہیں نشانِ بے نشانی پا گیا
حلم سے اُس کے علم لہرا دیا

اُس کی بے مرضی کرے جو کوئی کام
جان ہو لی پر وہ دیگا بے لگام

کر رہا ہوں حکم سے یہ راز فاش
حکم تھا "معنی کا بن جا تخم پاش"

تاکہ یہ سرسبز ہو اور بار ور
اُلفتِ حیدر کے جہاں میں ہوں ثمر

مدح اُسکی مجھ سے کیونکر ہو بھلا
جس کی قرآں میں کرے خود حق ثنا

جس کے لاکھوں مست ہوں منصور سے ق
سیکڑوں مدہوش ہوں طیفور سے

اک جہاں عطار جیسا ہو اسیر 〃
ہے زمانے بھر کا تو ہی دستگیر

یا علی ہے لطف تیری شان میں
ساری خلقت ہے ترے فرمان میں

یا علی تاریک ہے عالم تمام
حکم قہاری مگر تیرا ہے عام

قہر بھی تیرا ہے، رحمت بھی تری
محوِ حیرت ہیں، مَلک بھی اِنس بھی

جیسا جی چاہے، کرے حاکم ہے تو
جملہ معلومات کا عالم ہے تو

ظلم اب، کتوں کے سر سکتا نہیں
میٹ دے تو، اُن کو دنیا ہے کہیں

دل جلا ہوں ظلم آتشناک سے
جس کی بو آتی ہے میری خاک سے

اب تو مہدی ہی بجھائے گا یہ آگ
خلق اُس کے عہد کا گائے گی راگ

آبِ رحمت سے بجھے گی آگ اب
دیکھتا ہوں لوگ زحمت میں ہیں سب

یا تو ہے یہ سوز، سوزِ اولیا
ورنہ ہے یہ دشت، دشتِ کربلا

ورنہ ہے یہ قومِ ناحق اور زبوں
اہلِ معنیٰ کا جبھی کرتی ہے خوں

ورنہ ساری قوم ہی گمراہ ہے
قعرِ دوزخ کی سبھوں کو چاہ ہے

رازِ حق سے جو کوئی منکر ہوا
عارفوں کو اُس نے رسوا کر دیا

ہو خزانے اور لشکر بھی لئے
جائے گا دوزخ میں منہ کالا کئے

هیچ میدانی که این عالم زکیست / تار و پود رشتهٔ آدم زکیست
تو در این عالم ادب را پیش گیر / خاطر خلقان مرنجان ای امیر
این امیرانِ جهان را عدل نیست / در این بزرگانِ زمان را بذل نیست
حاکمانِ این زمان ناحق کنند / در بر خود جامه ها ابلق کنند
بعد از آن افتند در چاه عدم / میروند آن جمله در راه عدم
هر که او در راه ناحق زد قدم / بر سرش آید عذاب بیش و کم
هیچ کس از ظلم بر خوردار نیست / ظلم را با دین و ایمان کار نیست
هیچ دیدی تو که بر آل رسول / ظلم ها کردند قومی ناقبول
بر تو گر ظلمی رود صبر آر پیش / تا بخواند مرتضایت پیش خویش
ای برادر از بدی پرهیز کن / تیغ بر فرق لعینان تیز کن
مرتضی دیدی که سرها چون گرفت / صد هزاران جان بدهر افزون گرفت
تیغ او تشنه است از خونِ بدان / بد مکن ای یار تو همچون بدان
ز آنکه تیغش حاضر است و کور تو / تو ید الله را نمی دانی نکو
ذوالفقارش راست قدرت از اله / تیغ او باشد فقیران را پناه
صد هزاران سر رود در کوی او / جز محمد نیست کس پهلوی او
هر که از تیغش رود سوی جحیم / ماند اندر دوزخ سوزان مقیم
مصطفی او را شفاعت خواه نیست / ز آنکه او از سر حق آگاه نیست
هست آگاهی بپیش سالکان / هر که سالک نیست او را مرده دان
من ترا خسرو گرفتم یا عمید / یا چو کیکاوس وقتی یا رشید
یا فریدون و سکندر در جهان / یا چو دارای و هوشنگ زمان
یا چو طهمورث و ضحاک ای پسر / یا چو رستم پهلوان پر جگر
یا تو چون بهرام یا همچون قباد / یا تو چون نوشیروان با عدل و داد
یا چو محمودی و عالم زان تست / یا زمین هند در فرمان تست

جانتا ہے، وجہِ عالم کون ہے
باعثِ تخلیقِ آدم کون ہے

اس جہاں میں رکھ ادب پیشِ نظر
دل دکھانے سے ہمیشہ کر حذر

عدل دنیا کے امیروں میں نہیں
جو دو عالم کے شہیروں میں نہیں

آجکل حاکم بھی ہیں ناحق شناس
جسم پر دیکھو تو، بھڑکیلا لباس

یہ گریں گے سب فنا کی چاہ میں
اور بھٹکیں گے عدم کی راہ میں

جس نے رکھا راہِ ناحق میں قدم
آئے گا اُس پر عذابِ بیش و کم

ظلم سے کس نے اُٹھایا فائدہ؟
دین و ایماں کو ستم سے کام کیا؟

جانتا ہے! قومِ ناہنجار نے
آلِ احمد پر ستم کیا ڈھا دیئے؟

ظلم جتنا بھی ہو تجھ پر، صبر کر
مرتضےٰ تیرے بنیں گے چارہ گر

چاہیئے ہر اک برائی سے گریز
رکھ لعینوں کے سروں پر تیغ تیز

دیکھ! کاٹے کس طرح حیدر نے سر
معرکے صدہا کئے تھے اُسنے سر

ہے بروں کے خوں کی پیاسی ذوالفقار
مت برائی کر بروں کی طرح یار

تو ہے اندھا، تیغ اب بھی ہے یہیں
تو یداللہ سے ابھی واقف نہیں

ذوالفقار اُس کی ہے شانِ کبریا
جو محافظ ہے فقیروں کی سدا

اُس کے کوچہ میں ہوئے لاکھوں فدا
اُس کا ہم رتبہ نہیں جز مصطفےٰ

تیغ سے فی النار جو کوئی ہوا
وہ جلے گا اُس میں ہی رہ کر سدا

ہو گا احمد کو شفاعت سے حذر
کیونکہ رازِ حق سے تھا وہ بے خبر

سالکوں میں ہو گا آگاہی کا نور
جو نہیں سالک وہ مردہ ہے ضرور

میں نے مانا، تو ہے خسرو یا عمید
یا ہے کیکاؤس یا تو ہے رشید

ہے سکندر اور فریدونِ زماں
یا ہے تو ہوشنگ و دارائے جہاں

ورنہ طہمورث ہے یا ضحاک تو
یا ہے رستم پہلواں سا جنگجو

یا ہے، تو ناشاد بہرام و قباد
ہے ترا نوشیرواں سا عدل و داد

ہے جہاں قبضہ میں مثلِ غزنوی
ہند پر بھی بادشاہت ہے تری

یا چو شاپوری و چون بهرام گور — عاقبت افتی تو اندر دام گور
حال تو چون باشد اندر گور تنگ — فکر فرما گر تو داری نام و ننگ
لشکر و خیل و حشم با گنج زر — هیچ سودے می ندارد اے پسر
گر تو خواهی شاهی دنیا و دیں — عدل کن راضی مشو با ظلم و کیں
تا توانی عدل کن کز غم رهی — واز عذاب دوزخ سوزاں جهی
جهد کن تا مرهم دلها شوی — از نکوئی در جهاں یکتا شوی
حکم تو دایم بهر درویش نیست — مدت تو با بانگ گادے بیش نیست
او کشد جور و شود آسوده حال — تو بمانی در عذاب لایزال
ختم کن عطار مستی تا بکے — نوش کن از خم معنی جام ہے

— [تمثیل قبول پند و نصیحت داون شیخ نظام الدین حسن صفا فرزند خود را و در آئینہ قابلیت آن فرزند تاثیر کردن و قبول نمودن او آنرا] —

بود شیخے ہمچو شبلی پارسا — حق تعالے داده بود او را صفا
در معانی رہنمائے اہل دین! — او بشهر علم حق بودے امیں
نام او بودے نظام الدیں حسن — شد ملقب با صفا آن موتمن
خلق را از لطف خود بنواختے! — مال پیش مردمان انداختے
جمله خلقان را بدے راحت رساں — اندرین معنی نکرده او زیاں
داشت فرزندے عجب او پر غرور — بود از اطوار او بس بے حضور
گرچه دم زد در حقیقت او مدام — میل خاطر بود او را سوئے عام
دائما با اہل دنیا کار داشت! — او چو ایشاں جامه و دستار داشت
شیخ را خاطر از او غمگیں شده — ز آنکه او با مردم بیدیں شده
او طعام نیک دادے جمله را — داشتے صحبت با آنہا بر ملا
طعمه اش خوردند و نیشش میزدند — خبث از یاران و خویشش میزدند
چند بارش گفت شیخ اے بو الحسن — با بداں منشین که داری نور من
عاقبت از صحبت اہل جدل — میشود نور تو با ظلمت بدل

یا ہے تو شاپور یا بہرام گور
ایک دن جانا ہے تجھ کو سوئے گور

قبر میں پھر حال کیا ہوگا ترا
غور کر گر پاس عزت ہے ذرا

لشکر و جاہ و حشم اور مال و زر
سب گئے سب بیکار ہونگے اے پسر

دولت کونین لینا ہو اگر
ظلم و کینہ چھوڑ دے اور عدل کر

عدل ہی کر، تاکہ غم سے ہو نجات
اور جہنم سے بچے پھر تیری ذات

کر کے کوشش مرہم دل بن یہاں
اور ہو نیکی میں یکتائے جہاں

حکم ہر اک پر نہیں رہتا سدا
عمر کی مدت ہے گائے کی صدا

ظلم سے ہوگا کبھی تو، وہ رہا
تو عذابوں میں رہیگا مبتلا

ختم کر عطار مستی تابکے
پی خم معنی سے لیکر جام مے

[شیخ نظام الدین حسن صفا کی اپنے لڑکے کو نصیحت اور اس سے متاثر ہو کر عمل کرنے کی تمثیلی حکایت]

مثل شبلی پارسا اک شیخ تھا
حق تعالیٰ نے اُسے دی تھی صفا

اہل دیں کا باطنی تھا رہنما
تھا امیں وہ علم حق کے شہر کا

نام اُس کا تھا نظام الدین حسن
اور صفا سے تھا وہ مشہور زمن

لطف اُس کا عام تھا مخلوق پر
خلق کو دیتا تھا بے حد مال و زر

اُس سے خلقت تھی بہت آرام میں
کچھ کمی کرتا نہ تھا اِس کام میں

اُس کا اک لڑکا، بہت مغرور تھا
حرکتوں سے جسکی، رہتا تھا خفا

گو بظاہر تھا مطیع و ہوش مند
پر عوام الناس تھے اُس کو پسند

اہل دنیا کا سدا رکھتا تھا پاس
تھا اُنہیں کی طرح اُسکا بھی لباس

شیخ اُس کے حال سے غمگین تھا
کیونکہ بیدینوں میں رہتا تھا سدا

اچھے اچھے کھانے دیتا تھا اُنہیں
چین سے رہتی تھیں اُن سے بچتیں

کھا کے اُس کا، چرکے دیتے تھے اُسے
سب خباثت سے اُسی کو لوٹتے

بوالحسن سے بارہا بولا پدر
مت بروں میں بیٹھ اے نور نظر

جاہوں سے میل جول اچھا نہیں
نور یہ، ظلمت نہ بن جائے کہیں

ای پسر این پند از من گوش کن / فرد شو پس جام وحدت نوش کن
اوّلاً حق را بدان چون مصطفیٰ / غیرِ حق را تو مدان تو هیچ جا
غیرِ حق را از دلِ خود دُور کن / باطن از ذکر خدا معمور کن
پندِ دوم خویش را آگاه کن / نفس را بشناس و عزم راه کن
چونکه بشناسی تو نفسِ خویش را / با خدای خویش گردی آشنا
پندِ سوم در طریقت خود بکوش / در حقیقت جام وحدت را بنوش
سرّ نگهدار و ز معنی دم مزن / کار دانِ عشق را بر هم مزن
هر که او سرّ معانی را نهفت / غیر حق را از درونِ خویش رفت
پندِ چارم هر چه گوئی نیک گوی / تا بری از اہلِ معنی زود گوی
گوئی معنی مردِ نیکو گوی برد / ز آنکه در ذاتِ خدا او بوی برد
هر که او را گفت نیکو آمده / خود زبانِ او سخن گو آمده
پندِ پنجم در نصیحت کوش و علم / تا برندرت جانبِ جنت بعلم
هر که او علمِ نصیحت گوش کرد / خویشتن را او ز اہلِ ہوش کرد
پند سادس آنکه قدرِ خویش دان / تا نیابی اندر این دنیا زیان
قدر مردم نیز هم باید شناخت / مردمان را باید از پرسش نواخت
رو ز اهل الله این اسرار پرس / بعد از آن نے کلبہ عطار پرس
پند هفتم راز خود با کس مگو / تا که سرگشته نگردی همچو گو
ز آنکه رازِ خویش را کرد آشکار / پا و سر ببرید او را مرد کار
چونکه بے پا گشت و بے سر در جهان / میکند اسرار معنی را بیان
پند هشتم باش با دانا قرین / تا بنام نیک باشی همنشین
هر که با انسان کامل همره است / حق تعالی از وجودش آگه است
هر که با دانا بود دانا شود / او بقرب سرّ او ادنیٰ بود
پند تاسع روز بد کن احتراز / هست این معنی به پیش اهل راز

میرے بچے! یہ نصیحت مان جا — فرد بن کر جامِ وحدت پی ذرا
مصطفےٰ کی طرح، حق پہچان لے — اور کہیں جز حق نہیں، یہ جان لے
دُور کر دے دل سے سب حق کے سوا — جاگزیں باطن میں کر ذکرِ خدا
ہے نصیحت دوسری، ہو باخبر — نفس کو پہچان کر، چل راہ پر
جوں ہی اپنے نفس سے واقف ہوا — پھر سمجھ لینا خدا بھی مل گیا
چل طریقت پر نصیحت ہے یہ اور — جامِ وحدت کا حقیقت میں ہو دور
راز ہوں ظاہر، نہ معنی ہوں عیاں — عشق کا لٹنے نہ پائے کارواں
جس نے رازِ معنوی پنہاں کیا — غیرِ حق کو دل سے باہر کر دیا
پند چوتھا، ٹھیک سے کر بات چیت — اہلِ معنی پر رہیگی تیری جیت
مردِ حق گو جیت لیتا ہے ضرور — کیونکہ وہ تو ہے سدا حق کے حضور
اُس نے جس سے جو کہا ہے ٹھیک ہی — ہے زباں اُس کی سخن گو خود کھری
پانچویں، تو سُن نصیحت، حلم سے — تاکہ پھر جنت ملے اِس علم سے
علم جو سیکھے نصیحت بھی سُنے — ہے وہی بس ایک، اہلِ ہوش سے
اور چھٹے، تو قدر و قیمت اپنی کر — تاکہ دُنیا میں رہے، تو بے خطر
قدر اوروں کی بھی کرنا چاہیئے — پوچھ کچھ، لوگوں کی کرنا چاہیئے
جا خدا کے یار سے یہ راز پوچھ — پھر ذرا عطار سے یہ راز پوچھ
ساتویں، تو اپنے رازوں کو چھپا — تاکہ پھر چکرا نہ جائے گیند سا
راز کرتا ہے جو اپنا آشکار — دوسروں کے ہاتھ سے ہوتا ہے خوار
جب وہ دنیا میں ہوا بے آسرا — پھر سدا روتا ہے دکھڑا راز کا
آٹھویں، تو عاقلوں میں رہ مدام — تاکہ تو ہو جائے خود بھی نیک نام
ساتھ جو انسانِ کامل کے رہا — حق سے پھر اُس کا تعارف ہو گیا
ہوتی ہے دانا سے دانائی نصیب — رازِ اَو ادنیٰ کے ہوتا ہے قریب
اور نویں، تو کر بڑوں سے احتراز — قول یہ اُن کا ہے جو ہیں اہلِ راز

از بدان بگریز و با نیکان نشین
تو ایاز خاص باش و شاه بین

هرکه بد کرد و بدان را بد نگفت
گشت شیطان خود با و صد بار جفت

پند عاشر بنود جهد خیر کن
بعد از آن در ملک معنی سیر کن

هست خیر افزودن عمر عزیز
خیر باشد پیش بعضے از تمیز

خیر باشد خود ستون دین تو
خیر باشد در جهان تلقین تو

یازده پندم مکن از کف رها
تا خلاصی یابی از نفس و هوا

یک ببین و یک بگو نه بیش و کم
تا نباشی پیش دانا متهم

مغتنم دان خدمت یاران دوست
این روش از مردم دانا نکوست

خدمت مهمان تو واجب دان چو من
خود عزیزش دار چون جان در بدن

ده و دو هست پند من همین
زینهار از دشمنان دوری گزین

دیو صورت دشمن جاهل بود
صحبت او مرد را مشکل بود

سیزده پند من این باشد عیان
غیر حق چیزے نه بینی در جهان

رو تو حق را از کمال حق شناس
زآنکه حق را می نیابی در لباس

در درون خانهٔ دل کن نظر
تا ببینی نور او را چون قمر

جمله عالم نور او بگرفته است
زاهد خود بین چه غافل رفته است

چارده پند آنکه چون داری بقا
تو غنیمت دار عمر خویش را

عمر خود در کسب معنی صرف کن
تا بماند در جهان از تو سخن

گر تو عمر خویش را ضائع کنی
پس کجا تو خدمت صانع کنی

چون جوانی اے پسر کارے بکن
پیر چون گشتی شود سردت سخن

هرکه او اندر جوانی کار کرد
نفس شوم خویش را رهوار کرد

پانزده پندم بیا بشنو ز من !
اعتماد خود مکن بر مرد و زن

خود عوام الناس در دین جاهلند
زآنکه ایشان در طریقت غافلند

صد زن نیکو بیک ارزن فروش
کار بند این قول و از من دار گوش

بیٹھ نیکوں میں بروں سے کر حذر
بن ایاز خاص رکھ شہ پر نظر

جو کہ بد ہو اور نہ بولے بد کو بد
مرکب شیطاں بنے گا تا ابد

دسویں کوشش کرکے جلدی خیر کر
اور ملک معنوی کی سیر کر

خیر ہی سے بڑھتی ہے عمر عزیز
خیر ہی کو بعض کہتے ہیں تمیز

خیر ہی بے شک ستون دین ہے
اس جہاں میں خیر ہی تلقین ہے

یہ نصیحت گیارہویں بھی سُن ذرا
خواہشات نفس سے چھوٹ جائیگا

کم نہ زائد اک نظر ہو اک کلام
رکھ سکے عاقل نہ تجھ پر اہتمام

ہے غنیمت خدمتِ احباب بھی
عاقلوں کی یہ روش ہے خوب ہی

خدمتِ مہماں ہے واجب، باتمیز
جان کی مانند رکھ اُس کو عزیز

بارہویں میری نصیحت ہے یہی
دشمنوں سے رہ ہمیشہ دُور ہی

دشمن جاہل نرا شیطان ہے
مرد کے حق میں بلائے جان ہے

ہے کھُلی میری نصیحت تیرھویں
دیکھ مت حق کے سوا کچھ بھی کہیں

تو کمال حق سے ہو جا حق شناس
کیونکہ خود حق کا نہیں کوئی لباس

خانۂ دل میں ذرا کر لے نظر
چاند سا ہے نور اس کا جلوہ گر

ہر جگہ عالم میں اُس کا نُور ہے
پھر بھی غافل زاہد مغرُور ہے

چودھویں یہ، چونکہ زندہ ہے ابھی ق
یہ سمجھ لے ہے غنیمت زندگی

عمر اپنی وقفِ باطن کر ذرا "
رہتی دنیا تک رہے چرچا ترا

عمر کو ضائع اگر تو نے کیا
حق کی خدمت پھر کریگا کیا بھلا

کچھ تو کر، پیارے جوانی ہے ابھی
آئی پیری اور بڑھی افسردگی

جس نے کچھ اپنی جوانی میں کیا
نفس بد کو، رام اُس نے کرلیا

رکھ یہ پندرہویں نصیحت میری یاد
مرد، زن پر کر نہ ہرگز اعتماد

دین سے جاہل عوام الناس ہیں
شرع سے غافل ہیں اندخناس ہیں

ایک تل پہ بیچ دے تو نارنیں
کر عمل اس پر، رہے یہ دل نشیں

راز ہر کس را کہ زن دارد نگاہ کار خود را سازد او بیشک تباہ
گر کنی تو اعتمادے در جہاں ہم بخود کن تا نیفتی در زیاں
رو تو سر را در گریباں کش چو من پیش خود مگذار ہرگز مرد و زن
شانزدہ پندم بجو ، بیرنج و غم تو تن خود پاک دارد جامہ ہم
در شب تاریک اے یار نکو! زینہارے تو سخن آہستہ گو
کم خور و کم خفت و کم آزار باش در شب تاریک خود بیدار باش
زر بیاراں خور بمسکیناں بدہ صرف کن چوں جاہلاں آں را منہ
از برائے اہل علم و فضل دار تا بگیری آخرت را در کنار
ہفدہم پندم بداں اے محتجب دائما از اہل دل حاجت طلب
اہل دل باشند نعمتہائے حق تو ز درس اہل دل میخواں سبق
تو مدہ سر رشتۂ ایماں ز دست تا نیفتی تو از این بالا بہ پست
ہجدہم پندم بہ خلقاں نیک باش رو بایشاں تو بصورت کن معاش
صورتِ خوباں بود پیشم نکو ہر کہ این مذہب ندارد وائے او
صورتِ نیکو ز کلکِ دوست ہست سورۂ یوسف نمیدانی کہ چیست
جانِ من ہمراہِ خوباں میرود ہمرہِ خوب است آساں میرود
خوب آں باشد کہ با غیرت بود بعد از آنش صورت و سیرت بود
صورت و معنی بود یار و حبیب او بود دردِ نہانی را طبیب
نوزدہ پندم بیا در جاں نشاں باب و امت را تو خدمت کن بجاں
ہر کہ خدمت کرد باب خویش را حوریاں گشتند با او آشنا
ہر کہ ام خویش را بر سر نشاند اسم نیکوئے او جاوید ماند
ہر کہ باشد با ادب ہمراہ او بر فراز عرش باشد جاہ او
ہر کہ او وصلت باہلِ رانہ کرد حق ز بہرش بابِ جنت باز کرد
بیستم پند این کہ دائم بے سخن خدمتِ اُستاد را شایستہ کن

جس کے رازوں کی ہو عورت پاسباں ۔ اپنے ہاتھوں سے وہ ہو گلہ بے نشاں

ہے بھروسا ہی تجھے کرنا اگر ۔ اپنے اوپر کر، جو ہو پھر بیخطر

سر جھکا میری طرح اور بیٹھ جا ۔ عورتوں مردوں کو آگے سے ہٹا

سولھواں یہ پند ہے بے اختلاف ۔ رکھ لباس و جسم اپنا پاک صاف،

رات کی تاریکیاں جب گھیر لیں ۔ بات چیت آہستہ آہستہ کریں

خواب و خور کم کر، ندے آزار تو ۔ وہ شب تاریک میں بیدار تو

پیٹ بھر بھوکوں کا، دے یاروں کو زر ۔ جاہلوں کی طرح سے مت جمع کر

اہل علم و فضل کو بھی دے ضرور ۔ تاکہ کام آئے ترے روز نشور

میری سترھویں نصیحت ہے یہ اب ۔ اہل دل سے کر سدا حاجت طلب

اہل دل بھی ہیں خدا کی نعمتیں ۔ لے سبق ان سے ہیں ان میں برکتیں

ہاتھ سے ایماں ترے جانے نہ پائے ۔ اس بلندی سے کہیں تو گر نہ جائے

پند یہ اٹھارہواں کرتا ہوں فاش ۔ سب سے مل نیکی سے، کر فکر معاش

ہیں فدائے حسن ہوں، ہو وہ کہیں ۔ حیف اُس پر جس کا یہ مذہب نہیں

حسن نقاشی ہے کلکِ یار کی ۔ سورۂ یوسف نہیں شاید پڑھی

جان جاتی ہے بتوں کے نام سے ۔ جائیگی اچھوں کے ساتھ آرام سے

وہ حسیں ہے جسمیں ہو غیرت ہی شئے ۔ صورت و سیرت تو اس کے بعد ہے

ظاہر و باطن ہیں دنیا میں حبیب ۔ دردِ دل کے ہیں یہی دونوں طبیب

پند یہ اُنیسواں کر حرزِ جاں ۔ دل سے کر ماں باپ کی خدمت میاں

جس نے اپنے باپ کا رکھا خیال ۔ ایک دن دیکھیگا حوروں کا جمال

جس نے سر آنکھوں پہ ماں کو دی جگہ ۔ نیک نامی میں سدا کی لی جگہ

جو ادب سے ماں کی رکھے گا خبر ۔ جاہ و عزت میں وہ ہوگا عرش پر

اور جو اہلِ راز سے ملتا رہے ۔ اُس پہ جنت کے ہیں دروازے کھلے

پند ہے یہ بیسواں استاد کا ۔ حکم مانو تم سدا استاد کا

هر که استادے ندارد مرده است | او بگورِ تن چو یخ افسرده است
هر که او استاد یا پیرے نداشت | او بعالم تخمِ نیکوئی نکاشت
هر که خواهد در جهاں کردے کند | در نهانی خدمتِ مردے کند
بست و یک پندم بداں تو اے پسر | خرجِ خود را در خورِ دخلت شمر
چونکه علمت نیست کمتر گو سخن | خرجِ خود در خوردِ دخلِ خویش کن
هر که خرج از دخلِ خود کمتر کند | خادمانِ خویش را ابتر کنند
هر چه دانا گفت باید خواندنت | هر چه ناداں گفت باید ماندنت
دانشِ دانا ز دنیا بهتر است | بلکه از عرش و ملک فاضلتر است!
بست و دویم پند چون پندت دهم | از معانی شربتِ قندت دهم
هر چه نپسندی بخود اے رازداں | خود بدیگر مردماں مپسند آں!
هر که بشنید این ز غم آزاد شد | خود نبیّ المرسلین زان شاد شد
هر که حق را با رسولِ او شناخت | غیر را از باطنِ خود دور ساخت
تخمِ نیکی کار تا یابی ثمر | طاعتت کم بیں بلطفِ حق نگر
بست و سیم پند را از من شناس | اندر آن معنی بکن حق را سپاس
چونکه داده حق ترا وقتِ خوشی | همدمِ تو کرده یارِ بے غشی
تندرستی و حضورِ خاطری | همزبانت نکته دانے حاضری
این چنین دولت غنیمت دار تو | روز و شب پیوسته حق را شکر گو
بست و چارم پندِ من بشنو بجاں | پس بود پندِ تو پندِ دیگراں
پند اگر گوید کسے را واعظے | آن بر احوالِ تو باشد حافظے
حرفِ رازِ خویش و کارِ خود عیاں | بر زنان و بندهٔ کودک مخواں
تا نگردی خوار و مسکین و حقیر | بعد از آن جوئی ز احمق دستگیر
بست و پنجم پندِ درویشاں خوش است | خود مقامِ صلح با خویشاں خوش است
جنگ با اربابِ ایماں نیک است | ساختن ایوان و کیواں نیک نیست

ہے وہ مُردہ ہو جو بے اُستاد کا — قبرِ تن میں ہے وہ ٹھنڈا برف سا
جس کا ہو اُستاد کوئی اَور نہ پیر — تخمِ نیکی کیا وہ بوئے گا فقیر
جو یہ چاہے، کچھ کرے دُنیا میں کام — اہلِ دِل کا ہو وہ پوشیدہ غلام
پند یہ اکیسواں ہے اے پسر — اپنی آمد کے برابر خرچ کر
ہے جو ناواقف تو کم کر گفتگو — اپنی آمد سے ملا لے خرچ تو
خرچ جس کا کم ہو آمد بے حساب — نوکروں کو اپنے کرتا ہے خراب
عاقلوں کے قول پڑھ، تو شوق سے — اَور نادانوں کی باتیں چھوڑ دے
بڑھ کے دنیا بھر سے ہے عاقل کی عقل — بلکہ ہے عرش و ملک پر اُس کو فضل
سُن ذرا بائیسواں یہ پند بھی — شربتِ قندِ معانی ہے یہی!
جس کو تو خود بھی نہیں کرتا پسند — دوسروں کے واسطے کرنا پسند
اِس پہ جو عامل ہوا غم سے بچا — خوش ہوئے اُس سے محمد مصطفٰے
حق کا عرفاں جس کو احمد سے ملا — غیرِ حق سے صاف باطن ہو گیا
تخمِ نیکی بو، کہ جو لائے ثمر — ہیچ طاعت ہے، رہے حق پہ نظر
پند یہ تیئیسواں بھی سُن ذرا — تاکہ، تو بھی کر سکے شکرِ خدا
جبکہ، تو خوش ہے بفضلِ کردگار — اَور ہمدم ہیں ترے بے فکر یار
تندرستی اَور طباعی بھی ہے — نکتہ سنجی اَور گویائی بھی ہے
ہے یہ دولت بھی غنیمت بے خبر — رات دن اپنے خدا کا شکر کر
دل سے سن، چوبیسواں میرا یہ پند — دوسرے بھی ہونگے اس سے بہرہ مند
جب کوئی ناصح نصیحت کچھ کرے — باخبر ہو گا وہ تیرے حال سے
راز کی باتیں نہ ظاہر کر کبھی — عورتوں، بچوں سے اور خادم سے بھی
ہو نہ جائے، تو کہیں خوار و حقیر — اَور بنائے احمقوں کو دستگیر
خوب ہے پچیسواں یہ پند بھی — ہوں جو اپنے، صلح اُن سے ہے بھلی
مومنوں سے اَور جنگ، اچھا نہیں — اُن سے لڑنے کا یہ ڈھنگ اچھا نہیں

جنگ را بگذار و خویش کن آشتی   نیک بیں چون تخم نیکی کاشتی
اصلِ ایماں آنکہ بے آزار باش   دائم از آزار جو بیزار باش
بست و ششم پندم شنو آزاد باش   در مقامِ تنگنائی شاد باش
کدخُدا در خانۂ مردم مرو   کشت زارِ خویش را خود کن درو
ہیچ کس از خویش و از بیگانہ ات   خود نسازی کدخدائے خانہ ات
ہست اینہا بہر فرزند اے پسر   چونکہ پیدا شد غم ایشاں بخور
ور کنی فرزند خود را کدخدا   در شریعت شو تو او را رہنما
تا سلوکِ او ہمہ نیکو بود!   با عیالِ خویشتن خوشخو بود
بست و ہفتم پند بشنو بے قصور   بد مکن با کس کہ تا بینی حضور
بد مکن زنہار در نزدیکِ خلق   تا نیفتد رشتۂ قہرت بحلق
کذب را اندر زبان خود میار   تا نگیرد دیدۂ صدقت غبار
غیبت کس را برون کن از دلت   تا در آید رحمتِ حق از گِلت!
رو تو در راہِ شریعت فرد شو   طالبِ مردانِ کوئی درد شو
بست و ہشتم پند بر گویم ترا   کز پئے دنیا مرو تو جا بجا
چند زر پیدا کنی از بہرِ جاہ   ق جان و ہمت در طلب گشتہ تباہ
عاقبت در صد پشیمان آردت   ″ بلکہ خود در پیشِ شیطان آردت
گویدت اے وائے بر احوالِ تو   ″ حال تو از حبِّ زر شد ناتکو
من ز فرمانش چو سر بر تافتم   این ہمہ گنجِ فراغت یافتم
کار آن باشد کہ بر خوانی کلام   کاندر آن باشد رضائی حق تمام
در عبادت کوشش و در کارِ خدا   پیشہ خود ساز شرعِ مصطفیٰ
بست و نہ پندم بیا بشنو تمام   پیش بد اصلاں مکن ہرگز مقام
خود با ایشاں اے پسر خویشی مکن   رخنہ در اطوار درویشی مکن
بیخ و بن خشک است خود بد اصل را   داں کہ او قابل نباشد وصل را

صلح کر لو جنگ کرنا چھوڑ دو — تخمِ نیکی بو کے، خود بھی نیک ہو
ہے یہی ایماں کہ سب سے آزار رہ — مردمِ آزاروں سے تو بیزار رہ
پند ہے چھبیسواں، آزاد رہ — اپنی چھوٹی سی جگہ میں شاد رہ
کر کے شادی دوسروں کے گھر نہ جا — اپنی ہی کھیتی کو کاٹا کر سدا
ہو وہ اپنا، یا ہو بیگانہ کوئی — گھر نہ سونپے گا اُسے اپنا کبھی
ہے سبب اِس کا فقط بچوں کا دم — جب ہوئے پیدا تو پھر کھانا ہے غم
اُن کی شادی کرنا چاہے تو اگر — بن شریعت میں بھی اُن کا راہبر
تاکہ اُن کا نیک ہو جائے سلوک — اپنے بچوں سے کریں اچھا سلوک
پند ستائیسواں بھی سُن ذرا — تو بُرا مت کر کہ آگے آئے گا
رہ کے لوگوں میں بدی کے جا نہ پاس — تاکہ غصہ میں نہ کھو بیٹھے حواس
بھول کر بھی جھوٹ منہ سے مت نکال — سچ کی آنکھوں میں نہ ہرگز خاک ڈال
دل سے غیبت کو بھی باہر پھینک دے — تاکہ حق کی رحمتوں میں تو رہے
چل کے راہِ شرع پر ہی فرد ہو — ڈھونڈھ لے مردانِ کوئے در دکو
پند اٹھائیسواں سُن شوق سے — ہر طرف مت دوڑ دُنیا کے لئے
تب نکے، یہ جاہ و زر کی جستجو — ق — جسم و جاں سے ہاتھ دھو بیٹھا ہے تو
ایک دن نادم تجھے کروائے گی ″ — سامنے شیطاں کے یہ لیجائے گی
وہ ملامت سے کرے گا یہ خطاب ″ — زر کی اُلفت میں ہوا، آخر خراب
میں نے اُس کا حکم جب ٹھکرا دیا — پھر فراغت کا خزانہ پا لیا!
بات تو جب ہے کہ پڑھ حق کا کلام — ہے اِسی میں اُس کی خوشنودی تمام
کر عبادت بھی، خدا کا کام بھی — اور شرعِ مصطفیٰ کی پیروی
سُن ذرا انتیسواں یہ پند بھی — ساتھ بد اصلوں کے مت رہنا کبھی
رکھ کبھی، کچھ بھی نہ اُن سے واسطہ — تو فقیری کے چلن کو مت مٹا
خشک بد اصلوں کی اصلیں ہو گئیں — قابلیت وصل کی رکھتے نہیں

هرکه دارد اصل او قابل بود — در مقام نیستی واصل بود!

هرکه او را اصل ایمان همره است — از اصل کارخانه آگه است

تو ز بد اصلان بپرهیز پیوند را — دور گردان از بر خود گند را

پند سی ام گوش کن فرزند من — کرده از مهر چون پیوند من

زآنکه پند از جان مشفق داده است — سی پیرام از علم ناطق داده است

تو خدا را از یقین خودشناس — باش از قهرش همیشه در هراس

بعد از آن خود را شناس واصل خویش — کز چه پیدا گشته ای پاک کیش

هرچه گوئی و کنی تو در جهان — عاقبت گردد به پیش تو عیان

هرچه تو از دید آن نقصان کنی — عاقبت بین شو نباید آن کنی

هرچه گوئی در نصیحت ای پسر — اوّلاً تو در درون خود نگر

رد تو قدر مردمان نیک دان — دوست را کن تو بسود امتحان

تو بکن دانائے نیکو اختیار — یک چله در پیشِ آن دانا برآر

تا مسیح روح تو دانا شود — چون کلیم دل بجان بینا شود

چون سخن گوئی تو نیکو گو سخن — این معانی نکو را درد کن!

تو ز بخل و از تکبر دور باش — جهد کن علم معانی را شناس

ای پسر در گوش گیر این پندها — تو مده سررشته را از کف رها

از صفائے علم لطفِ محض باش — دار دائم حضرتِ حق را سپاس

چون پسر بشنید این پند از پدر — بر درِ دن صومعه بنهاد سر

گفت بد کردم ز لطف ای رهنما — عفو فرما جرم این بیچاره را

من از این کیش بتان برخاستم — دل بشرعِ مصطفے آراستم

بعد از این حکمِ شما بر جان ماست — راه شرعِ احمدی ایمان ماست

هرچه فرمائی تو ای پیرِ طریق — من بجان کردم و را یار و رفیق

پندِ پیران بهتر از عمر دراز — زآنکه ایشانند خود در عین راز

اصلیت جس میں ہے قابل ہے وہی
اُس کو حاصل ہے مقامِ نیستی

اصل ایماں جس کسی کے ساتھ ہے
مرکزِ اصلی اُسی کے ہاتھ ہے

چھوڑ، بد اصلوں کی فوراً دوستی
دور کر دے جسم کی یہ گندگی

اِک نصیحت تیسویں بھی سُن ذرا
رشتۂ اُلفت بھی ہے میرا ترا

اُلفتِ دل کے نصائح ہیں تمام
تیس ہیں یہ علمِ ناحق کے پیام

تو یقیں سے رکھ سدا حق پر نظر
قہر سے اُس کے ہمیشہ خوف کر

نفس و اصلیت کو تو پہچان لے
کس لئے پیدا ہُوا یہ جان لے

تو جو کہتا اور کرتا ہے یہاں
ایک دن ہوگا وہ سب تجھ پر عیاں

جس میں ہو نقصان تیرا سر بسر
چھوڑ اُس کو، کر نظر انجام پر

کہنا چاہے کچھ نصیحت میں اگر
اپنے اُوپر کر ذرا پہلے نظر

قدر کر ایسوں کی جو ہوں نیک خو
امتحاں لے دوست کا غصّے میں تو

نیک عاقل کو بنا، تو غمگسار
ایک چلّہ اس کی خدمت میں گذار

ہو میسر روح کو عرفاں نصیب
اور کلیمِ دل کو وصلِ جاں نصیب،

بات کرنا ہو تو سیدھی بات کر
یاد رکھ اچھی طرح یہ پندِ زر

تو غرور و بخل سے رہ دور ہی
سیکھ کوشش کرکے علمِ معنوی

خوب سُن لے غور سے میرے یہ پند
ہاتھ سے جانے نہ پائیں، ہوشمند

لے صفائے علم کے خالص مزے
ہو سدا شکرِ خدا لب پر ترے

جب سُنے لڑکے نے یہ پندِ پدر
سر کو تعظیماً جھکایا خاک پر

اور کہا، تسلیم ہے جرم و خطا
بخش دے بیکس کو اب اے رہنما

چھوڑتا ہوں بت پرستوں کا چلن
اب شریعت پر رہونگا گامزن

حکم پر تیرے یہ میری جان ہے
اب شریعت ہی مرا ایمان ہے

حکم جو کچھ ہوگا تیرا، رہنما
وہ رفیقِ جان و دل ہوگا مرا

کم ہے پندِ پیر سے عمرِ دراز
کیونکہ وہ تو اصل میں خود بھی ہے بے نیاز

پند پیران بهتر از بخت جوان　　بشنو این معنی ز پیر غیب دان
پند پیران همچو اسم اعظم است　　بر جراحتها مثال مرهم است
پند پیران مرهم جانی بود　　پند پیران راز پنهانی بود
پند پیرانست فتح الباب دین　　پند پیرانت کند با دین قرین
پند پیرانست بحر موجزن　　پند پیرانست چون دُرّ عدن
پند پیرانست خود اسرار فاش　　در معانی واقف عطار باش
گفت عطارت که بیخوابی گزین　　باش دایم با دل شب همنشین
هر که با شب همنشین شد روز شد　　هست چون شمعی که او پرسوز شد
هر که با شب همنشین شد نور شد　　او بپاکی بهتر از صد حور شد
رو تو روز و شب توکل آر پیش　　تا بیابی در حقیقت کام خویش
تو توکل کن بدرگاه اله　　تا بمانی تو ز شیطان در پناه
نفس شوم تو بود شیطان تو　　هست این خود آیتی در شان تو
رو ز نفس شوم بگذر ای پسر　　تا بیابی از همه معنی خبر
جملهٔ مردان که دین را آمدند　　از هوای نفس بیزار آمدند
از سر نفس و هوا برخاستند　　خانهٔ ایمان خود آراستند
هر که رفت او راه ایشان راه یافت　　این حقیقت از دل آگاه یافت
از وفا گردی تو از اهل صفا　　راه ایشان رو اگر داری وفا
این وفا خود خاص خاصان خداست　　در وفاداری چو عطاری کجاست
این وفا جبریل و احمد را بود　　یا معانی دان ابجد را بود
بوی این معنی ز خاک من شنو　　در درون چاک چاک من شنو
یا شنو از مظهر معجز نما　　تا شوی واقف ز اسرار خدا
در وفا حب علی دارم بدل　　گشته حب او بجان من سجل
جوهر ذاتم ز شکلهای اوست　　در درون مظهرم خود جای اوست

ہے جواں بختی سے بڑھ کر پندِ پیر
پوچھ اُس سے غیب داں ہو جو فقیر

اسمِ اعظم کی طرح ہے پندِ پیر
زخمِ دل کا ہے یہ مرہم بے نظیر

مرہمِ جاں ہے نصیحت پیر کی
رازِ پنہاں ہے نصیحت پیر کی

پند پیروں کے ہیں، فتحِ بابِ دیں
دین کر دیتے ہیں یہ تیرے قریں

پند پیروں کا ہے بحرِ موجزن
پند پیروں کا ہے اک دُرِّ عدن

پند سے پیروں کے ہیں اسرار فاش
واقفِ عطار ہو معنیٰ میں کاش

قول ہے عطار کا بیدار رہ
بن کے شب کا ہم نشیں ہشیار رہ

ہم نشینِ شب مثالِ روز ہے
شمع کی مانند وہ پُرسوز ہے

ہم نشینِ شب بھی گویا نور ہے
حُسن و خوبی میں وہ رشکِ حور ہے

رات دن تکیہ توکل پر رہے
تا کہ تجھ کو مقصدِ اصلی ملے

تو، خدا ہی پر توکل کر سدا
ڈر نہ ہوگا پھر تجھے شیطان کا

نفسِ بد خود ہی ترا شیطان ہے
اس سے بھی ظاہر تری اک شان ہے

نفسِ اَمّارہ سے کر صرفِ نظر
خود ہی پھر معنیٰ سے ہوگا باخبر

وہ تمامی لوگ جو دیندار ہیں
خواہشاتِ نفس سے بیزار ہیں

ہو کے نفسِ بد سے دل برداشتہ
کر لیا ایماں کا گھر آراستہ

اُن کے رستے جو چلا ہے راہ پر
یہ دلِ آگاہ نے دی ہے خبر

تو، وفاداری سے ہوگا باصفا
راہ اُن کی چل، اگر ہے باوفا

یہ وفا ہے حقِ خاصانِ خدا
باوفا، تو ہوگا کیا عطار سا

حصۂ جبریلؑ و احمد ہے وفا
حصۂ استادِ ابجد ہے وفا

اس کی بو آئے گی میری خاک سے
اور میرے ہی دلِ صد چاک سے

مظہرِ معجز نما میں پائے گا!
واقفِ رازِ خدا ہو جائے گا

ہے وفائے حبِّ شہ ایمان میں
نقش ہے اُس کی محبت جان میں

جوہرِ ذاتی ہے اُس کا سخت کام
ہے مرے مظہر میں خود اس کا مقام

گر بدانی شد وفای تو درست ورنه هستی در وفای ما تو سست
این وفا هر کس ندارد خارجی است او و پیرش را بدوزخ ملتجی است
ناصبی چون خارجی بیدین شده او ز سر تا پای خود سرگین شده
این جماعت دشمنانِ حیدر اند پیشِ ما لایق به تیغ و خنجر اند
تیغِ لعنت بر سر دشمن بزن تا نباشی پیشِ مرداں کم ز زن
چوں تو در راهِ وفا ار زندهٔ پند ما را یاد گیر ار زندهٔ
پندِ ما را یاد گیر اے پور تو دین و دنیا را بکن معمور تو

—[در قبول نمودن نصیحت و بیان ادیان و ملل مختلفه بحر عرفان و توضیح دین هدیٰ که طریقهٔ آل مصطفیٰ و مرتضیٰ است]—

پند آزادیست اے آزاده مرد تو بر آ از غافلیٔ خویش گرد
سالها غافل از این پند آمدی لاجرم چوں دیو در بند آمدی
رو تو این پند اے پسر در گوش گیر بعد از این در خمِ وحدت جوش گیر
هست این پندم ز آیاتِ کلام از زبانِ مصطفیٰ خیر الانام
هست این معنی بقرآں خود جلی گشت والی بر سر خلقان علی
از ولایت و از هدایت کان اوست انّما خوش آیتے در شانِ اوست
معنیِ حق اوست یعنی در کلام ختم این معنی باو شد والسلام
حیدرِ کرار محبوب خدا است جملهٔ انس و ملک بر این گواست
مصطفیٰ و مرتضیٰ یک نور داں چشم بد از روی ایشاں دور داں
غیرِ حیدر این مراتب کس نداشت رو به بینش کو درون چشم ماست
گر نبی بینی ولایت نیستت ! در طریقِ خود هدایت نیستت
هر که بشناسد امام خویش را کرد دایم در بهشت عدن جا
رو امامِ کلِّ کل را تو شناس جلوه گر کرده است اندر هر لباس
هر زمانے صورتے دارد عجیب از کمالِ حق نباشد این غریب
گاه آدم آمد او و گاه نوح گاهِ عیسیٰ مجرد گاه روح

علم ہے تو، ہے وفا تیری درست
ورنہ تیری بھی وفاداری ہے سُست

یہ وفا جس میں نہ ہو ہے خارجی
دوزخی ہے وُہ بھی اُس کا پیر بھی

ناصبی اَور خارجی ہیں ایک سے
دونوں بیدیں اَور فضلہ ہیں نرے

ہیں یہ سب ہی دشمنِ شاہِ انام
تیغ و خنجر کے ہیں قابل یہ تمام

تیغ لعنت سر پہ دشمن کے لگے
مرد، عورت، سے نہ کم سمجھے تجھے

جب تری راہِ وفا ہے رہگذر
یاد رکھ میری نصیحت عمر بھر

یہ نصیحت یاد رکھ جانِ پدر
دین و دنیا کو ذرا آباد کر

[نصیحت پر عمل کرنے کی ترغیب اور مختلف مذاہب و ملل کے مجددین کا بیان اور دین کی توضیح جس سے مراد طریقۂ آلِ محمدؐ و علیؑ ہے]

پند آزادی ہے، اے آزاد مرد
جھاڑ دے اب تو ذرا غفلت کی گرد

بھول بیٹھا مدتوں سے پند تو
ہو گیا شیطان کی مانند تو

پند یہ میرے بھی اب سُن لے ذرا
پھر جمِ وحدت میں تو بھی جوش کھا

آیتیں قرآں کی ہیں میرے یہ پند
مصطفٰےؐ کے منہ کے گویا ہیں یہ بند

ہو گئی قرآن سے روشن یہ بات
والیٔ مخلوق ہے، حیدر کی ذات

وہ، ولائیت اور ہُدیٰ کی کان ہے
اِنّمَا سے اُس کی ظاہر شان ہے

حق اُسے کہتا ہے خود حق کا کلام
ختم ہیں اُس پر یہ معنی، والسلام

ہے علیؑ کی ذات محبوبِ الٰہ
اِس پہ، انساں اَور فرشتے ہیں گواہ

مصطفٰےؐ و مرتضٰیؑ ہیں ایک نور
چشمِ بد اِن سے رہا کرتی ہے دور

جز علیؑ کس کو ملے یہ مرتبے
تو، مری آنکھوں میں آ کر دیکھ لے

گر نہ دیکھے، تو ولائیت بھی نہیں
تیرے حصہ میں ہدائیت ہی نہیں

جو کوئی پہچان لے اپنا امام
ہے بہشت عدن پھر اس کا مقام

ہو امام کُلِّ کُل سے باخبر
ہر جگہ، ہر رنگ میں ہے جلوہ گر

ہر گھڑی اُس کی نرالی شان ہے
اَور کمالِ حق میں یہ امکان ہے

گاہ آدم بن کے آیا گاہ نوح
گاہ عیسیِٰ مجرد گاہ روح

اوست آن کو مظهرش گویند خلق
من عجائب دانمش در زیرِ دلق

دیدم او را من بعینِ خویشتن
لاجرم چون بحر گشتم موجزن

مردهٔ بودم بعالم همچو تو
زنده گشتم از دمِ عیسیٰ او

هر که او زنده باد داں زنده شد
در رهِ دینِ نبی فرخنده شد

رو تو او را بین و واصل شو در او
زآنکه غیرِ او نباشد راه رو

دستِ او خود دستِ حق دائم یقین
گر نمیدانی برو قرآن ببین

کفر نبود این سخن در پیشِ من
فوق ایدیهم بخوان بخویشتن

خوانده ام من وصفِ او را در کلام
گر نمیدانی تو علمت شد حرام

هست انساں منبع آبِ کمال
او ندارد در دو عالم خود زوال

گر سخن گویم جهاں برهم زنم
ترسم از منصور ناگه دم زنم

لیک شرعِ احمدم محکم بود
خود طریقِ حیدرم همدم بود

فکرِ سر آنکس کند کو را سر است
خلعتِ دیبا مراد را و زبر است

از برای جاه سازد خانه ها
خانهٔ مردم کند ویرانه ها!

این چنیں کس هست مردودِ ازل
زآنکه باشد فکر و ذکرِ او دغل

من نه دارم فکر و ذکرِ این جهاں
محوِ او باشم چو عشاق اے جواں

هر که عاشق گشت او خود یارِ ماست
در معانی دیده و دیدارِ ماست

هر که عاشق گشت او مقبول شد
از برائ یارِ خود مقتول شد

صد هزاراں جاں فدا در راهِ او
جاں فدا عطار را در شاهِ او

رو نمائیِ دل از ایمانِ اوست
علم ابراهیم و احمد زآنِ اوست

انبیا و اولیا برخوانِ او
جملهٔ کرّ و بیاں مهمانِ او

او بود روحِ رواں و جانِ ما
او بود چوں لعل اندر کانِ ما

لعلِ کانی روحِ انسانی بود
حبِ او خود آبِ حیوانی بود

هر که یک جو حبِ او در جاں ندید
هست ملعون و مکدّر چوں یزید

ہے وہی، مظہر جسے کہتی ہے خلق — میں سمجھتا ہوں عجائب زیرِ دلق
میں نے اِن آنکھوں سے دیکھا ہے اُسے — موجزن ہوں بحر سایہ دیکھ کے
میں بھی تیری طرح اِک مردہ ہی تھا — اُس دمِ عیسٰے نے زندہ کر دیا
جس کو وہ زندہ کرے زندہ ہے وہ — دینِ احمد میں بھی فرخندہ ہے وُہ
اُس سے واصل ہو، اُسی پر رکھ نظر — کوئی اس جیسا نہیں ہے راہبر
ہاتھ اُس کا ہی خدا کا ہاتھ ہے — بے خبر قرآن پڑھ لے ساتھ ہے
شبہ تک اس پر نہیں ہے کفر کا — وجد میں پڑھ فوقَ ایدیہم[لہ] ذرا
میں نے اُس کا وصف قرآں میں پڑھا — ہے جو ناواقف، تو جاہل ہے نِرا
ہے یہ انساں منبعِ آبِ کمال — دونوں عالم میں نہیں اُس کو زوال
میں اگر بولوں، زمانہ لوٹ دوں — خوف ہے، منصور سا کچھ بول اُٹھوں
شرعِ احمد پر مگر ہوں استوار — ہے طریقِ مرتضٰے بھی غمگسار
فکر اُس کو سرکی ہو جس کے ہو سر — جامۂ دیبا ہو جس کے جسم پر
ہوں محل تعمیر، عزت کے لیے — دوسروں کی خانہ بربادی کرے
ہو جو ایسا، ہے وہ مردودِ ازل — اُس کی سب باتوں میں ہوتا ہے دغل
فکر اِس دنیا کی میں کیسے کروں — عاشقوں کی طرح اُس میں محو ہوں
اُس کا جو عاشق ہے میرا یار ہے — بلکہ میرا دیدہ و دیدار ہے
جو بنا عاشق ہوا مقبول وُہ — یار کی خاطر ہوا مقتول وُہ
ہیں فدائے لاکھوں اُس کی راہ پر — ہو فدا عطار بھی اُس شاہ پر
جلوۂ دل اُس کے ایماں سے ہوا — وارثِ علمِ خلیل و مصطفٰے
انبیا و اولیا کا میزباں — ہیں فرشتے بھی اُسی کے میہماں
ہے وہ میری جان، مری روحِ رواں — ہے وہ میری کان کا لعلِ گراں
لعل ہی ہے روحِ انسانی بذات — اور الفت اُس کی، ہے آبِ حیات
اُس کی الفت جس میں جو بھر بھی نہیں — ہے یزید اپنی طبیعت سے لعیں

(لہ قرآنی آیت یدُ اللہِ فوقَ ایدِیہم کی طرف اشارہ ہے)

حالِ آن ملعون شنیدی در جهان   تا چه کرد او با امیرِ مومنان
نقدِ حیدر را بظاهر کشت او   بالعیان سوی دوزخ کرد رو
شد نبیؐ و مرتضیٰ بیزار از او   جمله کرّو بیان بیمار از او
حالِ این دو در قیامت چون بود   دوزخ و عقبیٰ از او پرخون بود
بعد از ایشان دوستانِ شه ببین   تا چها کردند با مشتے لعین
خود مسیّب بود از خاصانِ او   پور مالک بوده همچون جانِ او
همرهش مختار نقدِ بوعبید   او گرفته جانِ ملعونان بصید
خونِ نقدِ مرتضیٰ از دشمنان   پس طلب کردند جمعے مومنان
تیغها بر فرقِ دشمن رانده اند   کفر را در قومِ مروان مانده اند
عاقبت بومسلم صاحب تبر   خارجی را کرد او زیر و زبر
کرد او جان را فدا در راهِ حق   احمدِ برمحیش بوده هم سبق
این جهان خود تیغ بهرِ حق زدند   کوسِ سلطانیّ خود مطلق زدند
این محبّانِ نبی و حیدر اند   در طریقِ شرعِ احمد انور اند
روحِ ما با یادِ ایشان هست شاد   رحمتِ حق بر روانِ جمله باد
خود همه نسلِ نبی امیّه را   منقطع کردند و رستند از بلا
هیغده تن خود خلافت کرده اند   جمله دلها را جراحت کرده اند
از پیٔ دنیا ز دین بگذشته اند   از طریقِ احمدی برگشته اند
قصدِ فرزندانِ احمد کرده اند   تیغ را بر فرقشان افشرده اند
جملگی را تو ز دین بیرون شمار   تا نگردی در جهنم استوار
بعد از ایشان خود بنی عباس شد   حاکم و دینِ نبی را پاس شد
خانه در شرعِ احمد ساختند   چار در خود اندر او پرداختند
چار مذهب ناگهان بر ساختند   دین و مذهب را برون انداختند
بوحنیفه گفت کاین دین مهمل است   پیشِ من دینِ نبی خود مجمل است

حال اُس ملعون کا ہوگا سُنا؟ — کیا بُرا برتاؤ حیدر سے کیا؟
ابنِ حیدر کو شہید اُس نے کیا — دشمنوں کے ساتھ وہ دوزخ میں گیا
جس سے برہم احمدؐ و کرار ہیں ق — اور فرشتے سب کے سب بیزار ہیں
ہوں گے محشر میں یہ کتنے بے قرار " — جنت و دوزخ بنیں گے سوگوار
دیکھ شہ کے دوستوں کو بھی ذرا — کس طرح بدلہ لعینوں سے لیا
تھا مُسیّب اس کا منظورِ نظر — جان کی مانند مالک کا پسر
اور پھر مختار ابنِ بو عُبَیْد — جس نے ملعونوں کی جانیں کی تھیں صید
مرتضیٰ کے نقدِ جاں کے خون کا — مومنوں نے خوب ہی بدلہ لیا
دشمنوں کے سر پہ تھے تیغوں کے وار — کفر سے تھی قومِ مرداں داغدار
اور ابومسلم نے تو، وہ جنگ کی — کردیئے زیر و زبر سب خارجی
ہوگیا خود بھی نثارِ راہِ حق — اس کا احمد بر بھی تھا ہم سبق
تیغ زن تھے راہِ حق کے یہ بزرگ — اپنے ڈنکے تھے بجاتے یہ بزرگ
احمدؐ و حیدر کے یہ سب یار تھے — اور شریعت کے بڑے غمخوار تھے
جان آجاتی ہے جب کرتا ہوں یاد — اُن کی روحیں رحمتِ حق سے ہوں شاد
نسل تھی جتنی اُمیّہ کی، تمام — کاٹ کر چھوٹے بلا سے شادکام
سترہ تھے یہ خلیفہ بدقماش — کردیئے مخلوق کے دل پاش پاش
دین سے دنیا میں آکر گر گئے — مصطفےٰ کی راہ سے سب پھر گئے
قتل فرزندانِ احمدؐ کو، کیا — ذبح تلواروں سے اُن کو، کردیا
یاد رکھ، یہ لوگ بیدیں تھے تمام — ہو نہ دوزخ میں کہیں تیرا مقام
دور پھر آیا بنی عباس کا — حکم ان کا دینِ احمدؐ پہ چلا
شرعِ احمدؐ کو بنایا خانہ دار — اور دروازے نکالے اُس میں چار
چار مذہب سے وہ سب گھر بھر دیا — دین و مذہب گھر سے باہر کردیا
بو حنیفہ بولے دیں مہمل سا ہے — مصطفےٰ کا دین کچھ مجمل سا ہے

من دهم احیای دینِ مصطفیٰ ‌ ‌ ‌ زآنکه علمِ دین ندارد خود فنا
شافعی گفته که دینِ من حق است ‌ ‌ ‌ پیشِ من قولِ نبی خود مطلق است
احمدِ حنبل بگفته قولِ من ‌ ‌ ‌ بهتر است از قولِ دیگر در سخن
قولِ من چون قولِ پاکان روشن است ‌ ‌ ‌ این زبانے دان که بیرون از تن است
گفت مالک من بعلمِ شرع گوی ‌ ‌ ‌ برده ام ستم امام راستگوی
من بشرع مصطفیٰ بشتافتم ‌ ‌ ‌ همچو عیسیٰ در رهش خر یافتم
دینِ احمد چار کرسی ساختند ‌ ‌ ‌ دین و مذهب را در او پرداختند
جعفرِ صادق شد او کرسی نشین ‌ ‌ ‌ زآنکه داند علمِ حق را او یقین
جعفرِ صادق بکرسی بر نشست ‌ ‌ ‌ زآنکه حق بر او در شرعش نه بست
شرع احمد بین که صادق دیده است ‌ ‌ ‌ چار مذهب اندر او گردیده است
چار مذهب دان در او خود تو بیک ‌ ‌ ‌ تا نیفتی اندر این معنی بشک
کرد جعفر عاشقان را راه بین ‌ ‌ ‌ در طریقت راه عاشق را گزین
علمِ عاشق جملهٔ عالم گرفت ‌ ‌ ‌ رفت در دین عیسی مریم گرفت
دان که دینت را بقلب اندوده اند ‌ ‌ ‌ قلب و ذکرت را بسے آلوده اند
دین قلابی نیاید هیچ کار ‌ ‌ ‌ رو ز روی انبیا تو شرم دار
دین احمد دین پاکان خدا ست ‌ ‌ ‌ خود بدین دیگران کفر و بلاست
اے تو هرجائی شده در دین خود ‌ ‌ ‌ مکر و حیله کردهٔ تلقین خود
رو تو شرع مصطفیٰ را یک نگر ‌ ‌ ‌ ورنه ایمان تو دارد صد خطر
هر که او را دیدهٔ احول بود ‌ ‌ ‌ کار او در دین حق مهمل بود
هر که چون عطار با ایمان بود ‌ ‌ ‌ رهنمای او شه مردان بود
دین من دین نبی المرسلین ‌ ‌ ‌ مذهب من مذهب صادق ببین
غیر این مذهب دگر ها هست هیچ ‌ ‌ ‌ صاحب فتوائے ما خود هست هیچ
صاحب فتوائی تو خود هیچ بود ‌ ‌ ‌ زآنکه او چو ریسمان پر پیچ بود

زندہ میں کر دونگا دینِ مصطفےٰ | کیونکہ علمِ دیں نہیں ہوتا فنا
دین میرا حق ہے، بولے شافعی | قولِ مطلق ہے نبی کا واقعی
احمدِ حنبل کا یہ اچھا ہے قول | بڑھ کے سب اقوال سے میرا ہے قول ق
قول میرا بھی ہے، معصوموں کا قول | بکدیا - جو منہ میں آیا - اوّل فوّل ر
ہے بیاں مالک کا، ہوں سچا امام | شرع میں ہے سب سے اونچا میرا نام
شرعِ احمد میں بہت ہی بڑھ گیا | اور خرِ عیسےٰ سے ملنا ہی پڑا
دینِ احمد میں بچھا کر تختِ چار | کر دیا مذہب کا اُن پر انحصار
جعفرِ صادق بھی ہے کرسی نشیں | معرفت میں ہے جسے علم الیقیں
زیبِ کرسی جعفرِ صادق ہوا | حق سے اُس پر شرع کا تھا در کھلا
دیکھ صادق کی طرح، شرعِ نبی | جس کے گرویدہ تھے چاروں دیں ہی
ہیں فقط اُس ایک میں یہ دین چار | اِس میں کچھ بھی شک نہیں، کر اعتبار
رہنما عشاق کا جعفر ہی تھا | راہِ عاشق لے، طریقت میں ذرا
علمِ عاشق میں یہ عالم ہے تمام | مذہبِ عیسیٰ مریم ہے تمام:
قلب ہی محور ہے تیرے دین کا | ذکر کو بھی قلب ہی میں بھر دیا
کام آئے گا نہ مکاری کا دیں | انبیا سے کچھ بھی شرماتا نہیں
حق کے پیاروں کا ہے دینِ مصطفےٰ | دوسروں کے دیں میں ہے کفر و بلا
اصل میں مذہب ترا ہرجائی ہے | مکر کی تعلیم تو نے پائی ہے
دیکھ شرعِ مصطفےٰ کو ایک ہی | ورنہ سو خطروں میں ہے ایمان بھی
جس کی آنکھوں میں ذرا بھی ہو کجی | دینِ حق کو سمجھے گا مہمل وہی
جس کے پاس ایمان ہے عطار سا | شاہ مرداں ہے اُسی کا رہنما
میرا دیں ہے، دینِ شاہِ خاص و عام | مذہبِ صادق سے ہیں رکھتا ہوں کام
ٹھیک یہ مذہب ہے باقی، ہیچ ہے | جو مجھے فتویٰ دے وہ بھی، ہیچ ہے
ہیچ وہ بھی ہے جو فتویٰ دے تجھے | اُس میں رسّی کی طرح ہیں بل پڑے

پیچ و تاب ما همه این دین او　　ز آنکه شد علم صور آئین او
تو ز خود بگذر که تا یکتا شوی　　در معانیِ خدا بینا شوی
هر که بینا شد بمعنی نور شد　　گاه مست یار و گه مخمور شد
گر همی خواهی که باشی زنده نام　　رو طلب از آبِ کوثر یک دو جام
تا شوی چون خضر زنده در جهان　　تو بمانی در معانی جاودان
دنیا و عُقبات در فرمان شود　　ذات پاکت رحمت رحمٰن شود
هم نشین روح باشی در ظهور　　هم نشین حور باشی در حضور
قطرهٔ تو لاف دریائے زند　　روح پاکت دم ز دنیائے زند
قطره چون با بحر شد پاک آید او　　بلکه بر افلاک چالاک آید او
قطرهٔ پاکان بپاکان شد قرین　　ثبت این در مظهرم باشد یقین
جوهر و مظهر تو بیر خویش دان　　تا به بینی نور غیبی را عیان
هر که مظهر را بد اندر سرور است　　رفعتش از مردمان بالاتر است
میل بالا بهتر از پستی بود　　عاشقی خود رستن از هستی بود
بین که عیسیٰ میل بالا کرده است　　او چگونه بر فلک جا کرده است
همّت پستت کند پست اے پسر　　همّت عالیت سازد همچو زر
مالِ دنیا هست تخم و تو کشف　　چشم داری تو بر او بهر خلف
تو کشف باشی و دنیا تخم تو　　وا ز دو عالم روی آورده باد
تو گذر از تخم و از خود نیز هم　　تا نماند در وجودت رنج و غم
گشت شه باز آنکه از شهباز شد　　سوی اصل خویشتن او باز شد

[تمثیل در عدل کسریٰ و ثمرهٔ آن خصال و ظلم آوری و نتیجه آن و حکایت نثر او نیکو و از راه رفتن او و سخن مردم بدسگال و پند دادن شیخ ابوالحسن خرقانی او را و اِبا نمودن او از آن]

بود سلطانے بصورت چون پری　　عکس رخسارش چو مهر خاوری
همچو او ئے مادر گیتی نزاد　　خاطر خلقان ز عدلش بود شاد

اُس کے اِس دیں پر مجھے ہے پیچ و تاب　　اس کا مذہب علم ظاہر ہے خراب
تو بھی یکتا بن خودی کو چھوڑ کر　　اور باطن میں خدا پر رکھ نظر
جو ہے بینا، درحقیقت نور ہے　　مست بھی ہے اور کبھی مخمور ہے
تو جو زندہ رکھنا چاہے اپنا نام　　جا کے پی لے ایک دن کوثر کے جام
خضر کی مانند پھر ہوگا یہاں　　ہو گی باطن میں بھی عمر جاوداں
دونوں عالم پہ رہیگی تیری دھاک　　رحمت حق ہوگی تیری ذات پاک
روح کا ہمدم بنے گا، تو یہاں　　حور کا پہلو نشیں ہوگا وہاں
قطرہ بولے گا ترا دریا ہوں میں　　روح بولے گی کہ اک دنیا ہوں میں
بحر سے قطرہ ملا، ظاہر ہوا　　خاک سے افلاک پر ظاہر ہوا
پاک قطرہ جا کے پاکوں سے ملا　　میرے مظہر نے یہ عقدہ حل کیا
جوہر و مظہر کو سمجھو راہبر　　نور غیبی ہوگا پھر پیش نظر
واقف مظہر جو ہے اسرار ہے وہ　　رتبے میں ہر ایک سے بہتر ہے وہ
اوج ہو پستی سے بہتر ہے یہی　　ترک ہستی ہی نقطہ ہے عاشقی
قصد عیسیٰ نے بلندی کا کیا　　آسماں پر اپنا گھر کر ہی لیا
پست ہمت ہے تو پستی میں گرا　　ہے جو عالی حوصلہ کندن بنا
مال و دنیا تخم ہے اور تو بھوسی　　چاہتا ہے دے یہی بچوں کو بھی
تخم تیرا ہے یہ دنیا، تو کشش　　دو جہاں کو چھوڑ کر ہے اُس طرف
بے خودی بھی چھوڑ دے اور تخم بھی　　رنج و غم سے پاک ہو ہستی تیری
جس میں ہو شہبازیت شہباز ہے　　اصلیت کی اصل ہی دمساز ہے

[انصاف نوشیروانی اور اس خصلت کا ثمرہ، ظلم اور اس کا نتیجہ اور تمثیلاً ایک نیک شہزادہ کا قصہ جو بروں کے بہکانے سے بھٹک گیا اور شیخ ابوالحسن خرقانی کی نصیحت کو بھی قبول کرنے سے انکار کر دیا]

اک پری چہرہ کہیں تھا بادشاہ　　عکس عارض جس کے تھے یہ مہر و ماہ
تھا زمانے بھر میں یکتا بے مثال　　عدل سے اُس کے تھی سب خلقت نہال

۵ بھوسا

گرچه کودک بود شاه ملک جم ... بود ز آثار بزرگی محترم
بود ابوالقاسم ورا اسم شریف ... بود اندر تازگی چون گل لطیف
چندگاهے بود او با عدل و داد ... پس بدست او وزیرے اوفتاد
روز و شب آن شاه را دنبال بود ... گفت او ترغیب جاه و مال بود
متفق گشتند با او مردمان ... شاه هم برتافت از عدلش عنان
شه بایشان داد حکم داوری ... کار ایشان بود ظلم و کافری
شیخ خرقانی از آن آگاه شد ... خاطرش با درد و غم همراه شد
روز دیگر چون امیران آمدند ... پیش شیخ دین دلیران آمدند
بانگ بر زد گفت کاے جمع کثیر ... عاقبت گردید در محنت اسیر
خود مترسید از خدا و قهر او ... هست هر دم خلق و عالم شهر او
عالم و آدم همه او آفرید ... آسمان را بر زمین کرد او پدید
هر چه از هستی است جمله هست از اوست ... غیر این معنی همه گمست و پوست
خود شما خواهید ملک و بندہ اش ... خود بخاک و خون کنید افگندہ اش
ز او بترسید و جلال و قهر او ... ورنه آویزد شما را از گلو
قهر او ملک جهانے گشته است ... چرخ هم از هیبتش سرگشته است
هر که با خلقان بظلم آمد بدل ... عاقبت گردد ز قهرش سرنگون
ترک ظلم و جور و بیدادی کنید ... وز عدالت فکر آزادی کنید
گر شما از ظلم می دارید امید ... بیخ عمر خویشتن را می برید
چون شنیدند این سخن از شیخ دین ... جمله ترک ظلم کردند از یقین
چندگاهے چون بر آمد زاین سخن ... باز نو کردند آن ظلم کهن
باز چون بشنید شیخ آن حال را ... گفت از کف می دهید اقبال را
خلق را از ظلم سرگردان کنید ... خانهٔ خود را از آن ویران کنید
باز کردند آن نصیحت را قبول ... لیک می کردند دلها را ملول

گو ابھی بچہ تھا وہ شاہِ جہاں / پھر بھی آثار بزرگی تھے عیاں
تھا ابوالقاسم وہ شاہِ خوش خصال / تازگی میں تھا گلِ تر کی مثال
کچھ دنوں تو، خوب عدل اُس نے کیا / اتفاقاً اک وزیر ایسا ملا
رات دن رہتا تھا پیچھے شاہ کے / تذکرے کرتا تھا مال و جاہ کے
ہوگئے پھر اور بھی کچھ ہمزباں / شاہ نے بھی عدل سے موڑی عناں
شہ نے پھر ایسوں کو حاکم کر دیا / جنکو ظلم و کفر ہی سے کام تھا
شیخ خرقانی نے جب یہ سب سنا / رنج و غم سے دل بہت اُسکا کڑھا
دوسرے دن شیخ کے جب سامنے / کچھ امیر آئے ذرا بیباک سے
ڈانٹ کر بولا کہ تم اے خاص و عام / آ پھنسے، آخر مصیبت میں تمام
کچھ کرو خوفِ خدا ورنہ ہے قہر / خلق یہ اُس کی ہے عالم اُس کا شہر
عالم و آدم کو خلق اُس نے کیا / آسماں قائم زمیں پر کر دیا
ہے جو دنیا میں، اُسی سے ہے تمام / اور باقی، رنگ و بو ہے لا کلام
ملک اور بندے اُسی سے پاؤ بھی / خاک و خوں میں پھر اُنہیں تڑپاؤ بھی
قہر سے ڈرتے رہو اُس کے سدا / ورنہ پھنسنا حلق میں پڑ جائے گا
قہر اُس کا سب پہ ہے چھایا ہوا / خوف سے ہے چرخ چکرایا ہوا
ظلم جس نے اُس کے بندوں پر کیا / قہر سے اُس کے وہ مارا جائیگا
چھوڑ دو بیداد اور یہ ظلم و جور / ہے عدالت سے ہی بچنے کا طور
ظلم سے رکھی اگر کچھ آس بھی / جڑ سے کٹ جائیگا نخلِ زندگی
شیخِ دیں کا سُن چکے جب یہ کلام / ظلم سے تائب ہوئے سب خاص و عام
تھوڑی ہی مدت کا تھا یہ واقعہ / وہ پرانا ظلم پھر تازہ ہوا
شیخ نے یہ حال سنتے ہی کہا / اب تو اقبال اِن کے ہاتھوں سے گیا
یہ ستم ڈھائیں گے اب مخلوق پہ / خود ہی ویراں یہ کرینگے اپنے گھر
پھر سبھوں نے یہ نصیحت مان لی / تھی مگر سب کے دلوں میں بیکلی

شیخ چون دانست آن کار رو بهسر | گفت با ایشان نمی‌گیریم دگر
دان که اول ملکشان گردد خراب | جمله را خواهد شدن دلها کباب
چون نگشتند از نصیحت رهنمون | دان که خواهد گشت دولتشان نگون
خلق و ملک و شاه سرگردان شدند | عاقبت از ظلم دکین ویران شدند
چون شنیدند این وزیران آمدند | باز پیش شیخ امیران آمدند
شیخ با ایشان از این معنی نگفت | قهر حق را دم نزد زایشان نهفت
جمله گفتند ای امیر و مقتدا | در شریعت در طریقت پیشوا
رفته است این شاه ما از ره تمام | پیش ما این ظلم نبود والسلام
شیخ چون بشنید آمد پیش شاه | کرد آن شهزاده باغی را پناه
شیخ دین را راه پیشش خود نداد | شیخ گفته یا الهی از تو داد
بشنوی تو نالهای مرد و زن | از سر ظالم بقهرت پوست کن
بعد از آن آن شیخ از ملکش برفت | قطب حق از ملک آن سرکش برفت
شه عین را بصد همت بسوخت | خلق را از آتش محنت بسوخت
زر بسی بگرفت و بس لشکر کشید | سوی ملک دیگران خنجر کشید
بود در آن ملک سردارے حقیر | کرد شاه و لشکرش را او اسیر
چون بگشت از ظلم و از جور آن پسر | گشت او با لشکرش زیر و زبر
شاه را کشت و سرش را پوست کند | این عمل شاهان عالم راست پند
رفت شاه و لشکر و اهل و عیال | ماند اندر گردن شه آن وبال
گر نکردی ظلم ویران کے شدی | عاقبت در نار سوزان کے شدی
حق از او راضی بُدے و خلق هم | پیش شیخ دین نه گشتے متهم
چون سخن بشنید سر بر باد داد | خود ترا این پند از من یاد باد
هر که از او آید جفا بیند جفا | درگذر از ظلم تا یابی صفا
بادشاه و میر و قاضی و بزرگ | هست قدر بره ایشان را چو گرگ

شیخ بولا اُن کی حالت تاڑ کر — اب نہ سمجھاؤں گا میں بار دگر
پہلے ہوگا ملک اِن سب کا خراب — جل کے پھر ہو جائینگے دل بھی کباب
جب نہ آئینگے یہ سیدھی راہ پر — خاک میں ملجائیگا یہ جاہ و زر
ہونگے سب برباد خلق و ملک و شاہ — اپنے ظلم و جور سے ہونگے تباہ
یہ خبر سنکر امیر اور سب وزیر — شیخ کے پاس آئے باجم غفیر
شیخ نے بالکل نہ اُن سے بات کی — کچھ خبر قہرِ الٰہی کی نہ دی
خود ہی وہ کہنے لگے اے مقتدا — ظاہر و باطن کا ہے تو پیشوا
جبکہ خود ہی شاہ ہے بھٹکا ہوا — ظلم پھر کیسے کہیں اُس کو بھلا
شیخ یہ سنکر گیا نزدیک شاہ — جس نے اُس بائی کو خود دی تھی پناہ
شیخ دیں کی، کچھ نہ اُس نے لی خبر — شیخ بولا، اے خدا انصاف کر
سن رہا ہے خلق کی آہ و بکا — ظالموں پر قہر کی بجلی گرا
شیخ پھر اُس ملک ہی سے چلدیا — ملک سرکش سے گیا قطبِ خدا
شہ نے لوٹا خلق کو ہر لاگ سے — اور جلا ڈالا ستم کی آگ سے
مال و لشکر، جب بہت ہاتھ آگیا — دوسرے ملکوں پہ حملہ کردیا
اک جگہ کا ایک حاکم تھا حقیر — کرلیا اُس نے مگر سب کو اسیر
کر دیا قتل اُس کو بیدردی سے آہ — اور لشکر بھی کیا اُس کا تباہ
کھال کھینچی، اور مارا جان سے — ہے نصیحت بادشاہوں کیلئے
مٹ گئے سب، لشکر و اہل و عیال — لے گیا، گردن پہ اتنوں کا وبال
ظلم سے بچتا، تو کیوں ہوتا تباہ — آگ میں کیوں جلکے ہوتا رو سیاہ
اُس سے خوش رہتے خدا و خلق بھی — اور نہ بنتا شیخ کا مجرم کبھی
بھٹکے خود رائی میں، ناحق مر دیا — یاد رکھنا یہ نصیحت بھی ذرا
ظلم کا ہوتا ہے ظالم بھی شکار — با صفا بن، ظلم مت کر اختیار
شاہ، قاضی، امیر، سب چھوٹے بڑے — ہیں یہ سب بکری کے حق میں بھیڑیے

مال مسکیناں حلال خود کنند   باعث نقص و وبال خود کنند

دین ترکاں ظلم باشد در جہاں   واقف انداز این سخن کار آگہاں

بعد ازاین آیند ترکاں در جہاں   آید این عطار از ایشاں در فغاں

بعد من بیند از ترکاں عذاب   عالم از ترکاں شود یکسر خراب

بر ندارد سلطنت شاں در جہاں   عاقبت ویراں شود شاں خانماں

ہر کہ او عادل بود سرور بود   ہمرہ او خواجہ قنبر بود

عدل باشد کار ایشاں اے پسر   نی کزو باشد جہانے در ضرر

عدل کن چوں پنج روزت مہلت است   گر کنی عدل آن کمال حکمت است

عدل کن با شہسوار روح و تن   تا شود ملک جہاں اور اوطن

عدل کن تا کفر بگریزد ز تو   مالک دوزخ نیاویزد ز تو

عدل کن بارے مشو مغرور جاہ   تا شوی در ہر دو عالم پادشاہ

عدل کن کاین عدل تاج و ملک تست   جائی شاہان جہاں در فلک تست

عدل کن تا تاج ماند بر سرت   جام آزادی دہند از کوثرت

عدل کن تا شاہ مصر جاں شوی   ہمچو یوسف باز با کنعاں شوی

عدل کن تا تو سلیمانی کنی   ہمچو اسکندر تو سلطانی کنی

عدل کن تا کشتی نوحت دہند   ہمچو ابراہیم مفتوحت دہند

عدل کن تا مصطفےٰ ہم خواندت   مرتضٰی در پیش خود بنشاندت

عدل کن تا من خلیفہ دانمت   عاقبت نیکو صحیفہ دانمت

عدل کن تا عدل بینی از خدا   رو بعدل اولیا کن التجا

عدل کن گر ذوق داری حور عین   ایستادہ خود بعدلت این زمین

عدل کن تا پاسبان دین شوی   شاد گردی گر تو عدل آئین شوی

عدل کن تا بر جہاں سرور شوی   ورنہ در ملک جہانے بے سری

عدل کن در عدل کام دل ستاں   تا دہد در جنتت صد بوستاں

مال مسکینوں کا ہے ان پر حلال
پھر وبال جان ہوتا ہے وہ مال

پیشہ ان ترکوں کا ہے ظلم و بدی
جانتے ہیں اس کو وا نفکار ہی

آئیگا ترکوں کا اس دنیا میں دور
ڈھائیں گے عطا پر بھی ظلم و جور

ڈھائیں گے مخلوق پر بھی یہ عذاب
ایک عالم کو یہ کر دینگے خراب

سلطنت ان کی بھی ہوگی بے ثمر
بے گھر ہو کر پھرینگے دربدر

ہے جو عادل بس وہی سرور بھی ہے
ساتھ اُس کے خواجہ قنبر بھی ہے

ہے عدالت بھی انہیں کا اک ہنر
یہ نہیں، جس سے ہو دنیا کو ضرر

پنج روزہ ہے یہ مہلت عدل کر
سب سے اعلیٰ ہے یہ حکمت عدل کر

شہسوار روح و تن سے عدل کر
تاکہ ہو دنیا بھی اُس کا ایک گھر

عدل ہی کر، اس سے ہوگا کفر دور
مالک دوزخ بھی سمجھے بیقصور

عدل ہی کر، اور نہ ہو مغرور جاہ
تاکہ ہو دونوں جہاں کا بادشاہ

عدل کر، ہے عدل تیرا ملک و تاج
ہوں تری کشتی میں پھر شاہوں کے راج

عدل کر، جو تاج یہ سر پہ رہے
جام آزادی بھی کوثر کا ملے

عدل کر، جو شاہ مصر جاں بنے
اور مثل یوسف کنعاں بنے

عدل ہی سے پھر سلیمانی کرے
اور سکندر بنکے سلطانی کرے

عدل ہی سے پھر ملے کشتی نوح
مثل ابراہیم حاصل ہوں فتوح

عدل کر، تاکہ بلائیں مصطفےٰ
سامنے اپنے بٹھائیں مرتضےٰ

عدل کر، تاکہ خلیفہ میں کہوں
تجھکو، اک اچھا صحیفہ میں کہوں

عدل ہی سے پائے گا عدل خدا
اولیا سے کر ذرا یہ التجا

عدل ہی کر، ہو جو شوق حور عیں
عدل سے قائم ہے یہ روئے زمیں

عدل ہی سے دیں کا ہوگا پاسباں
عدل ہی سے، تو رہیگا شادماں

عدل ہی سے ہوگا سردار جہاں
ورنہ دنیا میں رہیگا بے نشاں

عدل ہی سے ہوگا دلدار جہاں
پائیگا جنت میں تو تو بوستاں

هر که عادل گشت پر انوار شد ‎ ‎ ‎ بر طریق خواجه عطار شد

هر که عادل گشت او مردانه شد ‎ ‎ ‎ او ز مذهبهائے بد بیگانه شد

من ز عدل خواجه ام عادل شدم ‎ ‎ ‎ در علوم دین حق کامل شدم

من ز عدل خواجۂ خود بنده ام ‎ ‎ ‎ شادی جان را بجانان زنده ام

من غلام قنبر و قیصر وزیم ‎ ‎ ‎ مقبلم بخت و سعادت رازیم

در کتاب من خوشامد کم بود ‎ ‎ ‎ این کتابم در یقین محکم بود

وان خوشامد گفتن از ترس و طمع ‎ ‎ ‎ من نترسم وز طمع بر هم ورع

این کتاب من بود گنج فتوح ‎ ‎ ‎ میکند آگاهت از کشتی نوح

جهد کن تا مظهرم آری بکف ‎ ‎ ‎ واندر آن برخوان تو سر من عرف

مظهر من نور حیدر آمده ‎ ‎ ‎ همچو خورشیدے منور آمده

مظهرم پنهان بود از چشم غیر ‎ ‎ ‎ بعد من آید برون آخر بسیر

سیر او باشد بملک اولیا ‎ ‎ ‎ رو تو او را میطلب در ملک ما

در زمان آخرین یابد ظهور ‎ ‎ ‎ بخشد او اهل معانی را حضور

جاه و ملک و مال را نبود مجال ‎ ‎ ‎ پیش درویشان دین با ذوق و حال

ذوق و حال ما درو بنها سوخته ‎ ‎ ‎ خرقهٔ مستان خود بر دوخته

عدل باشد نور عاشق در وصال ‎ ‎ ‎ عدل باشد نزد نااهلان وبال

من بعقل خود شناسم عدل را ‎ ‎ ‎ تو بظلم و جهل کردی اقتدا

اقتدای من بحی لا ینام ‎ ‎ ‎ اقتدای تو بظلم و جور عام

شمعها بینم بعدل افروخته ‎ ‎ ‎ وز شعاعش جسم ظالم سوخته

هر که دارد عدل ایمان زان اوست ‎ ‎ ‎ پرتو خورشید در ایوان اوست

هر که دارد عدل او محمود شد ‎ ‎ ‎ در دو عالم مقصد و مقصود شد

هر که دارد عدل جام جم هم اوست ‎ ‎ ‎ در حقیقت عیسی مریم هم اوست

عدل پیش مصطفی و آل اوست ‎ ‎ ‎ خوی عادل همچو روی او نکوست

ہے جو عادل صاحب انوار ہے
وہ مطیع خواجۂ عطار ہے

ہے جو عادل اُس میں ہے مردانہ پن
وہ برے دینوں سے رکھتا ہے جلن

عدل خواجہ سے میں عادل ہوگیا
اور علوم حق میں کامل ہوگیا

عدل خواجہ سے بنا اُس کا غلام
میں ہوں زندہ جان ہے جاناں سے رام

قنبر و فیروز کا ہوں جاں نثار
ہے سعادت اور مقدر ساز گار

ہے خوشامد سے مری خالی کتاب
واقعی محکم ہے یہ عالی کتاب

خوف و لالچ سے خوشامد تجھ میں ہے
میں نڈر ہوں کچھ نہیں یہ مجھ میں ہے

یہ صحیفہ ہے مرا گنج فتوح
یہ بتا دے گا تجھے کشتی نوح

کرکے کوشش تو مرے مظہر کو، لا
اس میں راز من عرف پڑھ لے ذرا

نور حیدر ہے مرا مظہر تمام
ہے یہی خورشید انور لا کلام

غیر کی آنکھوں سے مظہر ہے نہاں
بعد میرے ہوگی آخر یہ عیاں

گھومتی پھرتی ہے ملک اولیا
اُس کو میرے ملک میں بھی، تو بلا

ہوگی ظاہر آخری ایام میں
اہل معنیٰ کے رہے گی کام میں

مال و منصب کی ہو خواہش کیا مجال
ہوں فقیر ایسا جسے ہے ذوق وحال

میرے ذوق وحال سے دل ہیں کباب
سی دیئے مستوں کے خرقے لاجواب

نور عاشق عدل ہے وقت وصال
اور نا اہلوں کے حق میں ہے وبال

عدل کو پہچانتا ہوں عقل سے
تو نے بیعت کی ہے ظلم و جہل سے

پیشوا میرا ہے، حی لا ینام
رہنما تیرا ہے ظلم و جور عام

عدل کے ایسے بھی روشن ہیں چراغ
جنکی لُو سے ہیں تن ظالم پہ داغ

ہے جو عادل صاحب ایمان ہے
روشن اُس کا مہر سے ایوان ہے

عدل جسکے پاس ہے محمود ہے
دو جہاں کا مقصد و مقصود ہے

ہے جو عادل، بس ہے جام جم وہی
اصل میں ہے عیسیٰ مریم وہی

عدل ہیں تو، ہیں نبی اور اُن کی آل
خلق و صورت میں ہے عادل بےمثال

همچو آل مصطفی تو عدل کن | پیرو ایشان تو باشی بی‌سخن
رو تو فعل غیر را در خود مبین | زانکه هست این فعل شیطان لعین
بگذر از غیر و براه او خرام | تا نگردی در جهان رسوا چو عام
عام باشد خود بشیطان همنشین | او ندارد در شریعت هیچ دین
خاص را خود علم دین آیین بود | علم آن دان کز برای دین بود
گر بدانی علم عطار ای پسر | کی ترا دیگر بود پروای سر
علم اسرار معانی کلام | پیش عطار است جمله والسلام
گر بدانی حالت عطار را | تو بدانی اصل حال و کار را
گر طریق عدل را داری نکو | مصطفی آخر بگیرد دست تو
چون توئی عطار مسکین را طبیب | دست ما و دامن تو یا حبیب
خود طبیب درد بیماران توئی | درد هم هست از تو درمان توئی
خلق را ظالم ز دینت دور کرد | ظلم ظالم خود مرا رنجور کرد
درد دارم من ز دست ظالمان | چون از ایشان نیست دین اندر امان
بوذر غفار چون در نار رفت | نار پیش نور او گلزار رفت
هر که او در ظلم نبود بوذر است | او بجان و دل محب حیدر است
هر که دارد ظلم حق دان دشمنش | طوق لعنت باشد اندر گردنش
من ز علت طوق دارم صد هزار | گردنم زان منت اندر زیر بار
من گنه کارم خدا را عفو کن | بکر ما و جور ما را عفو کن
من گنه کارم ز کرده درد خویش | شرمسارم من بسی از کرد خویش
من گرفتارم بجور روزگار | یا الهی بنده را بیرون بیار
من گنه کارم در این دنیای دون | کرده چون دنیا مرا خوار و زبون
من گنه کارم چو از کردار خود | مانده ام شرمنده از گفتار خود
من گنه کارم ز قید این جهان | یا کریم از قید ما را وارهان

عدل کر آلِ محمدؐ کی مثال
پیروی کر اُن کی، تو بے قیل و قال

غیر کی باتوں سے رکھ ہرگز نہ کام
یہ تو ہیں افعالِ شیطانی تمام

راہ چل اُس کی، نہ رکھ غیروں سے کام
تاکہ، دنیا میں نہ ہو رسوائے عام

ہمنشیں شیطان کے ہیں یہ عوام
یہ، شریعت سے نہیں یہ کہتے ہیں کام

خاص لوگوں کیلئے ہے علمِ دیں
علم وہ ہے جس سے مذہب ہو قریں

ہو جو واقف علم سے عطار کے
پھر نہ پروا اپنے سر کی ہو تجھے

علمِ راز اور علمِ معنی بھی تمام
پاس ہیں عطار ہی کے والسلام

واقفِ عطار ہو جاتا اگر
اصلیت کی تجھکو بھی ہوتی خبر

تو اگر انصاف پر قائم رہا
دستگیری بھی کریں گے مصطفٰےؐ

ہے تو ہی عطارِ مسکیں کا طبیب
ہاتھ میں دامن ہے تیرا ہی حبیب

تو ہی چارہ گر ہے اہلِ درد کا
درد بھی تیرا ہے درماں بھی ترا

ظالموں کو دین سے تیرے ہے عار
ان کے ظلموں کا ہوں میں خود بھی شکار

ان کے ہاتھوں سے ہوا ہوں نیم جاں
دین و مذہب کو نہیں ان سے اماں

آگ میں بوذر کے رکھتے ہی قدم
نور سے آتش بنی باغِ ارم

جو جفا پیشہ نہ ہو، بوذر ہے وہ
جان و دل سے حامیِ حیدر ہے وہ

ہے جو ظالم اُس کا دشمن ہے خدا
طوقِ لعنت ہوگا اور اُس کا گلا

طوق تیرے عدل کے ہیں سو ہزار
میری گردن پر ہے اِس احساں کا بار

میں ہوں عاصی بخش دے للہ تو
درگذر کر مکر و ظلم اے شاہ تو

اپنے ذکر و فکر پہ ہوں بیقرار
ہوں برے فعلوں پہ بیحد شرمسار

ہوں گرفتارِ بلائے روزگار
دے نجات اِس سے مجھے پروردگار

میں زمانے بھر کا خاطی ہوں جلیل
کر دیا دنیا نے بھی بیحد ذلیل

اپنے ہی فعلوں سے ہے عصیاں کا بار
تجھ سے کچھ کہتے ہوئے ہوں شرمسار

ہے جہاں کی قید سے حالت سقیم
دور کر یہ قید میری اے کریم

من گنہ گارم دلے عفو آں تست | جملہ جان عارفاں بریان تست
من گنہ گارم خدا را رحمتے | کن برایں عطار مسکیں شفقتے
من گنہ گارم بہ بہشت اے رحیم | رحمتے بر جان عطار اے کریم

-[در مذمت غیبت نمودن و اندیشۂ آن رئیس گفتن شیخ شبلی و سوال سائل بجواب دادن شیخ او را و تنبیہ شدن شیخ ازاں]-

بود شبلی را ریاضت در جہاں | بر طریق اولیائے آں زماں
نامۂ زہد و عبادت داشت او | سنت احمد فرو نگذاشت او
بود اورادش ہمہ ذکر الٰہ | بود اندر ملک معنی پیر راہ
گاہ گاہے مجلسے میداشت او | دانۂ عرفاں ہمی کاشت او
خلق بسیارے مرید او شدند | ہمچو چشمہ جانب آں جو شدند
شیخ یکروزے بمجلس رفتہ بود | او بہر دم در سخاوت گفتہ بود
اندر آں مجلس یکے قد کرد راست | او ز شیخ راہ حق چیزے بخواست
شیخ را در خاطر آمد ایں نخست | کو بود مرد جوان و تندرست
آں تواند کسب کردن در جہاں | خود سوالش نیک نبود ایں مال
ایں مذلت را چرا بر خود نہاد | او مگر از گفت خود آمد بیاد
شیخ با او گفت خود بنشیں ز پائی | حاجتت را خود روا سازد خدائی
چوں بخانہ رفت شیخ و کرد خواب | دید در خواب اندر آں شب بے حجاب
یک طبق در پیش او سرپوش داشت | گفت درویشے و آنرا گوش داشت
کاے تو شیخ دہر ایں را نوش کن | آنچہ بخشی نوش و پس خاموش کن
چونکہ سرپوشش از آں سر برگرفت | شیخ از آں حالت چو آتش درگرفت
دید سائل را کہ مردہ در طبق | حیرتش رو داد آخر زیں سبق
گفت با آنکس کہ ایں آوردہ بود | خود مرا کے رغبت ایں مردہ بود
من نخوردم در ہمہ عمرے ایں | لحم مردہ از کجا بود ایں چنیں
گفت دی اندر میان مردماں | لحم مردہ خوردی و کردی نہاں

میں ہوں عاصی، تو مگر غفار ہے
عارفوں کی جان کا دلدار ہے

ہو کرم، للہ، عاصی ہوں ترا
رحم کر، عطار مسکیں پہ ذرا

سامنے تیرے ہے عاصی اے کریم
رحم کر عطار پر بے کس رحیم

— [غیبت اور اسکے خیال کی مذمت و بیان مجلس شیخ شبلی نیز ایک سائل کا سوال اور شیخ کا جواب اور ذکر تنبیہ شیخ رح] —

تھا ریاضت میں بھی شبلی باکمال
اس زمانے کے ولیوں کی مثال

زہد و طاعت میں کسی سے کم نہ تھا
سنت احمد پہ چلتا تھا سدا

ورد رکھتا تھا سدا ذکر خدا
ملک باطن کا وہ تھا اک رہنما

مجلسوں میں بھی کبھی آتا تھا وہ
معرفت کے بیج بو جاتا تھا وہ

لوگ ہوتے تھے مرید اس شوق سے
جیسے چشمہ جا کے دریا میں گرے

ایک دن وہ شیخ مجلس میں گیا
اور سخاوت کا بیاں کرنے لگا

ہو گیا اک شخص مجمع سے کھڑا
شیخ ہی سے کچھ سوال اس نے کیا

شیخ کا اس پر ہوا یہ بدگماں
خوب ہٹا کٹا ہے یہ نوجواں

خود کما سکتا ہے یہ روزی ابھی
بھیک مانگے، یہ نہیں اچھا کبھی

اس نے کیوں کی ہے یہ ذلت اختیار
یاد کر کے شاید اب ہو شرمسار

شیخ نے اس سے کہا، تو بیٹھ جا
حق کریگا تیری بھی حاجت روا

شیخ گھر آ کر ہوا جب محو خواب
خواب میں دیکھا اسی شب بے حجاب

اک طبق، سرپوش جس پر ہے ڈھکا
اور اک درویش ہے یہ کہہ رہا

شیخ عالم! لے یہ حاضر ہے غذا
جو پکایا ہے، اسے چپ چاپ کھا

جیسے ہی سرپوش اوپر سے ہٹا
شیخ کی حالت تھی، آتش زیر پا

لاش سائل کی طبق میں تھی پڑی
دیکھ کر، اسکو ہوئی حیرت بڑی

جو اسے لایا تھا پھر اس سے کہا
کس طرح کھاؤں میں یہ مردہ، بھلا

عمر میں اپنی کبھی کھایا نہ تھا
یہ سڑا مردہ کہاں سے آ گیا

تب وہ بولا، تو نے سب کے سامنے
کھا کے مردہ پھر چھپا ڈالا اسے

گفت با خود شیخ دی این مرد را — کرده بودی غیبتی تو در خلا
تا باد لطفی نکردی غیر از این — لقمهٔ تو این زمان باشد چنین
خورد تو این باشد و کرد آنچنان — بوی جنت خود نیابی در جهان
شیخ از آن هیبت ز خود بیزار شد — زاین معانی واقف اسرار شد
رفت از خانه برون از بهر او — شد روان هر سو بگرد شهر او
دید او را بر لب دجله حزین — یک دو تره پیش او بد بر زمین
آب می آورد تره پیش او — میگرفت آن تره را از آبجو
قوت خود کرده ز تره در جهان — تا نیابد انفعال از این و آن
شیخ چون استاد پیشش یکدمے — سر برآورد و نگه کردش همے
گفت اے شیخ زمانه توبه کن — غیبت سرگشتگان دیگر مکن
بعد از این تو یقبل التوبه بدان — عن عباده از کلام حق بخوان
شیخ گفته توبه کردم این زمان — عفو فرما جرم ما را اے جوان
عفو کرد او جرم را از شیخ دین — خود نیفگند آن سخن را بر زمین
گفت باید خویش را آگاه داشت — در همه دلها بمعنی راه داشت
تو مکن غیبت که یابی محنتی — بلکه در خاطر نیاری غیبتی
اے برادر فکر کار خویش کن — در معنی را نثار خویش کن
با همه کس باطن خود نیک دار — غیبت دانا مکن تو اختیار
اے پسر از خفتن و خوردن گذر — تا بجنت بر تو بگشایند در
تا شوی در باب جنت راهبر — پی در این معنی بگوی شاه بر
باب جنت غیر حیدر نیست کس — یا امیرا بندم بفریادم برس
زانکه جنت را توئی آن باب خیر — میکنی در عالم معنی تو سیر
گر توی مولای حیدر در جهان — توبه کن از غیبت و عیب کسان
اے برادر تو ز غیبت درگذر — تا نه بینی در دو عالم صد ضرر

شیخ نے جی میں کہا وہ آدمی
جسکی غیبت کی تھی دل میں خوب ہی

تو نے اُس پر کچھ ترس کھایا نہ تھا
اِس سبب سے یہ تجھے کھانا ملا

جب کیا ایسا، تو یہ کھائے گا بھی
بوئے جنت اب نہ پائے گا کبھی

ڈر کے، خود سے ہو گیا بیزار شیخ
اور سمجھا معنیٔ اسرار شیخ

گھر سے اُس کی جستجو میں چلدیا
شہر میں ہر سمت چکر کاٹتا

ملگیا۔ بیچارہ وہ دجلے کے پاس
اور زمیں پر ایک دو ٹکڑے تھے پاس

لاکے دیتے تھے وہی پانی اُسے
اُس نے دریا ہی سے یہ پکڑے بھی تھے

وہ بسر کرتا تھا تنکوں پر سدا
تاکہ شرمندہ نہو پھر غیر کا

شیخ دیں پہنچا جو اُس کے سامنے
سر اٹھا کر اُس نے بھی دیکھا اسے

شیخ سے بولا کہ توبہ کر ابھی
غیبت اب کرنا نہ بیکس کی کبھی

جا کے پڑھ قرآن میں اے رہنما
عَنْ عِبَادِہٖ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ ذرا

شیخ بولا، میں تو، توبہ کر چکا
اے جواں! اب بخشدے تو بھی خطا

شیخ دیں کی بخشدی اُس نے خطا
بات کو نیچے نہیں گرنے دیا

پھر کہا، ہے علم ذاتی لازمی
دل سے دل میں راہ رکھتے آدمی

کر نہ غیبت، ہو جو پھر تجھکو ملال
بلکہ آنے ہی نہ دے اِس کا خیال

بھائی! اپنے کام ہی کی فکر کر
کر نچھاور خود پہ معنی کے گہر

سب سے رکھ اپنی طبیعت صاف تو
چھوڑ دے غیبت کہ ہے بیکار خو

کھانے، سونے میں نہ تنہا کر بسر
ہونگے پھر جنت کے تجھ پر باز، در

باب جنت پر کرے گا رہبری
کوچۂ شہ میں ذرا جا تو سبھی

باب جنت کون ہے شہ کے سوا
آ، مدد کو، اے مرے مشکلکشا

ہے تو ہی فردوس کا وہ باب خیر
عالم معنیٰ کی جو کرتا ہے سیر

ہے اگر دنیا میں حیدر کا غلام
توبہ کر اور رکھ عیب و غیبت سے نہ کام

دیکھ بھائی اب یہ غیبت چھوڑ کر
ہو بلائے دو جہاں سے بےخطر

هر که او غیبت کند عطار را ... میخورد لحم دو و مردار را
من سخن از دانش او گفته ام ... در چنین راهی نه بی او رفته ام

- [تنبیه بحال کسانیکه در عمل قاصر اند و مردم را بدان فرمایند و مناظره شیخ شبلی و شیخ ابوالحسن نوری قدس سرهما]-

باز هم نقلی ز شبلی گویمت ... بر کنار بحر معنی جویمت
بود در بغداد عالی مسجدی ... و اندر آن مسجد نشسته عابدی
کامل و دانا بد و پرهیزگار ... علم معنی بود او را بر قرار
گفت با شبلی که ای شیخ نکو ... خیز و بهر عاشقان وعظی بگو
بر سر منبر نصیحت کن به خلق ... زانکه باشد حیله شان در زیر دلق
گوئی شان خود را بحق دارید راست ... کو درون جبه همراه شماست
گر کنی آن بد بدی آید بتو ... ور کنی نیکی تو یابی نیک از او
چون شنید این رمز را شیخ کبار ... رفت بر بالای منبر بیقرار
تا دهد پند و نصیحت خلق را ... افگند از بر ریائی دلق را
ترک زرّاقی و سالوسی کنند ... تن زنند بهای نفس ناسی زنند
چون به منبر رفت شیخ اوستاد ... از قیامت را بیاد خلق داد
خلق را از هیبتش ترساند او ... دست خود بر عارفان افشاند او
گفت دل را باز باحق راست کن ... بعد از آن خود را ز حق درخواست کن
ظاهر و باطن ز ناحق دور دار ... غیر این معنی ندارم با تو کار
جمع خلقان شیخ را منظور بود ... غافل از معنی طور و نور بود
ناگهی چشمش بنوری اوفتاد ... که بر او کردی سلام آن پاکزاد
چون شنید از شیخ نوری او سلام ... پس علیکش گفت شیخ خوش کلام
نوریش گفته که ای شیخ کبیر ... تو نداری اندر این دنیا نظیر
علم تو باشد کلامی با نظام ... لیک علمت را ندانی تو مقام
حق نباشد راضی از علم کسی ... کو نیارد در عمل آن را بسی

جو کوئی غیبت کرے عطار کی — وہ یقینی کھائے گا مردار بھی
اُس کی دانش کا بیاں ہے سربسر — میں بغیر اُس کے نہیں اس راہ پر

-[ایسوں کی تنبیہ جو خود تو عمل نہیں کرتے مگر دوسروں کو برابر نصیحت کرتے رہتے ہیں نیز شیخ شبلی و شیخ ابوالحسن نوری کا مناظرہ]-

قصہ پیر شبلی کا مجھ سے سن ذرا — بحر معنی کے کنارے پر تو، آ
ایک تھی بغداد میں مسجد کہیں — جس میں اک عابد بھی تھا گوشہ نشیں
عاقل و کامل تھا وہ پرہیزگار — علم معنی بھی تھا اُس کا پائدار
اُس نے شبلی سے کہا، اے راہبر — عاشقوں کیواسطے بھی وعظ کر
کر سر منبر عیاں سب پر یہ راز — کیونکہ زیر دلق بھی ہیں حیلہ ساز
اُن کو سمجھا دے نہیں وہ حق شناس — جبکہ وہ ہر وقت ہی رہتا ہے پاس
گر برائی کی، تو پھر ہوگا برا — اور بھلائی کا نتیجہ ہے بھلا
رہز یہ سنکر، وہ شیخ باوقار — چڑھ گیا منبر پہ، ہو کر بیقرار
تاکہ دے وعظ و نصیحت خلق کو — دور کردے مکر کی اِس دلق کو
چھوڑ دے مخلوق بھی مکاریاں — مذہب ناحق سے ہوں بیزاریاں
آگیا منبر پہ جب وہ خوش نہاد — اور دلائی خلق کو محشر کی یاد
خلق کو ہیبت سے ترساں کردیا — عارفوں کو دردِ دل سے بھر دیا
اور کہا، رکھو زبان و دل کو ٹھیک — مانگ لو پھر حق سے تم اذنکی بھیک
ظاہر و باطن ہوں ناحق سے جدا — اور کچھ کہتا نہیں اِس کے سوا
شیخ کی تھی سب کی مرضی پر نظر — اصل نور و طور سے تھا بیخبر
ناگہاں نوری اُسے آیا نظر — کر رہا تھا جو سلام اُس شیخ پر
سُن کے نوری کا سلام باانتظام — شیخ بولا تم کو بھی میرا سلام
تب کہا نوری نے اے شیخ کبیر — تو ہے اِس دنیا میں بمثیل و نظیر
علم تو، بیشک ہے تیرا باانتظام — جانتا لیکن نہیں اُس کا مقام
حق بھی اُس کے علم سے راضی نہیں — علم پر اپنے جو عامل ہی نہیں

افتد آخر او بگرداب اجل ‌ ‌ ‌ گر نکرده او بعلم خود عمل
آن اجل او را برد در قعر چاه ‌ ‌ ‌ او نیابد هیچ جا آخر پناه
گر عمل داری درین علمے تو نیک ‌ ‌ ‌ ور عمل نبود ترا بگریز لیک
زود از این منبر آئی تو سلیم ‌ ‌ ‌ تا بیابی ملک جنات النعیم
چون شنید این نکته را شبلی ز وے ‌ ‌ ‌ او وجود خویشتن را کرد طے
آنچه او فرمود اندر خود بیافت ‌ ‌ ‌ پس فرود آمد ز خلقان روی تافت
او از ان منبر فرود آمد چو باد ‌ ‌ ‌ رو بسوئی خانہ ویران نهاد
رفت در خانہ نیامد او برون ‌ ‌ ‌ چار ماه متصل میخورد خون
بد غذائی او همه خون جگر ‌ ‌ ‌ تو سیاست را نمیدانی مگر
هر کہ بر منبر سخنگو گشته است ‌ ‌ ‌ در سخن گر جمله نیکو گشته است
چون بدانست او سخن را و بگفت ‌ ‌ ‌ ز آنکه این سریست اندر جان نهفت
ور ندارد خود چه باشد حال او ‌ ‌ ‌ خلق کے پندے برند از قال او
هر کہ نی از خلق و از خود رسته است ‌ ‌ ‌ بر روے ابواب معانی بسته است
واعظے باشد مقلد این بدان ‌ ‌ ‌ زینهار او را تو خود انسان مخوان
کرد واعظ چون فضولی ورد خود ‌ ‌ ‌ کی به بیند او بکارد کرد خود
ز آنکه در علم و عمل کم کرده رو ‌ ‌ ‌ پند دادن خلق را نبود نکو
تو برو خود را نصیحت کن چو من ‌ ‌ ‌ تا دهندت جام معنی بے سخن
هستی خود را از خود بردار تو ‌ ‌ ‌ تا بدانی معنی اسرار تو
هیچ میدانی کہ منبر جای کیست ‌ ‌ ‌ ور جهان معرفت غوغای کیست
هیچ میدانی که گفته از کلام ‌ ‌ ‌ چون نمیدانی چگویم والسلام
مرتضی بر منبر او را پاک گفت ‌ ‌ ‌ راه شرعش از خس و خاشاک رفت
چون کلام الله را معنی بخواند ‌ ‌ ‌ غیر هفده تن به پیشش او نماند
جمله رفتند و از او رو تافتند ‌ ‌ ‌ دین و اسلام دگر را یافتند

ہے اُسے درپیش گرداب اجل
علم پر اپنے نہو جس کا عمل

چاہ میں کردے گی موت اُسکو تباہ
وہ نہ پائے گا کوئی جائے پناہ

ٹھیک ہے گر علم پر عامل ہے تو
چھوڑ بے عملی کہیں اچھی یہ خو

جلد اِس منبر سے، تو نیچے اُتر
تاکہ جنت سے رہے، تو بہر دور

جب یہ نکتہ اُس سے شبلی نے سُنا
خود فراموشی سے بیخود ہو گیا

خود ہیں وہ پا کے جو اُس نے تھا کہا
جلد ہی منبر سے نیچے آگیا

وہ ہوَا کی طرح منبر سے گیا
اپنے ویراں گھر کی جانب چلدیا

گھر پہنچکر پھر نہ لی باہر کی راہ
خون دل کھاتا رہا دو چار ماہ

تھی غذا اُس کی فقط خونِ جگر
اِس سیاست کی نہیں تجھکو خبر

چڑھ کے منبر پہ کہے جو کوئی بات
اور ہو وہ بات بھی آبحیات

ٹھیک ہے اُس نے سمجھ کر گر کہا
راز سربستہ ہے، یہ تو، جان کا

اُس کا کیا ہوگا، جو خود عامل نہ ہو
خلق کیا مانیگی اُس کی بات کو

جو نہو اپنے سے اور خلقت سے ور
راز کے دربند ہیں اُس پر ضرور

ہو جو واعظ ہے مقلد بھی ضرور
اُسکو انساں ہی سمجھنا ہے قصور

جوں ہی لغویات میں واعظ بڑا
اپنے قول و فعل کو دیکھے گا کیا

جبکہ خود علم و عمل اُسکا ہے سست
پھر نصیحت خلق کی کب ہے درست

تو بھی مجھ سا اپنا ناصح بن ذرا
پھر شراب معنوی پا جائے گا

اپنی ہستی کر ذرا خود ہی بلند
معنوی راز دل سے ہوگا بہرہ مند

بے خبر! منبر یہ کس کا ہے مقام
معرفت میں کس کا ہے غوغائے عام

بے خبر! کس کا تھا قرآنی کلام
بیخبر سے کیا کہوں، اُسکو سلام

جسکو منبر پہ کہا حیدر نے پاک
جسکی راہِ شرع سے جھاڑی تھی خاک

یعنی قرآں کئے تھے جب بیاں
سترہ ہی آدمی تھے کل وہاں

اور باقی چلدیئے منہ موڑ کر
دوسرا مذہب لیا، یہ چھوڑ کر

رو تو ای واعظ که چون ایشان نهٔ — تو بمعنی در مثال آن نهٔ
خود تو دم در کش که گر دم میزنی — جسم و جان خویش برهم میزنی
خویشتن سوزان بسان شمع کن — عشق و عرفان و معانی جمع کن
چون ترا گردد میسر این مقام — تو نیفتی همچو آن واعظ بدام
واعظان دارند دامی بهر خلق — تا در آویزند ایشان را بحلق
دام در حلقی که محکم کرد و بست — خوش حماری دید زودش برنشست
گرد واعظ از حماقت در پیش — عاقبت گردید شیطان رهبرش
راه حق دیگر بود ای یار من — کنج خلوت با ریاضت کار من
گوشهٔ خلوت ز غیرش پاک کن — جامهٔ صورت ز معنی چاک کن
خوش در آ در کنج خلوت خانهٔ — رو بچین از خرمن من دانهٔ
تا خلاصی یابی از این دام من — پس شود خوشگو زبانت در سخن
هر که از تن دور شد او نور یافت — همچو موسی جای خود بر طور یافت
همچو عاشق باش واصل ای پسر — کاروان رفتند و بیرسی خبر
ای بمانده از ره واز کاروان — زار مانده در بیابان جهان
بیکس و بی یار و بی خویش و تبار — اندر این زندان فتاده سوگوار
عاقبت راه فنا باید گرفت — توشهٔ ملک بقا باید گرفت
روز خود آگاه شو چون پیر راه — تا بود همراه تو ستر اله
گر شوی عاشق بمعنی زندهٔ — پیش محبوب حقیقی بندهٔ
دیگرت با وعظ گفتن کار نیست — چون ترا اندر نظر اغیار نیست
گر تو دانائی بدان عطار را — تو بخوان از مظهرش اسرار را
تا شوی دانا تو در علم تمام — اصل این معنی همین دان والسلام

[تمثیل در رعایت ادب نمودن و از عبادت و معرفت غافل نبودن مغرور نبودن بطاعت و تقصیر نمودن در طلب و تنبیه نمودن حضرت امام جعفر صادق علیه السلام شیخ داود طائی را برعایت ادب]

جب ترا واعظ باہنیں اُن کا سا حال — اور نہ باطن میں ہے، تو اُن کی مثال

پھر زباں کو روک ورنہ یہ زباں — درہم و برہم کرے گی جسم و جاں

خود کو سوزاں، تو مثال شمع کر — عشق و عرفان و معانی جمع کر

جب میسّر ہوگا تجھکو یہ مقام — پھر نہ ہوگا مثل واعظ زیر دام

واعظوں کے پاس بھی ہوتا ہے دام — پھانستے ہیں خلق کو جس میں مدام

جب گلا پھندے میں اُن کا پھنس گیا — پھر بناتے ہیں سواری کا گدھا

واعظ ناداں نے پھینکا چاہ میں — بنگیا شیطان اُن کی راہ میں

راہ حق ہے اور ہی اے ہم کلام — مجھکو خلوت میں ریاضت سے ہے کام

گوشۂ خلوت کرو غیروں سے پاک — جامۂ ظاہر کرو باطن سے چاک

شوق سے پھر آکے ہو خلوت نشیں — اور مرے خرمن کا بن جا خوشہ چیں

تاکہ اِس پھندے سے ہو جائے رہا — ہو زباں گویا، تو خوش طرزِ ادا

جسم سے جو دور ہے وہ نور ہے — مثل موسیٰ اُس کا گھر بھی طور ہے

بنکے عاشق، تو بھی فکر وصل کر — جا رہے ہیں کارواں اے بیخبر

کارواں تو راہ سے ہے دور، تو — اب یہ ویرانہ ہے اور مجبور، تو

بیکس و بے آشنا بے خویش و دیار — تو پڑا ہے قید ہی میں سوگوار

ایک دن مرنا ضروری ہے تجھے — توشۂ ملک بقا بھی چاہیے

نفس کو پہچان، مثل رہنما — ہونگے تیرے پاس بھی راز خدا

بنگیا عاشق تو، زندہ ہو گیا — شاہد اصلی کا بندہ ہو گیا

پھر ضرورت، وعظ کی پڑتی نہیں — جب نظر اغیار سے لڑتی نہیں

ہے جو عاقل پھر سمجھ عطار کو — پڑھ کے مظہر، تو پرکھ اسرار کو

تاکہ تجھکو علم آجائیں تمام — ہے یہی اصلی غرض، آگے سلام

—[ادب کا خیال رکھنا، عبادت و معرفت سے غافل نہ ہونا، عطائے الٰہی پر غرہ نہ ہونا، خدا کی طلب میں کمی نہ کرنا نیز ذکر تنبیہ]—

(حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام بہ شیخ داؤد طائی رح)

بشنو از گفتار فرزند نبی / آنکه از جان بوده پیوند نبی
آن امامی کو بحق این راه رفت / از جهان او بادل آگاه رفت
آنکه او را من همی دانم امام / غیر مهر او ندانم والسلام
در ولایت معنی اسرار داشت / در هدایت جان هشت و چار داشت
جعفر صادق امام خاص و عام / مقتدای خلق و معنی کلام
دائم آن سلطان دین در خانه بود / کز درش خلق جهان بیگانه بود
یک شبی داؤد طائی پیر راه / آستان بوسید و آمد پیش شاه
کرد او چون بر امام دین سلام / گفت ای درویش احمد با نظام
چون توئی هادی ارباب قبول / باب تو شاه است و جد تو رسول
تو مرا ای بحر عرفان پند ده / بر دلم از پند خود پیوند ده
شاه گفتش ای سلیمان زمین / علم شرعت هست در زیر نگین
زاهد و قنی و دولت باشدت / خود به پند من چه حاجت باشدت
گفت داؤدش که ای نور قمر / خواهم از نخل ولایت یک ثمر
پس امام دین بگفتش این جواب / من همی ترسم در آخر از عذاب
زانکه فرموده است جدم مصطفے / آن نبی خاص و محبوب خدا
گر تو بے من رهروی در گلخنی / بلکه اندر این نسب دور از منی
اندر این ره خود نسب ناید بکار / طاعت و زهد و ورع واری بیار
اندر این ره جان بباید باختن / خانه در کوئی ملامت ساختن
آنچه جدم گفته است ای پاکدین / بشنو و برخوان و در معنی ببین
گشت خود داؤد بس ترسان از این / تا نباشد حال من فردا چنین
پیش جدم من نباشم شرمسار / بے عبادت من نبودم برقرار
چون شنید از صادق این زد جامه چاک / اوفتاد از گریه و زاری بخاک
گفت یارب تو همیدانی که من / شرم دارم پیش تو گفتن سخن

اب سنو گفتار ابن مصطفیٰ
لخت دل تھا جو رسول اللہ کا

تھا امام ایسا کہ حق کے ساتھ تھا
با دل آگاہ دنیا سے گیا

میں سمجھتا ہوں اُسے اپنا امام
اُس کی الفت کے سوا سبکو سلام

تھا ولایت میں وہ اک اسرار داں
اور ہدایت میں تھا چودہ تن کی جاں

جعفر صادق امام خاص و عام
پیشوائے خلق و معنیٔ کلام

ہو گئے تھے شاہ دیں خانہ نشیں
اُن سے بیگانہ تھی مخلوق زمیں

ایک شب داؤد طائی پیر راہ
آستاں بوسی کو آیا پیش شاہ

شاہ کو اُس نے کیا آکر سلام
اور حضرت سے ہوا یوں ہمکلام

ہے تو ہی ہادی ارباب قبول
